مُصنّفہ

مولانا کریم الدین رحمۃ اللہ علیہ

مختصر اللغات

مُصنّفہ

مولانا محمد جعفر رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

مکتبہ امدادیہ

ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان

دیباچہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خدایا مطلعِ انوار رحمت ساز جانم را
کلیدِ مخزنِ انوار دل گردان زبانم را

چونکہ حاصل ہونا کسی زبان کا بدون واقف ہونے صرف اور نحو اور لغت کے ہو نہین سکتا اور معنی زباندانی کے بھی یہی ہین کہ اوس زبان کے لغت سے آشنائی تام حاصل ہو پس لحاظ اوسکے جو دیکھا جاتا ہے تو کوئی کتاب لغت کی مدارس پنجاب کے لڑکون کے پاس ایسی نہین ہے جس سے وے خود معنی الفاظ نامعلوم نکالکر اپنی ترقی اس زبان مین پیدا کرین اسلیے جناب کپتان فولر صاحب بہادر ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن ممالک پنجاب نے مجھ کمترین کریم الدین کو جو صاحب ممدوح کے دفتر مین عہدہ سررشتہ داری پر نامزد ہے ارشاد فرمایا

کہ ایک ڈکشنری زبان فارسی کی ایسی طیار کرے جسمین سب الفاظ اون کتابونکے
آجاوین جو سرکاری اسکولون مین پڑہائی جاتی ہین تاکہ طلبا پنجاب کو کامل
مدد اونکے مطالعہ اور ترقی استعداد کی حاصل ہو اسلیے بندہ نے حسب الحکم صاحب
موصوف کے سب الفاظ کتب مروجہ سرکاری اسکولون کی جمع کرکے ایک کتاب
لغت کی مرتب کی اور معنی اون الفاظ کے سہل ترین زبان اُردو مین لکھے
تاکہ طلبا کم استعداد جلد تر معانی نکال سکین اور معلمان دیہات بھی جو الفاظ
اُردو سے کم واقف ہین اس ڈکشنری کو دیکھکر اچھی طرح طلبا کو مطالب کتاب کے
اُردو زبان مین سکھلا سکین چنانچہ حسب مراد یہ کتاب ماہ جولائی ۱۸۸۶ء مین طیار ہوئی اور نام اسکا

	کریم اللغات	
	رکھا گیا	

واضح ہو کہ جو لفظ اس کتاب مین لکھا ہے اوسکے معنی قاموس اور
منتہی الارب اور برہان قاطع وغیرہ کتب لغت سے تصحیح اور تحقیق کرکے
لکھی گئی ہین پس اب کوئی مقام شک کا اون لوگون کے واسطے نہین
رہا ہے جو معتقد علم رسیم کے ہین اگر کسیکو کوئی شک ہو کتب مذکورہ مین دیکھ
لیوے امید جناب باری سے یہ ہے کہ اس کتاب کو درجہ قبولیت کا
عطا فرماکر طلبا ہند کو اس سے فائدہ بخشے

آمین

نشانات

چونکہ فارسی اور عربی اور بعضے لفظ ترکی بھی فارسی کتب مین مستعمل ہوتے ہین اس لیے یہ نشان اون زبانون کے بتلانے کے واسطے لکھے گئے ہین

ع	عربی	معرب اوس لفظ کو کہتے ہین جو کسی غیر زبان کا لفظ ہو
ف	فارسی	اور اوس مین کچھ تغیر یا تبدل کرکے مثل عربی کے بنالین جیسے
ت	ترکی	صنج اصل مین چنگ تھا چ کو ص سے اور گ کو ج سے
مب	معرب	بدل لیا اسکو معرب کہین گے

باب الالف

آب ف لغوی معنی پانی اصطلاحی آبرو
عزت - فیض - دولت - طرز
موتی - جوہر - تیغ - تلوار جوہردار
اَب ع باپ - پدر
اِبا ع انکار کرنا - نہ ماننا -
اَبابِیل ع ویرو لالی - نام ایک چھوٹے
پرندکا ہی جو اکثر گھرون مین رہتا ہے -
آباد ف بسا ہوا - ورود - کعبہ - خوش اور خوب
آبادی ف بستی
آباد اِنیدن ف سراہنا - تعریف کرنا
آبان ف آٹھوان مہینا فارسی زبان کا اور
نام اوس فرشتہ کا ہے جو لوہے پر موکل ہے
آبپاشی ف سینچنا کھیتی کو پانی دینا چھڑکاو پانیکا کرنا
آفتاب ف رونق - چمک
اِبتدا ع شروع - ارنبہ
اِبتذال ع بیہودہ خرچ کرنا - ذلیل رکھنا
اَبتر ع لغوی معنی اسکے دُم کٹا ہوا -
مرادی یہ کہ - بےخبر آدمی - بدچلن - بگڑا ہوا

اِبتسام ع مشتق ہے تبسم سے
ہنسنا - مسکرانا - اور پھول کا کھلنا -
اِبتہاج ع خوشی - کھلنا - خوش ہونا
اَبجد ع حروف تہجی - الف بے
آبِ حیات ف امرت جسکے پینے سے
موت نہین آتی - مرادی معنی شعر اور معشوق کا منہ
آبخوردن ف آن جل - آبخورش
آبخورہ ف پانی پینے کا برتن - گلاس
اَبد ع جسکی انتہا نہو - ہمیشگی
آبدار ف چمکدار - اور پانی رکھنے والا نوکر اور عقلمند آدمی
آبداری ف چمک - صفائی
اَبر ف بادل
اِبرام ع تنگ کرنا - ملول کرنا - محکم کرنا کسی کام کا
آبراہ ف موری - بدررَو - سیلاب
اَبرص ع کوڑھی - چتلا - چتکبرا - اور
گرگٹ جو چھپکلی کی قسم ہے اوسکو بھی کہتے ہین
اَبرش ع جسپر سیاہ یا سفید داغ ہون -
اَبرق ع ابرک - اور چمکدار

ابرقوہ ف / ابرکوہ ف — عراق عجم مین ایک شہر ہے

ابرو ف بھوں جو آنکھ کے اوپر ہوتی ہے

آبرو ف عزت - رتبہ - نیکنامی

آب ریختن ف بے عزت - اور ذلیل کرنا -

ابریسم ف / ابریشم ف — ریشم

آبریق ع روشن - چھاگل پانی کی اور تلوار چمکدار - عورت خوبصورت

آبستن ف حاملہ ہونا - پیٹ سے ہونا

آبستنہ ف پیٹ والی عورت اور چاپلوسی کرنیوالا

آبشار ف جھرنا جہان پانی جھرتا ہو اور چشمہ پہاڑ کا

ابشم ف کویا ریشم کا کچے ریشم کا کویا جو کیڑا بناتا ہے

آبکار ف کلال - شراب فروش

آبشخور ف قسمت - چہ بچہ پانیکا - چشمہ - تالاب

آبگیر ف جوہڑ یعنی وہ گڑھا جہان کہ پانی ٹھہرا رہے

آبگینہ ف کانچ - شیشہ - بلور - شراب انگوری دل عاشق کا - آنسو آنکھ کے -

ابل ع اونٹ - شتر

ابلاء ع محنت مین ڈالنا - آزمائش مین ڈالنا بلا مین پھنسانا - کھنہ کرنا کسی چیز کا -

ابلاغ ع پہونچانا - بھیجنا

ابلج ع روشن - ظاہر مرد ابرو کشادہ

ابلق ع چتکبرا سپید دست و پا گھوڑا

ابلہ ع ناوان - سادہ - بیوقوف

آبلہ ف پھپولا - پھنسی

ابلہی ع بیوقوفی - احمق پن

ابلیس ع شیطان فریب دینے والا - ناامید

ابن ع بیٹا - فرزند - پسر

ابنا ع جمع ہے ابن کی معنی بیٹے - ساتھی ہم جنس

ابنت ع بیٹی - دختر

ابن سبیل ع مسافر - راہی

آبنوس ع نام ایک درخت کا

آب نقرہ پارہ

آب نخوردن ف مراد دیر نکرنا - توقف نکرنا -

ابواب ع جمع باب کی دروازے اور کتاب کے حصے -

آب و دانہ رزق - خوراک - کھانا پینا

ابو ع باپ - صاحب
ابوالفضل ع اکبر بادشاہ کا وزیر
ابوبکر ع نام خلیفہ اول پیغمبر خدا کا
ابہام ع انگوٹھا - اور کھولکر بیان نکرنا
اُبّہت ع بزرگی - رونق - شکوہ
آبی ف مرطوب - نم سیلا
ابیات ع جمع بیت کی - گھر - شعر
ابیض ع سفید - تلوار چاندی
ابیضان ع دو رگ ہین چھاتی مین شترکی
اور شیر - اور آب - چربی - اور جوانی -
روٹی - اور پانی - اور دو روز - یا دو ماہ
آتابک ف بادشاہان شیراز کا لقب ہے
اتالیق ت ادب سکھلانیوالا اوستاد -
اتباع ع پیروی کرنا - تابع ہونا -
اتحاد ع ایک ہونا - دوستی
اِتحاف ع تحفہ دینا - سوغات دینا
اِتراب ع مٹی مین ملانا -
اَتراب ع ہم عمر - برابر کی لڑکیان
اِتساق ع ترتیب دینا - تمام ہونا - باہم ہونا - راست آنا

اتسام ع نشان کرنا مشتق وسم سے ہے
آتش ف آگ - نور - رواج - غصہ - اور شیطان
آتشباز ف جو شخص آتشبازی کرے اور جو بیچے
آتشبازی ف آگ سے کھیلنا - اور نام آگ کے کھلونون کا
آتش پیکر ف سورج - شیطان - جن وغیرہ
آتش خوار ف نام ایک جانور کا ہے اور بد اور ظالم آدمی کو بھی کہتے ہین
آتشدان ف انگیٹھی
آتش دادن ف مراد چھوڑ دینا - اور ترک کرنا - اور کسیکو بھڑکانا
آتش زبان ف یاوہ گو - سخت مزاج آدمی -
آتش سرد ف شراب - لب معشوق - اور سونا چاندی
آتشی آتشین ف آگ کا - گرم
اتصاف ع کوئی صفت اختیار کرنا -
تعریف کیا جانا - باہم وصف کرنا کسی چیز کا
اتصال ع ملنا - لگاتار ہونا کسی کام کا اور پہونچنا
اتفاق ع باہم ملنا - اچانچک
اتفاقاً ع اچانچک سے - اچانک سے
اتفاقی ع جو اتفاق سے بات ہو جاوے
اِتقا ع بچنا - پرہیز کرنا - گناہ سے بچنا
اتقیا ع پرہیزگار لوگ جمع تقی کی ہے -

اِتّکا ع بھروسا کرنا۔ تکیہ کرنا۔
اِتّکال ع اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔
اِتلاف ع ضائع کرنا۔ تلف کرنا۔ کھو دینا
اَتم ع بہت پورا۔ کامل۔ تمام
اِتمام ع پورا کرنا۔ انجام کو پہونچانا
آتون ف وہ عورت ہوتی ہے جو لڑکیوں کو علم پڑھنا۔ اور کپڑے سینا اور جالی نکالنی وغیرہ تعلیم کرتی ہے
اِتّہام ع تہمت لگانا کسی پر۔ دوس دینا غلطی میں ڈالنا۔
اِتّہاب ع بخشش قبول کرنا۔ ہبہ کرنا۔
اِتیان ع رسیدگی۔ دخول۔ قدوم آنا
اَثاث ع اسباب خانگی۔ گھر کا اسباب
آثار ع نشان پُرانی نشان بچی ہوئی چیز کی نشان کھوج
اُثفیہ ع دیگ پایہ۔ چولھے کا پاکھا جمع اوسکی اثافی آتی ہے۔
اِثم ع گناہ۔ جرم جمع اوسکی آثام ہے اور شراب اور جوا۔ اور جو کام کرنا ناروا ہو اوسکو بھی اثم کہتے ہیں
اِثبات ع ثابت کرنا۔ ثبوت کو پہونچانا۔
اَثر ع تاثیر۔ نشان۔ کھنڈر۔ کھوج

اَثقال ع جمع ہی ثقل کی معنی اسکے۔ بوجھ۔ بھار
اَثمار ع جمع ہے ثمر کی معنے۔ پھل
اَثنا ع بیچ۔ درمیان۔ عرصہ درمیان کا
اثناء راہ ف درمیان راستہ کے
اِثنین ع دُو
اَثیل ع ذاتی۔ محکم۔ بڑے خاندان کی نسل کا
اِجابت ع ماننا۔ منظوری۔
اُجاج ع آب تلخ۔ آب شور۔ کھاری۔ یا کڑوا پانی
اِجارہ ع ٹھیکہ۔ یا ٹھیکہ لینا۔
اِجازت ع حکم دینا۔ پروانگی دینی
اِجتبار ع پسند کرنا۔ چھانٹنا
اِجتماع ع اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔
اِجتنار ع پھل چننا۔ میوہ اکٹھا کرنا
اِجتناب ع پرہیز کرنا۔ بچنا۔ گوشہ پکڑنا
اِجتہاد ع کوشش کرنا دل سے سوچکر ایک بات نکالنی۔
اَجداد ع باپ۔ دادا۔ وغیرہ
آجُر ع اینٹ۔ خشت
اَجر اُجرت ع انعام۔ بدلا۔ مزدوری

اِجرا ع جاری کرنا۔ کام چلانا۔
اَجَل ع وقت مقرر۔ موت کا وقت۔ تقدیر
اَجَل ع واسطے۔ سبب۔ لیے
اَجَلّ ع بڑا بزرگ۔ بڑا ذیشان۔
اجلاس ع بیٹھنا۔ کچہری کرنیکو بیٹھنا۔
اجلال ع بزرگی علو شانی
اجماع ع اکٹھی ہونا۔ سبکی رای متفق ہونی
اجمال ع کھولکر نہ کہنا۔ بہت کو تھوڑا کردینا
پراگندہ کو اکٹھا کرنا۔ بہت درستی سے کام کرنا
اجمعین ع سب۔ تمام۔ سبکے۔ سب
اجنبی اجنب ع پردیسی کسے اور دیس کا
آدمی۔ بلستے۔
اجوبہ ع جمع جواب کی یعنی بہت سے جواب
اجورہ اجور ع مزدوری۔ محنتانہ۔
اجوف ع کھوکھلا۔ شکم خالی اور وہ لفظ
جسکے عین کلمہ مین حرف علت کا ہو۔
اجیر ع مزدور محنتی
اچار آچار ف مشہور ترشی ہے جو روٹی
کے ہمراہ کہاتے ہین۔

ملا ہوا یہ معنی اسکے ہین۔
اُخ ع آواز کہانسی کی۔ آواز درد کی
اِحاطہ ع گھیرنا اور گھیری ہوئی چار دیواری
احباب ع جمع حبیب کی بمعنے دوست
احتباس ع روکنا۔ اور خون بند ہوجانے
کی بیماری عورتون کو۔
احتراز ع بچنا۔ پرہیز کرنا
احتراس ع نگاہبانی کرنے۔
احتراق ع جلانا۔ پھونکنا
احتساب ع حساب کرنا۔ آزمائش کرنا
احتشام ع شکوہ نوکر چاکر کا
مالک ہونا۔ صاحب حشمت ہونا۔
احتلام ع خواب مین ناپاک ہونا۔ خواب دیکھنا
احتظاظ ع لذت اوٹھانا۔ مزہ لینا۔ بختمند ہونا۔
احتمال ع برداشت کرنا۔
بوجھ اوٹھانا۔ بات کا سہنا۔
احتیاج ع حاجت ہونا ایک چیز کی
خواہش ہونی۔

احتیاط ع بچنا گناہ سے۔ پرہیز کرنا۔ بُری بات سے بچنا۔
اِحتیال ع فریب کرنا۔ حیلہ کرنا۔ مکر کرنا۔
احد ع ایک۔ یک۔
احدیت ع ایکائی۔ ایک ہونا۔
اِحداث ع نیا پیدا کرنا۔ نئی بات نکالنا
اِحراز ع بچانا۔ گھیرنا۔ استوار کرنا
احراق ع جلانا۔ پھونکنا۔
اِحرام ع حرم مین آجانا۔ ادہا ہَا کا مین داخل ہونا۔ حج کرنے کی نیت کرنی مکہ کے قریب جاکر۔
اِحزان ع غم مین ڈالنا۔ غمگین کرنا
احساس ع چھونا۔ حس کرنا
اِحسان ع کسی کے ساتھ نیکی کرنا۔
احسانمند ف وہ شخص جسکے ساتھ اچھا سلوک کسی نے کیا ہو۔
اَحسنت ع بہت اچھا کیا تو نے یہ کلمہ آفرین کے مقام پر بولا جاتا ہے۔

اَحسَن ع بہت نیک۔ بہت خوب
احضار ع حاضر کرنا۔ موجود کردینا کسی چیز کا
اَحفاد ع جمع حفد کی معنی اسکے پوتے نواسے ہین
احقر ع زیادہ حقیر۔ بڑا ذلیل اپنے تئین بسبب کسر نفسی کے بولا کرتے ہین۔
اَحلیٰ ع نہایت شیرین۔
احمر ع بہت سُرخ
اَحمق ع نہایت بیوقوف
اَحول ع ابنر نگور۔ بھنگا
احوال ع جمع حال کی ہے۔
اِحیا ع زندہ کرنا۔ جان ڈالنا۔
اَحیان ع جمع حین کی ہے معنی زمانہ اور وقت کے
اَحیانًا ع اتفاقًا اور شاید کبھی زمانہ مین یا کسی وقت۔
اَخ ع بھائی۔ برادر
آخ ف کلمہ تحسین کا ہے بجای آفرین کے بولتے ہین
اَخبار ع جمع خبر کی یعنی خبرین
اِخبار ع خبر کرنا۔ بتلانا۔ اطلاع دینا
اُخت ع بہن۔ ہمشیرہ۔ بوا

اقتطام

اختتام ع ختم کرنا۔ پورا کرنا۔
اختر ف ستارہ
اختراع ع نئی بات نکالنی۔ ایجاد کرنا
اختراق ع پھاڑنا۔ پھٹنا
پارہ پارہ ہونا۔ اور فراخ دستی کرنا۔
اِختِصار ع کم کرنا۔ بہت کو تھوڑا کرنا۔
اختصاص ع خاص کرنا۔ خصوصیت رکھنا
اختفار ع چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
اختلاط ع ملانا۔ محبت۔ دوستی
اختلاف ع فرق۔ تفاوت۔ باہم فرق ہونا
اختلال ع خلل ڈالنا۔ خلل پڑنا۔ خلل
آختن ف تلوار کھینچنا
آختہ ف تلوار کھینچی ہوئی اور
نامرد کیا ہوا جانور
اختیار ع پسند کرنا۔ ایک بات کو ماننا
اَخذ ع لے لینا۔ پکڑنا۔ اختیار کرنا۔
اُخریٰ ع پچھلی عورت یا چیز
یہ لفظ مؤنث ہے۔
آخر ع پچھلا۔ دوسرا

اخراج ع نکالنا
اخراجات ع جمع خرچ کی بمعنے خرچ کے ہے
آخرالامر ع آخر کو۔ اسبات کی آخر
آخرت ع انجام۔ دوسری دنیا۔ قیامت
اخرس ع گونگا اسکی جمع خرس
اور خرسان آتی ہے۔
اَخضر ع سبز چیز۔ سبز رنگ
اخفا ع پوشیدہ۔ پوشیدہ کرنا
اخفش ع نام ہے تین نحویون کا جو اس
فن نحو مین امام گذرے ہین نام وہ چھوٹی آنکھ والا
اخگر ف آگ کی چنگاری۔ شروع عشق کا۔
اخلاص ع دوستی۔ خالص کرنا۔
اخلاصمند ف دوست جو خیر خواہ ہو۔
اخوان ع بھائی بند جمع ہے اخ کی۔
اخوات ع بھنین جمع ہے اُخت کی
آخورسالار ف طویلہ کا سردار
آخور ف وہ جگہ جہان چارپائے
گھاس کھاتے ہین ہند مین اوسکو
کھورلے کہتے ہین۔

اخون / اخوند ن معلم اوستاد

اخوی ع میرا بھائی۔

اخیر ع پچھلا

اخی ع ف فارسی مین صاحب مروت عربی مین میرا بھائی۔

ادا ع پورا کرنا۔ انداز۔ ناز۔

آداب ع جمع ادب کی بمعنی عزت کرنی سلام کرنا۔ تسلیم کرنا۔

ادات ع بمعنی اوزار۔ اور ہتیار۔ اور علم صنعت

اِدامت ع ہمیشگی

اَدَب ع سلام۔ قاعدہ۔ علم زبان

آدَبانہ ن بطور ادب کے

اِدبار ع لغوی معنی پیٹھ پھیرنا اصطلاحی۔ بداقبالی۔ نحوست کم قسمتی۔ بدنصیبی۔

اِدرار ع روزینہ۔ جاری ہونا پیشاب جاری ہونا۔

ادراک ع پانا۔ عقل۔ دریافت کرنا۔

ادریس ع نام ایک پیغمبر کا

اِدّعا ع دعوی کرنا۔ بےدلیل ایک بات کہنی۔

اَدَق ع بہت باریک۔ بہت مشکل

آدم ع نام ہے پہلے آدمی کا جس سے انسان کی نسل چلی۔

اِدمان ع ہمیشگی۔ اور مشق

اَدہم ع نام ایک بادشاہ بلخ کا جو تخت کو چھوڑ کر فقیر ہو گیا تھا۔ اور لوہے کی بیڑی جو قیدیون کے پیرون مین ڈالتے ہین اور سیاہ سانپ اور گھوڑا اشکی رنگ کا۔

آدمی ن وہ جو اولاد آدم کی ہے۔

آدمیت ن انسانیت۔ خلق نیک ہونا۔

اَدنیٰ ع بہت نزدیک۔ نالائق۔ کم رتبہ

ادوات ع ہتیار۔ اوزار جمع ادات کی۔

ادویہ ع جمع دوا کی۔

اَدیان ع جمع دین کی بمعنے مذاہب۔

ادیب ع جو علم ادب سے واقف ہو یعنے زبان دان اور قاعدہ دان۔

ادیم ع — ادھوڑی ۔ چمڑا

آدینہ ف — روزجمعہ

اذ۔اذا ع — جب ۔ جسوقت ۔ جبکہ

اِذن ع — اجازت ۔ پروانگی ۔ حکم ۔ اب

اذان ع — آواز ۔ اور نماز کے وقت کی بانگ

اذی ع — ایذا ۔ تکلیف ۔ دُکھ

آذر ف — آگ ۔ اور کنایہ عشق سے ہے اور نام اوس فرشتہ کا ہے جو سورج کا موکل ہَے

اذعان ع — یقین کرنا۔

اذقان ع — جمع ذقن کی بمعنے ٹھوڑی

اِذکار ع — ذکر کرنا ۔ یاد دلانا۔

آذوقہ ع — طعام ۔ کھانا ۔ رزق

اَذِیت ع — دُکھ ۔ مصیبت ۔ تکلیف

آر ف — لاؤ ۔ لے آؤ ۔

آرای ف — آراستہ کرنے والا
آرا ف — آراستہ کرنے والا

اِرابہ ف — گاڑی

ارادت ع — ارادہ کرنا ۔ مُرید ہونا۔

ارادی ع — اختیاری ۔ ارادہ کا

آراستگی ف — زیبایش کرنا۔

آراستن ف — زیبایش کرنا ۔ سنوارنا۔

آراستہ ف — زیبایش کیا ہوا

اراضی ع — جمع ارض کی بمعنے زمین ۔

آرام ف — چین ۔ سُکھ

آرامش ف — فراغت ۔ آرام و راحت

آرامیدن ف — آرام کرنا ۔ آرام پانا۔

آرائیدن ف — آراستہ کرنا۔

آرایش ف — زیبایش ۔ آراستگی۔

اَرباب ع — جمع رب کی بمعنی صاحب ۔ مالک

اَربع ع — چار یعنے (۴) (للعہ)

اَربعون ع — چالیس یعنے (۴۰) (للعہ)

ارتباط ع — دوستی ۔ ربط کرنا ۔ ملانا۔

ارتجال ع — بدون سوچنے کے بولنا ۔ جلدی بولنا

ارتحال ع — کوچ کرنا ۔ موت آنا۔

اِرتداد ع — مذہب سے پھر جانا ۔ پھر جانا۔

ارتسام ع — منقش ہونا ۔ تصویر کھینچنا

ارتشا ع — رشوت کھانا ۔ گھونس لینا

ارتضا ع — باہم راضی ہونا ۔ خوش ہونا آپس میں

ارتفاع ع اونچا ہونا - بلندی
نفع - محصول -
ارتقا ع چڑھنا - ترقی کرنا -
ارتکاب ع اختیار کرنا - پسند کرنا
ارتیاح ع راحت پانا -
ارث ع مُردے کا مال -
اَرج ف قسمت - قدر - مرتبہ
حد - اندازہ -
ارجمند ف صاحب قدر - اور صاحب رتبہ کا -
اَرحم ع بڑا رحم والا - بہت ہی مہربان
آرد ف آٹا - اناج پیسا ہوا - اور تصغیر کے
معنے مین بھی آیا ہے -
ارذل ع بہت ذلیل - بڑا نیچ -
ارزاق ع جمع رزق کی - روزی -
ارزان ف سستا جو مہنگا نہو -
ارزانی ف سستاپن -
آرزو ف امید -
آرزومند ف صاحب امید -
ارزیدن ف قیمت پانا - لائق ہونا -

اَرزیز ف ٹن یعنی انگریزی لوہا
جسپر رانگ کی قلعی ہوتی ہے -
ارسال ع بھیجنا - نامہ بھیجنا -
ارسطو ع نام حکیم کا ہے جو سکندر کا وزیر
اور افلاطون کا شاگرد تھا -
ارشاد ع ہدایت کرنا - راہ بتلانا -
ارشد ع بہت ہدایت یافتہ آدمی -
ارض ع زمین - دہرتی -
اَرضہ ع دیمک مشہور کیڑے ہین
جو بڑا نقصان کرتے ہین -
ارضی ع زمینی - زمین کا -
ارغنون ع نام باجہ کا ہے جسکو ارگن کہتے ہین
ارغوان ع سرخ اور نارنجی رنگ -
ارقام ع لکھنا -
ارکان ع جمع رکن کی بمعنے
ستون - وزیر - امیر -
ارکان دولت امرا - وزرا
رئیس قوم -
اِرَم ع نشان میل کا - اور بہشت جو

عاد نے بنائی تھی۔اس دنیا پر۔

ارمان ف آرزو۔ اورحسرت

آمانیدن ف آرزوکرنا۔ حسرت کرنا

ارمغان ف تحفہ انوکھی چیز سوغات

آرمیدن ف آرام کرنا۔بدن کو تکھ دینا۔

آرنب ع خرگوش۔ سَسَا

آرنج ف کہنی۔اور بازو کو بھی کہتے ہین

آرنده ف لانیوالا کسی چیز کا۔

ارنہ ف ورنہ۔ نہین تو۔ و اگر نہ

ارواح ع جمع۔روح کی۔

آروغ ف ڈکار۔ اسکو آروق بھی بعضون نے لکھا ہے۔

آروغیدن ف ڈکار لینا۔

اره ف لکڑی چیرنے کا اوزار۔ اورجبڑ دانتون کی۔

ارویدن ف امتحان۔تجربہ۔ آزمائش۔

آری ف ہان۔

اریب ع عقلمند۔ عالم

آز ف حرص۔ لالچ۔اور نام ایک شہر کا بھی ہے

آزاد ف بے قید۔بےعیب۔ اور سوسن سفید۔ اور درخت بکائن۔اور درخت بے میوه کو بھی کہتے ہین۔

آزادی ف بے قید۔ بےعیب ہونا۔

آزار ف دُکھ ۔ بیماری

اِزاربند ف ناڑا

آزاردن ف دُکھ دینا۔ آزرده کرنا۔

آزاری ف بیماری

ازالت ع دورکرنا۔ زائل کرنا۔

ازان باز ف اوسوقت سے۔

ازبر ف حفظ۔ یاد

ازبس ف بہت

ازدن ف سوئی چبھا دینی۔

ازدواج ع نکاح کرنا۔ شادی کرنا۔

اژدہا ف بڑا سانپ۔

ازدحام ع انبوه لوگون کا۔ اجتماع اور لوگون کی بھیڑ۔

ازدیاد ع زیاده ہونا۔ بڑھنا۔

آزردگی ف رنج ۔ خفگی ۔ ناراضگی
آزردن ف آزردہ کرنا ۔ ستانا ۔ آزردہ ہونا
آزردہ ف ستایا ۔ خفا کیا ہوا ۔
ازرق ع گربہ چشم ۔ نابینا ۔
ازکیا ع جمع زکی کی ذہین آدمی
ازل ع جسکا شروع نہو ۔ اناد ۔
ازلی ع انادی ۔ ازل والا ۔
آزما ف آزمانے والا ۔
ازمان ع جمع زمانہ کی ۔ ازمن بھی
اسکی جمع آتی ہے ۔
آزمائش ف پرکھنا ۔ آزمانا ۔ امتحان
آزمند ف لالچی ۔ حریص
ازمنہ ع جمع زمانہ کی ۔
آزمودن ف آزمانا ۔ جانچنا
ازو ف سوئین چبانا ۔
ازواج ع جمع زوج کی بمعنی جوڑا ۔
ازوقہ ع یہ لفظ ذوق سے بنا ہو
اصل اسکی ازاقہ تہا اوسکو بگاڑ کر فارسی این
ازوقہ بنا لیا ہے معنے اسکے طعام کہانا ہے

ازہار ع کلیان پہولون کی غنچے ۔
ازہر ع بہت کہلا ہوا ۔ چمکتا ہوا
آسا ف مانند
اسابیع ع ہفتے جمع ہو اسبوع کی
اسکے معنی ہفتے کے ہین یعنے سات دن ۔
اِساءت ع برائی ۔ برا پن ۔ بدی کرنا ۔
اساتین / اساطین ع کہم ۔ ستون
اساس ع بنیاد ۔ نیو ۔ جڑ
اساطیر ع کہانیان ۔ قصّے
اسافل ع نیچ لوگ ۔ کم رتبے کے
اسالیب ع طریق ۔ طور ۔ راہہا ۔
جمع ہے اسلوب کی ۔
اسامی ع جس سے لین دین ہوتا ہے
آسان ف سگم ۔ سہج ۔ ہَولا ۔
آسانی ف سہج پن ۔
آسائش ف آرام ۔
اسپ ف گہوڑا ۔
اسباب ع جمع سبب کے اوسکے معنے رسّی وسیلہ اور اتم

اسباط ع قومیں - ذاتیں -

اسبق ع سب سے اول - سب سے بڑھا ہوا -

است ف ہے -

اُستاد ف سکھلانے والا

استادن ف کھڑا ہونا -

استاکار ف اوستاد

آستان ف دہلی - دہلیز -

استبداد ع ہٹ کرنا - استقلال مضبوطی -

استبرا ع بری ہونیکی خواہش - پاکی چاہنا - عیب یا قرض سے برات چاہنا -

استتار ع پوشیدہ کرنا - چھپانا -

استثناء ع نکالنا - الگ کرنا -

استجابت ع جواب کہنا - قبول کرنا -

استحسان ع نیکی طلب کرنا - نیک گننا

استحقاق ع طلب حق کی کرنا - حقدار ہونا - حق -

استحکام ع مضبوطی - مضبوط کرنیکی خواہش -

استخراج ع نکالنی کی خواہش کرنا - ایک بات نکالنا -

استخلاص ع چھوڑانا چاہنا - خلاصی کرنا -

استخوان ف ہڈی - ہاڑ -

استدامت ع ہمیشگی چاہنا -

استدعا ع خواہش کرنا -

استدلال ع دلیل طلب کرنا - دلیل لانا -

استر ف وہ کپڑا جو رضائی کے نیچے لگاتے ہیں - اور مشہور چوپایہ یہ کہتے ہیں کہ نتیجۂ فرعون کا ہے

استراحت ع آرام - طلب راحت کی کرنا -

استرخاص ع رخصت چاہنا - طلب رخصت کرنا -

استرداد ع لوٹا لینا - لوٹا لینا چاہنا -

استردن ف مونڈنا - صاف کرنا -

استرضاء ع طلب رضا کی خوشنودی -

استرہ ف چھرا - بال مونڈنیکا اوزار -

استسعاد ع طلب سعادت کی - طلب نیکی کی -

استسقا ء طلب سیرابی کی ۔ نام ایک بیماری کا ہے جسمین پیاس بہت ہوتی ہے ۔
استشمام ء طلب سونگھنی کی ۔ سونگھنا ۔
استطاعت ء طاعت ۔ طاقت طلب تابعداری کی ۔
استظہار ء مدد چاہنا ۔ پشتی طلب کرنا ۔ ظاہر کرنیکی طلب ۔
استعارہ ء مانگنا ۔
استعجاب ء تعجب کرنا ۔
استعانت ء مدد کرنا ۔ مدد طلب کرنا ۔
استعجال ء شتابی مانگنا ۔ جلدی کرنا ۔ طلب شتابی کی ۔
استعداد ء مادہ طاقت علمی ۔ سامان
استعفا ء طلب عفو ۔ نوکری چھوڑنے کو اسواسطے استعفا کہتے ہین کہ گویا وہ نوکر یہ چاہتا ہے کہ اب مجکو نوکری کرنے سے معاف کرو جو لوگ اسکو استیفا لکہتے ہین غلطی کرتے ہین ۔
استعلام ء بتلانا ۔ خبر دینا ۔ طلب جاننے کی کرنا ۔

استعمال ء کام مین لانا ۔ عمل مین لانا ۔
استغاثہ ء فریاد ۔ طلب فریادرس کی کرنا ۔
استغراب ء عجیب بات کرنا ۔ تعجب دلانا ۔
استغراق ء محو ہونا ۔ غرق ہونا ڈوب جانا ۔
استغفار ء طلب بخشش ۔ گناہ بخشوانیکی خواہش ۔
استغنا ء بے پروائی ۔
استفسار ء پوچھنا ۔ طلب معنی کرنا ۔
استفہام ء پوچھنا ۔ سمجھنا چاہنا ۔
استقامت ء سیدھا پن ۔ مستقیم ہونا ۔
استقبال ء آئندہ ۔ پیش روی آگے جانا ۔
استقرار ء ٹھہرنا ۔ آرام کرنا ۔ قرارکیجگہ پکڑنا ۔
استقصا ء کوشش تام کرنا ۔ اور کسی چیز کی انتہا کو پہونچنا ۔
استقصار ء کم کرنا ۔ طلب کمی
استقلال ء استحکام ۔ مضبوطی ۔ کم جاننا

استکبار ع بڑا سمجھنا۔ غرور کرنا۔
استکراہ ع نفرت کرنا۔
استیلام ع ہاتھ یا منہ سے چومنا پتھر کا۔ کھیتی کا خوشہ نکل آنا۔
استماع ع سُننا۔
استمالت ع اپنی طرف ملا لینا۔ مائل کرنا۔
استمداد ع مدد مانگنا۔
استمرار ع ہمیشگی۔
استمراری ع ہمیشگی۔ اور ہمیشگی والا۔
استمزاج ع مزاج پوچھنا۔ رای دریافت کرنی
استنباط ع بات کھودنی۔ ایک بات سے دوسری بات نکالنی۔ چننا۔
استنثار ع ناک جھاڑنی سنکنا پراگندہ کرنا۔
استنجا ع پاک کرنا۔ دھونا ناپاکی دور کرنا۔
استوا ع برابری۔ ہمواری
استوار ع مضبوط۔ محکم۔
استواری ع مُحکم۔
استہزا ع ہنسی کرنا۔ اور ہنسی۔

استیصال ع جڑ سے اوکھیڑنا۔
استیفاء ع پورا کرنا۔
استیلا ع غالب ہونا۔
آستین ف کرتے یا انگرکھی کی بانہہ
استیناس ع طلب انس۔ محبت چاہنا۔ انس ہو جانا۔
اسحاق ع نام ہے ابراہیم کے بیٹے کا۔
اسد ع شیر ببر
اسرار ع جمع ہے سر کی یعنی بھید۔ پوشیدگیان
اسراف ع بیفائدہ خرچ کرنا۔ فضول خرچی
اسرافیل ع نام ہے اوس فرشتہ کا جو قیامت کو صور پھونکے گا۔
اسرع ع بہت جلد۔ بہت شتاب
اسطبل ع وہ مکان جہاں گھوڑے باندھے جاویں۔
اسطرلاب ع
اصطرلاب ع وہ اوزار جس سے شمس کا ارتفاع اور انحطاط اور سعادت اور نحوست دریافت کریں۔

اسعاد ع نیک کرنا۔ بختاور کردینا۔
اسعاف ع حاجت روا کردینا کسیکا
کام کردینا اوسکے حسب خواہش۔
اسعد ع بہت نیک۔ بڑا سعید
اسفار ع جمع سفر کی۔ اور کتابین اگلی
وقتون کی جیسے توریت وغیرہ ہین۔
اسفاناخ ف پالک کا ساگ
اسفل ع سب سے نیچا۔ کم۔ فرومایہ
اسفنج ع اسپنج۔ مواباول۔ ابر مردہ۔
اسقاط ع گرانا۔ ڈالدینا۔
اسقام ع بیماریان۔ دُکھ جمع سقم کی ہے۔
اسلاف ع بزرگ۔ اگلے وقت کے
لوگ جمع سلف کی۔
اسلام ع مسلمان ہونا۔ خدا کی
راہ پر گردن رکھنے۔
اسلحہ ع جمع سلاح کی ہے بمعنے
ہتھیار۔ اور اوزار۔
اسلم ع بہت بچا ہوا۔ سالم تر۔
اور سانپ کاٹا ہوا۔

اسلوب ع طریق۔ طور۔ راہ
اسم ع نام
اسمار ع جمع سمر کی رات کو جو کہانی کہتے ہین
اوسکو سمر بولتے ہین یعنے کہانیان وغیرہ
رات کی باتین۔
اسماع ع جمع سمع کی معنی کان۔ گوش
اسمر ع گندم گون۔ گیہوان رنگ۔
اسنان ع دانت۔ دندان۔ جمع سن کی۔
اسواط ع کوڑے۔ تازیانے۔ جمع سوط
کی ہے۔
اسورہ ع کنگن جو ہاتھون مین پہنتے ہین
جمع سوار کی ہے۔
اسود ع کالا۔ اور کالا سانپ
آسودگی ف آرام۔ چین۔ بیفکری۔
صلح۔ امن۔
آسودن ف آرام کرنا۔ چین کرنا۔
آسودہ ہونا۔
آسودہ ف آرام یافتہ۔ چین یافتہ۔
اسہال ع پیٹ چلنا۔ دست آنا۔

اسہل ع بہت آسان۔ سہل تر
آسی ع رنج۔ دکھ۔ مصیبت
آسیا ف چکی۔ آٹا پیسنے کی چکی
آسیاب ف چکی۔ آٹا پیسنے کی چکی
آسیب ف دکھ۔ دھکا۔ خطرہ
اسیر ف قیدی۔ بندی
اسیری ف قید۔ بند
آش ف شوربا۔ حریرا پتلی شے پکی ہوئی
اشارت ع سین مارنا۔ اشارہ کرنا۔
اشاعت ع مشہور کرنا۔ پراگندہ کرنا پھیلانا۔
اشتباک ع شبکہ سے شبکہ لنا۔ در زین ملانا۔
چھید کرنا۔ بال بنانا۔
آشامیدن ف پینا۔ اور پلانا۔
اشباہ ع صورتین۔ اور شکلین
اشتباہ ع شک۔ شبہ
اشتداد ع سختی کرنا۔ شدت کرنا
مضبوطی کرنا۔
اشتر ف مشہور جانور بار بردار ہے اونٹ
اشترا ع خریدکرنا۔ مول لینا۔

اشتراک ع ساجھا۔ شراکت
اشتعال ع روشن ہونا۔ لپٹ مارنا۔
اشتغال ع مشغول ہونا۔ کسی کام مین لگنا
اشتقاق ع چیرنا۔ نکالنا۔ ایک لفظ سے دوسرا لفظ بنانا۔
اشتمال ع شامل ہونا۔ شامل کرنا۔ ملانا۔
اشتہا ع بھوک۔ خواہش
اشتہار ع مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔
آشتی ف دوستی۔ صلح۔
اشتیاق ع شوق ہونا۔
اشجار ع درخت۔ بہت درخت جمع شجر کی۔
اشخاص ع بہت شخص جمع شخص کی۔
اشد ع مضبوط بہت سخت تیز مزاج
اشداء ع تیز مزاج سخت مزاج جمع اشد کی
اشر ع بہت بد۔ بڑا شریر
اشرار ع جمع شریر کی
اشراف ع بھلے مانس جمع شریف کی واحد یہی

استعمال اسکا ہو گیا ہے۔

اشراف ع جھانکنا۔ اوپر سے نظر ڈالنا۔

اشراق ع روشنی دینا۔ طلوع کرنا۔

اشربہ ع جمع شراب کی پینے کی چیزیں

اشرف ع بہت شریف۔ بڑا بھلا مانس۔ بزرگتر

اشعار ع ابیات۔ جمع شعر کی۔

اشعہ ع جمع شعاع کی روشنی۔ چمک شعاعیں۔

اشغال ع جمع شغل کی یعنی کام۔ کاروبار۔

اشفاق ع مہربانی کرنا۔ خوف کرنا۔

آشفتن ف پریشان ہونا۔ خفا ہونا۔

آشفتگی ف پراگندگی۔

آشفتہ ف

آشفتہ حال ف وہ شخص جو پراگندہ حال ہو۔ پریشان حال۔ عاشق

آشفتہ موی ف بال بکھرے ہوئے۔ وہ شخص جسکے سر کے بال بکھرے ہوئے ہوں

اشقیا ع جمع شقی کی معنے بدبخت۔

اشک ف آنسو۔ آنکھ سے دنیکا جو پانی نکلتا ہے۔

آشکار ف ظاہر۔ کھلا ہوا۔

اشکال ع جمع شکل کی یعنے صورت

اصطباغ ع غوطہ دینا۔ رنگنا

اِشکال ع مشکل کرنا۔

اشل ع ٹنڈا۔ اور جسکا ہاتھ سوکھ جاوے

اشمام ع سونگھنا

آشنا ف دوست۔ واقف۔ ملاپی۔

آشوب ف گھبراہٹ۔ فتنہ

آشوردن ف خمیر کرنا۔ ملانا۔ مرکب کرنا۔

اشہاد ع گواہی دینا۔

اشہب ع جنگل کا شیر۔ کام سخت۔ بکری جو سپیدی رکھتی ہو۔ گھوڑا سبز خنگ

اشہر ع مشہور زیادہ

اشیاء ع چیزیں جمع شے کی۔

آشیان ف گھونسلا۔ آشیانہ۔ آلنا

اصابع ع اونگلیاں ہاتھ اور پیر کی جمع اصبع کی

اصاغر ع چھوٹی۔ خورد۔ جمع اصغر کی

اصالت ع اصل پن۔ ذاتی پن۔ جڑ

اصبع ع اونگلی۔

اصح ع جمع اسکی اصحاہ۔ تندرست بہت صحیح
اصحاب ع دوست۔ یار۔ جمع صحب کی۔
اصدار ع نکالنا۔ ایک بات کا صادر کرنا
اصداف ع جمع صدف کی معنی سیپ
اصدقا ع جمع صدیق کی بمعنی دوست۔ رفیق
اصرار ع تاکید کرنا۔ ہٹ کرنا
اصراف ع خرچ کرنا۔
اصطبل ع گھوڑونکے باندھنے کی جگھ
اصطفا ع چھانٹنا۔ برگزیدگی۔
اصطلاح ع اتفاق ایک قوم کا۔
اصغا ع سننا کسی بات کا۔ کان جھکانا کسی بات کے سننے کے واسطے۔
اصغر ع بہت چھوٹا۔
آصف ع سلیمان بادشاہ کے وزیر کا نام ہے
اصفار ع جمع صفر کی بمعنے خالی۔
اصفہان ف نام شہر کا جو فارس مین ہے۔
اصفیا ع برگزیدہ۔ اور پاک لوگ جمع صفی کی
اصل ع جڑ۔ بیخ
اصلا ع از روے اصل کے

اصلاح ع درست کرنا۔
اصلح ع بہت درست۔
اصلی ع ذاتی۔ بے بناوٹ
اصم ع بہرا جو سنتا نہین ہے
اصنع ع کر۔ بنا۔ صنعت سے مشتق ہے
اصناف ع اقسام۔ قسمین جمع صنف کی۔
اصنام ع بت اور معشوق جمع صنم کی
اصوات ع آوازین جمع صوت کی۔
اصول ع جڑین۔ اصلین جمع اصل کی۔
اصیل ع شام کا وقت۔ اصل آدمی۔ نیک پیدائش۔ محکم۔ ثابت رای شخص
اضارت ع روشن کرنا۔ روشن ہونا۔
اضاعت ع ضائع کرنا۔ کھودینا۔ ظاہر کرنا۔
اضافت ع لگاؤ۔ لگانا
اضافہ ع زیادتی۔ بڑھاؤ
اضافی ع نسبتی۔ جو اصلی نہو۔
اضحاک ع تعجب دلانا کسیکو۔ ہنسانا۔ حوض اس قدر بھر دینا کہ روان ہوجای گھاس اوگنا زمین پر۔

اضداد ؛ جمع ضد کی
اضرار ؛ نقصان کرنا۔ ضرر پہنچانا
دوڑنا۔ ظلم سے کسیکو ایک کام پر رکھنا۔
اَضرَاس ؛ ڈاڑھ۔ دانت جمع ضرس کی۔
اضطراب ؛ گھبراہٹ۔ بیقراری۔
اضطرار ؛ لاچار کرنا۔ حاجتمند کرنا۔
ضرورت ہونی کسی شئے کی۔
اضعف ؛ بہت ضعیف۔ بہت ناتوان۔
اضلاع ؛ پسلیاں جمع ضلع کی۔
اِضلال ؛ گمراہ کرنا۔ راہ بھلانا۔
اطاعت ؛ تابعداری کرنا۔ حکم ماننا۔
اطبا ؛ حکیم لوگ۔ جمع طبیب کی۔
اطراف ؛ جمع طرف کی۔ کنارہ۔
اطلس ؛ نرم۔ ملائم۔ نام ایک قسم
کے ریشمی کپڑے کا۔
اطعمہ ؛ جمع طعام کی۔ خوراک۔ کھانا
اطفا ؛ بجھانا۔ آگ کو ٹھنڈا کرنا
چراغ گل کرنا۔
اطلاع ؛ خبر دینا۔

اطلاق ؛ چھوڑنا۔ بے قید کرنا۔
اِطّماع ؛ لالچ میں ڈالنا۔
اطمینان ؛ تسلی۔ دلاسا۔
اطوار ؛ جمع طور کی۔
اطہار ؛ جمع اطہر کی یعنی بہت پاک لوگ۔
اظہار ؛ کھولنا۔ ظاہر کرنا۔
اظہر ؛ بہت ظاہر۔
اعادہ ؛ لوٹانا۔ پھیر لانا۔
اعادی ؛ دشمن لوگ جمع عدو کی۔
اعاظم ؛ جمع اعظم کی۔ بہت بڑے
اعالی ؛ بہت بلند جمع اعلی کی۔
اعانت ؛ مدد کرنا۔
اعتبار ؛ بھروسا کرنا۔ ایک کو دوسری پر
قیاس کرنا۔ نصیحت پکڑنا۔ امتحان کرنا۔
اعتدال ؛ برابر کرنا۔
اعتذار ؛ عذر کرنا۔
اعتراض ؛ شبہ کرنا۔ کوئی قباحت پیش کرنی
اعتزال ؛ گوشہ گزینی۔ گوشہ نشینی
کام سے الگ کرنا۔

بنعو ۴۰۰ امن

اِعتراف ع اقرار کرنا۔

اِعتساف ع جور کرنا۔ راہ سے بیراہ چلنا کسی سے کام چاہنا۔

اِعتِصام ع چنگل مارنا۔ کچھ شے پکڑنا۔ واسطے بچنے کے۔

اعتضاد ع مدد چاہنا۔ بازو بنانا۔ قوت پانا

اعتقاد ع یقین کرنا۔ گرویدہ ہونا۔

اِعتِکاف ع گوشہ نشین ہونا۔ اپنے تئین بازرکھنا۔ انتظار کرنا۔

اِعتلا ع بلند ہونا۔

اِعتلال ع بیمار ہونا

اِعتماد ع بھروسہ کرنا۔ تکیہ کرنا۔

اِعجاز ع عاجز کرنا۔ ناتوان کرنا۔

اعجوبہ ع عجیب تر انوکھی شے۔

اَعدا ع دشمن۔ بیری۔ جمع عدو کی۔

اَعداد ع جمع عدد کی۔

اَعدَل ع بہت عدل کرنے والا۔

اِعذار ع عذر کرنا۔

اعراب اعرابی گنوار آدمی جنگلین خانہ بدوش رہتے ہین

اعراض ع روگردانی کرنا منھ پھیرنا۔

اعراف ع نام ایک مقام کا ہے جو دوزخ اور بہشت کے درمیان ہے، اور سب سے بلند ہوا

اِعراق ع ملک عراق کو جانا۔ اور جڑ سخت ہونا۔ شراب مین پانی ملانا۔

اعزاز ع عزت کرنا۔

اَعضا ع جمع عضو کی یعنی جوڑ ہاتھ اور پاؤن کے

اعسر ع بہت دقیق۔ بہت مشکل۔

اعطاف ع مہربانیان۔

اعظم ع بہت بڑا۔

اعلی ع بہت بلند۔

اَعلام ع جمع علم کی نشان۔ جھنڈے لڑائی کے۔

اِعلام ع خبر دینا۔ جتلانا۔

اِعلان ع ظاہر کرنا۔ کھول دینا۔

اَعلم ع جو سب جگہ ہو جسکو سب جانتی ہون

اَعمار ع جمع عمر کی۔

اعمال ع جمع عمل کی۔

اعوان ع جمع عون کی یعنی سپاہی۔ مدد۔ مددگار

اعیان ع امرا۔ چشمے۔ اور آنکھیں
آغا ف صاحب۔ مالک۔ خداوند
آغازیدن ف قصد کرنا۔ اور ابتدا کرنا
آغاز ف شروع۔ ابتدا
آغازیدن ف شروع کرنا۔
آغشتن ف فراہم کرنا۔ جمع کرنا۔ حاصل کرنا۔
آغالیدن ف بھڑکانا۔ لڑائی کیواسطے تیز کرنا۔ لوگوں کا۔
اغذیہ ع جمع غذا کی طعام۔ کھانا۔
آغشتن ف آلودہ ہونا۔ لتھڑ جانا
اِغلاق ع مشکل کرنا۔ بند کرنا۔
اغلب ع قریب یقین کے۔
اُغلمش ف نام بادشاہ کا۔
اِغماض ع چشم پوشی کرنا۔ درگذرنا۔
اِغوا ع بہکانا۔ برانگیختہ کرنا
آغوش ف گود
اغیار ع جمع غیر کی۔
آف ف سورج
اُف ع افسوس

آفات ع جمع آفت کی۔
افادہ ع فائدہ پہونچانا۔
افاضل ع جمع افضل کی۔
آفاق ع جمع افق کی کنارے آسمان کے
اِفاقت ع کسی کام سے فرصت پانا۔ یا دکھ سے آرام پانا
آفت ع مصیبت۔ دکھ۔
آفتاب ف سورج۔ اور دھوپ
آفتابگیر ف چھتری
آفتابہ ف پانی کا لوٹا۔
افتتاح ع شروع کرنا۔
افتادگی ف عاجزی
افتادن ف گر پڑنا۔
افتخار ع فخر کرنا۔ غرور کرنا۔ شیخی کرنا
افترا ع جھوٹ بات بنانا۔ بہتان
افتقار ع احتیاج۔ افلاس۔ فقیری
افراختن ف کھڑا کرنا۔ بلند کرنا۔
افراد ع جمع فرد کی۔
افراشتن ف بلند کرنا۔
افراط ع بہت زیادہ کرنا۔

افروختن ف روشن کرنا۔
آفریدن ف پیدا کرنا۔ اُپجانا۔
آفریدگار ف پیدا کرنے والا۔
آفریدگان ف پیدا کئے ہوئے۔ دنیا کے لوگ
آفرین ف شاباش۔ تحسین کا کلمہ ہے۔
آفرینندہ ف پیدا کرنیوالا۔ یعنی خدا تعالے
آفرینش ف پیدا کرنا۔
افزا ف بڑھانے والا۔
افزائیدن ف بڑھانا۔
افزودن ف بڑھنا۔ اور بڑھانا۔
افزون ف زیادہ۔ اور بڑھا ہوا۔
افزونی ف زیادتی۔
افسانہ ف کہانی۔ قصہ
افسر ف کلاہ۔ ٹوپی۔ حاکم
افسردن ف مرجھانا۔ ٹھٹھرنا۔
افسردہ ف مرجھایا ہوا
افسوس ف افسوس۔
افسون ف منتر۔ جادو
افشا ع ظاہر کرنا۔

افشاندن ف جھاڑنا۔
افشان ف بوندیں پڑی ہوئی۔ چھڑکی ہوئی کوئی پانی کی چیز۔
افشاندن ف جھاڑنا۔ پھوٹنا
افشردن ف نچوڑنا۔
افصح ع بہت فصیح۔ صاف عبارت بولنے والا
افضل ع صاحب فضل۔ سب سے تحفہ
افطار ع روزہ کھولنا۔
افعال ع جمع فعل کی
افعی ع کالا سانپ
افغان ف فریاد۔ زاری۔ اور نام ایک قوم مشہور کا ہے جو پشاور کے قریب بستی ہے
افق ع کنارۂ آسمان کا۔
افقر ع بہت فقیر۔ بہت محتاج
افگن ف ڈال۔ ڈالدے۔
افگندن ف ڈالنا۔ گرانا۔
افلاح ع نیکی کرنا۔ بھلائی کرنا۔
اِفلاس ع احتیاج۔ غریبی۔ پیسہ نہونا۔
افلاطون نام حکیم مشہور کا جو ارسطو کا اوستاد تھا

افلاک ع جمع فلک بمعنی آسمان۔
افنان ع جمع فن کی ۔ شاخہا۔ اور علوم اور صنعتیں۔
افواج ع جمع فوج کی۔
افواہ ع جمع فوہ کی۔ معنے منہ افواہ بہت سے منہ۔
اِفہام ع سمجھانا۔
افیال ع جمع فیل کی ہاتھی۔
افیون ع افیم۔ تریاک
آقا ت صاحب۔ خداوند۔ مالک
اقارب ع رشتہ دار لوگ جمع قریب کی۔
اَقاصی ع بعید بہت دور جمع اقصے کی
اَقالیم ع جمع اقلیم بمعنی ولایت کی۔
اِقامت ع قائم ہونا۔ ایک جگہ رہنا وطن کرنا
اقبال ع قسمت نیک۔ لغوی اسکے معنے ہیں سامنے آنا۔
اقبالمند ف صاحب اقبال۔
اقتباس ع بتی روشن کرنا۔ مراد۔ روشنی لینا۔ اور کسیکے کلام کو اپنے کلام میں بدون ذکر اوسکے نام کے درج کرنا۔
اقتدا ع پیروی کرنا۔
اقتدار ع صاحب قدرت۔ طاقت ور ہونا
اقتران ع نزدیک ہونا۔
اقتسام ع آپس میں بانٹ لینا۔
اقتصار ع ایک بات پر ٹھہرنا۔ بس کرنا۔
اِقتضاء ع خواہش کرنا۔
اَقداح ع جمع قدح کی پیالہ۔
اِقدام ع قدم رکھنا
اَقدام ع جمع قدم کی پانون۔ پیر
اقدس ع زیادہ پاک۔
اَقدم ع بہت مقدم سب سے اول۔
اِقرار ع بیان کرنا۔
اَقران ع جمع قرن کی۔ تیس برس
اَقرب ع بہت نزدیک۔
اقربا ع رشتہ دار۔
اَقرع ع گنجا جسکے سر پر بال نہون۔
اقساط ع جمع ہے قسط کی بمعنے حصے

اقسام

اقسام ع جمع قسم کی۔ ٹکڑے۔
اقصیٰ ع بہت دور۔ نہایت بعید۔
اقطار ع جمع قطر کی۔ کنارہ۔ اور اگر کی تبی جو خوشبو کے واسطے جلاتے ہیں۔
اقطاع ع جمع قطع کی۔ ٹکڑے
اقطع ع ہاتھ کٹا ہوا آدمی۔ چور۔ رہزن
اقل ع بہت چھوٹا۔ بہت تھوڑا۔
اقلیم ع ساتواں ٹکڑا ربع مسکون کا۔ اقالیم جمع۔
اقمشہ ع جمع قماش کی پونجیاں
اکابر ع جمع اکبر کی۔ بہت بڑے
اکارم ع جمع اکرم کی بہت بخشنے والی۔ بہت بزرگ
آگاہ ف خبردار۔ واقف۔
آگاہی ف خبرداری۔
آگاہیدن ف خبردار ہونا۔ جتانا۔ آگاہ کردینا
اکبر ع بہت بڑا۔
اکتاب ع لکھنا۔ اور لکھنا سیکھنا۔ اور کچھ سے میں نام اپنا لکھنا۔
اکتساب ع پیدا کرنا۔ کام اختیار کرنا۔ کمانا۔
اکتفا ع کفایت کرنا۔ بس کرنا۔

اکثر ع بہت۔ سب سے زیادہ
اگر ف جو۔ اگر۔
اکرام ع بخشش۔ عطا۔ بزرگ کرنا۔
اکراہ ع نفرت کرنا۔ کسی سے زبردستی سے کوئی کام کرانا۔
اگرچہ ف اگرچہ
اکرم ع بہت بخشنے والا۔ بزرگتر
اکسیر ع رسائن۔
اکل ع کھانا۔
اکلیل ع تاج۔ عصابہ مرصع جواہرات کا
اکمل ع بہت کامل۔
اکناف ع اطراف۔
آگندن ف بھرنا۔ پُر کرنا۔
اکنون ف اب ابھی
آگین ف بھرا ہوا۔ پُر
آل ع اولاد اور بیٹے کی اولاد کو خصوصاً بولتے ہیں۔
اِلّا ع نہیں تو۔ اگر نہ۔ ورنہ۔
آلات ع اوزار۔ ہتھیار

الآن ع ابھی ۔ اسوقت
آلہ ع خدائتعالے
اَللہُ ع خدائتعالے
آلایش ف آلودگی۔عیب گناہگاری۔خیانت
آلائیدن ف لتھڑنا۔ لتھیڑنا۔
البتہ ع بیشک۔
آلت ع اوزار۔ ہتھیار۔ آلہ
التباس ع شبہ پڑنا۔ شک پڑنا
التجا ع آرزو کرنا۔
التذاذ ع لذت اوٹھانا۔ مزہ اوٹھانا
التزام ع لازم پکڑنا۔ ہاتھ گردن پر پانا
التفات ع توجہ کرنا۔ مہربانی کرنا توجہ۔ میلان۔
التماس ع کچھ ڈھونڈنا۔تلاش کرنا۔عرض کرنا
التمغا ت فرمان بادشاہی۔مُہر بادشاہی
التہاب ع شعلہ بھڑکنا۔بھڑکنا آگ کا۔
التیام ع زخم بھرنا۔ ملنا گھاؤ کا۔
الحاح ع گڑگڑانا۔ منت کرکے مانگنا
الحاصل ع آخر کلام۔خلاصہ کلام کا

الحاق ع ملانا ایک کو دوسرے سے لگادینا۔
الحال ع ابھی۔ اسیوقت
الحان ع گیت آوازین گانے کی۔
الزام ع لازم کرنا۔کسی بات کا کسی پر لگادینا
اَلسن ع جمع لسان کی بمعنی زبانین
اِلصاق ع لگانا۔ چپکانا۔
اُلش ت جھوٹا کھانا۔بچا ہوا طعام
الطاف ع مہربانیان۔جمع لطف کی۔
الغاز ع چیستان اور پہیلیان جمع لغز کی
الغرض ع القصہ۔ حاصل مطلب
الغیاث ع فریاد۔ دہائی۔
اُلفت ع دوستی۔ محبت
القا ع ڈالنا۔ دل پر ایک بات کا ڈالنا
القاب ع خطاب اور نام جو بادشاہ یا کسی امیر کبیر کی طرف سے دیا جاوے۔
القصہ ع حاصل کلام۔مطلب
اَلکَن ع تتلا۔ ہکلا۔ جو صاف نہ بول سکے
اَلم ع غم۔ رنج۔ دکھ
الماس ع مشہور قیمتی پتھر ہے۔

آلنگ ف مورچال۔ دیوار جواپنی حفاظت اور قلعہ کی فتح کرنے کو بناتے ہین۔
اولنگ ت سبزہ زار۔ چمن سبز
الواح ع جمع لوح کی تختیان۔ تختے۔
الوان ع رنگھا۔ جمع لون کی۔
آلودن ف لتھڑنا۔ آلودہ ہونا۔
آلودگی ف آلائش۔ ناپاکی۔
آلوس ف بسبب غصے اور ناز کے کن انکھیون دیکھنا
الوف ع ہزارہا۔ جمع الف کی۔
الوہیت ع خدائی۔ خداوندی۔
الٰہ ع خدا
الہام ع دل پر خدا کیطرف سے کچھ بات آنی۔
الٰہی ع میرا خدا۔ اے میرے خدا
اَلیم ع دکھ دینے والا۔ رنج دہندہ
اُم ع مان۔ مادر۔ مائی
اَمّا ع لیکن۔ مگر۔
آماج ف نشانہ جہان پر تیر مارتے ہین
اماجد ع بزرگ۔ بڑی رئیس۔ جمع امجد کی
آمادن ف مہیا کرنا۔ آمادہ کرنا۔

اِمارت ع امیر ہونا۔ حکومت کرنا
اَمارت ع دور کی جاے اور وقت اور نشان۔
آماس ف سوج۔ ورم۔
آماسیدن ف سوجنا۔ ورم سے پھولنا۔
اماکن ع مکانات۔ جمع مکان کی۔
آمال ع امیدین۔ جمع امل کی۔
اِمام ع پیشوا۔ بادشاہ۔ ہادی
اِمامت ع پیشوائی۔
اَمان ع پناہ۔ تکلیف نہ دینا
امانت ع دھروت کسی چیز حفاظت مین رکھنی
امانی ع امیدین۔ آرزوئے۔ جمع اُمنیہ کی
اُمّت ع ایک گروہ جو تابع کسی پیغمبر کا ہو جیسے۔ مسلمان۔ نصاریٰ۔ یہود
اِمتثال ع حکم ماننا۔ داستان کہنا تصور کرنا۔ کسی کی پیروی کرنا۔ بدلا خون کا لینا کسی سے۔ مثل بیان کرنا۔
امتحان ع آزمانا۔ آزمایش۔ مصیبت مین ڈالنا۔

امتداد ع دراز۔ اورکشیدہ ہونا۔
امتزاج ع ملانا۔ کئی چیز کو ملا دینا
اَمتِعَہ ع جمع متاع کی۔ پونجی۔ اسباب فروخت کا۔
اِمتلا ع پُر ہونا۔ پیٹ بھرنا۔ ایک بیماری شکم کی ہے جو بدہضمی سے ہوتی ہے۔
امتناع ع منع کرنا۔ روکنا۔ روک
امتنان ع احسان رکھنا۔ کسی پر منت رکھنا۔
امتیاز ع فرق کرنا۔ تمیز کرنا۔
امثال ع مثل کی جمع ہے۔
امجد ع بزرگتر
آمد ف آیا۔
امداد ع مدد کرنا۔ مدد
آمدن ف آنا
آمدنی ف پیداوار آمد
آمد و شد ف
آمد و رفت ف آنا جانا
اُمَرا ع جمع امیر کی۔

اِمرَأۃ ع عورت۔
امراض ع جمع مرض کی۔
امرد ع جس شخص کی ڈاڑھی مونچھ ابھی تک نہ نکلی ہو۔
آمرزش ف بخشائش۔ گناہ معاف کرنا
آمرزگار ف بخشنے والا گناہ کا۔
آمرزیدن ف بخشنا۔ گناہ معاف کرنا۔
امساک ع بند کرنا۔ روکنا۔ بخل کرنا۔
امروز ف آجکا دن
اَمس ع شام۔ وقت شام کا
اِمَساس ع چھونا۔ مس کرنا۔
اَمصار ع جمع مصر کی شہر۔
امسال ف ابکا برس۔
اِمشب ف آجکی رات۔
اِمضار ع جاری کرنا۔ حکم اجرا کا دینا
امعان ع گہری نظر کرنا۔ خوب سوچنا
امکان ع ہوسکنا۔
امکنہ ع جمع مکان کی۔
امل ع امید۔ آرزو۔

اَملا ع لکھنا۔

اَملاک ع جمع ملک کی۔

اِملاک ع مالک کر دینا۔

اُمَم ع جمع امت کی۔

اَمن ع چین۔ آرام۔ صلح

اُمنا ع جمع امین کی جو امانت وار ہو۔

اُمنیت ع بیخوف ہونا۔ آرام پانا۔

آموختن ف سیکھنا۔ اور سکھلانا۔

آمودن ف بھرنا۔ سنوارنا

اُمور ع جمع امر کی۔

آموزش ف سیکھنا۔ اور سکھلانا۔

آموزگار ف سکھلانیوالا

اِمہال ع نرمی اور آہستگی دیر کرنا تاخیر کرنا۔

اُمی ع وہ شخص جسنے علم نہ پڑھا

آمیختن ف ملانا۔ ملنا۔

امید ف آرزو۔ آس

امیدوار ف امید رکھنے والا۔

امیر ع رئیس۔ سردار

آمیز ف ملا۔ باہم ملاوے۔

آمیزش ف ملانا۔

آمین ع خدا یون ہی کرے۔

امین ع وہ شخص جو امانت وار ہو۔

آن ف وہ شخص۔

آن ع وقت۔ لمحہ۔ لحظہ

اِن ع اگر۔ جو۔

انا ع ہم۔ ہملوگ۔

انابیب ع پوریان جمع انبوب کی بمعنی پوری پن درخت کی جیسے لاٹھی مین ہوتی ہین۔

اُناث ع عورتین۔ زنان۔

انامل ع اونگلیان۔

اِنابت ع اولٹا پھرنا۔ بُری کامون سی پھرنا

انار ف مشہور درخت ایک میوہ کا ہے

اِنارت ع روشن کرنا۔

اَنام ع خلق اللہ۔ لوگ دنیا کے

آنان ف وے لوگ۔ وہی شخص

انانیت ع مین پنی۔ ممتا

انبار ف ڈھیر۔ تودہ۔

ابناردن ف پاٹنا۔ ڈھیر کرنا۔
ابنارش ف کسی کھوکھلی چیز کو پُر کرنا۔ بھرنا۔
انباز ف برابر کا شریک۔ ساتھی
انبازی ف شریک پن۔ ساتھی پن۔
انباشتن ف
انباشتن ف بھرنا۔ پاٹنا۔ ڈھیر کرنا
انبان ف ڈھوڑی۔ چمڑا۔
انبساط ع خوشی۔ کھلنا۔ پھیلنا۔
انبعاث ع اوٹھنا۔ کھڑا ہونا۔
انبوہ ف ہجوم۔ گروہ
انبودن ف ایک دوسرے پر چنا۔
انبہ ف انبہ پھل مشہور ہے۔
انبیاء ع جمع نبی کی
اَنتَ ع تو ایک مرد۔
اَنتِ ع تو ایک عورت۔
انتباہ ع مطلع ہونا۔ خبردار ہونا۔
انتخاب ع چننا۔ پسند کرنا۔
انتساب ع نسبت کرنا۔ لگاؤ کرنا
لگاؤ

انتشار ع پھیلنا۔ پراگندہ ہونا۔
انتظار ع راہ دیکھنا۔ اوڈیک کرنا۔
انتظام ع بندوبست۔ سلسلہ وار ہونا۔
مروارید کا۔ اور تمام ہونا کام کا۔
انتفاء ع نفی ہونا۔ کھویا جانا۔ نہ ہونا۔
انتفاع ع فائدہ پانا نفع پانا۔
انتقال ع ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا
انتقام ع بدلا لینا۔ بغض نکالنا۔ خفگی کرنا۔
انتہا ع انجام۔ آخیر۔
انتہاب ع لوٹنا۔ غارت کرنا۔
انجاح ع مطلب کو پورا کرنا۔ مراد پوری کرنا
انجام ف آخر۔ انتہا
انجامیدن ف تمام ہونا۔ پورا ہو جانا
انجمن ف مجلس محفل
انچہ ف جو کچھ۔
انجیل ع مژدہ۔ خوشخبری۔ وہ کتاب
جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ہے۔
انحاء ع ہر طرف کرنا۔ ہٹا دینا۔
پیش آنا۔ متعرض ہونا۔

انحراف ع پھرجانا ۔ حکم عدولی کرنا۔
انحصار ع گھیر لینا۔ احاطہ
انداختن ف ڈالنا ۔ پھینکنا۔
انداز ف ذیل ۔ ڈول ۔ وضع
اندام ف بدن ۔ جسم
اندر ف درمیان بیچ
اندرون ف درمیان بیچ
اندمال ع جسم بھرنا۔
اندوختن ف جمع کرنا ۔ جوڑنا ۔ اکٹھا کرنا
اندودن ف لیپنا۔ پوتنا ۔ اور ملمع کرنا
اندوہ ف غم ۔
اندوہگین ف غمگین ۔ رنجیدہ
اندیش ف سوچ ۔ فکر
اندیشہ ف فکر ۔ سوچ۔
اندیشیدن ف سوچنا۔ بچارنا فکر کرنا
انزال ع اوترنا ۔ اوتارنا
انزوا ع گوشہ نشینی ۔ کونہ میں بیٹھنا۔
اِنس ع آدمی ۔ انسان
اُنس ع محبت ۔ پیار

انسان ع آدمی
انسانیت ع آدمیت ۔ بھلامانس پن
انسب ع بہت مناسب
اِنسداد ع بند کر دینا
انشا ع عبارت لکھنا۔ کوئی بات دل سے پیدا کرنا
اَنصار ع مددگار لوگ ۔ جمع ناصر کی۔
انصاف ع نیاؤ چکانا ۔ دو ٹکڑے کرنا۔
اِنصرام ع انجام کو پہونچانا۔ انتظام کرنا
انطفا ع بجھ جانا ۔ افسردہ ہونا ۔
انعام ع نعمت دینا۔ تحفہ دینا۔
انفجار ع پھوٹنا ۔ چشمہ پھوٹ کر بہنا۔
انفاس ع سانس ۔ دم ۔ جمع نفس کی
انفصال ع جدا کرنا۔
انفعال ع شرمندہ ہونا۔
انقباض ع سکڑنا ۔ بھچنا۔
انقضا ع گذرنا ۔ پورا ہونا۔
انقطاع ع کٹ جانا ۔ منقطع ہونا۔
انقلاب ع دور ۔ زمانہ کا الٹ پلٹ ۔
انقیاد ع قید کرنا ۔ مقید کرنا ۔ تابع ہونا۔

انکار ع نہ ماننا۔
انگاردن ف معلوم کرنا۔
انگاشتن ف انگلنا۔ معلوم کرنا۔
انگیختن ف اوٹھانا۔ جھگڑانا۔ اوکسانا
انکش ف آنکس ہاتھی کے ہانکنے کا
انکسار ع عاجزی۔
انکشاف ع کھولنا۔ کھلنا۔
انگشت ف کوئلا جسکو جلاتے ہین۔
انگشت ف اونگلی۔
انگشتانہ ف درزی لوگ جو اونگلی پہ چمڑے یا پارچہ کا خول بنا کر پہنتے ہین۔
انگشتری ف انگوٹھی۔
انگور ف نام میوہ کا ہے۔
انگوزہ ف ہینگ۔
انگہ ف اوسوقت۔
انوار ع جمع نور کی۔ روشنیان۔
انواع ع جمع نوع کی۔ اقسام
انہدام ع ڈھا دینا۔ ڈھے جانا
انہلال ع زور سے مینہ برسنا۔ آنسو کا بہنا

اِنہزام ع شکست کھانا۔ شکستہ ہونا۔
انیس ع دوست۔ محبت کرنیوالا
انیقہ ع عجیب۔ نادر۔ انوکھا۔ خوش آئیند
او ف وہ چیز۔ وہ شخص
اوارجہ ف بہی۔ دفتر کی کتاب۔ رجسٹر
آوارہ ف بیہودہ جسکا کچھ ٹھکانا نہو۔
آوارگی ف بے سروسامانی۔ بیہودگی۔
آواز ف آواز۔ بول منہ کا۔
آوازہ ف شہرت۔ ناموری۔
اوامر ع جمع امر کی احکام
آوان ع وقت۔ لمحے۔ لحظے۔
اوانی ع جمع آنیہ کی معنی برتن۔ ظروف
اوائل ع جمع اوّل کی۔
اوباش ع لچا۔ بدمعاش
اوتاد ع جمع وتد کی میخین۔
اوج ع بلندی۔
اوجاع ع جمع وجع کی۔ درد۔ دکھ
اوراد ع جمع ورد کی۔ وظیفہ۔ ہر روز جو تھوڑا سا قرآن وغیرہ پڑھا جاوے۔

اوراق ع جمع ورق کی۔
اَورام ع جمع ورم کی۔
آوردن ف لانا۔
اورنگ ف تخت بادشاہی۔عقل ودانش فریب اور حیلہ۔اور نام ایک گرم کا ہے جسے بیکٹ کہتے ہیں
اَوزار ف ہتھیار۔کام کرنے کا ہتھیار۔
اوزان ع جمع وزن کی بمعنے بوجھ بٹہ
اَوسط ع درمیان والا۔بیچ والا۔
اوصاف ع جمع وصف کی۔
اوضاع ع جمع وضع کی۔
اوفتادن ف گر پڑنا۔
اَوفق ع بہت موافق۔ زیادہ موافق۔
اُوقیہ ع مقدار درم کی یعنی ۱۰ تولہ ۲ ماشے
اوّل ع پہلا۔ سرنکا۔
اُولٰی ع بہتر۔ سب سے اچھا۔
اُولٰی ع پہلی عورت۔ پہلی چیز
اولاد ع نسل۔بیٹا۔ بیٹے
اَولیا ع جمع ولی کی۔اور بمعنی مالکان۔دوست
اولیاءِ دولت ع صاحبان سلطنت اور رئیس امیر

اولین ع پہلی آدمی۔
آوند ف باسن۔برتن۔اور فریب۔مکر
آویختن ف لٹکانا۔اور لٹکن
آویز ف لٹکا
آویزش ف لٹکاؤ لٹک
آویزہ ف لٹکا ہوا اور ایک قسم کا زیور جو کان میں پہنتے ہیں
آہ ع ہائے۔ افسوس
اَہالی ع مالک۔صاحبان۔کام والی لوگ
اہانت ع برا جاننا۔نفرت کرنا۔ذلیل سمجھنا۔
اِہتدا ع راہ پر لانا۔ ہدایت کرنا۔
اہتزاز ع گھاس کا بڑھنا۔ہلنا۔اور خوش ہو کر ہلنا۔اونٹ کا آواز سار بان سے۔اور ستارہ کا چمکنا۔ اور خوشی و غمخواری۔
اہتمام ع غمگین ہونا۔ اور غمخواری کرنا۔
آہیختن ف لٹکانا۔ تلوار کھینچنا۔
آہستہ ف بھولا۔ دھیما۔
آہک ف چونا۔
اہل ع گھر کے لوگ۔ لائق۔مالک
اہلیت ع لیاقت۔

اہلیہ ع جورو ۔ گھر کی عورت
اَہم ع جسکے بڑی ضرورت ہو۔
اِہمال ع بمعنی چھوڑنا ۔ بمطلب چھوڑ دینا
آہن ف لوہا۔
آہنربا ف مقناطیس۔
آہنگ ف وقت۔ قصد۔ انداز۔ راگ
آہنگر ف لوہار
آہنی ف لوہے کی چیز۔
آہنین ف
آہو ف ہرن
آہوبرہ ف ہرن کا بچہ۔
اَہوِیہ ع جمع ہوا کی خواہشین۔
اَی ع حرف ندا کا یعنی او میان یا او بی بی
اَیادی ع جمع ید کی ہاتھ نعمتین۔
اَیالت ع سرداری
اَیام ع جمع یوم کی معنے دن ۔
آیت ع نشانی۔ فقرہ قرآن یا توریت
اور انجیل وغیرہ کا۔
ائتلاف ع مجتمع ہونا۔ اور سازواری کرنا۔

الفت کرنا۔
ایثار ع اختیار کرنا۔ دوسرے کا مطلب اپنے
مطلب پر مقدم کرنا۔ بزرگی کرنا۔
ایجاب ع ماننا۔ منظور کرنا۔
ایجاز ع مختصر کرنا۔ تھوڑا کرنا بہت مضمون کا
ایذا ع دکھ دکھ دینا
ایراد ع وارد کرنا ۔ لانا۔
ایزد ف نام خدا تعالے کا۔
ایزدی ف خدائی۔
ایستادن ف کھڑا ہونا۔
ایشان ف یہ لوگ۔ یہ۔
ایصال ع پہونچانا۔ مطلب کو پہونچانا۔
ایضًا ع بھی۔
ایفا ع پورا کرنا۔ وفا کرنا۔
اَیکہ ع درخت گنجان باہم پیچیدہ یا جنگل
درختون کا جہان پر بہت گنجان درخت ہون
جسکو گبھہ ہندی مین کہتے ہین ایک اسکی
جمع آئی ہے۔
ایل ت ترکی زبان مین دوست اور تابع

اور موافق آدمی اور جماعت کو بھی کہتے ہیں

ایلچی ت قاصد۔ نامہ بر۔

تابعدار فرمانبر

ایلغار ت تاخت۔ چڑھائی۔ دشمن پر۔

ایما ع اشارہ کرنا۔ اشارہ

ایمان ع یقین دل سے خدا پر کرنا۔

ایمن ع بےخوف۔ نڈر

این ت یہ

اینان ت یہ لوگ

آئندہ ت آنے والا

اینک ت یہ کہ

ایوان ت محل۔ محل شاہی۔

ایّوب ع نام ایک پیغمبر کا۔

آئین ت قاعدہ۔ دستور۔

آئینہ ت منہ دیکھنے کا شیشہ

باب الباء

با ت ساتھ۔ باوجود۔ ساتھی وغیرہ

باب ع دروازہ اور حصہ کتاب کا۔

بابزن ت سیخ کباب کی خواہ لوہے کی خواہ لکڑی کی۔

بابا ت باپ۔ دادا۔ نانا۔ سردار سفید داڑھی۔ فقیر آزاد۔

بابت ت لئے۔ واسطے

بابل ع ایک شہر مشہور درمیان عراق کے دریائے فرات پر شرق کی طرف واقع تھا۔

بابک ت آئین استوار اور نام بادشاہ عظیم الشان کا جسکا بھانجا اردشیر تھا۔

باج ت کر۔ محصول۔ ٹیکس

باجدار ت محصول کرنے والا نوکر۔

باجگذار ت جو سرکاری محصول ادا کرتا ہے

باجگیر ف جو محصول لیوے
باخبر ف واقف - جاننے والا -
باختن ف کھیلنا - ہار دینا -
باختہ ف ہارا ہوا -
باد ف ہوا - باد
بادام ف ایک میوہ مشہور ہے -
بادبان ف جہاز کی پال -
بادپا ف گھوڑا تیز رو -
بادبروت ف غرور شیخی - اور مغرور آدمی
بادصبا ف
بادبرین ف وہ ہوا جو مابین مشرق اور شمال کے چلتی ہے -
بادگرد ف بگولا - گرد باد -
بادکش ف پنکھا
بادنجان ف بیگن مشہور ترکاری ہے -
بادہ ف شراب - دارو - مدہ
بادی ف ہوائی - ہوا کا - اور ہمیشہ میوتو
بادی ع شروع کرنے والا -
ابتدا کرنے والا خاص ہے -

بادیان ف سونف مشہور دوا ہے -
بادیہ ف جنگل - صحرا
بار ف بوجھ - وقت - باری
باربردار بوجھ اوٹھانے والا -
باران ف مینہ - بارش
بارانی ف لبادہ اُون کا جو بروقت بارش مینہ کے اوڑھتے ہیں -
بارحہ ع شب گذشتہ - پچھلی رات گذری ہوئی -
بارخانہ ف اسباب کنیکا مکان - گودام -
بارخدا ف اسے پیدا کرنیوالے خدا
بارد ع سرد - ٹھنڈا - خنک
بارش ف مینہ کا برسنا - برکھا -
بارعام ف عام کچہری بادشاہ کی -
بارق ع چمکنے والا - روشنی - چمک بجلی
بارقہ ع بجلی - روشنی - چمک
بارگہ ف کچہری کی جگہ محل شاہی - کسی بزرگ کا مکان -
بارکش ف بوجھ کھینچنے والا -

بارگیر ف جو کسی دوسرے شخص کے گھوڑے پر نوکر ہو اور اپنا گھوڑا نہ رکھتا ہو۔

بارہ ف مضمون۔ ایکدفعہ۔ بابت

بارہا ف اکثر۔ بہت دفعہ۔ کئی بار

باری ف ایک دفعہ۔ ایکبار

بارِیٔ ع خدا۔ پیدا کرنے والا۔

باریاب ف کچہری مین آنیوالا کچہری مین داخل ہونے والا۔

باریتعالی ع خدا برتر۔

باریک ف پتلا۔

باریدن ف برسنا۔ اور برسانا

باز ع نام ایک پرندکا ہے جو چڑیونکا شکار کرکے کھاتا ہے

بازپرس ف پوچھنا۔ تحقیقات ہونی۔

بازخواست ف مطالبہ۔ پھر مانگنا۔ واپس کرنا۔ چاہنا۔

بازغہ ع چمکتا ہوا۔ روشن

بازرگان ف سوداگر۔ بیوپاری

بازرگانی ف سوداگری

بازگشت ف لوٹنا۔ پھر کر آنا۔ لوٹ کر آنا۔

بازندہ ف کھلاڑی۔ کھیلنے والا

بازو ف بھجا۔ بازو۔ ڈنڈا

بازی ف کھیل

بازیافتن ف پھر پانا

بازیدن ف کھیلنا۔

باس ع دکھ۔ رنج۔ خوف

باسلیق ع ایک رگ ہے ہاتھہ مین

باش ف رہ۔ ٹھہر جا۔

باشندہ ف رہنے والا۔ دیسی

باشہ ف نام ایک پرند کا ہے جو چڑیونکو مار کر گوشت اونکا کھاتا ہے۔

باشیدن ف رہنا۔ بسنا۔

باصر ع دیکھنے والا۔

باصرہ ع دیکھنے کی قوت۔ نظر۔ آنکھ

باطل ع جھوٹا۔ دروغ۔ جھوٹ۔ بے اصل

باطن ع اندرونی۔ بھیتر کا۔ دل

باعث ع سبب۔ وجہ

باغستان ف باغ کی جگہ۔ باغ

باغی ع حاکم سے پھرا ہوا۔ دنگئی

بافتن ف بُننا کپڑے وغیرہ کا۔
بافتہ ف بُنا ہوا۔ اور نام ایک قسم کے کپڑے کا ہے
باقی ع بچا ہوا۔
باک ف خوف۔ ڈر۔
باکورہ ع اوّل پھل۔ پھلا میوہ۔
باکی ع رونے والا۔
بال ع دل۔ و بازو۔ و جان۔
بالا ف اوپر۔
بالائی ف بلندی۔ اونچائی۔ اور بلائی دودھ کی
باللہ ع قسم خدا کی۔
بالاتفاق ع سبکے اتفاق سے۔
بالجملہ ع حاصل کلام۔
بالش ف تکیہ۔ سرہانا۔
بالغ ع گبرو۔ حد بلوغت کو پہونچا ہوا جوان
بالمشافہ ع آمنے سامنے۔ دو بدو۔ روبرو۔
بالی ع کہنہ۔ پرانا۔
بالیدگی ف بڑھنا درخت وغیرہ کا۔
بالیدن ف جسم کا بڑھنا۔ دن بدن زیادہ ابھرنا درخت یا حیوان کا۔

بالین ف سرہانا۔ تکیہ
بام ف گھر کی چھت۔ ماڑھی۔
بامداد ف، بامگاہ ف صبح
بانگ ف آواز۔
بانو ف امیر کی بی بی۔ بیگم
بانوا ف آوازوار۔ بے پروا۔ فقیر
بانی ع بنانے والا۔ بنا کرنے والا
باوجود ع تسپر بھی۔
باور ف یقین۔
باورچی ف رسوئیا۔ روٹی پکانے والا۔
باوصف ع باوجود۔ ساتھ ہونے اس بات کے
بادین ف کتنی یعنی چھوٹی سی ٹوکری جسمین روئی رکھکر عورتین سوت کاتتی ہین۔
باہ ع قوت شہوت۔
باہر ع ظاہر۔ روشن۔ کھلا ہوا۔
باہم ف آپسمین۔ ایک ساتھ
بایہ ف، بایست ف چاہیئے

باسین ف چاہنا۔ لائق ہونا۔

بایزید ف نام ایک ولی مشہور کا ہے۔ جنکو بایزید بسطامی کہتے ہین۔

بایع ع بیچنے والا۔ فروخت کرنیوالا۔

ببر ف شیر۔ چیتا۔

بتر ف اسکی اصل بدتر ہے۔

بت ف مورت۔

بتکدہ ف بتخانہ۔ مندر

بتول ع کنواری عورت اور نام بیٹی محمد رسول اللہ کا

بجا ف ٹھیک۔ درست

بجنس ف عین بین۔ ویسا ہی۔

بحت ع خالص۔ صرف۔

بحث ع کھودنا۔ تکرار کرنا۔ کسی بات کی تحقیق کرنی۔

بحر ع سمندر

بحران ع تپ کی بیماری مین مزاج مین ایک سخت تغیر ہوتا ہے

بحری ع سمندری۔ دریائی۔

بخار ع بھاپ جو نم جگہ یا پانی کے جوش دینے یا گرمی سے اوٹھتی ہے۔

بخت ف بھاگ۔ قسمت۔ نصیب

بختاور ف بھاگوان۔ نصیب ور

بختیار ف قسمت والا۔ نصیب والا۔ دولتمند

بخردی ف عقل۔ چترائی۔

بخشودن ف بخشنا۔ معاف کرنا۔

بخشیدن ف بخشنا۔ کسیکو کچھ عطا کرنا۔

بخش ف حصہ۔ بخرہ

بخشائش ف عطا بخشش۔ مہربانی۔

بخشی ف تنخواہ تقسیم کرنے والا ملازم

بخل ع کنجوسی۔

بخور ع خوشبو۔

بخیل ع کنجوس۔

بخیہ ف ایک قسم کی مضبوط سلائی کپڑے کی۔

بداء ع شروع۔ نئی راے

بدارت ع شروع ہونا۔ ابتدا

بدآموز ف ابتر۔ جسکی تعلیم خراب ہوئی ہو

بداندیش ف دشمن۔

بدایت ع شروع ہر چیز کا اور اچانک اور بے سوچ کوئی بات ہو جانی اور سخن بے سوچ

بدائع ع نادرات ۔ جمیل
بدتبار ف نالائق کمینے کا آدمی۔ بد اصل
بدخشان ف نام ایک ملک کا ہے جو درمیان ہندستان ۔اور خراسان کے واقع ہے وہان پر کان لعل اور سونے کی ہے۔
بددل ف ڈرپوک۔اور بگڑا دل آدمی۔
بدر ع چودھوین رات کا چاند۔پورا چاند
بدرستی ف بیشک ۔ واقعی۔
بدرقہ ع محافظ۔ نگہبان ۔
بدرہ ع ہزار روپیہ کی تھیلی۔
بدستور ف موافق قاعدہ کے۔حسب عادت
بدسگال ف دشمن ۔ بدگرد ۔ بدخواہ۔
بدعت ع نئی بات اور نئی رسم دین مین نکالنی۔
بدکردار ف بدفعل۔ اوباش۔ حرام کار
بدکیش ف بد مذہب ۔ ناپاک
بدلا ف عوض پلٹا
بدمست ف متوالا ۔ مست نشہ سے
بدن ف تن ۔ دیہ ۔ جسم

بدنام ف جسکا نام برا ہوگیا ہو
بدنژاد ف بد اصل
بدنہاد ف بد اصل جسکی پیدایش مین بدی ہو
بدون ف سوائے۔ مگر۔ سوائے اوسکے
بدو ف اوسکو۔ ساتھ دو کے۔
بدو ع شروع ابتدا۔
بدوی ع جنگلی۔ گنوار۔
بدولت ف آسرہ ۔ آسرے سے
بدیع ع انوکھا۔ نادر۔ نئی بات۔
بدیہہ ع بے سوچ کہنا۔ ظاہر
بدیہی ع جسکی دلیل کی حاجت نہو۔
بذل ع بخشش ۔ عطا اور دوڑ گھوڑے کی۔
بذلہ ع لطیفہ ۔ چٹکلہ
بر ف اوپر۔ پھل
بر ع خشک زمین۔
برات ف حصہ۔ شجرہ
برادہ ف چورا
براری ع جنگل جمع ہے بری کی۔

۱۰/۷

براز ع کھلا ہوا میدان جہاں درخت نہون

بَراز ع پونخانہ ۔ گوہ ۔ گندگی

براعت ع فضل فصاحت ۔ اور بلاغت و دانش

بَراق ع چمکتا ہوا ۔ چمکیلا ۔

بُراق ع اوس چوپایہ کا نام ہے جسپر شب معراج کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوار ہوئے تھے ۔ قد اوسکا کم اور گدہے سے بڑا تھا

برآمد ف نکاس ۔

برآمدن ف باہر نکلنا ۔ باہر آنا ۔

بُران ف کاٹنے والا ۔ تیز

برآورد ف آنکنا ۔ جانچنا ۔ تنخواہ کا کاغذ ۔

برآوردن ف باہر لانا ۔ لانا ۔

برآویختن ف لٹکانا ۔

براہمہ ف برہمن لوگ ۔

براہین ع دلیلیں جمع برہان کی ۔

برای ف واسطے ۔ لئے ۔

برایا ع رعیت ۔ دنیا کی لوگ جمع بریہ کی ۔

بربط ع نام ایک ساز کا ہے جسکو عود کہتے ہین

برتافتن ف موڑنا ۔ بل دینا ۔

برج ع گھڑی ۔ گنبد ۔ بارہوان حصہ آسمان کا

برجستن ف کودنا ۔

برجستہ ف ٹھیک ۔ چست ۔ تحفہ

برچیدن ف چگنا ۔

برجیس ف مشتری ستارہ

برحق ف سچ ۔ درست

برخاستن ف اوٹھنا ۔

برخوردار ف خوش ۔ پھل مند

برخی ف تھوڑا ۔ کچھ ایک

بَرد ع سردی ۔ اولا

برداشتن ف اوٹھانا ۔

بردبار ف سہنے والا

بردجرد ف نام ایک قصبہ کا ہے جو قریب ہمدان کے واقع ہے

بردن ف لیجانا ۔

بُردیمانی ع یمن کی چادر ۔

برز ع اونچائی ۔

برزن ف کوچہ ۔ گلی ۔

برشتن ف بھوننا ۔

برشکال ف برسات ۔

بَرَص ع کوڑھ۔ بدن کا بگڑ جانا فساد مزاج سے
برطرف ف موقوف۔ کام سے الگ۔
برعکس ف اولٹا۔
بَرق ع بجلی۔ اور چمک بجلی کی۔
برقرار ف قائم۔ ٹھہرا ہوا۔
برقع ع عورت کے چھپنے کا پردہ جو سر پر ڈالکر باہر نکلتی ہین
برگ ف پتّا درخت کا۔
بَرَکات ع جمع برکت کی۔
بَرَکت ع افزائش۔ و زیادت و نیکبختے
برگردیدن ف پھر جانا۔ اول بات پر نہ رہنا۔
برگزیدن ف پسند کرنا۔ چھانٹنا۔
برگستوان ف گھوڑے کی گردنی۔ اور لڑائی کا لباس جو بروقت لڑائی کے آپ بھی پہنتے اور گھوڑے کو بھی پہناتے ہین۔
برگشتن ف پھر جانا۔ حکم نہ ماننا۔
برگشتہ ف پھرا ہوا۔
برگ و نوان کھانیکا سامان۔ توشہ خوراک کا۔
برملا ف برسر مجلس۔ لوگون کے سامنے
برنا ف جوان۔ گبھرو۔ ظریف

برنج ف چاول۔ برنج پیتل کانسی۔
برنجن ف دست بند۔ بازوبند
برنشاندن ف بٹھلانا
بُرنغار ت لڑائی کیوقت بادشاہ کی دہنی طرف کی فوج
بُروت ف مونچھ۔
بروج ع جمع برج کی۔
بروجہی ف ایسی وجہ پر۔
بُروز ع باہر نکلنا۔ ظاہر ہونا۔
بُرون ف باہر۔ باہر کی طرف۔
بَرّہ ف بکری کا بچہ۔ حلوان۔ لیلا۔
بُرہان ع دلیل۔ وجہ عقلی
برہختین ف کھینچنا۔ اختصار کرنا۔ تعلیم کرنا۔
برہم ف الٹ پلٹ۔ خفا۔ ناراض۔
برہنگی ف ننگاپن۔ لُچ پن
برہنہ ف ننگا۔ لُچّا
بَری ع پاک۔ الگ۔ بے قصور
بِریان ف بھنا ہوا۔
بَریّہ ع خلق اللہ۔ مخلوق۔ دنیا کے لوگ
بُریدن ف کاٹنا۔

بزرگ

بریشم ن ریشم۔
بریق ع درخشندگی۔ روشن۔ چکاچوندھی لگانیوالا
برین ف بلند۔ بہت۔ اوپر۔ برتر۔
بز ع کپڑا۔ جامہ۔ پونجی گھر کے اسباب کے
بزاز ع کپڑا بیچنے والا۔ اسباب بیچنے والا۔
بزاق ع تھوک۔ تف
بزر ع بیج۔ تخم۔
بزرقطونا ع بیرجا۔ ایک قسم گوندسا ہوتا ہے مشہور ہے۔
بزرگ ف بڑا
بزرگوار ف مانند بزرگ کے۔ بزرگ۔
بزغالہ ف بکری کا بچہ۔
بزل ع سختی۔ شدت
بزلہ ع باتیں لطیف اور سخن ظریفانہ۔ اور لطیفہ
بزم ف سبھا۔ مجلس شراب کی۔ جشن
بزمگاہ ف مجلس شراب کی۔ اور جگہ عیش کی۔
بزور ع جمع بزر کی معنے بیج تخم۔
بزور ف ساتھ زور سے۔
جاذب ع کشش کرنیوالا - مونث جاذبہ -

جار ع ہمسایہ - پڑوسی -

جاروب ف جھاڑو - سوہنی -

جاری ع روان - بہتا ہوا -

جاری مجری ع قائم مقام

جاریہ ع کشتی۔ آفتاب۔ لونڈی۔ باندی۔ آب روان جمع اسکی جواری آتی ہے۔

جازم ع قصد مضبوط کرنے والا۔ اور ساکن کرنے والا عامل نحو مین۔

جاسوس ف جو شخص ایک ملک کی خبر دوسرے ملک مین پہنچے۔

جاگیر ف قطعہ زمین کا جو سرکار سے ملے۔

جاگیردار ف جسکو جاگیر ملے ہو۔

جالس ع بیٹھنے والا۔

جالی ع جلا کرنیوالا۔ صفا کرنیوالا کدورت کا۔

جام ف پیالہ شراب پینے کا۔ اور نام شہر۔

جامد ع پتھر۔ جما ہوا۔ وہ لفظ جس سے کوئی مشتق نہو اور نہ اوس سے کوئی مشتق کیا جاوے۔

جامع ع جمع کرنیوالا۔ شامل۔

جامعیت ع سب طرح کی خوبیان جمع کرنیوالا ہونا۔ جامع ہونا۔

جاموس ع بھینسا۔ ارنہ مشہور حیوان ہے۔

جامہ ف کپڑا۔ پیالہ شراب کا۔

جان ف روح۔ طاقت۔

جان جانان ف روح۔ خدا تعالیٰ۔ آتش بڑا اٹھا جو ایک قسم کی روٹی مشہور ہے۔

جان آزاری ف دکھ دینا۔

جانان ف جان معشوق۔ پیارا۔

جانب ع طرف۔

جانباز ف بڑا محنتی۔ جان کا کھیلنے والا۔

جان بلب ف جو مرتا ہوا اور اوسکی جان لب آگئی ہو۔

جانبین ع دونون طرف۔ طرفین۔

جانشین ف قائم مقام۔ کسی جگہ پر جو بیٹھے۔

جانفشانی ف محنت۔ اور سعی۔

جانکندن ف جان کا وکھڑنا۔ موت کے وقت۔

جانکاہ ف جان کا گھٹانیوالا۔

جانگزا ف جان پر خطرہ پہونچانیوالا۔

جان نواز ف جان کا نوازش کرنیوالا معشوق۔

جانور ف حیوان۔ جاندار

جانی ف جان میری میری جان

جانی ع گنہگار۔ تقصیر وار۔

جاودان ف ہمیشہ۔
جاودانی ف ہمیشگی۔
جاورس ف ایک قسم کا غلہ۔ باجرا۔
جاوید ف ہمیشہ۔ اور دائم۔
جاہ ف رتبہ۔ عزت۔ مرتبہ۔
جاہل ع ان پڑھا۔ بےعلم۔
جاہلیت ع وہ زمانہ جو مسلمانوں سے پہلے تھا جبکہ بت پرستی کرتے تھے۔ اور جاہل ہونا۔
جای ف جگہ۔ مقام۔
جائداد ف اسباب۔ اور مال۔
جائر ع جور کرنیوالا۔ ستمگار۔ راہ حق چھوڑ کر جو راہ باطل پر ہو جاوے۔
جائز ع درست۔ مطابق شرع۔
جائزہ ع انعام۔ صلہ۔ بدلا نیک اور بکسر صحت گی
جائع ع بھوکھا۔ گرسنہ۔
جایگاہ ف مقام۔ جگہ۔
جبال ع جمع جبل کی۔ پہاڑ اور کوہہای۔
جبایت ع مال جمع کرنا۔ خراج۔ جمع کرنا۔
جبار ع جبر کرنیوالا۔ بھرنیوالا۔ ظالم۔

جبر ع بھرنا۔ پٹی باندھنا۔ پٹی
جبروت ع عظمت بزرگی۔ تکبر اصطلاح مین بزرگی اور جلال خدا کا۔ اور وحدت۔
جبر و مقابلہ علم ہے جس سے مقادیر مجہولہ بوسیلۂ مقادیر معلومہ کے معلوم کیجاتی ہین۔
جبل ع پہاڑ۔ کوہ۔
جبلت ع پیدایش۔ خلقت۔ طبیعت۔
جبلی ع طبیعی۔ ذاتی۔
جبلی ع پہاڑی۔ پہاڑ کا۔
جبن ع پنیر۔ سفیدی جو دودھ کو پھاڑ کر نکالتے ہین۔ نامردی۔
جبان ع نامرد۔ بد دل۔ بزدل۔
جباہ ع جمع جبہہ کی۔ پیشانیان۔
جبہہ ع پیشانی۔ ماتھا۔
جبین ع پیشانی ماتھا۔
جثہ ع بدن۔ تن۔ جسم۔ ڈیل
جچہ ف جو بچہ جنے۔ عورت جب بچہ جنے
جد ع دادا۔ باپ کا باپ۔ بخت نصیب بزرگی۔ تونگری۔

جد ع کوشش - سعی -

جدًّا ع ازروی سعی کے - ازروی کوشش کے

جدید ع نیا - نو -

جدار ع دیوار - بھیت - دیوال -

جدیر ع لائق - موافق - سزاوار

جدل ع لڑائی - جنگ

جدال ع جنگ - لڑائی -

جدول ع نہر - پانی کی کھالی - مجازًا سرخ لکیرین گرد کسی ورق کے -

جداول ع جمع جدول کی -

جدائی ف دوری - جداہونا - تفرقہ

جدری ع چیچک - سیتلا - ماتا -

جدی ع بکرا - بزغالہ - اور نام ایک برج آسمانی کا جو قطب شمالی کے پاس ہے -

جدّی ع ایک دادا کی اولاد -

جذوہ ع چنگاری آگ کی -

جذام ع کوڑہ - خشکی بگڑنیکی بیماری جس سے بدن گل جاتا ہے

جذب ع کھینچنا - کشش کرنا -

جذبہ ع یکبار کھینچنا - دل کا جوش -

جذر ع اصل اور جڑ سے اوکھیڑنا - علم حساب مین جس عدد کو فی نفسہ ضرب کرین اوسکو جذر اور جو اوس سے حاصل ہو اوسکو مجذور کہتے ہین

جذوع ع شاخین جمع جذع کی -

جذع ع درخت کا تنہ - اور جذع گاو یا گھوڑا تین برس کا - اور اونٹ پانچ برس کا - اور بکری دو برس کی

جر ع کشش - کھینچنا -

جراب ع اوہوڑی - پوست گای کا -

جرات ع دلاوری - چالاکی - جوانمردی -

جرّاح ع زخم کرنیوالا - سرجن جراح

جراحت ع زخم - گھاؤ -

جراد ع ملخ - ٹڈی -

جرّار ع کھینچنے والا - اور لشکر بہت انبوہ دار -

جرائد ع دفترہا - جمع جریدہ کی -

جرائم ع جمع جریمہ کی گناہ ہا - اور بہت خطائین -

جرب ع کھجلی - خارش

جرح ع زخم - گھاؤ

جرز ع زمین بنجر جسمین گھاس بھی نہوتے ہو -

جُرّہ ف ت ع دلیر - وشجاع - گھوڑا سواری کا نر -

جرس ع گھنٹہ ۔ آواز زنگلہ کی ۔

جرعہ ع گھونٹ ۔ ایکبار جو پیا جاوے ۔

جِرم ع تن ۔ جسم ۔ دھڑ ۔

جُرم ع گناہ ۔ خطا ۔ قصور ۔

جرنغارت وہ فوج جو بروقت لڑائی کے
جانب چپ بادشاہ کے ہو ۔

جَری ع دلیر ۔ دلاور ۔ دل چلا آدمی ۔

جریان ع روان ہونا ۔ پانی کا ۔

جریب معب ایک پیمانہ زمین کی پیمائش کا
گریک اسکی اصل ہے ۔

جریح ع زخمی ۔ گھائل ۔

جرید ع قاصد ۔ جاسوس ۔ نامہ بر ۔

جریدہ ع ف تنہا ۔ اور شاخ درخت کے
دفتر لکھنے والون کا

جریم ع گناہگار ۔ مجرم ۔

جریانہ ف جرمانہ ۔

جریمہ ع گناہ ۔ خطا ۔ جرم ۔

جز ف سوائے ۔ بدون ۔

جزو ع حصہ ۔ بعضے ۔ ٹکڑا ۔

جزا ع بدلا ۔ عوض

جزائر ع جمع جزیرہ کی جو چار طرف پانی سے محاط ہو

جزائل ع جمع جزیل کی چیزین محکم اور بہت

جزر و مد گھٹاؤ اور بڑھاؤ پانی کا جو سمندر مین
ہوتا ہے بسبب کشش چاند کے ۔

جزر ع جوار جو دریا مین ہوتا ہے یعنی
گھٹ جانا پانی کا ۔

جزع ع بیصبری ۔ ناشکیبائی ۔

جزر معب گاجر مشہور ترکاری ہے
اصل اسکی گزر ہے ۔

جزوی ع تھوڑا ۔ منسوب بجزو

جزویات ع افراد ۔ حصے جو کلیات نہون

جزیرہ ع وہ قطع زمین کا جسکے
چارون طرف پانی ہو ۔

جزیل ع بڑی اور محکم چیز ۔ بڑ ۔ اور بسیار ۔

جزیہ ع تاوان محصول جو غیر
مذہب والون پر لگایا جاوے ۔

جسارت ع دلیری ۔ مردانگی ۔ تجاوز
اور گذرنا ۔

جسامت ع جسیم ہونا۔
جستجو ف تلاش۔ ڈھونڈھنا۔
جَستن ف کودنا۔
جُستن ف ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔
جَسَد ع تن۔ بدن۔
جسدی ع منسوب بجسد۔ جسمے
جسر ع پل۔ جو دریا پر ہوتا ہے۔
جسم ع بدن۔ اور جو شے طول عرض عمق رکھتی ہو
جسم تعلیمی ع طول۔ عرض۔ عمق۔
جسمانی ع جسم کا۔ جسم وار
جسیم ع فربہ۔ موٹا۔ صاحب جسم۔
جشن ف مجلس خوشی کی۔ اور خوشی اور عیش
جعد ع گھونگریالی بال۔ مڑے ہوئے بال
جعدہ ع زلف۔ اور بھیڑیا جو حیوان درندہ مشہور ہے۔
جعفر ع ندی۔ نالہ پانی کا۔
جعفری ع ایک قسم کا گیندا پھول ہے زرد رنگ کا۔ اور مجازاً مطلق زرد رنگ۔
جعل ع کرنا۔ بنانا۔ اور جعل ایک جانور ہے۔

سیاہ رنگ جو سرگین اور نباتات میں پیدا ہوتا ہے۔
جعلی ع جو اصلی نہو۔ بنا یا ہوا۔
جغرات ف وہی۔
جغرافیہ علم ہے صورت زمین کا جسمین خشکی اور تری اقلیمون کا بیان ہوتا ہے۔
جفا ع ستم۔ اور ظلم۔
جفت ف جوڑا۔ ضد طاق کے۔
جفتن ف ڈھونڈھنا۔
جفتہ ف سرین۔ چوتڑا۔
جفتہ زدن ف اغلام کرنا۔
جفتی ف جفت ہونا۔ جماع کرنا۔
جفت شدن ف جماع کرنا۔
جفتیدن ف جفتی کرنا۔ نر کا مادہ پہ چڑھنا۔
جَفن ع پلک آنکھ کی۔ پلک تلوار کا میان۔
جگر ف کلیجہ۔ جگر۔
جَلّ ع بزرگ ہوا۔ صیغہ ماضی کا ہے۔
جل ف نام ایک جانور خوش آواز کا ہے۔

جُل ع جھول۔ گھوڑے یا گدھے کی

جلا ع گھر سے نکالدینا۔ دیس سے پردیس نکالدینا۔

جلا ع روشن کرنا۔ صاف کرنا۔

جلاب ع کھینچنے والا۔ ایک چیز کو ایک جگہ سے دوسرے جگہ لیجانے والا۔

جلّاد ع دُرّہ مارنیوالا۔ یا پوست کھینچنے والا۔ اور تلوار مارنے والا۔

جلادت ع چستی۔ اور چالاکی۔ اور جوانمردی۔

جلالت ع بزرگ ہونا۔ اور بزرگی۔

جلالی ف منسوب جلال الدین بادشاہ سے

جلاوطن ع پردیس نکالدینا۔ گھر سے بے گھر کرنا۔

جلائل ع بزرگیان۔ جمع جلیلہ کی۔

جلب ع کھینچنا۔ مال سوداگری جو ایک ملک سے دوسرے ملک کو لیجاوے۔ سود۔ نفع۔

جلد ع تازیانہ۔ کوڑا مارنا۔ چست وچالاک تیز وشتاب۔

جلد ع پوست چمڑا حیوان کا۔

جلدگر ف کتاب کی جلد بنانے والا۔

جلدوت انعام۔ صلہ۔ بدلا نیک

جلدی ف شتابی۔ تیزی۔ چالاکی۔

جُلسا ع مجلس کے لوگ۔ جمع جلیس کی۔

جلسہ ع محفل۔ ملاقات نشست

جِلف ع مردار۔ ناپاک۔ ف۔ کمینہ۔ خودسر۔ بے خوف آدمی۔

جُلنار ب سیب گلنار کا۔

جلو ت باگ گھوڑیکی۔ اور گھوڑا کوتل۔

جلود ع چمڑی حیوانات کی۔ جمع جلد کی۔

جلوریز ف یعنے سبک عنان۔ ہلکی باگ۔ گھوڑا دوڑائے ہوئے۔

جلوس ع بیٹھنا۔

جلوہ ع ظاہر کرنا۔ اور اپنے تئیں دکھلانا لوگونکو

جلی ع روشن۔ ظاہر۔ آشکار

جلید ع برف۔ اولہ۔

جلیس ع ہمنشین۔

جلیل ع بزرگ بڑا۔

جَمّ ع تمام۔ بہت

جم ع نام بادشاہ فارس کا یعنی جمشید

جماد ع جو حیوانات اور نباتات سے نہو یعنی بیجان ہو جیسے پتھر معدن مٹی وغیرہ۔

جمادات ع پتھر مٹی وغیرہ جو بیجان ہو۔

جمادی ع بیجان شئے پتھریلی۔

جمادی الاول پانچوان مہینا۔ قمری۔ مسلمانون کا۔

جمادی الثانی چھٹا مہینا۔ قمری۔ مسلمانون کا۔

جمادی الآخر چھٹا مہینا۔

جمازہ ع شتر تیز رفتار۔ اونٹ تیز چلنے والا۔

جماع ع صحبت عورت اور مرد کی صحبت کرنا۔

جماعت ع گروہ آدمیون کا۔ گروہ۔

جمال ع خوبصورتی۔

جمان ع موتی۔ گہر۔

جماہیر ع گروہ آدمیونکی۔ جمع جمہور کی ہے۔

جمجمہ ع کھوپری سر کی۔ کاسۂ سر

جمرہ ع چنگاری آگ کی۔

جمشید ف نام ایک بادشاہ فارس کا ہے۔

جمع ع اکٹھا کرنا۔ جماعت۔

جمدر ن ہتیار ہی جسکو ہندمین کٹار کہتے ہین

جمعدار ن۔ اسکے اصل جماعہ دار ہے جو چند سپاہیون کا افسر ہو۔

جمعہ ع ساتوان دن مسلمانون کی تعطیل کا ہندی شکر۔

جمعیت ع جمع ہونا۔ گروہ آدمیون کا۔

جَمل ع اونٹ۔ شتر نر۔

جُمل ع حساب اعداد ابجد کا۔

جملگی ن تمام۔ سب۔

جملہ ع فقرہ۔ حصہ کلام کا۔

جمود ع جمنا۔ جسم جانا۔

جموع ع جماعتین جمع جمع کی ہے۔

جمہور ع گروہ آدمیون کا۔

جمیع ع تمام۔ سب

جمیعًا ع سبکے سب

جمیل ع خوبصورت۔ حسین

جن ع بہوت۔ دیو۔

جنبیدن ف ہلنا۔ جنبش کرنا۔

جنبش ف حرکت۔ ہلنا۔

جناب ع درگاہ۔ آستانہ۔ گرداگرد گھر کا بغل۔
جنب ع پہلو۔ جُنب۔ ناپاک آدمی۔ بےغسل آدمی۔
جنابت ع ناپاکی جو بسبب صحبت مرد و عورت کے ہوجاتی ہے۔ اور دوری۔
جِنّات ع جمع جن کی بھوت۔ پلیت دیو۔
جَنَاح ع بازو پرندکی۔ اور بازو لشکر کا۔
جنادل ع جمع جندل کی۔ سنگ پتھر۔
جنازہ ع لاش مردہ کی جو دفن کرنیکو لیجاویں۔
جنان ع دل۔ اور جنان بہشت۔
جنود ع جمع جند کی۔
جند ع لشکر فوج۔
جنس ع جسکے نیچے کئی نوع مندرج ہوں۔
جنسیہ ع جنس ہونا۔ ایک میل ہونا۔
جنگ ف لڑائی۔
جنگگاہ ف لڑائی کا میدان۔
جنوب ع دکھن۔
جو ع ہوا جو زمین کے اوپر بے انتہا گہری ہے

جواب ع اتر۔ جواب۔
جوابدہ ف جس سے مطالبہ کیا جاوے۔
جوّاد ع بہت بخشش کرنیوالا۔ خدا تعالی۔ گھوڑا تیز رفتار۔
جواذب ع جمع جاذبہ کی کشش کرنیوالی شے
جوار ع ہمسائگی۔ پڑوس
جوارح ع اعضاء حیوانات کے اور جانوران شکاری۔
جواری ع جمع جاریہ کی کشتی۔ کنیزک۔
جواز ع درست ہونا۔ موافق شرع۔
جواسیس ع جمع جاسوس کی۔ قاصدہا
جوال ع اصل اسکی گوال ہے گون کو کہتے ہیں جسمیں غلہ بھرتے ہیں۔
جوامع ع جمع جامعہ کی۔ تمام۔ اور سب۔
جوان ف گبھرو۔ بالغ۔
جوانب ع اطراف طرفین۔
جواہر ع جمع جوہر کی۔
جوائز ع انعامات بخشش۔ تحفے جمع جائزہ
جُود ع بخشش۔ سخاوت۔

جودت ع تیزی۔ خوبی۔ تیز رفتاری۔ نیکی۔
جور ع ظلم و ستم
جُوَرب ع موزہ۔ جُراب۔
جوزا ع نام دو پیکر کا۔ اور نام تیسری برج آسمانی کا
جوزق ع ڈوڈہ کپاس۔
جوش ف اوبہان۔ اوبال۔
جُشش ف جوش۔
جوشاندن ف جوش دینا۔ اوبالنا۔
جوشن ف زرہ جو لڑائی مین پہنتے ہین۔
جوشیدن ف اوبلنا۔ جوش مارنا۔
جُوع ع بھوک۔
جَوعان ع بھوکھا۔ گرسنہ۔
جوف ع شکم۔ پیٹ۔ اندر کی طرف ہر ایک چیز کی جو خالی ہو۔
جُوق ت فوج۔ گروہ آدمی کا۔ اور پرندون اور چرندون کا گروہ۔
جولان ع کودنا۔ محدود ہونا۔ کاوا۔
جولاہ ف جولاہا کپڑا بننے والا۔
جوہر ع گوہر کا معرب ہے جو بذات خود قائم ہو۔
جوہری ع صاحب جوہر۔ جو جوہر بیچتا ہو۔
جوہی ف نام ایک قسم کے پھول کا ہے
جوی ف نہر۔ دریا کی نہر
جویا ف ڈھونڈھنے والا۔
جوُیبار ف جسجگہ پر نہرین بہت ہون
جویان ف ڈھونڈھنے والا۔
جویای ف جوئندہ۔ تلاش کرنیوالا
جوُیدن ف ڈھونڈھنا۔
جوُیندہ ف ڈھونڈھنے والا۔
جہات ع جمع جہت کی۔ اطراف
جہاد ع کفار سے لڑنا۔ کافرون سے لڑنا
جہاز ع نہایت بڑی کشتی جو سمندر مین ہوتی ہے
جہالت ع نادانی۔ بیعلمی
جہان ف دنیا۔ عالم
جہانیان ف دنیا کے لوگ۔ خلق اللہ
جہانیدن ف کُدانا۔ اوچھالنا
جہت ع طرف۔
جہد ع کوشش۔ سعی
جہر ع کھلا ہوا۔ آواز بلند پڑہنا

جہل ع نادانی ۔ نہ جاننا

جُہلا ع جمع جاہل کی ۔

جہندہ ف کودنے والا ۔

جہنم ع گہرا کنواں ۔ دوزخ ۔

جہودی ف یہودی کو فارسی بنالیا ہے ۔

جُہول ع نادان ۔ بیوقوف

جہیدن ف کودنا ۔ اوچھلنا ۔

جہیز ف سامان اور اسباب جو لڑکی کو بروقت شادی کے دیا جاوے ۔

جیب ع گریبان ۔ پیرہن ۔ اور سینہ مجازاً بمعنی کیسہ جو نیچے گریبان کے سیتے ہین اب دامن کے نیچے جو کیسہ لگاتے ہین اوسکو بولتے ہین ۔

جیحون ت ایک دریا نزدیک بلخ کے ۔

جِید ع گردن ۔

جیّد ع خوب ۔ کھرا ۔ نیک ۔

جیران ع ہمسائی ۔ پڑوسی ۔ جمع جار کی ۔

جیش ع لشکر جمع جیوش ۔

جیفہ ع حیوان ۔ مردار جسمین بدبو ہو گئی ہو ۔

جیل ع گروہ آدمیون کا ۔ فوج ۔

جیغہ ت زیور ہے مرصع جسکو پگڑی پر باندھتے ہین

جیوش ع جمع جیش کی ۔

باب جیم فارسی

چابک ف چست ۔ چالاک ۔ کوڑا ۔

چابکخرام ف تیز چلنے والا ۔

چابکدست ف چالاک دست ۔ جو شخص ہاتھ کے کام مین چالاک ہو ۔

چابکی ف چالاکی ۔ چستی

چاپلوس ف خوشامد کرنیوالا ۔

چاپلوسی ف خوشامد ۔

چادر ف چدّر

چادر کافوری ف صبح

چادر کحلی ف آسمان سیاہ و سبز کھیت ۔

چادر لاجورد ف آسمان

چار ف مخفف چہار کا ۔ علاج ۔ پرواہ

چار آئینہ ف نام ایک قسم کی زرہ کا ۔

چار بالش ف مسند ۔ بادشاہت کا تخت

برچاریار

چارپایہ ف ۔ چوپایا ۔ ڈنگر ۔
چارپائی ف ۔ پلنگ ۔ سیجھ ۔
چاربند ف ۔ دنیا ۔
چارپنج ف ۔ چار ۔ دوائین یعنی ۔ کاہنی رازیانہ ۔ کرفس ۔ کبر ۔
چاتار ف ۔ اربع عناصر ۔
چارجوہر ف ۔ ایضاً
چہاردہ ف ۔ چودہ ۔
چارسو ف ۔ چارطرف ۔
چارشنبہ ف ۔ بدھ ۔
چارطاق راوٹی یعنی خیمہ چار گوشہ کا ۔
چارقب ف ایکطرح کا لباس اُمرا کا ہے ۔
چارگام ف ۔ تیزرو گھوڑا ۔
چارگوشہ ف ۔ چوکھونٹی چیز ۔ تخت شاہی تابوت مردہ کا ۔
چارمادر ف ۔ اربع عناصر
چارمغز ف ۔ اخروٹ ۔
چاروا ف ۔ چوپایا ۔ ڈنگر ۔
چارہ ف ۔ علاج ۔ مدد ۔ تدبیر ۔

چاشت ف ۔ پہر دن چڑہا ہوا چوتہائی دن جب گذر چکے ۔
چاشنی ف ۔ تہوڑا سا نمونہ کہانے یا شراب کا ۔
چاشنیگیر ف ۔ باورچی ۔ خانساماں ۔
چاق ت ۔ تندرست ۔ طاقتور ۔ چالاک
چاک ف ۔ پہٹا ہوا چراہوا ۔ قبا لہ مکا نکا یا باغ کا
چاکر ف ۔ نوکر ۔ خدمتگار ۔
چاکو ف ۔ چہری ۔
چالاک ف ۔ چست ۔ تیز
چالاکی ف ۔ تیزی ۔ چالاکی
چالش ف ۔ مٹک کی چال ۔ و گہمنڈ غرور کی چال ۔
چاؤوش ت ۔ نقیب لشکر اور قافلہ کا ۔
چاہ ف ۔ کنوا ۔ گڑہا ۔
چاہِ زنخ ف ۔ ٹہوڑی کا گڑہا ۔
چاہی ف ۔ چاہ جو بکا کر پیتے ہیں مشہور تی ہے
چپ ف ۔ بایاں ۔ بائیں طرف ۔
چپاتی ف ۔ پتلی روٹی جو توے پر پکاتے ہیں پہلکا ۔

چقلش ت لڑائی تلوار کی۔ انبوہ۔
چکن ف انگرکھہ۔ انگہ۔
چتر ف چھتری۔ چھوٹی چھوٹی بال سر پر
چتر اگون ف آسمان۔ اکاس
چتر روز ف سورج۔ آفتاب
چتر سیمابی ف چاند پورا۔ چودھوین رات کا چاند۔
چتر سیمین ف پورا چاند چودھوین رات کا چاند
چتر عنبرین ف رات۔ شب
چتر کحلی ف آسمان۔ ابر سیاہ
چتر نور ف سورج آفتاب۔
چتوک چغوک ف چڑیا گنجشک
چخ ف غلاف چھری تلوار وغیرہ کا
جھگڑا۔ لڑائی۔ پیپ۔ چرک۔ میل۔
چخاچخ ف آواز تلوار کی بروقت لڑائی کے۔
چخیدن ف لڑائی کی خواہش کرنا۔ دم
مارنا۔ کوشش کرنا۔
چرا ف کسواسطے۔ کیون۔ چرنا۔
چراگاہ ف چرانیکی جگہ حیوانات کی۔
چراغ ف دیوا بتی جلتی ہوئی۔ چرائی کرنا اگلے
پیر گھوڑا جو اوٹھاتا ہو اوسکو بھی چراغ کہتے ہین۔
چراغ پا ف اگلے پیر گھوڑا جو اوٹھاوے
اور جس چیز پر چراغ رکھتے ہین۔
چرانیدن ف چرانا۔ حیوانات کو گھاس چرانا۔
چرب ف غالب ہونا۔ اور
غالب۔ اور چکنا۔
چربیدن ف غالب ہونا۔ چرب ہونا
چرب پہلو ف فربہ۔ اور جسکے
پہلو سے لوگون کو فائدہ ہو۔
چرب دست ف چالاک۔ شیرین
دستکار۔ ہنرمند۔
چرب زبان ف اوس شخص کو کہتے ہین جو خوشامد
کی باتین بنا کر لوگون کا دل اپنی طرف مائل
کر لیوے۔ چاپلوس۔ اور فریبیا۔
چرب قامت ف بلند قد۔ لنبا۔
خوش قد۔
چرب و خشک ف برا بھلا۔ تھوڑا۔ بہت
سخاوت۔ اور بخل۔ دانا۔ کنجوس
چرزہ ف وہ کاغذ ہوتا ہے جو رتیلا سا ہو اور

تصویر کے اوپر بطور پردہ کے اوسکو رکہا کرتے ہین۔ اور شیر کے اوپر جو پردہ ڈلتے ہین اوسکو بہی چہرہ کہتے ہین۔

چرخ ن آسمان۔ چرخی۔ گریبان جامہ کا۔ کمان سخت۔

چرخ انداز کماندار کو کہتے ہین یعنے جو شخص کمان رکہتا ہو۔

چرخ دولابی آسمان۔ اکاس۔

چرخ زرین چوتہا آسمان چونکہ آفتاب وہان پر ہے اسلیئے کہتے ہین۔

چرخزن ن ناچنی والا پہیرنیوالا آدمی۔

چرخ آبنوسی آسمان۔ اوّل

چرخہ ن سوت کاتنے کا چرخہ۔ نام ایک درخت کا ہے جو بہت تیلا سوکہا ساہوتا ہے اور برابر دوڑا جو کرتا ہے۔

چرخی ن جو چیز چرخ مارتی ہے چنانچہ کبوتر چرخی وغیرہ اور ایک قسم کا اطلس نفیس ہی ہے

چرغ ن ایک جانور شکاری مشہور ہے اوسکو عربی مین صقر کہتے ہین۔

چرغنیہ ن بدآدمی۔ ہیچ آدمی۔

چرک ن زخم۔ پیپ۔ ریم۔ میل۔

چرگر ن گانیوالا۔ خواہ عورت ہو یا مرد۔ مغنی۔ خنیاگر۔ رسول۔ پیغمبر۔ مفتی۔ پیش نماز

چرکین ن میلا۔ میل مین لتہڑا ہوا

چرم ن چمڑا۔

چرمینہ ن چمڑکیا۔ اور چمڑا

چرندہ ن حیوان گہاس چرنیوالا۔

چرند ن حیوان۔ چوپایہ۔

چریدن ن چرنا۔ گہاس کہانا۔

چسپانیدن ن چپکانا۔

چسپان ن
چسپیدہ ن چپکا ہوا۔

چسپیدگی ن چپکنا۔

چسپیدن ن لپٹنا۔ چپکنا

چست ن چالاک۔ درست۔ ٹہیک۔ محکم

چستہ ن شیروان بکری۔ اور بہیڑ کا۔

چستی ن چالاکی۔ درستی۔ مضبوطی۔

چش ن امر ہے چشیدن کا یعنے چکہہ اور مخفف چشم کا

چشانیدن ن چکھانا۔ کوئی چیز بطور نمونے کے کھلانا

چشم ن آنکھ۔ نیتر۔ نین۔ امید

چشم بد ن نظر بد۔ بد نظر

چشم پوشی ن گناہ ظاہر نکرنا آنکھ ڈھانک لینا کسی کی خطا سے

چشم بی آب ن بیحیا۔ بے شرم۔ ڈھیٹ۔

چشمداشت ن امید۔ بھروسہ۔

چشم زخم ن دکھ۔ نقصان جو بدنظری سے ہو۔

چشمک ن عینک۔ انکھڑی

چھوٹی آنکھ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔

چشم نمائی ن دھمکانا۔ ڈانٹنا۔

چشمہ ن پانی کا سوتا۔

چشمخانہ ن آنکھ کا گھر۔

چشمۂ ہور ن سورج۔ آفتاب۔

چشیدن ن چکھنا

چغاز ن بیحیا عورت جو گالیان دینے والی ہو۔ قحبہ۔

چغانہ ن نام ایک ساز کا ہے اوسکو مطرب لوگ بجاتے ہین۔

چغد ن اُلو پرند منحوس مشہور ہے۔

چغل ن چغلی کھانیوالا آدمی۔

شکن اور چین۔ اور ایک برتن۔

چغلی ن برائی کسیکی کرنا۔

چفت ن وہ لکڑی جسپر انگور کی بیل یا کدو وغیرہ کی چڑھاتے ہین

چق ن مدانی۔ دودہ بلونی کی رئی۔

چقماق ن وہ پتھر جس سے آگ نکلتی ہے۔

چقندر ن نام ایک ترکاری کا ہے۔

چکان ن ٹپکتا ہوا

چکاندن ن ٹپکانا۔ قطرہ۔ قطرہ گرانا۔

چکاوک ن ایک آوازے راک کی اور ایک پرندہ ہے چڑیا سے بڑا اوسکو چکوک کہتے ہین بعضے سرخاب کو کہتے ہین۔

چکلہ ن قطرہ۔ ٹپکنا۔ پرنہ۔

چکن ن کشیدہ۔ زرکش۔ وزری خیمہ دوزی

چگونگی ن کیفیت۔ حال۔ کہ کسطرح پر ہے۔

چکہ ن قطرہ۔ خورد۔ چھوٹا۔

چکیدن ن ٹپکنا۔

چَل ن جاؤ چلے جاؤ۔ چل آلہ تناسل۔
کم عقل آدمی۔ گوار۔ مخفف چہل کا یعنے (۴۰)
چلپاسہ ن چھپکلی۔
چلتہ ن زرہ۔
چلغوزہ ن پھل درخت صنوبر کا مشہور ہے۔
چلہ ن چالیس دن جو فقیر لوگ گوشہ مین
بیٹھکر عبادت کرتے ہین۔ اور چالیس دن
چلہ ن ہر روز ایک مکان مین بیٹھکر کوئی وظیفہ کرنا
چلیپا ن سولی جو نصاریٰ سے لوگ کہتے
ہین اس شکل کی +
چلیدن ن چلنا۔ جانا۔
چماق ن گرز لوہے کا جو شش پہلو کا ہو۔
چمیدن ن لچکنا۔ ناز سے چلنا۔
چمان ن پیالہ شراب کا۔ اور ناز وغیرہ سے چلنا
چمبر ن حلقہ۔ ہنسلی۔
چمن ن کیاری سبز۔
چنار ن درخت مشہور ہے اور جو کچھ عورتین
مہندی سے ہاتھ اور پیرون پر لکھدیتی ہین۔
چنان ن ایسا۔ مثل اوسکے اصل اسکی چون آن ہے

چنانچہ ن جیسا کہ
چنبر ن حلقہ۔ گردن کی ہنسلی۔ گھیرا
محیط۔ دور آسمان کا۔
چندان ن اسقدر۔ اتنی دیر۔ لکڑی صندل کی
نام ایک شہر کا ملک چین مین۔
چنانکہ ن جتنا کہ۔ جسقدر
چندال ن چوڑا۔ حلال خور۔ بھنگی کمینہ۔
چنداول ت فوج کی پچھاڑی وہ لوگ
جو لشکر کے پیچھے پیچھے چلتے ہین۔
چندگاہ ن کئی بار کئی دفعہ۔
چندی ن تھوڑا سا۔ تھوڑی دیر
چندین ن اتنی۔ اسقدر
چنگ ن مشہور باجا ہے۔ اور آنکس ہاتھی کا
اور نام کتاب مانی کا۔ نگارخانہ مانی۔
اور پنجہ۔ اور چنگل۔ آدمی اور جانور کا۔
چنگل ن
چنگال ن پنجہ جانور اور آدمی کا۔
چو ن مانند۔ مثل۔ وقت۔
چوب ن لکڑی۔

چوبا ن تھونی۔ بلی۔ کھم۔
چوبدستی ن ہاتھہ کی لکڑی۔
چوبدار ن نوکر جو آگے دوڑے ایک لکڑی چاندی یا سونے کی لیکر۔
چوب شگاف ن پچڑ لکڑی چیرنیکی پچیڑ۔
چوبک ن تختہ اور ایک لکڑی ہوتی ہے۔ جو چوکیدار و نگادار وغیرہ اوسکو تختہ پر تمام رات مارتا ہے تاکہ چوکیدار لوگ بیدار رہین۔
چوبین ن لکڑیکا۔ منسوب بہ چوب۔
چوپان ن گڑیڑیا۔ بکریونکا چروا ہا۔ حیوانات کا چرانے والا۔
چوزہ ن مرغی کا بچہ۔
چوکی ن نگاہبانی۔ اور مقام پاسپانون کا۔
چوکیدار ن نگاہبان۔ پاسبان۔
چوگان ن گلی۔ ایک ڈنڈا جو سر پر سے کج ہو۔ وقت اور زمان۔
چون ن جو۔ مانند۔ اگر۔
چون چرا ن کیون اور کسواسطے۔ تکرار حجت۔
چونی ن تو کسطرح سپر ہے۔

چہ ن کیا۔
چگونہ ن کسطرح
چہار ن چار۔ ۴۔ للعہ
چہار دانگ ن شمال۔ جنوب۔ مشرق مغرب۔ چہار جہت دنیا کے۔
چہار باش ن اسکے چار معنی ہین۔ اول تخت و مسند۔ دوم۔ عناصر اربعہ۔ خاک آب ہوا آتش سوم دنیا و عالم۔ چہارم جہات اربعہ یعنی۔ مشرق مغرب۔ جنوب۔ شمال
چہاردہ ن چودہ۔ (۱۴) (للعہ۔)
چہاردہم ن چودہوان۔ (۱/۱۴)
چہارسو ن چار طرف۔ شمال جنوب۔ مشرق۔ و مغرب۔
چہارشنبہ ن بدہ کا دن۔
چہارگانہ ن چار۔ اربع
چہارم ن چوتھا۔ ۱/۴
چہار یار ن ابوبکرؓ۔ عمرؓ۔ عثمانؓ۔ علیؓ
چہار طاق ن ہندمین اوسکو اوٹی کہتے ہین ایک قسم کا خیمہ ہے۔

بزرہ پچھ

چبچہ ن کوے کے اوپر ایک گڑہا جو پانی خراب ہونیکے واسطے بنا دیتے ہین۔

چہرہ ن صورت۔ منہ

چہل ن چالیس (۴۰) (الف)

چہلم ن چالیسوان یعنہ مردہ کا چالیسوان دن

چیچلا یا چچلا کیچڑکی زمین جہان پیر رپٹتا ہو اور پہاڑ کا ٹکڑا ازنم جسپر لڑکے پہسلکر کہیلا کرتے ہین پہسلنا پتھر۔ اور وہ گوشت کا ٹکڑا جو عورت کے اندام نہانی مین پیدا ہو جاتا ہے۔

چیچک ن سیتلا نام بیماری مشہور کا ہے

چیدن ن چننا۔ چگنا۔

چیرہ ف غالب ہونا۔ دلاور ہونا۔

چیرہ دست ف دستکار۔ اچھا کاریگر۔ زبردست۔

چیرہ دستی ف زبردستی۔ غلبہ

چیز ف شے۔ کچھ

چیست ف کیا ہے

چیستان ف اسکی اصل چیست آن ہے ہندی پہیلی۔

چین ف شکن۔ بل۔ نام ملک کا۔

چینہ ف پرندون کو جو دانہ دیتے ہین اوس دانہ کو چینہ کہتے ہین۔

چینہ دان ف پوٹہ جسمین جانور دانہ جمع کرلیتا ہے۔

چینی ف چین کا۔ کہانڈ۔ اور شکر سفید۔

باب الحاء

حاتم ع نام سخی کا مشہور ہے۔

حاتم اصم ع مشہور ایک ولی کامل گذرے ہین۔

حاجب ع دربان پردہ کرنے والا۔ پردہ دار۔ چوبدار۔ ابرو۔

حاجت ع خواہش۔ ضرورت

حاجز ع مانع۔ درمیان دو چیز کے جو حائل ہو۔ نام ایک منزل کا راہ مکہ مین۔

حاجی ع
حاج ع
حج کرنیوالا اور حاجی کی جمع حاج بہی آتی ہے

حاجیہ ع حج کرنے والی عورت۔

حاد ع تیز تنگ۔

حادثہ ع واقعہ۔ نو پیدا۔ مصیبت

حاذق ع زیرک۔ دانا۔ اوستاد درمیان کام کے۔

حار ع گرم۔ اور گرمی کرنے والا۔

حارث ع شیر درندہ۔ زراعت کرنے والا

حارس ع نگاہبان۔ پاسبان۔

حارص ع حرص کرنے والا۔ لالچی۔

حازم ع دانا۔ اور ہشیار۔ دور اندیش پیش بین۔ استوار۔

حاسد ع حسد کرنیوالا۔ ڈاہ رکھنے والا۔

حاسر ع رکنے والا۔ جو بات بولتے بولتے رک جاوے۔

حاسہ ع حس کرنے والا۔ جیسے قوت سامعہ باصرہ لامسہ وغیرہ ہین

حاشا ع دوری۔ پاکی۔ ہرگز۔ سوا۔

حاشیہ ع کنارہ۔ نوکر۔ خدمتگار۔ شتر جوان

حاصد ع کھیتی کاٹنے والا۔

حاصر ع حصر کرنے والا۔ روکنے والا۔

حاصل ع نتیجہ۔ مطلب

حاطہ ع دیوار۔ گھیر۔ چار دیواری۔

حاضر ع موجود۔ سامنے ہونے والا۔

حاضری ع کھانا۔ موجودگی

حافد ع یار دوست۔ خدمتگار۔ پوتا نواسہ۔ داماد۔ سالہ۔ سسرا۔

حافر ع سم گھوڑے کا۔ کھودنیوالا حوافر جمع۔

حافظ ع حفظ کرنیوالا۔ قرآن جسکو یاد ہو۔ فارس کے لوگ حافظ مطرب اور قوال کو کہتے ہین۔

حافظہ ع قوت یاد رکھنے کی۔

حاق ع درمیان کسی چیز کا بیچ۔ وسط۔

حاکم ع حکم کرنیوالا۔ والی ملک کا۔

حاکی ع حکایت کرنیوالا۔ بات کرنیوالا۔

حال ع موجود زمانہ۔ رقص اور وجد

حالا ع ابھی۔ اسیوقت

حالب ع دودھ دوہنیوالا اور ایک گھاس ہین

حالات ع جمع حال کی۔
حالت ع حال۔ واردات جو انسان پر گذرے
حالی ع جلد۔ فی الحال۔ زیور سے جو آراستہ ہو۔
حام ع ۔ نام ہے حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا جس سے حبشی پیدا ہوے ہین۔
حامد ع تعریف کرنے والا۔
حامض ع کھٹا۔
حامل ع بوجھ اوٹھانے والا اور نام ایک فلک فرضی کا ہے۔
حامل وحی ع جبرئیل علیہ السلام فرشتہ۔
حاملہ ع پیٹ والی عورت جسکی پیٹ مین بچہ ہو۔
حامی ع حمایت کرنیوالا۔ نگاہ رکھنے والا۔
حانث ع قسم توڑنے والا۔ گنہگار
حانوت ع دکان۔ ہٹی
حاوی ع گھیرنے والا۔ احاطہ کرنے والا
حاویہ ع گھیرنے والی عورت۔ جو عورت حاوی ہو۔
حائط ع دیوار۔ دیوال
حائک ع جولاہہ کپڑا بننے والا۔

حائل ع بازر کھنے والا۔ بیچمین آنیوالا درمیان دو چیز کے۔
حَب ع گولی۔ دانہ۔
حُب ع محبت۔ دوستی۔
حُباب ع بُلبلہ پانی کا۔ سانپ۔
حَبّات ع جمع حبہ کی دانہ ہا۔ گولیان۔
حباری ع تودری جانور مشہور ہے۔
حِبال ع رسیان۔ پھندے۔ جال جمع حبالہ کی
حُبالی ع پیٹ والی عورتین جمع حُبلی کی۔
حُبلی ع پیٹ والی عورت حاملہ۔
حِبالہ ع جال۔ پھندا۔ رسی۔
حبذا ع بہت اچھا۔ خوب ہے۔ بہتر ہے۔
حِبر ع سیاہی دوات کی۔ عقلمند۔ نیک کام
حبس ع قید۔ بند۔
حبش ع حبشیون کا ملک۔ ملک حبش۔
حَبل ع رسی باگ۔ ڈور اور ایک رگ ہی گردن مین۔ حمل عورت کا۔
حبوب ع جمع حب کی دانہ ہا مثل گندم جو چنا وغیرہ۔

حبور ع خوش کرنا۔ اور خوش ہونا۔
حَبَّہ ع دانہ۔ گولی۔
حَبط ع ناچیز ہونا۔ معدوم ہونا۔ باطل ہونا۔ ثواب جاتا رہنا۔
حبیب ع دوست۔ یار۔ معشوق۔
حتیٰ ع یہانتک۔ یہانتک کہ۔
حتم ع استوار کرنا۔ کام کا واجب کرنا۔ اور حکم کرنا۔
حج ع زیارت کرنا۔ مکہ کا موسم مقرر پر
حجاب ع پردہ
حُجّاب ع پردہ داران۔ دربانان جمع حاجب کی
حُجّاج ع جمع حاج کی یعنی حج کرنیوالے لوگ۔
حجاز ع ملک عرب جسمین مکہ مدینہ طائف اور وہ زمین جو درمیان نجد اور غور کے واقع ہو شامل ہو۔ اور نام ایک مقام موسیقی کا
حجام ع پچھنے لگانیوالا شخص۔ حجامت کرنے والا۔
حجامت ع پچھنے لگانا۔
حُجُب ع پردے جمع حجاب کے۔

حُجّت ع دلیل۔ برہان۔ غلبہ۔
حجر ع پتھر۔ سنگ۔ جمع اوسکی احجار آتی ہے
حجر الاسود کالا پتھر۔ ایک پتھر ہے کعبہ مین۔ اوسکا چھونا باعث دور ہونے گناہ کا ہے۔
حجرہ ع کوٹھری۔
حُجُرات ع جمع حجرہ کی کوٹھریان۔
حجل ع کبک۔ چکور مشہور پرندہ ہے۔
حجلہ ع چھپر کھٹ دولہن کا۔
حجم ع حبامت۔ جُثّہ
حِجیٰ ع عقل اور کنارہ کسی چیز کا
حُدا ع وہ گیت جو شتربان اونٹ وقت ہانکنے کے گاتے ہین۔
حد ع انتہا۔ کنارہ۔ فاصلہ۔ دو چیز کا۔ گنہگار کو سزا دینا اور مارنا تاکہ پھر گناہ نہ کرے۔ تعریف شئے کی اوسکی ذاتیات سے کرنا۔
حداثت ع نیاپن۔ نوجوانی۔ شروع ہر چیز کا۔
حدّاد ع لوہار۔ آہنگر

حِداد ع سیاہ کپڑے۔ ماتم کے

حدائق ع جمع حدیقہ کی۔ باغہا۔

حدب ع پشت کا باہر نکل آنا۔ کبڑاپن زمین بلند۔

حِدَّت ع تیزی۔

حَدَث ع بی وضو ہونا۔ حَدَث امرد لڑکا نوجوان

حَدس ع دانائی اور دریافت کرنا۔ فراست

حَدقہ ع سیاہی آنکھ کی۔

حدوث ع نیا پیدا ہونا کسی چیز کا۔ نو پیدگی۔

حدود ع جمع حد کی۔

حدیث ع خبر اور بات اور نئی چیز اور فعل اور سخن رسولؐ کا۔

حدیقہ ع باغ جسکے گرداگرد دیوار یا احاطہ ہو۔

حذا ع برابر۔ مقابل۔

حَذاق ع دانا۔ زیرک۔ عقلمند۔

حذاقت ع زیرک ہونا۔ خوب دریافت کرنا۔ دانائی۔

حذر ع پرہیز کرنا۔ اور حذر کرنیوالا۔ ترسان۔

حذف ع گرادینا۔ ڈالدینا ایک حرف کا کسی کلمہ سے

حر ع گرمی۔ اور گرم ہونا۔ زمین پتھریلی

حُر ع آزاد۔ جو غلام نہو۔ برگزیدہ ہر شے میں۔ کبوتر کا بچہ۔

حراثت ع کھیتی کرنا۔ زراعت کرنا۔

حرارت ع گرمی۔ آنچ

حراست ع نگہبانی۔ محافظت۔ چوکسائی۔

حرام ع منع کرنا۔ اور روکا گیا۔ ناروا ناشائستہ۔ ناجائز۔

حَرامی ع چور۔ دزد۔ جمع حرامیان۔

حرب ع لڑائی۔ جنگ

حربا ع گرگٹ۔

حَربگاہ ف جنگ کا میدان۔ لڑائی کا میدان۔

حربہ ع لڑائی کا ہتھیار۔

حَرث ع بونا۔ کھیتی کرنا۔ آگ جلانا۔ مال جمع کرنا۔ قرآن پڑھنا۔ لاغر کر دینا چوپایہ کا بسبب بہت ہانکنے کے۔

حرج ع تنگی۔ اور سختی۔ گناہ۔

حرز ع پناہ کی جگہہ۔ جای استوار۔ مجازاً۔ تعویز۔

حرص ع لالچ - طمع -
حرف ع سخن - طرف - کنارہ - تلوار کی دہار - عیب -
حرف گیر ف نکتہ چین - عیب بیان کرنیوالا -
حرفہ ع } پیشہ - کسب
حرفت ع }
حرق ع جلنا - اور حرق آگ -
حرقت ع سوزش - جلن -
حرکات ع جمع حرکت کی -
حرکت ع جنبش -
حرم ع احاطہ جو گرداگرد خانہ کعبہ کے ہے منکوحہ عورت باندی جو گھر مین ڈال لیجاوے -
حرمان ع محروم رہنا - کچھ نہ ملنا - نا امیدی
حرمت ع عزت - عزیز ہونا - حرام ہونا
حرمسرا ف زنانہ مکان - زنان خانہ
حرمل ف اسپند - حرمل
حرمین ع مکہ - اور مدینہ دونو کو حرمین کہتے ہین
حروب ع جمع حرب کی - لڑائیان

حروق ع بالن - اینڈہن لکڑیان جلانے کے واسطے -
حرون ع سرکش ہمیرا - گھوڑا سرکش -
حرور ع حرور گرم ہوا جو رات کو چلتی ہے لو - گرمی - آفتاب کی آگ -
حروف ع جمع حرف کی -
حرہ ع آزاد عورت -
حریت ع آزادگی - اور آزاد ہونا غلامی سے یعنے کسیکا غلام نہونا -
حریر ع ریشمی کپڑا -
حریری ع ریشمی کپڑا - بننے والا -
حریرہ ع نام ایک قسم کے کہانیکا کہ جو ترشی اور شیرینی ڈالکر پکاتے ہین -
حریص ع لالچی - حرص کرنیوالا -
حریف ع ہم پیشہ - ہم کار - شریک
حریق ع سوزش - جلا ہوا - آگ کی لپٹ
حری ع لائق - سزاوار - زیبا -
حریم ع گھر کے چار طرف کی دیوار -
حزب ع گروہ آدمیون کا -

حزم

حزم ع استواری ۔ ہوشیاری ۔
حزام ع تنگ ستور ۔ دستبند لڑکیکا گہوارہ مین
حُزن ع غم ۔ اندوہ ۔ رنج ۔
حزین ع غمگین ۔ رنجیدہ
حِس ع معلوم کرنا ۔ اندری سے ۔
حساب ع گنتی ۔ شمار ۔ علم حساب کا ۔
حساس ع دریافت کرنیوالا حس کرنے والا
حسام ع تلوار ۔ شمشیر ۔ تیغ ۔
حسب ع اندازہ ۔ اور شمار کسی چیز کا شرف بزرگی مال وجاہ اور دین کی ۔
حَسب ع کفایت ۔ کافی ہونا ۔ بس ہونا ۔
حَسَد ع ڈاہ کسیکی نعمت کا زوال چاہنا ۔
حسرت ع ارمان ۔ افسوس کسی چیز کے نہ ملنے کا ۔
حس مشترک ع ایک قوت ہے جس مین تمام صورتین محسوسات کی منقش ہوتی ہین گویا حواس خمسہ ظاہری مانند نہرون کے ہین اور حس مشترک مثل ایک حوض کے ہے اوسمین سب صورتین جاکر ٹہرتی ہین ۔

حَسَن ع نیک ۔ خوبصورت ۔ اچھا ۔
حُسن ع خوبصورتی ۔ خوش شکلی ۔
حُسنیٰ ع بہت خوب صورت عورت
حَسنا ع عورت خوبصورت صاحب جمال ۔
حَسَنات ع نیکیان ۔ جمع حسنہ کی ۔
حسنہ ع نیکی ۔ بھلائی ۔
حسود ع بہت حسد کرنیوالا ۔ بدخواہ
حِسّی ع وہ جو حس سے علاقہ رکھے ۔ جو محسوس ہوسکے ۔
حسیب ع شمار ۔ حساب
حَسین ع خوبصورت ۔ خوش شکل ۔
حَشر ع اوٹھانا ۔ مجازاً قیامت
حشرات ۔ حشرات الارض ع جمع ہے حشرہ کی وے جانور موذی کہ زمین مین سوراخ کرکے رہتے ہین اسیواسطے اونکو حشرات الارض کہتے ہین ۔
حشم ع نوکر چاکر ۔ بہیڑ نوکرون کی ۔
حِشمت ع دبدبہ ۔ بزرگی ۔ فتحہ پڑہنا حا کا خطا ہے ۔

حشو ، بھرنا اور وہ روئی یا اُون جو تکیہ یا لحاف وغیرہ مین بھری جاوے۔
حشیش ، سوکھی گھاس اوسکی جمع حشایش ہے۔
حُشاشہ ، باقی جان۔ تھوڑی جان۔ جو زخمی یا بیمار مین باقی ہو۔
حَصَا ، جمع ہے حصاۃ کی۔ سنگریزہ ٹھیکریان۔
حصاۃ ، ٹھیکری۔ سنگریزہ
حصاد ، کھیتی کاٹنا۔ زراعت کا کاٹنا۔
حصد ، کھیتی کاٹنا۔ زراعت کا کاٹنا۔
حَصَّاد ، کھیتی کاٹنے والا۔
حصار ، قلعہ۔ گڑھی۔
حصان ، گھوڑا نر بہتر اور خوب گھوڑا جسکی نسل رکھنے کے لائق ہو۔
حصانت ، استواری۔ پرہیزگاری بچہ کا پالنا۔
حَصر ، گھیرنا۔ گرد کرنا۔ احاطہ کرنا۔ کسی چیز کا۔
حِصَص ، جمع حصّہ کے۔
حصن ، جای پناہ۔ قلعہ۔ عفت عورت کی۔
حصول ، حاصل ہونا۔ پیدا ہونا۔
حُصون ، قلعے۔ گڑھیان۔
حِصّہ ، ٹکڑا۔ جزو
حَصِیر ، بوریا۔ چٹائی
حَصِین ، محکم۔ استوار۔ مضبوط
حُضّار ، جمع حاضر کی۔ حاضرین مجلس
حضر ، اقامت۔ شہر مین رہنا۔ خانہ باشی۔
حضرت ، نزدیکی۔ حضور۔ درگاہ
حضرات ، جمع حضرت کی۔ مراد بزرگ لوگ
حضور ، حاضر ہونا۔ سامنے رہنا۔
حَضِیض ، پستی۔ نشیب
حطب ، لکڑی۔ چوب۔
حظ ، نصیب۔ بہرہ۔ خوشی۔ خورمی۔ فائدہ
حظوظ ، جمع حظ کی۔
حظ ، بہرہ مندی۔ اور صاحب دولت ہونا۔
حفاظت ، نگاہبانی۔ پاسبانی۔
حفد ، خدمت شتاب کرنا۔

حفر ع زمین کا کھودنا۔
حفرہ ع گڑھا۔ زمین کھودی ہوئی۔
حفظ ع یاد کرنا۔ یاد رکھنا۔
حفیظ ع نگہبان۔ محافظ
حق ع راست۔ درست۔ سزاوار واجب لائق۔ ایک نام خدائتعالی کا۔
حقّا ع درست ہی۔ سچ ہی۔ قسم خدا کی۔
حقارت ع نفرت کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ ذلیل جاننا
حقانی ع خدائی۔ وہ شخص جو خدا کی محبت میں رہے۔
حقانیت ع خدا کا ذکر۔ خداپن۔ سچائی۔ درستی
حقائق ع جمع حقیقت کی۔
حق پرست غ سچا آدمی۔ جو تابع حق کے ہو۔
حقدار ف جسکا حق ہو۔ وارث۔ حصہ والا۔
حقد ع دشمنی۔ کینہ۔ بغض
حقنہ ع بتی دوا کی جو پیخانہ کی جگہ واسطے دفع بیماری کے کیجاتی ہے۔
حقوق ع جمع حق کی۔
حقہ ع ڈبہ جسمین جواہرات وغیرہ رکھتی ہین

حقہ باز ف بازیگر۔ مداری۔ بھان متی۔
حقیّت ع حق۔ حقداری۔
حقیر ع ذلیل تُچّھ
حقیقت ع اصل ماہیت۔ کسی شئے کی ذات۔
حقیقی ع اصلی۔ جو بناوٹ کا نہو
حَک ع چھیلنا۔ دور کرنا کھرچنا کسیکو دوسری چیز سے۔
حکاک ع مہرکن۔ نگینہ ساز۔ حک کرنیوالا۔
حکام ع جمع حاکم کی۔
حکایت ع بات۔ کہانی
حِکَم ع جمع حکمت کی۔
حُکم ع فرمان۔ پروانہ۔ فرمانا۔
حُکما ع جمع حکیم کی۔
حکمت ع دانائی۔ عقلمندی۔
حکمران ف حاکم۔ بادشاہ۔ فرمانروا
حکمت آلہی وہ علم جسمین بیان آلہیات کا ہو۔
حکومت ع حکم کرنا۔ فرمانروائی۔
حکمنامہ ف پروانہ۔ حکمنامہ۔

حَکّہ ع کھجلی۔ خارش۔

حکیم ع دانا۔ اور سب علوم کا جاننے والا۔

حَل ع کھولنا۔ مشکل چیز کو آسان کردینا۔

حِل ع روا ہونا۔ احرام سے باہر نکلنا حلال ہوجانا۔

حلاج ع دُھنیا۔ روئی کا دھنکنے والا۔

حلاحِل ع سردار۔ مہتر۔ چودھری۔

حلال ع روا۔ جائز۔ درست۔ موافق شرع

حلال خور ف خاکروب۔ چوڑھا۔

حلاوت ع شیرینی۔ مٹھائی

حلبی ع حلب کا۔ اکثر آئینہ حلبی مشہور ہوتا ہے۔

حُلبہ ع میتھی ایک قسم کی ترکاری مشہور ہے

حِلّت ع حلال ہونا۔ کشادگی۔ مباح ہونا۔

حلتیت ع ہینگ۔ انگوزہ۔

حلف ع قسم کھانا۔ سوگند۔

حلق ع گلا۔ گلو۔ مونڈنا بالوں کا

حلقہ ع گھیرا۔ احاطہ۔ مجلس۔

حلقہ بگوش ف غلام۔ فرمانبردار

حلول ع ایک چیز میں دوسری چیز کا ایسی طرح پر گھس جانا کہ تمیز نہ ہوسکے۔

حِلم ع کسی کو سزا دینے میں آہستگی کرنا۔ بردباری کرنا

حَلَمہ ع پستان کا سر۔ بھٹنی۔

حُلو ع شیرین میٹھا۔

حلوا ع میٹھی چیز۔ شیرینی تھے۔

حلوان ع بکری کا بچہ اصل اسکی حُلّان ہے

حلوا بید ف وہ میوے شیرین جو آفتاب کی گرمی سے پکتے ہیں اور وہاں آگ کا اونکو نہیں پہونچتا اسلئے یہ نام اوسکا پڑگیا۔

حُلّہ ع جامہ۔ جبہ۔ پوشاک۔

حلوائی ع شیرینی بیچنے والا۔

حُلی ع زیور چاندی یا سونیکا۔ جمع حلیہ کی ہے۔

حلیم ع بردبار۔ غصہ سہنے والا۔ اور نام ایک قسم کے کھانے کا۔

حلیہ ع زیور۔ صورت۔ پیدائش۔ آرائش

حلیلہ ع عورت۔ منکوحہ۔ بیوی جورو

حم ع سسر۔ سالہ وغیرہ سسرال کا رشتہ دار

حمار ع گدہا۔ خر

حمامہ ع مادہ کبوتر۔ کبوتری۔
حُمّی ع تپ بخار۔ بخاری
حماقت ع بیعقلی - بیوقوفی۔
حمّال ع بوجھ اوٹھانے والا۔
حمّام ع نہانے کی جگہ۔
حمّام زنانہ وہ جہان پر شور اور غل ہو۔
حمام ع کبوتر۔ فاختہ۔ قمری وغیرہ۔
حمایت ع طرفداری۔ بچاؤ۔ نگہبانی۔
حمائد ع جمع حمید کی خوبیان۔ اچھی خصلتین۔
حمائل ع تلوار اور شے جو بغل پر لٹکاتے ہیں اور قرآن شریف۔
حمد ع تعریف۔
حُمُر ع جمع حمار کی گدھے۔ خر بہت سے۔
حُمرت ع سرخی۔ لالی۔
حمّص ع نخود۔ چنا۔ غلط مشہور ہے۔
حمض ع گھاس جو تلخ اور شور مزہ کا ہو۔
حُمق ع بیوقوفی۔ احمق پن
حُمقا ع جمع احمق کی۔ بیوقوف آدمی۔
حمل ع بوجھ۔ شکم مین عورت کے جو بچہ ہو

حملہ ع ہلہ کرنا۔ دھاوا۔
حموضہ ع ترشی۔ کھٹائی۔
حمول ع پرچہ دوا کا لتھڑا ہوا جو دُبر۔ یا فرج مین رکھتی ہین۔ بتی دوا کی۔
حمیّت ع پرہیز کرنا۔ حفاظت۔ پرہیز۔
حمید ع خوبی۔ تعریف کی ہوئی شے۔
حمیم ع دوست۔ رشتہ دار بخار والا۔ گرم۔
حنا ع مہندی۔ جو عورتین ہاتھون مین لگاتی ہین۔
حنانہ ع نوحہ کرنے والی عورت۔
حنجرہ ع زخرہ گلے کا نل۔
حنطہ ع گیہون۔ گندم
حنظل ع اندرائن کا پھل۔
حنک ع تالو۔ کام
حوّا ع نام اول عورت کا جو آدم کی بیوی تھی
حواجب ع جمع حاجب کی۔ ابرو بھون۔ دربان۔
حوادث ع جمع حادثہ کی مصیبتین۔ تکلیفات۔ گردشات زمانہ۔

حواری ع دھوبی۔ اور سفید کپڑے والا۔ اصحاب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے۔

حواس ع جمع حاسہ کی وہ دس ہین پانچ ظاہری پانچ باطنی۔

حواس خمسہ ظاہری پانچ حس ظاہر کے یعنے ذائقہ۔ باصرہ۔ شامہ۔ لامسہ۔ سامعہ۔

حواس باطنی پانچ حس باطنی۔ حس مشترک۔ خیال متصرفہ۔ واہمہ۔ حافظہ

حواشی ع جمع حاشیہ کی کناری۔ اور نوکر چاکر۔

حواصل ع جمع حوصلہ کی۔ اور نام ایک جانور آبی کا ہے۔

حوافر ع جمع حافر کی گھوڑے یا گدہے کے سم۔

حوالات ع قید۔ نظربندی کی سپردگی مین قیدی رکھنا۔

حوالہ حوالت سپرد کرنا۔ دوسری کو کوئی چیز دیدینا۔

حوالی ع گرداگرد کسی چیز کا۔

حوالی شہر شہر کا نواح۔ یعنے شہر کے گرداگرد کی زمین۔

حوائج ع جمع حاجت کی حاجتین۔

حوت ع مچھلی۔ اور نام بارھوین برج کا۔

حُورا ع وہ عورت جو سفید رنگ کی ہو۔ اور آنکھ اور بال اوسکی نہایت سیاہ ہون۔

حور ع جمع ہے حورا کی سفید رنگ اور سیاہ آنکھ اور کالے بال والیان۔

حوزہ ع کونا۔ درمیانہ مملکت کا۔

حوصلہ ع پوٹا۔ معدہ پرندجانور کا جو حلق کے نیچے ہوتا ہے جسمین دانہ جمع کرلیتا ہے اور مجازی معنی مقدور ہمت

حوض ع پانی کا چوبچہ۔ وہ جگہ جہان پر پانی ہمیشہ ٹھہرا رہے۔

حول ع بازگشت۔ قوت توانائی۔ سال۔ برس۔

حویلی ع اصل مین حوالی تھا یہ فارسیون کا تصرف ہے وہ مکان جسکے چارطرف دیوار ہو۔

حیّ ع زندہ ۔ جیتا ہوا ۔ قوم ۔ اور نام خدا تعالیٰ کا۔

حیا ع شرم ۔ اور باران ۔

حیات ع زندگی ۔ جانداری ۔

حیثیت ع وضع ۔ اسلوب ۔ طور ۔ طریق ۔

حیدر ع شیر درندہ ۔ اور لقب حضرت علی کرّم اللہ وجہہٗ کا ہے

حیرہ ع گدّی ۔ گردن کی پیٹھ پشت گردن ۔

حیران ع بھوچکا ۔ ہکا ۔ بکّا ۔

حیرت ع بسبب تعجب کے ایک ہی حال پر رہجانا ۔ بھوچکا پن ۔

حیّز ع جگہ ۔ مکان ۔ اصطلاحی معنی یہ ہیں کہ سطح باطنی جسم حاوی کہ مماس ہو سطح ظاہری جسم محوی کو ۔

ہیجڑ ف مخنث ۔ نامرد ۔

حیص بیص ع لڑائی وغوغا حیص کے معنی ہیں بیراہ ہونا بیص سختی اور تنگی ۔

حیض ع خون معتاد جو عورتوں کو ہر مہینے میں آیا کرتا ہے ۔

حیطہ ع احاطہ ۔ چار دیواری ۔

حیف ع افسوس ۔ ستم ۔ ظلم

حِیَل ع جمع حیلہ کے ۔

حیلہ ع فریب ۔ بہانہ ۔

حین ع وقت ۔ ہنگام ۔ روز قیامت

حَیْن ع موت ۔ مرگ ۔ ہلاکت ۔

حیوان ع زندہ ۔ جاندار ۔ جانور ۔

حیوانات ع جمع حیوان کی ۔

حیوانی ع حیوان کا ۔ جاندار کا ۔

حیّہ ع سانپ ۔ مار ۔

باب الخاء

خابور ع پچڑ ۔ وہ کھونٹی جو لکڑی میں ٹھونک کر لکڑی کو چیرتے ہیں ۔

خاتم ع ختم کرنے والا خاتم انگشتری ۔ انگوٹھی ۔ مُہر ۔ خواتم جمع

خاتمہ ع انجام۔آخری۔کتاب کا آخر حصہ

خاتون ع بی بی۔بیگم۔گھر کی مالک۔

خاتون فلک ف
خاتون یغما ف } سورج۔

خاتون عرب کعبہ۔

خادع ع فریب دینے والا۔فریبی۔ مکار۔

خادم ع خدمت کرنے والا نوکر۔

خار ف کانٹا۔ سول

خارا ف
خارہ ف } سخت پتھر سنگ سخت۔

خارپشت ف سیہہ۔ساہی جانور مشہور ہے۔

خارج ع باہر۔ الگ۔ نکلا ہوا۔

خارش ف
خارشت ف } کھجلی۔

خارق ع پھاڑنیوالا۔ خلاف عادت۔

خارق عادت معجزہ انبیا کے اور کرامتیں اولیا کی۔

خاریدن ف کھجلانا۔ خارش کرنا۔

خازن ع جمع کرنے والا۔ خزانچی۔

خازنہ ع سالی۔ جورو کی بہن۔

خاستن ف اٹھنا۔ کھڑا ہونا۔ چاہنا۔

خاسر ع زیانکار۔ نقصان اوٹھانیوالا جسکو نقصان ہوا ہو۔

خاشاک ف کوڑا۔ کرکٹ۔

خاشع ع عاجزی۔اور فروتنی کرنے والا۔

خاشی ع ڈرپوک۔ ڈرنے والا۔

خاص ع مخصوص۔ نج۔ ذاتی۔

خاصدان ف پان رکھنے کا برتن۔

خاصان ف خاص لوگ۔ مخصوص لوگ۔

خاصہ ع جو خاص ہو کسی شے کو۔ خاصیت مجازاً کھانا امیروں کا۔

خاصرہ ع کمر۔ تہی گاہ۔

خاصیت ع طبیعت۔ اثر۔

خاضع ع عاجزی۔اور فروتنی کرنے والا

خاطر ع جو دلمین گذرے۔دھیان۔دل

خاطر جمع ف دلکی تسلی۔

خاطر نشان ف اسکے معنی خاطر نشین ہین یعنے جو دل مین بات بیٹھ سکے یقین ہو سکے

خافق ع دہڑکنے والا - جسکا سر ہلتا ہے جیساکہ نیزہ یا درخت -

خافقین ع مشرق - مغرب - پورب پچھم

خاقان ت بادشاہ اول مین بادشاہ چین کا خطاب تھا اب ہر بادشاہ کو کہنے لگے ہین -

خاک ف مٹی - راکھ

خاک بیز ف نیاریہ - یعنی وہ شخص جو بطمع زر راکھ کو دہوتا ہے اور جو اپنے مطلب کے واسطے بڑے مشکل کام کرتا ہے باریک بین -

خاک تودہ مٹی کا تودہ بناتے ہین جسمین تیر لگا کے مشق کرتے ہین -

خاکدان ف دُنیا - عالم - کوڑی -

خاکزاد ف خاکی - دنیاوی - خاک کا بنا ہوا

خاکسار ف غریب - مانند خاک کے

خاکستر ف راکھ - خاک -

خاکروب ف چوڑہا

خاکہ ف ڈہانچہ - مسودہ تصویر کا -

خاکی ف خاک کا -

خاگ ف انڈا - بیضہ مرغی کا -

خاگینہ ف انڈونکا سالن مشہور کہانا ہے -

خایہ ریز ف

خال ف تل - سیاہ نقطہ جو بدن پر ہوتا ہے - کالا اونٹ -

خال ع ماموں - ما کا بہائی -

خالد ع ہمیشہ رہنے والا -

خالص ع جو کسی دوسری شے سے ملا نہو -

خالصہ ع خاصہ - اور جو کسی سے ملا ہوا نہو اصطلاحی معنے ملک یا زمین بادشاہ ہے جو کسیکے جاگیر نہو سرکار کی ہو -

خالق ع پیدا کرنے والا -

خالو ف مان کی بہن کا خصم -

خالہ ع مان کی بہن -

خالی ع جسمین کچھہ بھرا ہوا نہو -

خام ف کچا - خالص - شراب مقطر -

خام ریش ع بیعقل - مسخرہ

خامش ف چُپ

خامل ع گمنام - کمینہ - اوّل جہول -

خاموش ف چُپ - چپکا ہوا -

خاموشیدن ف چپکا ہونا۔
خامہ ف قلم۔ نیزہ لکھنے کا۔
خامی ف کچاپن۔ کچ پن۔
خان ف سابق مین یہ لقب بادشاہان ترکستان کا تھا اب رئیس امیر کو کہتے ہین اور سراے۔
خانخانان ف مالک سراے۔ داروغہ سراے۔
خاندان ف گھرانہ۔
خانسامان ف مالک سامان کھانے وغیرہ کا داروغہ۔
خانقاہ ف فقیرون اور درویشون کے رہنے کی جگہ۔
خانمان ف خان مخفف خانہ کا اور مان اسباب یعنے گھر کا اسباب۔
خانوادہ ف خاندان۔
خانہ ف گھر۔ مکان۔
خانہ بدوش ف مسافر۔ پریشان بے ٹھکانے آدمی۔ جس جگہ چاہے رہ پڑے

خانہ جنگی ف لڑائی۔ فساد۔ دنگہ۔
خانہ زاد ف جو گھر کا پیدا ہوا ہو۔
خاور ف مشرق۔
خاوند ف مالک۔ صاحب خانہ۔
خاوی ع خالی۔ جسمین کچھ نہو۔
خائب ع ناامید۔ محروم
خائض ع غور کرنیوالا۔ بڑا فکر کرنیوالا۔
خائف ع ڈرپوک۔ ترسان۔ ڈرنیوالا۔
خائن ع امانت مین خیانت کرنے والا۔
خایہ ف بیضہ مرغ کا۔ انڈا آدمی کا۔ اور حیوان کا
خائیدن ف چبانا۔
خبث ع پلیدی۔ میل نا خوش ہونا۔ برائی۔
خبر ع سندیسا۔ کسیکی بات
خبرت ع امتحان۔ آزمائش۔ جاننا۔
خباز ع روٹی پکانے والا۔ نان بائی
خبایا ع جمع خبیہ کی۔ پوشیدگیان۔
خبردار ف واقف۔ جاننے والا۔
خبرگیر ف چوکیدار۔ خبر لینے والا

خبزہ ع روٹی۔
خبط ع جنون کا الجھانا عقل میں جنون۔
خبیث ع پلید۔ ناپاک ناخوش
خبیر ع واقف۔ جاننے والا۔ دانا۔
ختم ع پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ مہر کرنا۔
ختام ع وہ ٹاٹ موم یا لاکھہ کی لگا کر مہر کرنا۔
ختن ع داماد۔
ختنہ ع سنت کرنا۔
خجالت ع شرمندی۔ حیا۔
خجستہ ف مبارک۔ ہمایوں۔
خجل ع شرمندہ۔
خجلت ع شرمندہ ہونا۔ اور شرمندگی۔
خد ع چہرہ۔ رخسار۔ گال۔
خدا ف مالک۔ صاحب۔ خودآیندہ۔
خداع ع فریب دینا۔
خدام ع جمع خادم کی۔ نوکر لوگ۔
خداوند ف صاحب۔ مالک۔
خدائی ف صاحبی۔ خدا ہونا۔
خدایا ف اے خدا۔ یا خدا۔

خدائع ع جمع خدیعت کی۔ مکر اور فریب۔
خدایگان ف بادشاہ۔ خداوند۔
خدر ع سن ہوجانا۔ پٹھو کا سست ہوجانا۔
خدر ع پردہ۔
خدشہ ع شک۔ شبہہ۔
خراش۔ خلش۔
خدع ع فریب دینا۔ دغا کرنا۔
خدم ع نوکر چاکر لوگ۔ جمع خادم کی ہے۔
خدمت ع چاکری کرنا۔ کام کرنا۔ کام
خدنگ ف تیر۔ نام ایک درخت کا ہے جسکے تیر بنتے ہیں۔
خدیعت ع مکر۔ فریب
خدیو ف خداوند۔
خر ف گدہا۔ کھوتا۔ کلان۔ اور بڑا
خرزہ ع بیٹ جانور کی۔
خراب ع ویران کرنا۔ ویران۔ ضائع مست۔ فقیر۔ ویرانہ۔
خرابات ف شراب خانہ۔ قمار خانہ۔
خرابہ ع ویرانہ۔ اوجڑ مکان

خراج ع محصول زمین کا۔
خراد ف اصل اسکے خراط ہے فارسیون
نے خراد کر لیا ہے۔
خرادی ف خراط کرنے والا۔ کاریگر۔
خراس ف آٹا پیسنے کی چکّی جسکو بیل گھماکر
آٹا پیستے ہین۔
خراش ف چھلنا۔
خراشیدن ف چھیلنا۔
خرّاط ع لکڑی کو چرخ پر چڑہاکر جو شخص
صاف کرتا ہے۔
خراطت ع چرخ پر لکڑی چڑہاکر صاف کرنا۔
خراطیم ع جمع خرطوم کی ہاتھی کی سونڈ۔
خرافات ع بیہودہ باتین جمع ہی
خرافت کی۔
خرافت ع کلام بیہودہ اور نام ہے ایک
شخص کا جو عرب مین بڑا جھوٹا گذرا ہے۔
خرام ف نرم رفتار۔ نازکی چال
مٹک چال۔
خرامان ف مٹک چال۔ چلنے والا۔
نازکی چال چلتا ہوا۔
خرامیدن ف ناز سے چلنا۔ مکرا کر
چلنا۔ مٹک کر چلنا۔
خربوزہ ف مشہور ترکاری ہے معنے
اس لفظ کے بڑا میوہ ہین۔
خرج ع باہر نکلنا۔ خرچ ہونا۔
خرچنگ ف کیکڑا مشہور جانور آبی ہے۔
خرچہ ف لاگت۔ صرف۔ خرچ
خرچ ف زر جو ہاتھ سے نکل جاوے آمدنی کی ضد۔
خرچی ف قیمت جمع کی۔ صحبت کا مال۔
خرچین ف کاہی کا تھیلا۔ چارجامہ
کا تھیلا۔
خرخشہ ف بےموقع لڑائی کرنا۔ جھگڑا
کرنا۔ خلجان۔
خُرد ف چھوٹا۔ ریزہ
خِرد ف عقل۔ دانائی۔
خردمند ف عقلمند۔ دانا آدمی۔
خرداد ف اساڑہ کا مہینا۔
اور چھٹا دن ہر ماہ شمسی کا۔

خَردل ع رائی مشہور غلہ ہے

خردہ بینی ف عیب نکالنا۔ بُرائی نکالنا۔ باریکی دیکھنا۔

خرز ع موزہ کا سینا۔ درز مشک یا موزہ کا سینا۔

خرزہرہ ف کنیر کا درخت مشہور ہے۔ دو قسم کا ہوتا ہے سفید اور سرخ۔

خرس ف ریچھ۔ بھالو۔ مشہور درندہ ہے

خرسند ف خوش۔

خرسنگ ف بڑا پتھر کیونکہ خر کے معنے کلان اور سنگ پتھر۔

خرسندی ف خوشی۔

خُرشید ف آفتاب روشن۔

خرطوم ع ہاتھی کی سونڈ اور تھوتھڑی ناک۔

خَرِف ع کم عقل آدمی بیہودہ گو

خرق ع پھاڑنا۔

خرق عادت کرامت معجزہ۔ جو خلاف عادت ہو۔

خرقہ ع پُرانا جامہ۔ چیتھڑا۔ فقیروں کا لباس

خرک ف چھوٹا گدھا۔ انگور خام۔

خرکس ف احمق آدمی۔ بیوقوف

خرگاہ ف خوشی کی جگہ۔ خیمہ۔ بڑا خیمہ

خرگوش ف سسا۔

خُرّم ف خوش۔ شاد

خرما ف چھوارا۔ مشہور میوہ ہے۔

خرمست ف گدا جو بیوقی سے کہنا نہ مانے۔

خرمن ف کھلیان۔ تودہ غلہ کا جس سے ابتک بُھوس الگ نہ کیا ہو۔

خرمہرہ ف کوڑی جو ہندوستان میں بطور زر کے رائج ہے۔

خرمی ف خوشی۔

خروار ف تودہ۔ بوجھ جسکو خر اوٹھا سکے۔

خُروج ع باہر نکلنا۔ باغی ہونا کسی حکم سے منحرف ہونا۔

خُروس ع مرغ گھر کا پلا ہوا۔

خروش ف غل۔ شور۔

خروشیدن ف شور کرنا۔ غل کرنا

خُرُوف ع بکری کا بچہ۔ برہ۔
خریدار ف خرید کرنے والا۔ مول لینے والا۔
خریدن ف مول لینا۔
خُریدہ ع لڑکی نابالغ۔ عورت
خرگین ف درناسفتہ۔
خریطہ ع تھیلی۔ لفافہ امیروں کے خط کا۔
خریف ع موسم خریف جسمیں جوار مکئی وغیرہ ہوتی ہے یعنی ساونی۔
خز ع ریشمی کپڑا۔ جامہ ریشمی۔
خِزان ع پت جھڑ باد جسکے چلنے سے پتے درختوں کے جھڑ جاتے ہیں۔
خزانچی ت خزانہ رکھنے والا۔ فوطہ دار روکڑیا۔
خِزانہ ع گودام نقد کا۔ جہاں پر نقد روپیہ رہتا ہو۔
خزائن ع جمع خزانہ کی۔
خزعبل ع بیہودہ بات جس سے ہنسی آوے
خزعبیل ع خزعبلات جمع۔
خزف ع ٹھیکری۔ سفال۔

خَزیدن ف گھسنا۔ چھپنا۔
خزینہ ع خزانہ۔ گودام روکڑ کا جہاں روپیہ ہو
خس ف گوڑا تنکی گھاس۔ کمینہ آدمی بخیل
خسارت ع نقصان۔ زیان۔
خساست ع نالائقی۔ زبون ہونا۔
بخل۔ کنجوسی۔
خساندن ف بھگانا۔ ترکرنا۔
داڑھی۔ دانتوں میں دبانا۔
خسانیدن ف داڑھی کا دانتوں میں دبانا۔
خسپیدن ف سونا۔ نیند کرنا۔
خستہ ف گھائل۔ زخمی۔ گٹھلی
خرما و آلوچہ وغیرہ کی۔
خستگی ف زخمی پن۔ دلگیری۔ رنج کی برداشت
خستن ف زخمی ہونا۔ اور زخمی کرنا۔
خستو ف دانہ میوہ کا جیسے دانہ خرما دانہ شفتالو وغیرہ بولتے ہیں۔
خستو انہ نقیر و کا خرقہ جوکئی طرح کی ٹکڑوں کا بنا ہو۔

خُسر ف سُسرا۔ جورو کا باپ۔
خُسران ع ٹوٹا۔ نقصان۔
خُسرپورہ سالا۔
خُسرو ف بادشاہ عادل۔ ہر ایک بادشاہ صاحب شوکت۔ اور نام ایک بادشاہ کا۔
خُسروانہ ف بادشاہانہ۔ شاہانہ۔
خسف ع زمین میں دھنس جانا۔ اور چاند کا گہنا
خسوف ع زمین میں دھنس جانا۔ اور چاند کا گہنا۔
خسیدن ف چبانا۔ دانتوں سے چبا کر نرم کرنا۔
خسیر ع زیانکار۔ جو شخص نقصان اوٹھاوے۔
خسیس ع بخیل۔ زبون۔ نالائق۔
خُش ف ساس۔ خوشدامن۔ اور تیز دوڑنا۔
خشب ع لکڑی۔ چوب۔ بالن۔
خشت ف اینٹ۔ اور چھوٹا سا نیزہ۔
خشخاش مشہور دانہ ہے جو افیم کے ڈوڈون سے نکلتا ہے۔
خشک ف سوکھا ہوا۔

خشکار ف بدون چھنا ہوا آٹا۔ اور خاگینہ۔
خشکہ ف چاول ابالے ہوئے۔
خشکی ف سوکھاپن۔ تری نہونا۔
خشم ف غصہ۔ خفگی
خشمگین ف غصہ ور۔ جو شخص غصہ مین ہو۔
خشمناک ف غصہ کا بھرا ہوا۔ غصہ ور۔
خشن ع سخت۔
خشنود ف خوش۔ مسرور۔
خشنودی ف خوشی۔
خشو ف ساس۔ خوشدامن۔
خشوع ع عاجزی۔ فروتنی۔ گڑگڑانا۔ خوف۔
خشونت ع سختی۔ کھردراپن۔ درشتی۔
خَشیَت ع خوف۔
خشیج ف عنصر۔ ضد۔ مخالف۔
خصاف ع موچی۔ چمار۔
خصال ع جمع خصلت کی۔ خو۔ عادات۔
خصائص ع جمع خصیصہ کی۔ سبھاؤ۔ خصلت۔ خاصیت۔
خصائل ع جمع خصلت کی۔

خصلت ؑ خو۔ عادت۔ سبھاؤ
خصم ؑ دشمن۔ مالک۔ اور صاحب۔ جھگڑا کرنے والا۔
خصمی ؑ دشمنی۔ مالکیت۔
خصوص ؑ خاص ہونا۔ خصوصیت
خصوصیت ؑ خاص ہونا۔
خصوصیات ؑ جمع ہے خصوصیت کی۔
خصوم ؑ جھگڑالو۔ دشمن۔
خُصُوم ؑ دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
خُصُومات ؑ جمع خصومت کی۔
خصومت ؑ دشمنی۔ جھگڑا۔ کینہ۔
خصی ؑ جس جانور کے خصیے نکالڈالین نامرد۔
خصیہ ؑ بیضہ۔ آنڈ۔
خصیتان ؑ دو آنڈ۔ دو بیضہ
خصیم ؑ خصومت کرنیوالا۔ دشمن۔
خضاب ؑ رنگ۔ اور مجازًا وسمہ وحنا کا رنگ۔
خضب ؑ رنگ کرنا۔ رنگنا۔

خِضر ؑ نام ہے ایک پیغمبر یا ایک ولی کا جو گمراہون کو راہ بتاتا ہے۔
خضر ؑ شاخ۔ سبز۔ ہری ٹہنی۔
خضراء ؑ سبز۔ ہرا۔ تازہ۔
خُضرت ؑ سبزی۔ ہریائی۔ نباتات کی اور انسان مین گندم گونی۔
خضریات ؑ ترکاریان۔ سبزیان۔
خضوع ؑ عاجزی کرنا۔ گوگڑانا۔
خضیب ؑ رنگین۔ رنگا ہوا۔
خط ؑ لکیر۔ جسمین صرف طول ہو۔ عرض۔ اور عمق نہو۔
خطاب ؑ نام۔ یا مدح۔ یا لقب۔
خط استواء ؑ وہ خط جو بیچون بیچ زمین کے فرض کیا گیا ہے۔
خطایا ؑ جمع ہے خطیہ کی گناہ اور خطائین۔
خُطب ؑ جمع خطبہ کی دیباچہ کتاب کے اور وہ کلام کہ جس سے خطاب کرین اور حمد و ثنا اوسمین ہو۔
خطب ؑ کام دشوار۔ حادثہ۔

خطابہ ع خطبہ پڑہنا۔ خطبہ خوانی۔
خطبہ ع منگنی کرنا۔ نکاح کرنے کی۔
خواہش کسی عورت سے کرنا۔
خطر ع قدر۔ اور جاہ۔ اور عظمت
اور بزرگی۔ اور آفت۔ اور دشواری۔
خطرہ ع جو دل مین اندیشہ آوے۔ آفت
خطوات ع جمع ہے خطوہ کی قدم۔ اور
فاصلہ درمیان دونون پیرون کے
جو بروقت رفتار کے واقع ہو۔
خطوہ ع قدم۔ ڈگ۔
خطّہ ع شہر کلان۔ زمین محدود۔
گھرا ہوا قطعہ زمین کا۔
خطیب ع خطبہ پڑہنے والا۔ لوگون کو
مخاطب کر کے بولنے والا۔
خطیر ع بزرگ۔ بڑا۔ کلان۔
خف ع موزہ۔
خفا ف ناراض۔ غصہ والا۔
خِفا ع پوشیدگی۔ پنہانی۔
خفاجہ ع ایک گروہ ہے عرب مین جو
راہزن اور چور ہین۔
خفاش ع چمگدڑ۔ شپرہ۔
خفایا ع جمع ہے خفیہ کی پوشیدگیان۔
خفت ع سبکی۔ ہلکاپن۔
خفتان ف ایک قسم کا جامہ ہے کرتے کی
مانند ہوتا ہے لڑائی کے روز پہنتے ہین۔
اور یون بھی اور لوگ پہنتے ہین۔
خفتن ف سونا۔ نیند کرنا۔
خفر ع شرم۔ اور شرمگین ہونا۔
خفیہ ع بدرقہ۔ نگاہبان۔ سپاہی گارد کے
خفقان ع دل کا دہڑکا۔ دہڑکنا دل کا۔
خفگی ف ناراضگی۔ خفا ہونا۔
خفہ ف ناراض۔
خفی ع پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
خفیات ع جمع خفیہ کی پوشیدگیان۔
خفیدن ف خفا ہونا۔ چھینک لینا۔
خفیف ع ہلکا۔
خفیہ ع پنہانی۔ پوشیدگی۔ چھپا ہوا
خل ع سرکہ۔ رخل۔ دوست

خلا ع پائخانہ۔ اور خالی جگہ۔
خلاب ع کیچڑ۔ راہ مین جو کیچڑ پہوتی ہے۔
خلاص ع چھٹکارا۔ مخلصی۔
خلاصہ ع اصل۔ پاک۔ صاف۔
خلاف ع درخت بید کا۔ برعکس مخالف۔
خلافت ع جانشینی۔ کسی کی جگہ پر بیٹھنا۔
خلاق ع بہت پیدا کرنے والا۔
خِلال ع درمیان۔ فاصلہ۔ درمیان۔ دو چیز کے۔ دانت کریدنے کا تنکا۔
خلالہ ع ایک تنکا دانت کریدنے کا۔
خلان ع دوستان۔ یاران جمع ہے خلیل کی۔
خلانیدن ف چبھانا۔
خلائف ع جمع ہے خلیفہ کی۔
خلائق ع جمع خلق کی۔
خُلّت ع دوستی۔ محبت
خلج ع باہر کھینچا۔ چھینا۔
خلجان ع چبھنا۔ تردد۔ اور فکر اور وسواس۔ بھوں سے اشارہ کرنا۔

خلخال ع پای زیب۔ گوجری۔
خُلد ع جنت۔ بہشت۔ دائم۔ اور ہمیشگی
خلش ف زخم کرنا۔ اور جہان پر جسم ہو وہان تک کوئی چیز کا چبھانا۔ دل مین جو تکلیف پہونچتے رہے۔ جھگڑا۔
خَلص ع خالص۔ صادق۔ بی کھوٹ
خِلط ع ملی ہوئی شئے اور اخلاط اربعہ سے ایک خلط یعنی خون یا صفرا یا بلغم۔ یا سودا
خَلع ع کسی جگہ سے نکلنا۔ کپڑا یا موزہ نکالنا بدن سے۔ طلاق لینا عورت کا بعوض بخشنے مہر کے یا مال دیکر۔
خِلعت ع لباس یا پوشاک جو امیر یا بادشاہ کیطرف سے دیا جاوے۔
خَلَف ع بیٹا۔ یا جانشین۔
خلفاء ع جمع ہے خلیفہ کی۔
خُلق ع عادت۔ خو۔ سبھاؤ۔
خلق ع دنیا کے لوگ۔ مخلوق پیدا کیا ہوا۔
خِلقت ع پیدایش۔ پیدا کرنا۔

خلل ع کشادگی۔ رخنہ تباہی کا رکی ہونی۔ فتور پڑنا۔
خلو ع خالی ہونا۔
خلوت ع تنہائی۔ اور خالی ہونا مکان کا۔
خلوت صحیح ع تنہا ہونا خاوند جورو کا واسطے ہم بستر ہونے کے ایسے مقام مین جہان پر کوئی اور انسان نہو۔
خلود ع ہمیشہ پن۔ اور ہمیشگی۔
خلوص ع سادہ اور پاک ہونا مجازاً دوستی خالص
خلی ع بغم بیفکر۔ خالی کار وبار سے۔
خلیج ع ایک شاخ دریا کی جو تین طرف خشکی سے محیط اور ایک طرف سمندر سے ملی ہو۔
خلیتہ ف تھیلا۔
خلیدن ف چبھنا۔ ربیچے جانا۔ زخم کرنا۔ گھائل کرنا۔
خلیفہ ع جانشین۔ ولیعہد۔ کسی جگہ پر بعد اوسکے وفات کے مقرر ہونیوالا۔
خلیق ع صاحب خلق۔ اچھی سبھاؤ کا آدمی۔
خلیل ع دوست۔ صادق۔ سچا۔
خم ف کج۔ ٹیڑھائی۔

خُم ع مٹکا شراب کا۔ پیپہ شراب وغیرہ کا
خمار ع نشہ شراب وغیرہ کا۔ اور خمار۔ اوڑہنی عورتون کی۔
خماسی ع وہ کلمہ جسمین پانچ حرف ہون پانچ والا۔
خمان ف کمان۔ خم ہونا۔ اور وہ چیز خم شدہ
خمانیدن ف کیسیکے حرکات وسکنات کی نقل کرنا۔ بطور تمسخر کے۔
خمخانہ ف شراب خانہ۔
خمر ع شراب۔ برانڈی۔
خمس ع پانچ۔ یعنے (۵) (ہ)
خُمس ع پانچوان حصہ یعنے ($\frac{1}{5}$)
خمسون ع پچاس یعنے (۵۰) (ن)
خمسہ ع پانچ (۵) (ہ)
خم و چم ف اترانا۔ ناز و ادا معشوق کی۔
خموش ف چپ چاپ مخفف خاموش کا ہے
خموشیدن ف چپ رہنا۔ چپ ہوجانا۔
خمول ع گمنام ہونا۔ گمنامی۔
خمیازہ ف انگڑائی۔
خمیدن ف ٹیڑھا ہونا۔ خم کھانا۔ کبڑا ہونا۔

خمیدہ ف کبڑا - ٹیڑھا

خمیر ع آٹا سڑا ہوا جو اور آٹے کو پھلا دیتا ہے

خمیس ع جمعرات کا دن -

خنبیدن ف تالی بجانا - تال دینا -

خنادق ع جمع خندق کی کھائیان -

خنازیر ع جمع خنزیر کی سور - خوک -

خناس ع دیو بد - شیطان -
جو دل مین وسوسہ ڈالے -

خناق ع بیماری حلق کی مشہور ہے -

خنثی ع جو نہ عورت ہو نہ مرد -

خنجر ف مشہور ہتھیار ہے اور
بمعنے شمشیر کے بھی آتا ہے -

خندان ف ہنسوڑ - ہنسی کرتا ہوا - ہنستا ہوا

خندانیدن ف ہنسانا -

خندق ف کھائی جو شہر کی چار طرف بناتے ہین -

خندہ ف ہنسی

خندیدن ف ہنسنا - قہقہ کرنا -

خنزیر ع سور

خنصر ع تیسری انگلی جسکو چھنگلی کہتے ہین -

خنک ف سرد - ٹھنڈا - اور خوش

خُنک ف کونہ - زاویہ - عاشق زار
بیہودہ - اور خنگ بد ذات بدنفس - اور خنگ
سپید سپ خنگ جسکے بال سفید ہون -

خُنکا ف خوشا - خوشخبری -

خِنگا ف موٹا - ہٹا کٹا

خَنُو ف بدزبان - پھوہڑ
گفتگو مین - بدسلیقہ - پوچ -

خُنیا ف راگ - ساز - نغمہ -

خُنیاگر ف گویا - ڈوم - مطرب

خو ف عادت - سبھاؤ

خواب ف نیند اور نیند مین جو دکھلائی دے -

خوابیدن ف سونا - نیند کرنا -

خوابانیدن ف سولانا -

خواجہ ف صاحبخانہ مالک گھر کا - سردار
پیر - مالدار - حاکم - صاحب جمعیت
دل - روح - وہ خدمتگار جسکا آلۂ تناسل
کاٹ ڈالا جاوے -

خواجہ تاش ایک مالک کے غلام -

بلک

ایک آقا کے نوکر۔ خداوند۔ صاحب خانہ۔
خواجہ سرا ؁ وہ غلام جو نامرد ہو اور کام زنانہ گھر کا کرتا ہو۔
خواجۂ فلک آفتاب بعضی جگہ اس سے مراد مشتری ہوتی ہے۔
خوار ف کہانیوالا مثلاً۔ شراب خوار کباب خوار وغیرہ اور ذلیل۔ اور بے اعتبار آدمی۔
خوارج ع جمع ہے خارج کی اور خارجی کی بہی وہ لوگ ہین جو مخالف رافضیون کے ہین۔
خوارزم ع نام شہور شہر کا۔
خوارق ع جمع خارق کی۔ خلاف عادت جو بات ہو۔ کرامت معجزہ وغیرہ۔
خواری ف ذلت۔ بی اعتباری۔ رسوائی
خواستگاری خواہش۔ چاہنا۔ تمنا
خواستار مانگنے والا۔ خواہش کرنے والا۔ طلب کرنے والا۔
خواستن ف چاہنا۔ خواہش کرنا۔
خواستہ ف زر مال۔ سامان۔ جمعیت۔ ملک۔ حسب خواہش لگے جو ہو۔

خواص ع جمع خاص کی۔
خواصی ع خدمتگاری۔ ہر وقت کی حاضر باشی بطور خاصون کی۔
خواطر ع جمع خاطر کی طبیعتین۔ دل۔
خوان ف دسترخوان۔ کٹہرا بڑا کہانیکا۔ جو لکڑی کا بنا ہوا ہو۔
خوانچہ ف چہوٹا خوان۔
خواندگی ف پڑہائی۔ پڑہنا۔
خواندن ف پڑہنا۔
خواندہ ف بُلایا ہوا۔ پڑہا ہوا
خوان سالار ف پکاول۔ باورچی خانسامان۔
خوانسامان ف جو شخص کہانا کہلانے کا سامان رکہے۔
خوان یغما خوان لوٹ کا یعنے عام لنگر۔ سدابرت۔
خواہ ف چاہ۔ یا مانگ۔
خواہش ف تمنا۔ آرزو مال۔ اسباب۔
خوب ف اچہا۔ بہتر۔ نیک۔ مضبوط۔

خوبان ن معشوق۔ پری چہرہ گروہ معشوقوں کا۔

خوبانی ن زرد آلو خشک جسکی گٹھلی کا بادام ہوتا ہے۔

خوجہ ن مخفف خواجہ کا ہے۔ خواجہ سرا نامرد غلام۔

خُوخ ع شفتالو۔ آڑو۔

خود ن تاج۔ ٹوپی لوہے کی۔

خُود ن آپ۔

خودکاشت جو شخص خود ہی مالک زمین کا ہو۔ اور آپہی اوسکو بووے۔

خودبخود ن آپہی آپ

خور ن کھاؤ امر ہے خوردن سے۔

سرائر ع جمع سریرہ کی پوشیدہ بھید اور تخت
سرائچہ ف چھوٹی سرای۔ چھوٹا مکان۔
سُرب ع جست۔ شیشہ۔ جسکی گولیان ڈھالتے ہین۔
سرباختن ف لڑائی کرنا۔ لڑنا۔
سربار ف سر کا بوجھ
سرباز ف بہادر۔ جنگجو بیخوف لڑنے والا۔
سربازی ف لڑائی۔ بے خوف کام بہادری کا کرنا۔
سربالا ف بلند سر۔
سربراہ کردن ف راہ پر لانا۔ پورا کرنا۔ انتظام کرنا۔
سربراہ ف منتظم۔ مہتمم
سربراہی ف اہتمام۔ انتظام
سربرداشتن ف سربلند کرنا۔
سر اوٹھانا۔ حاکم سے پھر جانا۔ باغی ہونا۔
سربرزدن ف ایک بات کا واقع ہونا۔ ہو جانا۔
سربست ف خانہ زاد نوکر۔ گھر کا نوکر۔
سربست ف آزاد۔ بے قید۔
سربستن ف بندھنا۔
سربستہ ف بندھا ہوا۔ پوشیدہ راز۔
سربسر ف تمام۔ بالکل۔
سربلند ف اونچا۔ بلند۔
سرپنجی ف زور۔ شدت۔
سرپنجہ ف ہاتھ کا پنجہ۔ اور مجازاً طاقتور اور زبردست آدمی۔
سرپوش ف ہنڈیا کا ڈھکنا۔ طباق کا ڈھکنا۔ جو اوپر ڈھکا رہتا ہے۔
سرپیچ ف جوہر ہوتا ہے جو عمامہ یا پگڑی پر لٹکایا جاتا ہے۔
سرپیچیدن ف سرکشی۔ اور نافرمانی کرنا
سرتابی ف حکم نہ ماننا۔ بغاوت کرنا۔
سرتاسر ف تمام۔ بالکل۔ سب کا سب

سرج ع زین گھوڑیکا۔
سرجوش ف شوربا جو اول جوش کھا چکا ہو
۔مجازاً خلاصہ۔زبدہ۔
سرچشمہ ف چشمہ۔سوتا پانی کا۔
سرحد ف حد
سرحلقہ ف سردار حاکم کسی حلقہ کا۔
سرخ ف لال۔
سرخاریدن ف ناامید ہونا
تسلی کرنا۔راغب ہونا۔
سرخرو ف خوش۔جسکا
دعوے ثابت ہو جاوے۔
سرخط ف کرایہ نامہ مکان کا نوکری نامہ کاغذ
فروخت کا۔
سرخوش ف مست شراب ہے اور
خوشحال آدمی۔
سرخود ف جو کسی کے تابع نہو۔
سرخی ف لالی۔
سرخیل ف سردار۔امیر۔
سرد ف ٹھنڈا

سردابہ ف بھورا۔جو زمین مین بناتی ہین
۔تہ خانہ جو زمین مین بناتے ہین۔
سردادن ف کھولدینا۔موقوف کرنا۔
سردار ف امیر
سردردی ع محنت۔تکلیف
درد سر۔
سردرکشیدن ف تابع نہ ہونا۔
خودسر ہونا۔بغی ہونا۔
سردست ف فی الحال۔ابھی۔
سردسیر ف وہ زمین جہان پانی زراعت
کے لیے خود بخود جاری ہو۔سرد ملک۔
سردفتر ف افسر۔دفتر کا۔
سردی ف ٹھنڈک
سرراہ ف راہ کے سرے پر۔
سررشتہ ف مجازاً ادعا۔مقصود
معاملہ۔
سرزدن ع گردن مارنا۔ملامت
اچانچک کسے مجلس مین کسے شخص کا
آنا۔

سرزنش ف ملامت۔ برا بھلا کہنا۔

سرزمین ف زمین۔ ملک

سرسام ع ایک بیماری ہے دماغ کی جسمین آدمی بیہوش ہوجاتا ہے دماغ مین آماس ہونے کے سبب ہوتی ہے۔

سرسال ف شروع سال

سرسبز ف لہلہاتا۔ ہرا بھرا۔

سرسری ف کمینہ۔ بدون تامل۔ کافی کے کوئی کام کرنا۔

سرشار ف لبریز۔ لبالب۔

سرشت ف پیدائش۔ طبیعت خو آدمی کی۔

سرشتن ف گوندھنا۔ ملانا۔

سرشدن ف ہونا۔ جاری ہونا چھوٹنا توپ وغیرہ کا۔

سرشف ف سرسون۔ غلہ مشہور ہے۔

سرشک ف آنسو آنکھہ کا۔ چنگاری۔

سرطان ع کنکیڑا

سرعت ع شتابی۔ جلدی۔

سرغنہ ف بڑا۔ بے مانند۔ عظیم۔

سرف ع بیہودہ خرچ۔ ضروری خرچ سی زائد

سرفرازی ف سربلندی۔ غرور۔

سرفرو آوردن ف سر نیچے کرنا۔ ماننا۔

سرفرو بردن ف شرمندہ ہونا۔

سرفہ ع کہانسی۔

سرقہ ع چوری۔

سرکار ف بادشاہی کچہری۔ حاکم مجازاً

سرگذشت ف واقعہ۔ حادثہ۔ ماجرا۔

سرگران ف خفا۔ غصہ ور۔ متکبر۔

سرگردان ف پریشان۔

سرگردگی ف سرداری وافسری۔

سرگرم ف چالاک۔ محنتی۔ گرمجو۔

سرگروہ ف ایک قوم کا سردار۔

سرکش ف مغرور۔ باغی۔ پھرا ہوا

سرگشتہ ف حیران۔ بہٹکا ہوا۔

سرکشی ف بغاوت غرورپن۔ پہرنا حاکم سے۔

سرکشیدن ف نافرمانی۔ حکم نہ ماننا۔
سرکوب ف افسر۔ فائق انتظام کرنے والا۔
سرگین ف گوبر۔ بیٹ۔ جانور کا پیخانہ۔
سرما ف جاڑا۔
سرمایہ ف پونجی۔
سرمد ع جسکی ابتدا اور انتہا نہو یعنے خدا تعالیٰ لغوی معنے پیوستہ اور ہمیشہ
سرمدی ع وہ شے جو منسوب ہے سرمد سے ابدی۔ دائمی۔
سرمست ف متوالا۔ نشے جو شخص مدہوش نشہ مین ہو۔
سرنا ف نفیری۔ مشہور باجا ہے
سرنامہ ف خط کے لفافہ پر جو پتہ اور نشان مکتوب الیہ کا لکھتے ہین۔
سرنگون ف سر کے بل۔ افسردہ اوندھی منہ۔
سرنو ف نئے سر سیے۔
سرنوشت ف تقدیر۔ نصیب حکم ازلی۔

سروال ف پیجامہ۔ شتمن۔ شلوار
سروبن ف
سروپا ف
تمام۔ پورا۔
سروج ع جمع سراج کی چراغ۔
سرود ف راگ۔ نغمہ۔ سخن گیت
سرودن ف گانا۔
سُرور ع خوشی۔
سَروَر ف سردار
سَروَری ف سرداری۔ صاحبی۔
سَرو ف نام ایک درخت کا جو سیدھا اُگا ہوا باغون مین ہوتا ہے۔
سروسامان ف اسباب۔ سامان۔
سُروش ف فرشتہ۔ جبرئیلؑ۔ فرشتہ
سروکار ف علاقہ ۔ لگاؤ۔
سَرَہ ف رواجی زر۔ زر رائج کھرا جو کھوٹا نہو۔
سرہنگ ف سردار جو شخص پیشرو لشکر و سپاہ کا ہو کیونکہ ہنگ کے معنے سپاہ کے ہین سرہنگ سردار سپاہ کا ہوا

سری ف سرداری۔ سپہ سالاری
سریر ع تخت۔
سیرت ع خو۔ عادت۔ خصلت۔
سریش ف ایک قسم کا چیپ ہے جو چمڑے کو پکا کر نکال لیتے ہیں پھر اوس سے اور چیزیں جوڑتے ہیں۔
سریع ع جلدی کرنیوالا۔ تیز۔ تیزی دار۔
سرین ف چوتڑ۔ نشستگاہ آدمی کی
سریہ ع لشکر۔ پانچ آدمی سے زیادہ چار سو تک
سریہ ع وہ کنیزک یا باندی جو جماع اور صحبت کے واسطے مقرر کی ہوئی ہو۔
سزا ف بدلا۔ لائق۔ موافق۔
سزاوار ف لائق۔ مناسب
سزاول ت حاصل کرنے والا۔
سزیدن ف لائق ہونا۔ مناسب ہونا
سست ف ڈھیلا۔ جو چالاک نہو۔ احدی۔
سطبر ع موٹا۔ کندہ۔ بھدا
سطح ع وہ جسم جس میں فقط طول اور عرض ہو چھت

سطر ع لکیر۔ پنکتی۔ لکھنا۔
سطوت ع دبدبہ۔ قہر۔ سختی کرنا۔
سطوح ع جمع ہی سطح کی۔
سطور ع جمع ہی سطر کی۔
سطوع ع بلند ہونا۔
سعادت ع نیکی۔ برخلاف نحوست کے۔ نیکبخت ہونا۔
سعال ع کھانسی۔
سعایت ع چغلی کرنا۔ غمازی۔ بدگوئی۔
سعت ع وسعت۔ فراخی۔ گنجایش
سعتر ع ایک گھانس ہے جو معشوقونکی زلف سے تشبیہ دیتے ہیں۔
سعد ع نیک بختی۔
سعدین ع زہرہ اور مشتری دونوں کو ملا کر کہتے ہیں۔
سعود ع مبارک ہونا۔ نیک ہونا۔
سعفہ ع گنج کی بیماری جو سر پر ہوجاتی ہے۔

سعوط ع ناک مین دوا ڈالنا۔

سعی ع دوڑنا۔ کوشش کرنا جلدی کرنا۔

سعید ع نیک۔ مبارک۔ نیکبخت۔

سفارت ع ایلچی گری کرنا۔ صلح کرنا۔

سفارش ع سہاتیا۔ کسیکے واسطے بہلائی کا کلمہ کہنا۔

سفاک ع خونریز۔ قتل کرنے والا۔

سفال ف ٹھیکری۔ ٹھیکرا

سفالگر ف کمہار۔ برتن بنانے والا۔

سفاہت ع احمق پن۔ بیوقوفی۔

سفائن ع جمع ہے سفینہ کی کشتیان۔

سفتن ف بیدہنا۔ پرونا

سفت ف گارٹھا۔ غفص

سفتہ ف پرویا ہوا۔ گارٹھا کیا ہوا۔

سفر ع مسافرت۔ شہر سے باہر جانا۔

سفرجل ع بہی مشہور میوہ ہے۔

سفرہ ع دسترخوان۔

سفل ع پستی۔ نیچائی۔

سفلہ ع کمینہ۔ نالائق۔

سفوف ع پھنکی۔ آٹا پسا ہوا۔

سفہا ع جمع ہے سفیہ کی۔ کمینی لوگ۔ نیچ۔

سفید ف بیٹا۔ نگا۔

سفیر ع ایلچی۔ میانجی۔

سفینہ ع کشتی۔ ناؤ

سفیہ ع کمینہ۔ ناکس۔ نیچ۔

سقّا ع ماشکی۔ پانی دینی کا جو پیشہ کرتا ہے

سِقام ع جمع ہے سقم کی بیماریان۔

سقایت ع پانی دینا۔ سیراب کرنا۔

سقر ع دوزخ

سَقَط ع بیہودہ۔ کم قدر۔ بچہ ناتمام۔ جو مان کے پیٹ سے گر پڑے۔

سقط شدن ف حمل گر پڑنا۔ کم قدر ہونا۔ بیہودہ ہونا

سقف ع مکان کی چھت۔

سقم ع بیماری۔ دکھ۔ برائی

سقمونیا ع ایک قسم کا گوند ہے کسی درخت کا مائل بسبزی و زردی تلخ مزہ اوسکو محمودہ

کہتے ہین۔

سقنقور ع ایک قسم کی مچھلی ہے خشکی کی ریت مین پائی جاتی ہے۔

سقوط ع گر پڑنا۔ خطا کرنا۔

سقوف ع جمع سقف کی ہے۔

سقیم ع بیمار۔ عیب دار

سگ ف کتّا

سکہ ع کوچہ گلی جمع اسکی سکک آتی ہے

سکاکین ع چاکو۔ چھریان جمع ہے سکین کی۔

سگال ف اندیشہ فکر۔ مانگنے والا۔ گوئندہ۔ امر ہی سگالیدن سے آتا ہے

سگالیدن ف اندیشہ کرنا۔

سکّان ع جمع ہی ساکن کی رہنے والا۔

سکتہ ع ایک بیماری ہے جس مین حس و حرکت آدمی کی زائل ہوجاتی ہے اور بیمار مانند مردہ کے دکھلائی دیتا ہے اصطلاح شعرا مین وزن کا پورا نہونا۔

سکر ع نشہ۔ بیہوشی۔

شکر ع شکر۔ مشہور مٹھائی ہے۔

سکرات ع جمع ہے سکرہ کی شدت اور سختی موت کی۔

سکن ع جس سے آرام حاصل ہو مثلاً بیوی۔ بیٹا۔ دوست۔

سکنجیدن ف کھار نا۔ تراشنا۔ کاٹنا۔ دانتون سے۔ گلی مین آواز کرنا۔

سکنہ ع جمع ہے ساکن کی باشندے رہنے والے۔

سکوت ع چپکا رہنا۔ خاموش رہنا۔

سکون ع ٹھہرنا۔ آرام کرنا۔

سکونت رہنا۔ آرام

سکہ ع ڈھلا ہوا زر۔ اشرفی۔ روپیہ پیسہ وغیرہ۔

سکیزیدن ف کودنا۔ جست مارنا۔

سکین ع چاکو۔ چھری۔

سکینہ ع آسایش۔ آرام۔ آہستگی نام دختر حضرت امام حسین علیہ السلام کا ہے

سِل ع نام ایک مرض کا ہے جسمین خون مُنہ سے آتا ہے اور تپ ہوتی ہے۔

سلاح ف ہتیار لڑائی کا۔

سلاح شور ف ہتیار باز۔ وہ شخص جو ہتیار کہی سپاہی

سلحشور ف

سلاست ع روانگی۔ ہمواری۔

سلاسل ع جمع ہی سلسلہ کی زنجیرین۔

سلاطین ع جمع ہے سلطان کی بادشاہ

سلام ع اسیرباد۔ دعا۔ نام خدا۔

سلامت ع جیتے رہنا۔

سُلالہ ع نطفہ۔ بچہ۔ باہر نکلا ہوا کسی چیز سے۔

سلب ع نفی۔ نفی کرنا۔

سلخ ع پوست اوتارنا۔ کہال اوتارنی وہ روز جسدن نیا چاند دیکہا جاوے۔

سلسال ع آب شیرین۔ خوش مزہ پانی جو صاف ہو۔

سلس البول ع ایک بیماری جس مین پیشاب قطرہ قطرہ ہو نکلتا ہے بسبب پتہری کی یہ بیماری ہوتی ہے۔

سلسبیل ع نام ایک چشمہ کا ہے۔ جو بہشت مین ہے۔ اور شراب۔

سلسلہ ع زنجیر۔

سلطان ع بادشاہ۔

سلطنت ع بادشاہت۔ حکومت۔

سلف ع گذشتہ۔ گذرنا۔

سِلق ع چقندر مشہور ترکاری ہے۔

سلک ع لڑی۔ رشتہ مروارید وغیرہ۔ ایک چیز کو دوسری کے ساتہ پرونا۔

سلم ع کسی چیز کی قیمت پہلے ہی دیدینا جبکہ وہ تیار نہو جیسا کہ اکثر زمیندار ان کو غلہ کی قیمت دیتے ہین۔

سُلّم ع سیڑہی۔

سکوت ع چپ رہنا۔ بیغمی۔ بے فکر ہو جانا۔

سُلوک ع راہ چلنا نیک روی کرنا۔

سلیب ع لٹا ہوا۔ اسباب چھینا گیا۔
سلیس ع روان۔ ہموار۔
سلیقہ ع شعور۔ طبیعت۔ سرشت
سَم ع زہر۔
سُم ف کھر چوپایہ کا۔
سما ع آسمان۔
سِمات ع جمع ہے سمت کی اطراف جہات
اچھی روش۔ نیک صورتین۔
سماجت ع منت۔ خوشامد۔
سماخت ع جوانمردی۔ بہادری۔
سماخ ع کان کا سوراخ۔
سماع ع سُننا۔ راگ سُننا۔ رقص وسرود۔
سماعت ع سُننا۔
سماعی ع سُنا ہوا۔
سُم الفار سنکھیا۔
سمان ف ستائیسوان دن ہر مہینے کا
نام ایک دن کا ہے۔
سمانی ع ایک پرند ہے جسکو بٹیر کہتے ہین
اوسکا گوشت کہاتے ہین۔

سماوات ع جمع سما کی۔ آسمان۔
سماوی ع آسمانی۔ آسمان کا۔
سَمت ع طرف۔ جہت۔
صورت۔ راہ راست۔
سمت الرّاس جانب سر۔
سَمَر ع کہانی۔ مجازاً بمعنی
سخن کے بھی آیا ہے۔
سَمسام ع تلوار۔ خنجر۔
سِمسِم ع تل۔ کنجد۔ مشہور غلہ ہے۔
سمط ع دہاگا مروارید کا۔
سِمع ع ستارگان۔
سِمع ع گرگ کا بچہ۔ بھیڑیے کا بچہ
سمک ع مچھلی۔
سمن ع روغن زرد۔ گھی۔ موٹاپا
سمندر ف دریا ایک جانور بشکل
موش کے ہوتا ہے جو آتشکدہ مین
پیدا ہوجاتا ہے۔ اگر آگ سے باہر
نکلے تو فوراً مرجاتا ہے۔
سُمو ع بلند ہونا۔ اونچا ہونا۔

سموت ع جمع ہی سمت کی واغہاو نشانہا اور راہہا۔

سمور ع نام ایک جانور کا ہے قسم لومڑی کی ہی جسکی کہال کی پوستین بناتے ہین۔

سموک ع جمع ہے سمک مچھلیان۔

سمین ع فربہ۔ موٹا۔ چربی۔

سن ع سال برس۔ اور سن۔ دانت۔

سنا ع روشنی۔

سنان ع بہالا۔ نیزہ

سنانیر ع جمع سنور کی ہے۔ بلیان۔

سنبل ع ایک گھانس ہے خوشبودار جسکو بالچھڑ کہتے ہین۔

سنبلہ ع خوشۂ گندم۔ گیہون کی بال۔

سنبوسہ ف جو شکل مثلث ہو اوسکو سنبوسہ کہتے ہیں تکونی۔ نام ایک قسم کی خوراک کا۔

سُنبیدن ف سوراخ کرنا۔ پرونا۔ پاؤن کے نیچے لانا۔

سنجاب ع نام ایک جانور کا ہے چوہے سے بڑا ہوتا ہے اوسکی کہال کی پوستین بناتے ہین۔

سنجیدگی ف وزن دار ہونا۔ بہاری بہر کم ہونا۔

سنجیدن ف تولنا۔ وزن کرنا۔

سند ع وثیقہ۔ سارٹیفکٹ۔ سفارش نامہ۔

سندان ف اہرن۔ جسپر لوہا کوٹتے ہین۔

سنگپشت ف کچھوا۔

سنگ ف پتہر۔

سنگین ف پتہرکا۔ بہاری

سنگدانہ ف جس مین پرندہ غذا کو رکہتا ہے۔ پوٹا۔

سنگدل ف بیرحم۔ سخت دل۔

سنگستان ف پہاڑ جہان پتہر ہون۔

سنن ع جمع ہی سنت کی طریقے۔ راہ

سنوات ع جمع ہی سنہ کی اور برسہا۔ سالہا

لموز

سِنّور ع بلی۔
سنون ع جمع سن کی۔ سال برس
سنہ ع برس۔ سال۔ نیند
سنی ع وہ لوگ جو طریقہ رسول پر قائم ہیں۔ جو رافضی نہیں۔
سنین ع جمع ہے سن کی۔ برس سال۔
سوء ع بدی۔ برائی۔
سو ف طرف۔ جہت
سوا ع برابر۔ محاذی۔
سوابق ع جمع ہے سابق کی۔ اگلے۔
سواحل ع کنارے دریا کے۔
سواد ع سیاہی رنگ کی۔ اطراف شہر کی۔ نواحی
سوار ع کنگن ایک قسم کا زیور ہے جو ہاتھ میں پہنتے ہیں
سوال ع پوچھنا۔ دریافت کرنا۔
سوالف ع گذری ہوئی۔ جمع ہے سالفہ کی۔
سوانح ع جمع ہے سانحہ کی پیش آنیوالے واردات متوحش۔ اور ناپسند۔
سوای ف سوا۔ اس سے۔ الگ
سوختہ ف جلا ہوا۔

سوختن ف جلنا۔ اور جلانا۔
سوختگی ف جلن
سُود ف فائدہ۔ نفع۔ بیاج۔
سودا ف سیاہ پت۔ پاگل پن۔ سیاہ
سوداگری ف تجارت۔ بنج۔ بیوپار۔
سودائی ف پاگل۔ احمق۔
سودن ف گھسنا۔ رگڑنا۔
سُور ع جھوٹا۔ پس ماندہ۔ طعام یا پناہ فصیل شہر کے۔
سوراخ ف چھید۔
سُورت ع تیزی۔ تندی۔ ظلم۔ غصہ
سُورَۃ ع ٹکڑا قرآن کا۔
سوز ف سوزش۔ جلن۔
سوزاں ف جلتا ہوا۔
سوزانیدن ف جلانا۔ جھلسنا
سوزش ف جلن
سوزن ف سوئی۔
سوزنی ف وہ کپڑا جس پر سوئی سے کام کیا ہوا ہو۔ مشہور بچھونا ہے۔

سوزیدن ف جلنا۔
سوسن ف نام ایک قسم کے پھول کا ہے
سوسمار پ جانور ہے جسکو گوہ کہتے ہین
سوط ع کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک۔
سوغات ت تحفہ۔ ہدیہ۔ بخشش۔
سوفار ف تیر کا منہ۔
سوفسطا ع نام اوس حکمت کا ہے جسکی بنیاد وہم پر ہے۔
سوفسطائی ایک قوم ہے حکما کے جسکی بنیاد وہم پر ہے اور حقائق کو نہین مانتے ہین۔
سوق ع بازار۔
سوگ ف مصیبت۔ ماتم۔ غم۔
سوگند ف قسم۔ سوگند۔
سوگوار ف مصیبت زدہ۔ ماتم والا۔
سوہان ف ریتی۔ وہ اوزار لوہے کا جس سے لوہا گھستے ہین۔
سوی ع برابر۔ ہموار
سویت ع برابری۔ اعتدال۔

سویدا ع ایک نقطہ سیاہ ہے جو دل پر ہوتا ہے۔
سویق ع ستو۔
سہ ف تین۔ (۳) (سے)
سہا ع نام ایک ستارہ باریک کا ہے جو بنات النعش مین ہے۔
سہام ع جمع ہی سہم کی تیرہا۔ اور حصے
سہر ع بیداری۔ جاگنا۔
سہران ع وہ شخص جو بیدار رہا ہو۔ جاگنے والا۔
سہ شنبہ ف منگل کا دن۔
سہل ع آسان۔ اور زمین نرم وہموار۔
سہم ع تیر۔ حصہ۔ فارسی مین خوف۔ ڈر۔
سہمگین ف خوفناک۔ ڈرپوک۔
سہمیدن ف ڈرجانا۔ خوف کرنا۔
سہو ع بھول۔ چوک۔ فراموشی۔ بھول جانا۔

سہواً ؏ بھول کر۔

سہولت ؏ آسانی۔

سہی ف راست۔ سیدھا

سہیل ؏ نام ستارہ کا ہے۔

سہیم ؏ شریک۔ حصہ دار۔

سی ف تیس۔ (۳۰) (سہ)

سَیّی ؏ بدی۔ برائی۔ گناہ

سَیّآت ؏ گناہ بُرائیاں

سَیّاح ؏ بہت سیر کرنے والا۔ مسافر۔

سَیّاحت ؏ سیر کرنا۔ سفر کرنا

سَیّار ؏ سیر کرنے والا۔ تیز چلنے والا

سَیّارہ ؏ وہ ستارہ جو حرکت کیا کرتا ہو۔

سیاست ؏ حکومت کرنا رعیت پر تنبیہ کرنا اور روکنا لوگوں کا گناہ کرنے سے بوسیلہ خوف سزا اور مار کے۔

سَیّاف ؏ تلوار مارنے والا۔ قاتل۔ جلاد خونریز۔

سیاق ؏ روان کرنا۔ چلانا۔ علم حساب

سَیّال ؏ لچکدار۔ بہتی ہوئی چیز۔ جاری۔ تیلا۔

سیادت ؏ بزرگی۔ سرداری۔

سیاہ ف کالا۔ سیاہ رنگ۔ حبشی۔

سیاہہ ف حساب سرکاری۔

سیاہ گوش ف نام ایک درندہ کا ہے جو کتے سے چھوٹا بلی سے بڑا گلابی رنگ مائل بسیاہی بہت تیز جانور ہے۔

سَیَب ؏ بخشش۔ عطا۔ اور سیب مشہور میوہ ہے۔

سیپارہ ف تیسواں حصہ قرآن کا حصہ

سیخ ف لوہے کی سلاخ جس پر پرند وغیرہ کو کباب کرتے ہیں۔

سَیّد ؏ سردار۔ رئیس بزرگ

سیر ف پُر۔ چھکا ہوا

سِیَر ؏ عادت۔ خصلت۔ خو۔ علم تواریخ جس میں ایک شخص کی زندگی کا حال لکھا جاوے۔

سیراب ف جو پانی سے سیر ہو۔ خوشتہ نہو۔

سیرت ؏ خصلت۔ خو۔ عادت

سیری ث — سیر ہونا۔ شکم پُر ہونا

سیزدہ ث — تیرہ (۱۳) ([illegible])

سیف ع — تلوار۔ شمشیر۔

سیلاب ث — پانی کا رو۔ سیل۔ ہڑ

سیلان ع — روانگی۔ اور نام ہے جزیرہ لنکا کا۔

سَیل ع — رو پانی کا۔ ہڑ۔

سَیلی ث — تماچہ۔ تھپڑ۔ ٹکّا۔

سیم ث — چاندی۔

سی اِم ث — تیسوان حصہ ($\frac{1}{30}$)

سیما ع — ماتھا۔ پیشانی۔ نشان۔

سیماب ث — پارہ۔

سیمرغ ث — نام ایک جانور کا ہے۔

سیمیا ع — علم طلسم جسکے سبب انتقال کرنا روح کا دوسرے بدن مین ہوسکے اور اشیا موہوم جنکو حقیقت مین وجود نہو لوگونکو دکھلاسکین۔

سینہ ث — چھاتی۔

سینا ع — نام ہی بوعلی حکیم کے دادا کا۔ اور نام ہی ایک پہاڑ کا جسکو طور سینا کہتے ہین۔

سیورغال ث — انعام۔ مدد معاش۔

سیوف ع — جمع ہے سیف کی۔

سوم ث / سومین ث — تیسرا حصہ ($\frac{1}{3}$)

سیاہ ث — کالا۔ سیاہ

سیاہ کار ث — بدکار۔ گنہگار۔ فاسق۔

سیہ جردہ ث — سیاہ رنگ۔

سیہک ث — تیز ہوا جھکڑ ہوا کا۔ جو بہت تیز ہو۔

باب الشین

شاب ع — جوان۔ گبرو

شاباش ث — آفرین۔ کلمہ تحسین کا ہے۔

شاۃ ع — بکری۔

شاخ ث — ٹہنی۔ ڈالی۔ سینگ ٹکڑا۔ پیالہ۔ شراب کا۔

شاخچہ ث — چھوٹی شاخ۔ شاخچہ بندی۔

نقل

تہمت لگانا۔ بہتان لینا۔
شاخدار ف خودبین۔ مغرور۔ دیوث
شاخسار ف جہان پر بہت درخت ہون اوسکو شاخسار کہتے ہین۔
شاد ف خوش۔ خرم۔
شاداب ف سیراب تروتازہ۔ پرآب۔
شادان ف خوشحال
شادباش ف خوش رہو۔ کلمہ دعا کا ہے اور چھبیسوان دن فارسی مہینہ کا۔
شادگام ف خوش اور نام ہی برادر فریدون کا
شادگونہ ف توشک بچھونا۔ جسپر سوتے ہین۔
شادمان ف خوش وخرم آدمی۔
شادِن ع ہرن کا بچہ۔ ہرنوٹا
شادی ف خوشی۔
شاذ ع کم۔ نادر۔ جو خلاف قاعدہ
شارب ع پینے والا۔
شارح ع شرح کرنیوالا۔ کھولکر بیان کرنیوالا
شارع ع عالم شرع دینے والا راہ راست۔ شروع کرنے والا۔

شارق ع روشن۔ تابان۔ چمکنے والا۔
شارک ف ایک پرند سیاہ مانند طوطی کے ہے بعضے ہزار داستان کو کہتے ہین۔
شاریدن ف پانی ڈالنا۔ یا شراب ڈالنا۔ ابر کا ٹپکنا۔
شاشدان ف پیشاب کرنے کا برتن۔
شاشیدن ف پیشاب کرنا۔
شاطر ع چالاک اور قاصد۔ اور شطرنج باز شوخ
شاعر ع جاننے والا شعور مند۔ شعر بنانیوالا۔
شاغل ع مشغول ہونے والا۔ کسی کام مین مصروف۔
شافع ع شفاعت کرنیوالا۔ بچوا دینے والا۔
شافعی ع نام ہی ایک امام اہل سنت کا منسوب ہے شافع سے جو اونکا دادا تھا۔
شافی ع شفا دینے والا۔ تسکین دینے والا
شامخ ع بلند۔ اونچا۔
شاہق ع کوہ۔ بلند
شاق ع اونچا مکان۔ دشوار مشکل کام
شائستن ع لائق ہونا۔

شائستگی ف لیاقت۔ شائستہ ہونا۔ لائق ہونا
شائع ع عام
شائق ع مشتاق۔ شوقین۔
شائگان ف فراخ۔ کشادہ۔ لائق۔ خوب
اصل اسکے شاہگان ہے یعنے لائق بادشاہ
کی خسرو پرویز کی خزانہ کا نام بھی گنج شاہگان ہے۔
شَب ف رات۔
شِب ع پھنکری۔
شباب ف جوانی۔ گبروپن۔
شبان ف چرواہاپن۔ گڈریاپن۔
شبچراغ ف ایک گوہر ہے جو رات کو مانند
چراغ کے روشن ہوتا ہے۔
شبخون ف راتکو دھاوا کرکے قتل کرنا دشمن کو۔
شبخیز ف راتکو اٹھنے والا۔ شب بیدار۔
شب دیجور ف اندھیری رات۔
شب برات ف پندرھوین شب ماہ شعبان کی۔
شبپرہ ف
چمگدڑ۔ مشہور پرند ہے۔
شب ف

شبستان ف خلوت خانہ سونے کی جگہ
بادشاہان اور ملوک کی۔ اور مساجد مین
شبستان وہ جگہ کہلاتی ہے جہان پر
رات کو عبادت کرتے ہین۔
شب قدر ف ستائیسوین تاریخ ماہ رمضان کی
شب گرد ف رات کا پھرنے والا۔
شبکہ ع جال سوراخ دار لوہے وغیرہ کا
جالی لوہے کی۔ جال۔
شبگیر ف صبح۔ پہلی ہی صبح ہونے سے
چلا جانا۔ آدھی رات اخیر کو بھی شبگیر کہتے ہین
شبنم ف اوس جو رات کو پڑتی ہے۔
شبع ع پیٹ۔ بھرا۔ شکم پر۔
شبتو ف ایک قسم کا پھول ہے
جسکی رات کو خوشبو نکلتی ہے۔
شبہ ع مثل۔ مانند۔ تصویر سے تاریخ
شُبہ ع شک۔
شبینہ ف رات کا۔
شبیہ ع تصویر۔ صورت۔
شپلیدن ف پنجوڑنا۔ سیٹی بجانا۔

لٹی

ششی ع متفرق۔ الگ الگ۔ بہا بہانت کا

شتا ع جاڑا۔ موسم سرما۔

شتاب ف جلد۔ تیز۔

شتابان ف تیزی کرتا ہوا۔ جلد باز

شتابانیدن ف جلدی کروانا۔

شتابیدن ف جلدی کرنا۔

شتالنگ ف ٹخنہ۔ ہڈی جو پیر اور پنڈلی کے جوڑ پر ہے۔

شتافتن ف دوڑنا۔

شتر ف اونٹ۔

شترپا ف سورج مکھی ایک درخت پھول کا ہے

شتربان ف اونٹ کا نگاہبان اونٹ والا۔

شترنجی ف بچھونا۔ مشہور ہے۔

شترمرغ ف مشہور جانور ہے مانند اونٹ کے عربی مین اوسکو نعامہ کہتے ہین۔

شتلم ت ظلم کرنا۔ زبردستی کرنا تعدی کرنا لوگون پر۔

شتم ع گالی۔ اور گالی دینا۔

شجاع ع بہادر۔ جوان مرد۔

شجاعت ع بہادری۔ جوانمری۔

شجر ع درخت۔ روکھہ۔

شجو ع غم۔ اندوہ۔

شحم ع چربی۔ موٹاپا۔

شحنہ ع کوتوال۔

شحنگی ف کوتوال گری۔

شخص ع لوگ۔ جاندار جسم خواہ عورت ہو یا مرد۔

شخصے ع منسوب شخص سی شخص کا۔

شدائد ع تکلیفن۔ سختیان جمع ہی شَدِیدَۃٌ کی۔

شدت ع سختی۔ تکلیف

شدن ف ہونا۔ جانا۔

شدید ع سخت۔ محکم۔ استوار۔

شر ع بدی۔ برائی۔

شرا ع خریدنا۔ خرید کرنا

شراب ع پینے کی شے خواہ پانی ہو یا کچھ اور شربت وغیرہ۔ اور شراب بتشدید ہے۔

شرار ع چنگاریان آگ کی جمع شرارہ کی۔

شرار ع جمع ہی شریر کی - بدلوگ - شریر آدمی
شرارہ ع چنگاری آگ کی -
شرافت ع بزرگی - بھلمنسایت -
شرائط ع جمع ہی شرط کی - شرطیں -
شرائع ع جمع ہی شریعت کی یعنے
شریعتیں - مذاہب -
شرائف ع بھلائیان - بزرگیان -
جمع ہے شریف کی -
شُرب ع پینا -
شربت ع پینے کی شے کچھ ہی کیون نہو -
شرح ع تفسیر کسی کتاب کی -
کھولکر بیان کرنا مطلب کا -
شرر ع چنگاریان آگ کی جمع ہے شرارہ کے
شُرط ع ہوا موافق - نشانی -
شَرط ع بدنا - جیسے کسی بات کا ہونا منحصر ہو
لازم کرنا - لازم ہونا - ایک کام دوسرے
کام پر متعلق کرنا - نشتر مارنا - عہد و پیمان
اور نشان -
شریعت ع ندی بڑی - راہ خدا کا
بنایا ہوا - طریقہ -
شریف ع بڑے رتبہ کی شے - بزرگ قدر
نجیب اصیل - حاکم مکہ کا -
شرق ع آفتاب کے نکلنے کی جگہ -
روشن ہونا - طلوع ہونا -
شروق ع آفتاب کا نکلنا - بکری وغیرہ کا
کان چیرنا - مجازاً روشنی -
شراک ع تسمہ جوتے کا جو اکثر انگریزی
بوٹ پر ہوتا ہے -
شرح کشاف خواندن ف کنایہ ہے
زیادہ گوئی سے - اور بیہودہ گفتگو سے
شریان ع رگ متحرک جو چھوٹی ہوئی
رگین ہر ایک رگ کے نیچے ہین اونمین
بہ نسبت خون کے روح زیادہ ہے اور
وہ قلب سے اوگی ہین -
شرطیہ ع وہ جملہ ہے جسمین شرط ہو -
شرزہ ف غصہ ور - خوفناک -
شرذمہ ع تہوڑی آدمیون کی جماعت
شراب زدگی ف بسبب شراب کے -

بست بیہوش ہوجانا۔

شستن ف دھونا۔

شش جہت ف مشرق۔ ومغرب۔ جنوب وشمال۔ تحت و فوق۔

شش ارکان ف ہوا۔ کھانا۔ پینا۔ حرکت وسکون بدنی۔ حرکت وسکون نفسانی۔ سونا اور بیداری۔ استفراغ۔

شطحیات ع کلمات خلاف شریعت کے زبان پر لانا۔

شطر ع جزو۔ جانب۔ طرف۔ حصہ۔

شعاب ع پہاڑ کی راہیں۔ تنگافیں درزیں جمع ہے شعبہ کی۔

شعر ع بال اصطلاحی معنی بیت موزون باقافیہ

شعار ع انگرکھے کے نیچے جو کپڑا پہنتے ہین یعنے وہ کپڑا کہ بدن سے لگا ہوا ہو۔

شعور ع جاننا۔ دریافت کرنا۔

شعائر ع عبادات اور قربانیان جمع ہے شعیرہ کی

شعیر ع مشہور غلہ ہے جسکو جو کہتے ہین

شعبدہ باز ف بازیگر۔ بھان متی۔

شعبان ع آٹھوان مہینا قمری مسلمانون کا چونکہ جمیع امورات مقدرہ خلائق اس مہینے مین حسب اعتقاد اہل اسلام کی منشعب اور پراگندہ ہوتے ہین اسلیے اوسکو شعبان کہتے ہین۔

شعبہ ع ٹکڑا ہر شئے کا۔ شاخ درخت کی اور نغمہ جو کسی اور نغمے سے نکلا ہو۔

شعشعہ ع روشنی آفتاب کی۔ اور پانی ملانا شراب مین۔ شراب۔

شعلہ ع روشنی لپٹ آگ کی۔

شعلہ جوالہ ع شعلہ گرداگرد بہت پھیرنیوالا جیسا کہ بنیٹھے کا شعلہ ہوتا ہے۔

شعلہ زادہ ف شیطان۔ ابلیس

شغب ع شور۔ خروش فتنہ وفساد

شغاف ع قلب۔ دل۔ پردہ دل کا اور سیاہ نقطہ دل کا۔

شغف ع شدت۔ محبت۔

شغال ع گیدڑ۔ مشہور جانور ہے

شغل ع کام۔ بیفرصتے۔ روکنا۔

شفا ع صحت۔ تندرستی۔

شفقت ع مہربانی۔

شفت ع چیز کم بہا۔ فربہ۔ ہونٹھ تعریف

شفاف ع وہ صاف شے جسکے آر پار نظر گذر سکے جیسا کہ شیشہ بلور وغیرہ ہوتی ہین۔

شفق ع سرخی جو صبح اور شام کو آسمان کے کنارون پر دکھلائی دیتی ہے۔

شفتالو ع مشہور میوہ ہے اور بوسہ معشوق کو بھی کہتے ہین۔

شفاہ ع جمع ہی شفت کی۔ لب۔ ہونٹ

شفرہ ع رانپی چمڑہ کاٹنی کا اوزار۔ چہری

شفوی ع وہ حروف جو ہونٹ سے نکلتے ہین جیسا (م) (ب) (و) وغیرہ

شقرت ع رنگ زردی مائل جسمین تہوڑی سرخی ہو۔

شقاوت ع بدبختی۔

شقدار ع حاکم۔ دیہات کا۔ پرگنات کا حاکم

شقائق ع لالہ کے پہول اوسکا مفرد بہی اور جمع بہی یہی ہے۔ فرش گلدوز۔

شق ع شگاف۔ اور چیرنا

شقیق ع برادر۔ بہائی۔

شکوی ع گلہ۔ اور گلہ کرنا۔

شکیبا ف صبر کرنے والا۔

شکرلب ف معشوق۔

شکستن ف توڑنا۔ ٹوٹنا۔

شکیبیدن ف صبر کرنا۔

شکوخیدن ف ٹہوکر کہانا۔

شکیب ف صبر وآرام۔

شگفت ف تعجب۔ عجیب۔ وغریب

شکایت ف گلہ کرنا۔

شکنج ف پیچ۔ وتاب۔ شکن۔

شگفتن ف کہلنا کلیون کا۔

شکل ع صورت۔

شکیل ع وضع دار۔ شکل دار۔

شکوہیدن ف غرور کرنا۔ اپنی بڑائی کا اظہار کرنا۔

شکولیدن ف پراگندہ کرنا۔

شکوہ ف بزرگی۔ شان و شوکت۔
شکنجہ ف عذاب اور ایک قسم کا اوزار ہی جسمین مجرم کو عذاب اور دُکھ دیتے ہین
شکم بندہ ف حریص۔ لالچی
شکر تری ف کھانڈ سفید۔ بورہ سفید۔
شگرف ف زیبا۔ نیک۔ عجیب۔ بزرگ۔
شگال ف گیدڑ مشہور جانور صحرائی ہے
شگن ف شگون۔ سانون۔ فال۔
شلّاق ت تھپڑ مارنا۔ مُکی مارنا۔ لکڑی سے مارنا۔ کوٹنا۔ مجازاً۔ شوخ و فتنہ انگیز۔
شلنگ ف کسی جگہ سے کودنا۔ کرچیاں مارنا۔
شلک ت چند بندوق کی آواز کا ایکبارگی سر ہونا۔
شل ع جسکے ہاتھ و پانون حرکت نکرسکین۔ سست۔
شُلہ ت ایک قسم کا کھانا ہے چاول کو شوربہ مین بطور ہریسہ کے بہت گلا کر پکاتی ہین ناواقف لوگ اوسکو شولہ کہتے ہین
شُلّہ ت فرج۔ کُس۔ کتہ حیض کا۔

شماتت ع برائی پر خوش ہونا۔
شمشاد ف نام ایک درخت کا جسکے لکڑے نہایت محکم اور خوشنما ہوتی ہے۔
شمشیر ف تلوار۔ لغوی معنی (ناخن شیر) کے ہین چونکہ تلوار مشابہ ہے شیر کے ناخن کے اسلئے شمشیر نام ہوا۔
شمس ع سورج۔
شموس ع سرکش۔ بدخو۔
شموس جمع ہے شمس کی۔
شماس ع سورج کا پوجاری آفتاب پرست اور نام اوس شخص کا ہے جسنے آتش پرستی کا طریقہ ایجاد کیا تھا۔
شمع ع موم۔
شموع ع جمع شمع کی۔
شمول ع شامل ہونا۔ محیط ہونا۔ گھیر لینا کسی چیز کا۔
شمال ع وہ ہوا جو قطب شمالی سے چلتی ہے۔
شِمال ع بایان ہاتھ۔ دست چپ۔ عادت قطب شمالی کی سمت۔ چونکہ عرب لوگ کعبہ کو

ایک شخص قرار دیکر یہ تصور کرتے ہین کہ منہ اوسکا جانب مشرق کے ہے اور پشت اوسکی مغرب کیطرف ہے تو اسی سبب سے چونکہ قطب شمالی بائین ہاتھ پر واقع ہوا اور شمال کے معنے بائین ہاتھ کے ہین اسلیئے اوسکا نام شمال رکھا اور دبور اوس ہوا کو کہنے لگے جو اسکے دبر یعنے پشت سے آتی ہے۔

شمائل ع خصلتین عادتین۔ خوئین۔

شمیم ع خوشبودار ہوا۔ سونگھنا۔

شمائم ع خوشبوئین جو سونگھی جاوین۔

شماسیان ف آتش پرست لوگ۔

شمیدن ف سونگھنا۔ بو سونگھنا۔

شمیدہ ف بیہوش۔ پریشان

شتمہ ع نہوڑا۔

شمردن ف گنا۔ شمار کرنا۔

شنو ف سننے والا۔ اور سن

شنا ف تیرنا۔ ورزش کرنا۔ ڈنڈ پیلنا

شناعت ع بدی۔ طعنہ۔ برائی۔

شنیع ع بد۔ زبون۔

شنائع ع بدیان۔ برائیان۔

شیدن ف سننا۔ سونگھنا۔

شناختن ف پہچاننا۔

سنفتن ف
شنودن ف سننا۔

شوا ع بھنا ہوا۔ بریان گوشت

شوری ع مشورہ۔ مشورت۔ صلاح کمیٹی

شوائب ع جمع ہے شائبہ کے ریزش آلودگی۔

شوربخت ف بدبخت۔ بدنصیب

شوکت ع قوت۔ تیزی۔ شدت

شوامخ ع بلندیان جمع ہے شامخ کے۔

شواہد ع جمع ہے شاہد کی گواہ۔

شور ف فتنہ۔ غل۔ شہرت آواز

شونیز ف کلونجی مشہور دوا ہے۔

شوارع ع راہیں۔ رستے بڑی راستے

شواہق ع بلندیان۔ بلند جگہ۔ جمع ہے شاہقہ کی۔

شہوق ع بلند ہونا۔ اونچا ہونا۔ ابھرنا۔

شوارق ع روشن چیزین - روشنیہا۔
شوّال ع دسوان مہینا مسلمانون کا۔
شورغال ت روزینہ۔ مددمعاش۔ انعام۔
شُوم ف منحوس۔ بدفال۔ بد۔
شورچشم ف جسکے نظر سے ضرر پونہچے اور آدمی بیمار ہوجاوے۔
شومی ف نحوست
شہرخدا ف ماہ رجب ساتوان مہینا قمری مسلمانون کا۔
شہلا ع وہ عورت جسکی انکھین بھیری کے مانند ہون میش چشم عورت اور ایک قسم نرگس کی ہی جسکا پھول بجای زرد ہونیکی سیاہ ہوتا ہی اسلیے تشبیہ انسان کی آنکھ کو دیتے ہین اور شہلا سیاہ چشم جو مائل بسرخی ہو۔
شہاب ع رنگ سرخ۔ ستارہ روشن جو آسمان سے بطور آتش بازی کے چھوٹتا ہوا ہوتا ہے اور شعلہ آگ کا جو بلند ہو۔

شہوت ع خواہش۔ آرزو۔ شوق۔ لذت۔ نفع۔ بھوک۔ خواہش جمع۔
شہامت ع بزرگی۔ بڑائی۔ توانائی۔ چستی۔ دلیری۔
شہادت ع گواہی۔ خدا کے نام پر کشتہ ہونا۔
شہربند ف فصیل۔ حصار قلعہ۔ قیدخانہ۔
شہید ع گواہ۔ کشتہ شدہ مارا ہوا خدا کی راہ پر
شہود ع حاضر ہونا۔ اور جمع شاہد کی بھی ہے
شہر ع مہینا۔ ماہ۔
شہریور ف ماہ کوار۔ کوار کا مہینا یعنے جب آفتاب برج سنبلہ مین ہو۔
شہریار ف بادشاہ۔
شہور ع جمع ہے شہر کی۔ مہینے۔
شہیر ع مشہور۔
شہرتاش ف ایک شہر کا باشندہ ہم شہر۔ ہمسایہ۔

شہیق ع گدہے کی آواز اور روتی وقت گلے کی آواز کا بند ہوکر نکلنا۔

شہ ف بادشاہ۔

شہنشاہ ف بڑا بادشاہ یہ مخفف ہے شاہان شاہ کا

شہنائی ف نام ایک ساز کا ہے جسکو سرنا کہتے ہیں نفیری

شہی ف بادشاہی۔

شہوی ع
شہوانی ع منسوب بشہوت۔ خواہش کا

شیدا ف دیوانہ۔ آشفتہ۔

شیخوخت ع بڑھاپا۔ پیری۔ پچاس برس سے آخر عمر تک شیخوخت کہلاتا ہے۔

شیب ع
شیبت ع بڑھاپا۔ پیری

شیث ع نام بیٹے آدم علیہ السلام کا۔

شیخ ع بوڑھا۔ صاحب۔ بڑا عالم

شید ع مکر۔ فریب۔

شیخ نجدی ع تعب ہی شیطان کا

شیرزہ ف قوت۔ قدرت۔ طاقت۔

شیرژیان ف شیر درندہ

شیرہ ف چیپ۔ لیس۔ شیرینی۔ پتلی

شیرین ف میٹھا۔ اور نام معشوقہ فرہاد کا عزیز نایات۔

شیشہ ف کانچ۔

شیطان ع دشمن خدا کا۔

شیعہ ع قوم۔ گروہ مشہور پیرو علی رضی اللہ عنہ کے جو صحابہ کو نہیں مانتے ہیں

شیفتن ف عاشق ہونا۔ مدہوش ہونا۔

شیفتہ ف عاشق۔ و مدہوش

شیمہ ع طبیعت۔ خو۔ عادت۔

شیوخ ع جمع ہے شیخ کی۔

شیوع ع ظاہر۔ اور آشکار ہونا۔ رواج پانا۔ عام ہونا۔

شیون ع جمع ہے شان کی طرز۔ طور۔ شانیں۔

شیوہ ف طور۔ دستور۔ طریق۔

شی ع چیز

باب الصاد

صابر ۔ صبر کرنیوالا۔ سنتوکیا۔
صابون ۔ صابن جس سی کپڑے دہوتے ہین
صاحب ۔ مالک۔ یار۔ خداوند
صاحب قران ۔ وہ شخص جسکے ولادت کے وقت زحل اور مشتری کو قران ہوا ہو یعنے یہ دونون ستارے ایک برج مین ہون یہ بات بہت دنون مین ہوتی ہے امیر تیمور کا لقب صاحبقران ہے۔
صاحبہ ۔ سہیلی۔ جورو۔ عورت جو مصاحبت ہو
صادر ۔ نکلنے والا۔ ایک جگہ سے باہر نکلنے والا
صادق ۔ سچا۔ اور درست آجانا معنے کا کسی شے پر۔
صارخ ۔ چیخنے والا۔ چلانے والا۔
صاع ۔ ایک وزن ہی دوسو چونتیس ۲۳۴ تولہ کا۔
صاعقہ ۔ بجلی جو ابر سے زمین پر گرے
صاف ۔ بغش۔ بی ملاؤ۔
صافن ۔ ایک رگ کا نام ہے جو پنڈلی مین ہوتی ہے۔
صافی ۔ صاف۔ بغش۔ بی کہوٹ کپڑا اجہلنے کا۔
صالح ۔ نیک جو گنہگار نہو۔
صامت ۔ خاموش۔ چپکا۔ مراد چاندی سونے کی ہے۔
صانع ۔ کاریگر۔ بنانے والا۔
صائب ۔ رسا۔ پہنچنے والا۔ درست اور سازجہو
صائم الدہر ۔ وہ شخص جو ہمیشہ روزہ رکہے
صائم ۔ روزہ دار۔ روزہ رکہنے والا
صب ۔ ڈالنا۔ گرنا۔ عاشق۔
صبا ۔ وہ ہوا جو مشرق سے چلتی ہے پروائی ہوا۔
صباح ۔ صبح۔ تڑکا۔ خوب
صباح ۔ حسین۔ خوبصورت۔
صباحت ۔ خوبروئی سفید رنگ ہونا۔
صباغ ۔ رنگریز۔ رنگنے والا۔

صُبح ، فجر۔ تڑکا۔
صَید ، شکار۔ شکار کرنا۔
صِبر ، ایلوا۔ مشہور تلخ گوند ہے۔
صِبغ ، رنگنا۔ رنگ کرنا۔
صَبُور ، وہ شخص جو صبر کرے۔
صَبی ، لڑکا جو دودھ نہ پیتا ہو۔
صَبُوی ، صبر۔ شتابی نکرنا۔
صبیان ، جمع ہے صبی کی لڑکے۔
صَبیح ، خوبصورت۔ سفید رنگ
صَبیہ ، لڑکی۔ دختر
صحاب ، جمع ہی صاحب کی یار لوگ۔
صحابت ، یار ہونا۔ یاری کرنا۔ صحبت میں رہنا۔
صحارے ، جمع ہے صحرا کی۔
صِحاف ، بڑے بڑے پیالی برتن۔
صَحّاف ، کتاب کی جلد بنانے والا۔
صحائف ، جمع ہے صحیفہ کی کتابیں رسالے۔

صحب ، جمع صاحب کی۔ یار۔
صحبت ، یاری۔ پاس رہنا۔
صحت ، تندرستی۔
صحرا ، وہ جنگل جسمیں درخت نہو میدان۔ ریگستان۔
صحن ، بڑے تھال۔ طباق کلان گھر کا آنگن۔
صحو ، ہوشیاری۔ اور ہوشیار ہونا مستی سے آسمان مین ابر اور غبار کا نہونا۔
صحیح ، تندرست۔ چنگا۔ پاک عیب سے۔
صحیفہ ، کتاب۔ رسالہ
صخرہ ، پتھر۔ سنگ بڑا۔ نام اوس پتھر کا ہے جو بیت المقدس مین ہے اور نام ایک دیو کا ہے جو سلیمان کی انگوٹھی لے گیا تھا۔
صَد ن سُو۔ ایک سو۔ اصل اسکی سد ہے
صدا ، آواز۔ اور گونج۔
صَدارت بالکسر نام ایک عہدہ کا شروع کرنا۔
صُداع ، دردسر

صداق ع مہر عورت کا۔ کابین۔
صداقت ع دوستی۔ سچاپن۔
صَدیا ف کنکھجورا
صَدبرگ ف گیندا۔ مشہور درخت پھول کا ہی۔
صَدَد ع مقابلہ۔ نزدیکی قصد کرنا۔ درپی ہونا۔
صَدر ع سینہ ہر شے کے اوپر کا رتبہ۔ بالانشین۔
صدف ع سیپی۔ اور چھوٹا پیالہ شراب کا۔
صدق ع سچائی۔ سچ۔
صَدَقہ ع خدا کے نام پر جو فقیر وںکو دیا جاوے
صُدور ع سینے۔ چھاتیاں۔ بالانشینیاں کسی جگہ سے باہر نکلنا۔
صِدّیق ع بہت سچا۔ لقب ہے ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ اوّل کا بمعنی تصدیق کرنے والا۔
صَدِیق ع دوست۔ دوستاں مفرد وجمع اسکی یکسان ہے۔
صراحت ع آشکارا ہونا۔ ظہور۔
صُراحی ع شراب یا پانی رکھنے کا برتن۔ بوتل۔

صراخ ع چیخنا۔ چنگھاڑنا۔
صِراط ع راہ راست۔ رستہ سیدھا۔ راہ
صرّاف ع وہ شخص جو نقدی کی تجارت کرتا ہے۔
صَرصَر ع بادتند۔ آندھی
صرع ع مرگی۔ بیماری مشہور ہے اور پچھاڑنا۔
صرف ع ہر شے خالص۔ شراب خالص جسمیں پانی نہ ملا ہو۔
صَرف ع خرچ کرنا۔ توبہ۔ گردش زمانہ کی۔
صرفہ ع تنگی خرچ مین کرنا۔ فائدہ افزونی۔
صَرفی ع وہ شخص جو علم صرف جانتا ہو۔
صُرہ ع تھیلی۔ ہمیانی۔
صریح ع ظاہر۔ آشکارا۔
صعاب ع جمع ہے صعب کی دشواریان۔
صعب ع دشوار۔ سرکش۔
صَعلُوک ع فقیر۔ درویش۔
صُعُوبت ع دشواری۔ مشکل پن۔

صُعُود ، بلند چڑھنا۔ اوپر چڑھنا۔
صعوہ ، ممولا۔ پرند مشہور ہے
صَعِید ، خاک ۔ وئی مین مٹی۔
صِغار ، جمع ہی صغیر کی چھوٹی خرد۔ کوچک۔ خوار لوگ۔
صغارت چھوٹائی۔ خردی۔ چھوٹا پن۔
صِغر ، خردی۔ چھوٹائی۔
صغریٰ ، چھوٹی جوشی ہو۔ چھوٹی عورت اصطلاح مین پہلا قضیہ شکل کا۔
صغیر ، چھوٹا۔ خرد۔
صف ، قطار۔ پرہ آدمیون کا۔ لین۔
صفا ، صفائی۔ دوستی۔ نام ایک پہاڑ کا ہے مکہ مین۔
صفات جمع ہے صفت کی۔
صفار ، جمع ہے صفر کی۔
صفت ، بیان حال کا۔ علامت نشان۔ گن۔ تعریف۔
صفحہ ، ایک رخ ورق کا۔

صفدر ، صف لشکر کو پھاڑنے والا۔
صفر ، خالی ہونا۔ خالی۔
صفرا ، زردیت۔
صفراوی منسوب صفرا سے یعنے صفرا کا۔
صُفرت زردی۔
صفوف جمع ہی صف کی قطارین۔
صفی ، برگزیدہ۔ دوست خالص لقب آدم علیہ السّلام کا۔
صفیر ، آواز پرندون کی۔
صَلا ، دعوت عام کرنا۔ آواز دینا واسطے ضیافت کے۔
صَلابت سختی۔
صَلات ، نماز درود۔ دعا۔
صِلات بخشش۔ عطا۔ انعام جمع ہے صلہ کی۔
صلاح ، نیکی۔ مصالحہ۔ باہم صلح ہونا۔
صلاحیت نیکی۔ پارسائی۔
صلب ، سخت۔ کڑا۔

صُلب ع فقری پٹھ کی۔ پشت کی استخوان

صُلبی ع پشتی۔ نسلی

صالح ع آشتی۔ ضد فساد کی۔

صلحا ع جمع ہو صالح کی نیک آدمی۔

صَلٰوات ع جمع ہو صلوٰۃ کی نمازین درود۔ دعائین۔

صلۂ رحم ع محبت رکھنی اپنے رشتہ دارون سے

صِلہ ع بخشش۔ عطا۔ انعام

صَلیب ع سولی۔ چلیپا

صَمت ع خاموشی۔ چپ چاپ

صمصام ع شمشیر بران۔ تیز تلوار۔

صمغ ع گوند۔

صمم ع بہراپن۔ شنوائی۔ گرانی کان کی

صَنج معّ چنگ ایک باجہ مشہور ہے۔

صناعت ع کاریگری۔

صنائع ع جمع ہو صنعت کی کاریگریان۔

صَندل ع مشہور خوشبودار لکڑی ہے

صَندوقچہ چھوٹا صندوق۔

صَنع ع کاریگری۔

صنعت ع کاریگری ہے۔

صنف ع قسم۔ نوع مقید بصفات۔

صنم ع بت۔ مجازاً معشوق۔

صنوبر ع چیڑ کا درخت۔

صنوف ع جمع ہو صنف کی۔

صواب ع راست۔ درست۔ برخلاف خطا کے۔

صوابدید ف صلاح۔ وتجویز درست۔

صوارف ع حادثے۔ گردشات زمانہ کی جمع ہے صارفہ کی۔

صوارم ع جمع ہے صارم کی تلوارین کاٹنے والیان۔

صواعق ع جمع ہو صاعقہ کی بجلیان۔

صَوامع ع جمع ہو صومعہ کی تجانے عبادت خانے۔

صوب ع طرف۔ جانب۔

صوبہ ع بادشاہت کا ایک حصہ۔

صوبہ دار ف حاکم صوبہ کا۔

صوت ع آواز۔ سلیبل انگریزی مین

صُوَر ع جمع ہے صورت کی۔ صورتیں۔
صورت ع تصویر۔ شکل
صورتگری ف صورت بنانا۔
صُوری ع ظاہری۔
صوف ع پشم۔ اُون۔
صوفی ع پشم پوش۔ اُون کا کپڑا پہننے والا فقیر۔
صَول ع حملہ کرنا۔ ہلہ کرنا۔ کسی پر جھپک کر جانا۔
صَولت ع دبدبہ۔ رعب۔ ہیبت۔
صَولجان ع گلی۔ چوگان سرکج۔ کیا ہوا ڈنڈا۔
صَوم ع روزہ۔
صَومعہ ع عبادتخانہ۔
صَہبا ع شراب انگوری۔ برانڈی۔ شراب۔
صیّاد ع شکاری۔ شکار کرنے والا۔ مراد معشوق سے ہے۔
صِیانت ع بچانا۔ بچاؤ۔ حفاظت۔
نگاہبانی۔
صِیت ع آوازہ۔ شہرت۔ ذکر خیر۔
صَید ع شکار۔ وہ جانور جسکو شکار کریں۔ اور شکار کرنا۔
صیغہ ع ڈھالنا زر کا۔ لفظ۔ بنا ہوا نکاح۔
صیف ع موسم گرمی کا۔ گرما۔
صیقل ع زنگ دور کرنا۔ صاف کرنا۔

باب الضاد

ضابط ع انتظام کرنے والا۔
ضابطہ ع قاعدہ۔ دستور
ضاحک ع ہنسنے والا۔
ضار ع مضر۔ ضرر پہنچانیوالا۔
ضارب ع مارنے والا۔
ضاری ع شکار کے پیچھے دوڑنے والا۔ کتا وغیرہ۔

ضال ۔ گمراہ۔ راہ بھٹکا ہوا۔
ضامن ۔ خاطر جمع کرنے والا۔ دریگیرندہ وہ شخص جو کسی کا طرفدار ہو۔
ضان ۔ بھیڑی۔ میش۔
ضائع ۔ کھویا ہوا بیفائدہ کھویا گیا۔ برباد ہوا
ضبط ۔ نگاہ رکھنا ہر شے کا اوسکے حد پر انتظام۔
ضبع ۔ گفتار۔ بجّو۔
ضحیٰ ۔ دوپہر دن چڑھے کا وقت۔
ضحاک ۔ نام ایک بادشاہ کا ہے۔
ضخامت ۔ موٹا ہونا۔ جسامت۔ موٹاپا
ضد ۔ برخلاف۔ برعکس۔ فرق
ضرب ۔ مارنا۔
ضرب المثل ۔ کہاوت
ضربہ ۔ چوٹ۔
ضرر ۔ تکلیف۔ دُکھ۔
ضرس ۔ ڈاڑھ۔ بڑی دانت اندر کی جبڑے میں
ضرور ۔ اچت۔ جسکا ہونا ہی چاہیے۔
ضرورت ۔ جسکے بدون کام نہ چلے۔ حاجت

ضعف ۔ ناتوانی۔ ناطاقتی۔
ضعفا ۔ جمع ہے ضعیف کی۔
ضعیف ۔ ناتوان۔ ناطاقت۔ بوڑھا۔
ضغط ۔ بھینچنا۔
ضفادع ۔ جمع ہے ضفدع کی مینڈک۔
ضِفدع ۔ مینڈک۔
ضل ۔ گمراہ۔ نامعلوم شخص
ضلالت ۔ گمراہی۔
ضلع ۔ پسلی۔ پہلو کی ہڈی سلطنت کی شاخ۔
ضلوع ۔ جمع ہے ضلع کی۔
ضلیل ۔ گمراہ۔ راہ بھولا ہوا۔ بھٹکا ہوا۔
ضماد ۔ لیپ۔ دوا کو پانی وغیرہ مین ملا کر بدن پر لگانا۔
ضمائر ۔ جمع ہے ضمیر کی۔
ضِمن ۔ اندرون۔ اندر۔
ضمّہ ۔ پیش جیسی عُو دکی مین پر ہے۔
ضمیر ۔ دل۔ وہ اسم جو قائمقام اسم ظاہر کے ہو اسم غیر مظہر۔
ضمیم ۔ ملا ہوا۔ شامل کیا گیا۔

ضمیمہ ع وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگاوین۔

ضمین ع ضامن

ضوابط ع جمع ہے ضابطہ کی۔ قواعد۔

ضواحک ع چار دانت ہین جو درمیان کچلیون اور ڈاڑہون کے واقع ہین۔

ضیا ع روشنی آفتاب کی۔

ضیافت ع مہمانی۔ کہانا کھلانا۔

ضیف ع مہمان۔ اور مہمانان جمع ہے اور مفرد بہی ہے۔

ضیق ع تنگی۔

ضیق النفس تنگی سانس کی مشہور مرض ہے ہندی مین اوسکو دمّا کہتے ہین۔

ضیغم ع شیر درندہ۔ پہاڑنے والا شیر

ضیمران ع ایک قسم کی گہانس خوشبودار کا نام ہے۔

باب الطاء

طاب ع بوے خوش۔ اور فعل نہی ہی طیب کا۔

طاجن ع کڑاہی۔ تواجسپر کچھ چیز بریان کرین۔

طارم سب خانہ چوبین۔ بالاخانہ معرب ہے تارم کا۔

طارق ع ظاہر ہونیوالا۔ ناگاہ۔ عارض ہونیوالا۔ نیچے اوترنے والا کسی جگہ سے۔

طاس سب معرب تاس کا ہے۔ طشت بڑا۔

طاعات ع جمع ہے طاعت کی

طاعت ع بندگی۔ عبادت

طاعن ع نیزہ مارنیوالا۔ طعنہ دینے والا۔

طاعون ع وبا مشہور ہے ایک پہوڑا خصیہ یا پستان یا بغل کی نیچے نکلا کرتا ہے۔

طاغی ع پہرا ہوا۔ باغی۔ مفسد۔

طاف ع گشت کرنیوالا۔ طوف کرنیوالا۔

طاق ع محراب دیوار میں جگہ خمدار بنائی ہوئی۔ روئی دار جبہ۔ تنہا۔ مفرد

طاقت ع قوت۔ زور۔ توانائی۔

طاقچہ ف چھوٹا طاق۔

طال ع دراز ہوا۔ بڑھ گیا۔

طالب ع طلب کرنیوالا۔ ڈھونڈھنے والا۔

طالح ع بدفعل آدمی۔ بدآدمی۔

طالع ع نصیب۔ طلوع کرنے والا

طالعہ ع طلوع کنندہ۔ روشنی۔

طامع ع طمع کرنے والا۔ لالچی۔

طاؤس مور مشہور پرند ہے

طاہر ع پاک۔ جوناپاک نہو۔

طائر ع اڑنے والا۔ پرند۔

طائف ع طواف کرنیوالا۔ خیال جو نیند میں دکھلائی دے۔ سپنا۔ نام ایک ناحیہ کا ہے قریب مکّہ کے۔

طائفہ ع گروہ آدمیوں کا۔ جماعت۔ ٹکڑا

طب ع علم بدیک بیماریوں کی علاج کرنیکا علم

طبّاخ ع باورچی۔ پکانے والا

طپانچہ ف تمانچہ۔ تھپڑ۔

طبائع ع جمع ہی طبیعت کی

طبیخ ع کسی چیز کا پانی جوش دیا ہوا مطبوخ پکایا ہوا۔

طبرزد ع مصری۔ نبات۔

طبع ع سرشت آدمی کی خو پیدایشی۔ چھاپنا نقش کرنا۔ خارج از ذہن۔ موجودات۔

طبعی ع منسوب بطبع۔

طبق ع موافق۔ برابر۔ نام ایک بیماری گھوڑے کا۔

طبقات جمع ہے طبقہ کی۔

طبقہ ع درجہ۔ جماعت آدمیوں کی رتبہ

طبل ع ڈھول۔

طبلہ ع چھوٹا ڈھول مشہور باجہ ہے۔

طبّی ع طب کی وہ شے جو منسوب ہے طب سے۔

طبیب ع علاج کرنے والا۔ بید

طپیدن ف بقرار ہونا۔

طبیعت ع مزاج۔ خو۔ عادت۔ پیدایش

طبعی ع منسوب بہ طبیعت۔
طحال ع تلی مشہور ٹکڑا بدن کا ہے۔
طرار ع تیز زبان۔ چور گرہ کاٹنے والا۔
طراز ع نقش و نگار ہر چیز کا۔ چھینٹ
طرازیدن ف نقش کرنا۔
طراوت ع تازگی
طرب ع خوشی۔
طرح ع وضع۔ ڈہنگ۔ طور۔
طرز ع طرح۔ ڈہنگ۔
طرف ع سمت۔ جہت۔
طرفا ع جھاؤ کا درخت
طرفۃ العین ع آنکھ جھپکنا ایک دفعہ۔
طرفہ ع عجیب۔ تحفہ۔
طرفین ع دونوں طرف۔ دو جانب۔
طرق ع جمع ہے طریق کی۔ رستے۔ راہیں
طرہ ع زلف۔ پیشانی کے بال
چھجا مکان کا۔
طری ع تازہ۔ نیا۔
طریف ع غریب۔ نادر۔ نوزاد۔ عجیب

طریقت ع راہ۔ صفائی باطن کی۔
طریقہ ع راہ طور۔ رستہ۔ ڈہنگ
طسوج مب کنارہ۔ کونا۔ چوتھائی۔
وانگ یعنی دو حبہ کے برابر معرب ہے تسو کا
اور چوبیسواں حصہ ہر چیز کا۔
طشت مب معرب ہے تشت کا مشہور تھال ہے
طعام ع خورش۔ کھانا
طعم ع مزہ۔ لذت۔
طعم ع طعام۔ خورش
طعمہ ع خورش۔ خوردنی۔ کھانا۔
طعن ع نیزہ مارنا۔ عیب گیری کرنا۔
طغرا ع خط پیچیدہ۔ حسین القاب اور
نام بادشاہوں کا فرمان پر لکھا جاتا ہے۔
طغیان ع حد سے گذر جانا۔ مجازاً
زیادتی کثرت۔
طفل ع لڑکا۔ بچہ۔
طفولیت ع لڑکپن۔ طفلی۔
طفیل ع نام ایک شاعر کوفی کا ہی جو بدون
بلائی شراب کی مجلس میں ہر ایک کے گھر۔

جایا کرتا تھا پھر اب اوسکو کہتے ہین جو کسیکے
سبب دعوت مین چلا جاوے تا آخرین
ایک یا اوسپر زیادہ لگا کر طفیلے کہنے لگے ہین
مجازاً اسمعنے اوسکے سبب۔ اوسکے ساتھ مین

طل ، شبنم

طلا ، زرخالص۔ سونا بعضے کہتے ہین کہ
طلا معرب تلا ہندی لفظ ہندی کا ہے
جسکے معنی سونے کے ہین۔

طلاق ، چھوٹ جانا عورت کا نکاح سے
کشادگی۔ آزادگی۔

طلاقت ، کشادہ رو ہونا۔ تیزی
زبان تیز زبان ہونا۔

طلاوت ، تروتازگی۔ خوبصورتی۔ رونق

طلائی ، سونے کا۔ منسوب طلا سے

طلایہ ، سپاہ جو شہر اور لشکر کی
محافظت کرتی ہے۔

طلب ، مانگنا۔ خواہش کرنا۔
خواہش تنخواہ

طلبا ، جمع ہی طالب کی۔ طلب کرنیوالے۔

طلبہ ، یہہ جمع بھی طالب کی ہے۔

طَلبی ، بلاوا۔ بلوانا۔

طلّاب ، جمع ہی طالب کی۔

طلبیدن ف ، بلانا۔ چاہنا۔

طِلِسم ، تماشا جو بشکل عجیب و غریب
نظر مین آوے یہہ لفظ یونانی ہے۔

طلسمات ، جمع ہے
طلسم کی۔

طَلعت ، دیدار۔ مونھ دیکھنا۔ رخ۔

طلق ، دردزہ۔ جنی کا درد۔ ابرک یا ابرق

طلوع ، آفتاب کا نکلنا۔ ہر ایک ستارہ کا
ظاہر ہونا۔ باہر آنا۔

طِلیعہ ، وہ لشکر جو فوج سے آگے آگے
واسطے دریافت جگہہ اوترنے اور پانی اور دشمن کے
جایا کرتا ہے اور سپاہ محافظ شہر و لشکر کی۔

طمع ، لالچ۔ حرص۔

طمانیت ، اطمینان۔ تسلی۔

طمطراق ، کروفر شان و تجمل۔

طمغا ت ، یہ لفظ ترکی ہے۔ دیکھو طمغا

طناب ع رسی۔ خیمے کے ڈورے
طنبور ف طنبورہ مشہور باجہ ہے۔
طنز ع ناز۔ سخریہ۔ رمز کی بات کہنا طعنہ
طنطنہ ع آواز طنبورہ اور باجہ وغیرہ کی۔ کرّوفر۔ آواز نقارہ کی جو زیر ہوتی ہے اوسکو طنطنہ کہتے ہین اور آواز بم کو دبدبہ بولتے ہین۔
طنین ع آواز مکھی پشہ وغیرہ چھوٹی مکھیون کی۔
طواف ا گرداگرد پھرنا خانہ کعبہ کے گردش کرنا۔
طوالت ع درازگی۔
طوالع ع جمع ہے طالعہ کی۔ اور نام ایک کتاب کا ہے منطق مین
طوائف ع جمع ہے طائفہ کی
طوبیٰ ع مونث ہے اطیب کی معنے خوشبودارتر۔ پاک تر۔ بشارت۔ اور خوشخبری۔ اور نام درخت بہشتی کا ہے۔

طور ع نام ایک پہاڑ کا ہے شام مین ہوئے ملنے کو جسپر تجلی ہوئی تھی۔
طور ع وضع۔ ڈھنگ
طوطی ع طوطا۔ توتا۔
طوع ع رغبت۔ اور اطاعت۔
طوعاً ع از روے اطاعت اور فرمانبرداری کی۔
طوعاً وکرہاً ع فرمانبرداری اور دہینگا دہانگی سے۔
طوفان ع رو پانی کا جو ڈوبا دیوے باد تند۔ آندہی جو بہت تیز ہو۔
طوق ع طاقت۔ توانائی۔ گردن بند گول پٹہ۔
طَول ع بخشش۔ عطا۔
طُول ع درازی۔ لنبائی۔
طَوِیَّت ع وبیچیدگی۔ نیت اندیشہ۔ عزت۔
طَوِیل ع لنبا۔ دراز۔
طویلہ ع لمبی رسی جو گھوڑون کے پیر مین

باندھتے ہیں پہاڑی۔ مجازاً وہ مکان جسمیں گھوڑے باندھتے ہیں۔

طَہَارَت ؎ پاکی۔ پاکیزگی۔

طی ؎ لپیٹنا۔ بھوک۔

طیار ؎ اوڑنے والا پرندہ جو خوب اوڑسکے مجازاً مہیا۔

طَیَاش ؎ سبک عقلی جسکی عقل جاتی رہی ہو ہلکا۔ بیہودہ آدمی۔

طِیب ؎ خوشبو۔

طیب ؎ تحفہ۔ اچھا۔ خوش مزاج

طیر ؎ پرند۔ اوڑنے والا جانور۔

طیران ؎ اوڑنا۔

طیش ؎ خفگی۔غصہ۔ جوش سبکی عقل کی خطا کرنا۔ عقل جانا۔

طی کردن ؎ لپیٹنا۔ فیصل کرنا۔

طین ؎ مٹی۔ خاک۔ نمناک۔

طینت ؎ سرشت۔پیدائش۔ اصلی۔خو۔

طینی ؎ گلی۔ مٹی کی چیز۔

طیور ؎ جمع ہی طیر کی۔

طیوری ؎ پرندونکی چیز۔ منسوب طیور سے

طیہوج ؎ لوا مشہور پرندہ ہے تیتر کی قسم سے ہوتا ہے۔

بَابُ الظّآء

ظافر ؎ فتح کرنے والا۔ فتحمند

ظالم ؎ ظلم کرنیوالا۔ انیائی۔

ظامی ؎ پیاسہ۔ تشنہ۔

ظاہر ؎ کھلا ہوا۔

ظاہری ؎ باہر والا۔ کھلا ہوا۔

ظبی ؎ ہرن

ظرافت ؎ خوش طبعی۔ عقلمندی۔ زیرکی۔

ظرف ؎ برتن۔ آوند۔

ظروف ؎ جمع ہے ظرف کی۔

ظریف ؎ خوش طبع آدمی۔ وہ شخص جو زیرک ہو۔

ظفر ، فتح۔
ظفرہ ، ناخونہ جو آنکھ میں پڑجاتا ہے بیماری آنکھ کے۔
ظِل ، سایہ۔ چھاؤن۔
ظلم ، بی انصافی۔
ظلمات ، جمع ہی ظلمت کی۔ تاریکیان۔
ظلمانی ، وہ شی جو شفاف نہو۔ تاریک۔
ظلمانیت ، تیرہ ہونا۔ تیرگی پیدا ہونا۔
ظلمت ، اندہیرا۔ تیرگی۔
ظن ، گمان۔ وہم۔ تہمت
ظنون ، جمع ظن کی۔
ظنیہ ، جو بات کہ منسوب ظن سے ہو وہ مقدمہ جو قریب یقین کے ہو۔
ظنی ، اغلبی۔ قریب العقل
ظئیر ، دایہ۔ دائی۔ دودہ پلائی۔
ظواہر ، جمع ہے ظاہر کی۔
ظہر ، کمر۔ پشت۔
ظہور ، ظاہر ہونا۔ کہلنا
ظہیر ، مددگار۔ پشت پناہ۔

بَابُ العَین

عابد ، عبادت کرنیوالا۔ پوجاری۔
عابر ، راہ پر گذرنے والا۔ پل پر کو اوترنے والا۔ پار لگنے والا۔
عاج ، ہاتھی دانت۔
عاجز ، لاچار جس سے کچھ نہو سکے۔
عاجل ، جلد باز۔ جلدی کرنے والا۔
عادات ، جمع عادت کی ہے۔
عادت ، خو۔ سبہاؤ۔
عادل ، منصف۔ انصاف کرنے والا۔
عادی ، خو یافتہ جسکو عادت پڑی ہوئی ہو۔
عار ، شرم۔ عیب۔
عارض ، بخشی فوج کا ملنے والا۔ لاحق ہونے والا۔ ابر۔
عارضی ، لاحقی۔ جو اصلی نہو۔
عارف ، پہچاننے والا جاننے والا۔ ولی خدا۔

عاری ع ننگا۔ خالی۔
عاریت ع مانگنا۔ مانگ کر کوئی چیز لینی۔
عازم ع قصد کرنے والا۔ قصد۔
عاشر ع دسواں حصہ (۱/۱۰)
عاشق ع عشق رکھنے والا۔ چاہنے والا۔
عاشورہ ع دسویں تاریخ ماہ محرم کی۔
عاصم ع باز رکھنے والا۔ نگاہ رکھنے والا۔ نام ایک قاری کا ہے۔
عاصی ع گنہگار۔ مجرم۔ خطاکار۔
عاطر ع خوشبودار۔
عاطِف ع مُڑنے والا۔ مہربانی کرنے والا۔
عاطفت ع مہربانی۔ شفقت۔
عاف ع معاف کرنیوالا۔ خطا بخشنے والا۔
عافیت ع آرام۔
عافین ع معاف کرنیوالی جمع ہے عاف کی۔
عاقبت ع آخر۔ انجام۔
عاقل ع عقلمند۔ زیرک۔
عاکف ع گوشہ نشین۔ مسجد میں ایک گوشہ کے اندر واسطے عبادت کی بیٹھنا۔

عاکفان ف جمع فارسی ہی عاکف کی۔
عَالِمُ ع علم والا۔ پڑھا ہوا۔ جاننے والا۔
عَالَم ع جو چیز سوای خدا تعالی کی ہو وہ عالم ہو
عالم اسباب دنیا۔
عالم لاہوت ع عالم ذات خدا کا۔ یعنے خدا۔
عالم ملکوت ع مرتبہ اسمای آلہی کا۔
عالم معقول عالم عقلی۔ ذہنی عالم۔
عالم معنی ع وہ عالم جو محسوس نہو سکے۔
عالم جبروت ع مرتبہ صفات خدا کا۔
عالم ناسوت ع دنیاے فانی۔
عالم ہیولانی ع عالم اجسام کا۔
عالمی ع دنیاوی۔ عالم کا رہنے والا۔
عالمیان ف جمع ہے عالمی کی۔
عالیجناب ع بلند درگاہ۔ بلند مرتبہ۔
عالیحضرت ع بلند مرتبہ کا آدمی۔
عام ع پھیلا ہوا۔ مشہور۔
عامر ع آباد۔ آباد کرنے والا۔
عامل ع حاکم۔ عمل کرنے والا۔ کاریگر۔

عَامَہ ع مشہور۔ عام

عَائِد ع دشمن۔ عناد رکھنے والا۔

عائِد ع اولٹکر آنیوالا۔ عود کرنے والا

عائق ع روکنے والا۔ حائل۔ مانع۔

عُبّاد ع جمع ہے عابد کی۔

عبادت ع پوجا۔ بندگی۔

عبارت ع بیان۔ بات۔ بیان کرنا۔

عبّاس ع شیر درندہ۔ نام ہی پیغمبر خدا کے چچا کا۔

عبث ع بیفائدہ۔ بیہودہ۔

عَبد ع بندہ۔ غلام

عبرت ع اندیشہ۔ نصیحت پکڑنا۔

عبودیت ع بندگی۔ غلامی۔

عُبُور ع راہ پر گذرنا۔ پل کے پار جانا۔ دریا پر کو اوتر جانا۔

عبوس ع ترش رو۔

عبید ع بہت سے غلام یہ اسم جمع ہے اور عبد کی جمع نہین ہے۔

عبیر ع نام ایک خوشبو کا ہے صندل و گلاب اور مشک سے۔

ملا کر بناتے ہین۔

عتاب ع خفگی۔ غصہ

عتبہ ع دہلی۔ آستانہ

عتق ع آزادی۔ اور آزاد ہونا۔

عتیق ع پرانا۔ بزرگ۔ برگزیدہ۔ آزاد

عجائب ع جمع ہے عجیب کی۔

عجائز ع جمع ہے عجوز کی بڑہیا عورتین۔

عجب ع تعجب۔ انوکھا پن۔

عُجب ع غرور۔

عجز ع لاچاری۔ عاجزی۔

عجزہ ع جمع ہی عاجز کی۔ لاچار آدمے

عجل ع بچھڑا۔ گای کا بچہ۔ نام ایک قبیلہ کا ہے عرب مین۔

عجم ع وہ ملک جو عرب نہین ہے خصوصًا ملک ایران و توران۔

عجمی ع جو شخص باشندہ عرب کا نہو اکثر مراد ایرانی و فارسے سے ہوتی ہے۔

عجوز ع بڑہیا۔ بوڑہی عورت۔

عجیب ع انوکھا۔ وہ شی جس سی تعجب پیدا ہو

ملا

عد ع شمار کرنا۔ گننا۔ شمار۔

عدالت ع کچہری انصاف کی۔ برابری۔

عداوت ع دشمنی۔ برودہ۔

عَدَد ع گنتی۔ شمار۔ ہندسہ

عدس ع مسور۔ مسور کی دال مشہور غلہ ہے

عدل ع برابر کرنا۔ انصاف۔

عدم ع نہین۔ نفی۔ نہونا۔

عدو ع دشمن۔ بیری۔

عدوا ع تجاوز کرنا حد سے۔

عدول ع پھر جانا راہ سی۔ روگردانی کرنا۔

عدیل ع برابر رتبہ۔ اور قدر مین۔ مساوی۔

عدیم ع ناپیدا۔ گم۔ نایاب

عذاب ع دکھ۔

عِذار ع رخسارہ۔ چہرہ

عذب ع شیرین۔ میٹھا۔ خوش مزہ خوشگوار۔

عذر ع بہانہ۔ اور سبب کسی بات کا۔

عرابہ ع گاڑی۔ چھکڑا

عراق ع نام ملک کا یہی لغت مین عراق کے معنی کنارہ کے ہین اور عراق دو ہین ایک عراق عجم۔ دوسرا عراق عرب عراق عجم مین خراسان اور اصفہان داخل ہے اور عراق عرب مین وہ ملک جو آزدی دریاے دجلہ کی واقع ہین بغداد بھی اوسمین شامل ہے یہ دونون ملک چونکہ کنارہ دریا پر واقع ہین اسواسطے انکو عراق کہتے ہین چنانچہ عراق عجم دریای جیحون کے کنارے پر ہے اور عراق عرب کنارہ دجلہ و فرات پر ہی۔ اور عراق نام ایک مقام کا موسیقی مین سے بھی ہے جسکو بوقت چاشت گاتے ہین۔

عرائس ع جمع ہے عروس کی عورت یا مرد جسکی ابھی شادی ہوئی ہو مگر اکثر اطلاق اسکا عورت پر کرتے ہین۔

عرب ع ملک مشہور ہے۔

عربان ف جمع فارسی عرب کی ہے

عَرَبَدَہ ع لڑائی۔ جنگ۔ بدخوی جنگجوی

عربی ع منسوب عرب سی یعنی عرب کا۔

عربستان ع عرب کا ملک۔

عِرس ، خاوند والی عورت۔ زن باشوی

عُرس ، کھانا شادی یا نکاح کا۔ مجازاً مجلس طعام اور فاتحہ کسی بزرگ کی اوس دن جس روز کہ فوت ہوا تھا۔

عرش ، تخت۔ چھت۔

عرصہ ، دقفہ۔ میدان۔ فاصلہ

عرض ، ظاہر کرنا کسی چیز کا کسی شخص پر۔ چوڑان متاع۔ اسباب گھر کا۔ اور جو بذاتہ قائم نہو جیسا کہ رنگ ہے

عرضی ، جو اصلی نہو۔ جو عارض ہوا ہو۔

عرف ، مشہور نام۔ عام نام۔ پہچان۔ نکوئی۔ احسان۔

عرفان ، شناخت۔ پہچان۔ پہچاننا خدا کا

عرفی ، نام شاعر مشہور کا ہے اور مشہور اضافی۔

عِرق ، درخت کی جڑ۔ رگ۔ نس۔

عَرق ، پسینہ۔ اور وہ پانی جو دواؤں کا بخار بنا کر بناتے ہیں

عُروج ، چڑھنا۔ بلند ہونا۔

عُروس ، دلہن۔ دولہا۔

عروض ، ظہور۔ عارض ہونا۔ نام علم شعر کا

عروق ، جمع عرق کی پانی چوایا ہوا رس اور جمع عرق کی بھی ہے بمعنے رگین نسین جڑین نباتات کی۔

عُریان ، ننگا۔ برہنہ۔

عریض ، چوڑا۔ عرض دار۔

عریضہ ، عرضی۔ عرض

عَز ، عزیز ہوا۔ معزز ہو گیا۔

عَزا ، مصیبت پر صبر کرنا۔ نسبت کرنا کسی چیز کے۔ مجازاً ماتم پرسی۔

عزازیل ، شیطان۔

عَزب ، مجرد آدمی۔ وہ آدمی جسکی جورو نہو

عِزت ، حرمت۔ بزرگی۔

عزرائیل ، نام ایک فرشتہ کا جو روح قبض کرتا ہے۔

عزل ، بیکاری سا در بیکار کرنا۔

عُزلت ، گوشہ نشینی۔ زن و فرزند سے

جدا ہو بیٹھنا واسطے عبادت کے۔

عزم ع ارادہ۔ قصد

عزیز ع ارجمند۔ کمیاب۔ پیارا۔ اب لقب بادشاہ مصر کا ہے اور زمانہ قدیم مین یہ لقب وزیرون کو ملا کرتا تھا۔

عزیمت ع قصد دلی۔ منتر۔ افسون

عَساکر ع جمع ہے عسکر کی لشکرہا۔

عُسرت ع تنگی۔ مفلسی۔ دشواری۔

عَسس ع کوتوال۔ محافظ شہر۔

عَسکر ع لشکر۔ فوج۔

عَسل ع شہد۔ مدھ۔

عُسر ع دشواری اور دشوار ہونا کام کا

عَسیر ع دشوار۔ مشکل

عُش ع آشیانہ۔ گھونسلا۔

عشاء ع رات کا کھانا۔ بیالو کرنا۔ طعام شب۔

عَشا ع شب کوری۔ رتوندی

رات کو نہ دکھائی دینا۔

عشاق ع جمع ہے عاشق کی اور نام ہے ایک مقام راگ کا جو دو گھڑی دن رہے گاتے ہین۔

عشائر ع جمع ہے عشیرہ کی کنبے۔ قبیلے۔

عُشر ع دسوان حصہ (۱/۱۰)

عَشر ع دس (عہ) (۱۰)

عِشرت ع خوشدلی۔ خوش زندگانی

عشرہ ع دسوان دن مہینے کا۔

عشرین ع بیس (عہ) (۲۰)

عِشق ع بہت محبت کرنا کسی شے سے ایک قسم کا جنون ہے۔

عشق باز ف عاشق چاہنے والا۔

عشوہ ف ناز۔ اور ایسی حرکت وناز معشوق کا جو عاشق کو فریفتہ کرلے۔

عَشی ع اول شام۔ شروع شب کا شام کا وقت۔

عشر عشیر ع سوان حصہ (۱/۱۰۰)

عشیر ع کنبے کا آدمی ہمسایہ کسی کے ساتھ رہنے والا۔

عشیرہ ع دسوان حصہ۔ کنبہ قبیلہ۔

عصا ع لاٹھی۔ چوب دستی۔

عصّار ع روغنگر۔ تیلی۔

عصارہ ؏ شیرہ۔ رس۔ نچوڑا ہوا پانی۔
عصافیر ؏ جمع ہے عصفور کے کنجشک چڑیاں۔
عصب ؏ پٹھہ۔ پے۔
عصر ؏ زمانہ۔ روزگار۔
عصفر ؏ کسنبہ۔ سرخ جامہ۔
عصفور ؏ چڑیا۔ کنجشک
عِصمت ؏ گناہ سے باز رہنا۔
عصیب ؏ طرفدار استوار
خویشاوند۔ رشتہ دار۔
عضد ؏ بازو۔ بانہہ۔
عُضلہ ؏ اولہ۔
عُضو ؏ ٹکڑا بدن کا۔
عضوب ؏ جمع ہے عضب کے تلواریں۔
عَطَا ؏ بخشش۔ دینا۔
عطّار ؏ عطر بیچنے والا۔ گندھی۔
عَطَارد ؏ بدھ۔ ستارا۔
عُطَاس ؏ وہ شے جس سے چھینک
پیدا ہو۔ چھینک
عطایا ؏ جمع ہے عطیہ کی۔ بخششیں۔

عطب ؏ ہلاکت۔ ہلاکی۔
عطر ؏ خوشبو۔ اور خوشبو ہونا
عطریات ؏ جمع ہے عطری کی یعنے وہ
اشیا جو خوشبو دیویں۔
عطس ؏ چھینکنا۔ چھینک۔
عطش ؏ پیاس۔ تشنگی۔
عطشان ؏ پیاسا۔ تشنہ۔
عطف ؏ پھر جانا۔ لپٹنا۔
عطل ؏ عورت بدون زیبائش کی
بے زیور۔ بے نقطہ حرف۔
عطوف ؏ مہربان۔ شفیق۔
عطوفت ؏ مہربانی۔
عطیّات ؏ جمع ہے عطیہ کے۔
عطیہ ؏ بخشش۔ انعام دی ہوئی چیز
عِظام ؏ بزرگان۔ بزرگ لوگ۔ اس
صورت میں جمع ہے عظیم کی۔ اور ہڈیاں۔
استخوانہا اب جمع ہے عظم کی۔
عظم ؏ ہڈی۔ استخوان
عظم ؏ بزرگی۔ بڑائی۔

عظما ؏ جمع ہے عظیم کی بزرگ لوگ -
عظمیٰ ؏ بزرگ عورت بڑا مقدمہ
عظمت ؏ بزرگی - قدر -
عظیم ؏ بزرگ - بڑا -
عفت ؏ پرہیزگاری - پارسائی -
عفریت ؏ دیو - بھوت -
عَفص ؏ مازو - ماجو - دوا مشہور ہے
عِفص ؏ کسیلا - بی مزہ - تلخی اور ترشی اور گرفتگی زبان کی جسمین مزہ نہو -
عفو ؏ معاف کرنا - خطا بخشنا -
عفوضت ؏ بی مزگی - کسیلاپن -
عفونت ؏ سڑجانا - بدبو - سڑانده
عفیف ؏ پارسا - پرہیزگار - جو شخص حرام کاری نکرتا ہو -
عُقاب ؏ گدہ ایک پرند چیل کی قسم مشہور ہے -
عِقاب ؏ عذاب - دکھ
عَقارب ؏ جمع ہے عقرب کی - بچھو
عَقائد ؏ جمع عقیده کی -
عقب ؏ ایڑی - پیر کی -

عقبیٰ ؏ آخرت - دوسرا جہان -
عقد ؏ گره لگانا - عہد - بیع - نکاح -
عقده ؏ گره - مشکل بات
عُقر ؏ بانجھ ہونا - عقیم ہونا پیر باندھنا ستور کا -
عقرب ؏ بچھو -
عقل ؏ خرد - دانائی -
عقلا ؏ جمع ہی عقیل کی - عقلمند لوگ -
عقلے ؏ جو بات صرف ذہن مین آوے خارج مین نہو -
عقوبت ؏ عذاب - دکھ - سزا -
عقود ؏ جمع ہے عقد کی -
عقول ؏ جمع ہے عقل کی - دانائیان فرشتے -
عقیده ؏ بھروسہ دل کا - مذہب کے اصول
عقیدت ؏ جنپر یقین کرنے سے اوس مذہب مین شامل ہوسکے -
عقیق ؏ نام ایک سرخ پتھر کا ہے
عقیم ؏ بانجھ عورت جسکے بچہ نہو -

عکس ع اولٹنا۔ لوٹنا۔
عُلا ع سربلندی۔ بزرگی۔
عَلیٰ ع اوپر
علاج ع چارہ۔ تدبیر۔
علی الخصوص خاص کرکے۔ خصوصاً۔
علی الدوام ہمیشہ
علی الصباح صبح کیوقت
علی الاطلاق بے قید۔
علاقہ ع لگاؤ تعلق۔ آویزش۔
علامات ع جمع ہے علامت کی۔
علامت ع نشان۔ پتہ۔
عَلّامہ ع عورت بہت جاننے والی۔ مرد عالم
عَلّامی ع بہت جاننے والا۔
عَلانیہ ع ظاہر۔ کھلم۔ کھلا۔
علاوہ ع سوا۔ ماسوائے۔ اسکے سوا۔
علائق ع جمع ہے علاقہ کی ہے
عَلّات ع سندان۔ اہرن جسپر لوہا کوٹا جاوے۔
علت ع سبب۔ بیماری۔ وجہ۔

علت فاعلی جسنے کوئی شے بنائی ہو۔
علت مادی وہ مادہ جس سے وہ شے بنی ہو۔
علت صوری صورت جو بعد بنتے اوس چیز کے ہوگئی ہو۔
علت غائی فائدہ اوس شے کا۔
علی حدہ
علیحدہ اپنی حد پر۔ جدا۔ الگ۔
عَلَف ع گھاس۔
علق ع جونک جو مشہور کیڑا ہے چمٹا ہوا۔
عَلَم ع نیزہ۔ نام خاص۔ پہاڑ۔ جھنڈا۔
علما ع جمع ہے علم کی۔
عُلو ع بلندی۔ اونچائی۔
عُلوفہ ع خوردنی۔ خورش۔ خوراک
عُلوم ع جمع ہے علم کی۔
عَلوی ع وہ سید جو اولاد علی سے ہو
عُلوی ع آسمانی جیسے فرشتے ستارے وغیرہ۔

علیا

عُلیا ع بہت بلند
عَلیم ع جاننے والا۔ دانندہ۔ علم والا
علیہ ع جمع ہے علی کی بلند مرتبہ اور شریف چیزیں۔
علیین ع نام بہشت کا۔ اور کتاب اعمال بندگان صالح کی
عم ع چچا باپ کا بھائی۔
عماد ع ستون۔ کھنب۔
عمارت ع مکان۔ آبادی۔ آباد کرنا۔
عُمّال ع جمع ہے عامل کی حاکم کاگذار سرکار کا۔
عمامہ ع دستار۔ پگڑی
عمد ع قصد۔ ارادہ۔
عمدًا ع قصدًا۔ ارادہ سے
عمدہ ع نفیس۔ تحفہ
عُمر ع زندگی۔
عمق ع گہراؤ۔ دل۔
عمل ع کام۔ کار
عملی ع جو منسوب عمل سے ہو۔

عَمّو ع چچا۔ باپ کا بھائی
عمود ع سیدھا خط جو سیدھی خط پر واقع ہو اور زاویہ قائمہ پیدا کرے۔
عموم ع عام ہونا۔ سب جگہ ہونا بے قید ہونا۔
عموی ع چچا کا
عَمّہ ع پھوپھی۔ باپ کی بہن۔
عمٰی ع اندھاپن۔
عمیق ع گہرا۔ ڈونگا۔
عمیم ع عام۔ شامل
عن ع سے۔
عنا ع تکلیف۔ دکھ۔ رنج مشقت۔
عناد ع دشمنی۔ بیر
عنادل ع بلبلیں جمع ہے عندلیب کی
عناصر ع جمع ہی عنصر کی اصلی جزو۔
عناق ع بکری کا بچہ۔ جو مادہ ہو۔
عنایت ع مہربانی۔
عِنَب ع انگور میوہ مشہور ہے
عنبر ع نام ایک خوشبو کا ہے۔

عنبرین ن عنبر کی خوشبو دینی والی شے۔

عِند ع نزدیک۔

عِندلیب ع بلبل۔ ہزار داستان۔

عُنصر ع اصلی۔ جزو۔

عُنصری ع منسوب بعنصر۔ اصلی جزو کا۔ تخلص ایک شاعر کا

عنف ع سختی۔ یا درشتی کرنا۔ تندی۔

عنفوان ع اول ہر شی کا۔ آغاز جوانی کا۔

عنق ع گردن۔

عنقا ع ایک جانور فرضی ہے شاعر لوگوں نے فرض کیا ہے۔

عنقریب ع نزدیک۔ ابھی۔

عنکبوت ع مکڑی

عُنوان ع سرنامہ۔ سرخی مطلب کے دیباجہ اول ہر چیز کا

عنید ع لڑاک۔ سرکش۔

عنیف ع تُند۔ سخت خو۔ لڑاک۔

عنین ع نامرد جو عورت کے کام کا نہو۔

عوارض ع جمع ہے عارضہ کی۔

عواطف ع جمع ہے عاطفہ کی۔

عوام۔ عوام الناس ع عام لوگ۔ رعایتی لوگ۔

عوامل ع جمع ہی عامل کی عمل کرنے والے اور حاکم لوگ۔ کارکن۔

عَوان ع خصم والی عورت۔

عَوائق ع جمع ہے عایقہ کے روکنے والیان۔

عوج ع تیڑھا پن۔ کبڑا پن۔

عُود ع لکڑی اور سیاہ رنگ کی لکڑے۔

عَود ع لوٹنا۔ پھرنا۔ بازگشت کرنا۔ بوڑھا اونٹ

عور ع کانا۔ یک چشم۔ عَور بد باطن۔ عُور ننگا۔

عورت ع وہ بدن آدمی کا جسکا کھولنا موجب شرم ہے مجازاً زن۔

عوض ع بدلا۔ قائم مقام۔

عَوق ع باز رکھنا۔ پھرا دینا۔ منع آنا۔

عَون ع مدد۔ مدد کرنا۔

عَہد ع زمانہ - پیمان - و سوگند
عہدہ ع منصب - رتبہ سرکاری - ذمہ
عہود ع جمع ہی عہد کی پیمان و عدہ - اور قسمیں -
عَیَاذًا باللہ پناہ خدا کی -
عِیَار ع کسوٹی لگانا - آزمانا چاندی کا یا سونے کا
عَیَّار ع مرد چالاک - بہت آمد و رفت کرنے والا -
عَیَّاری ع چالاکی -
عیاش ع بہت عیش کرنے والا -
عیال ع زن و فرزند اور رشتہ دار -
عیان ع آنکھ ہی دیکھنا - مجازاً - ظاہر
عیب ع برائی - نقصان - کمی -
عید ع خوشے -
عیسیٰ ع نام ہی حضرت عیسیٰ پیغمبرؑ کا
عیش ع زندگانی کرنا - اچھی طرح زندگی کرنا -
عِیار ع تولنا - جانچنا -
عین ع آنکھ - چشم - چشمہ پانی کا -
عِین ع جمع ہے عینا کی - زنان خوش چشم -
عینین ع دونوں آنکھیں -
عیوب ع جمع ہی عیب کے -
عیون ع آنکھیں - چشمی جمع ہے عین کی -

باب الغین

غادر ع بیوفا جو شخص عہد کو پورا نکرے
غار ع گڑھا -
غارت ع لوٹ - لوٹنا - مال لوٹنا
غاریدن ف لوٹنا - غارت کرنا -
غازہ ف گلگونہ ایک قسم کی سرخی ہوتی ہے جو عورتیں اپنے منھ پر ملتی ہین -
غازی ع قتل کرنے والا کفار کا جنگ مین -

غاشیہ ع زین پوش گھوڑے کا پالان۔
قیامت ۔ بیماری اندر کی۔
غاصب ع غیر کا حق بجبر لینے والا۔
غافل ع بیخبر۔ غفلت والا۔
غاق ع آواز ہے کاک کی۔
غالب ع زبردست ۔ اکثر۔ غلبہ والا۔
غالی ع گران۔ منہگا۔
غالیچہ ت اونی بچھونا۔ گلکاری کیا ہوا۔
غالیہ ع خوشبو مشہور ہے اور عنبر کافور وغیرہ سے مرکب کرکے بناتے ہین۔
غامض ع گہرا۔ ڈونگھا
غائب ع جو موجود نہو۔
غائط ع پیخانہ ۔ جای ضرور۔
غبار مٹی ملی ہوئی ہوا۔ گرد۔
غباوت کندذہنی۔ کم فہمی
غبرا زمین۔ گردآلودہ
غبط ع رشک کرنا کسیکی مال پہ بدون اسکے کہ اوسکا زوال چاہے
غائت غرض۔ مطلب۔ انتہا۔ آخر۔

غبغب ع گوشت لٹکا ہوا نیچے ٹھوڑی کے یہ پر گوشت آدمی کی خوبصورتی مین داخل ہے۔
غبن ع خرید مین نقصان اوٹھانا۔ مکر کرنا۔
غبن ع عقل مین نقصان ہونا۔
غبی ع کم عقل۔ جنکی عقل صائب نہو۔
غث ع لاغر۔ فاسد۔ دُبلا۔
غد ع صبح۔
غدا ع کل کا روز جو ہوگا۔ فردا روز۔
غدار ع بہت غدر کرنیوالا۔ بہت بیوفا۔
غدر ع بیوفائی کرنا۔ بیوفائی۔
غدیر ع تالاب جسمین نئی بارش اور سیل کا پانی جمع ہوجاے
غذا ع خوراک جس سے بدن کی پرورش ہو۔
غراب ع کوّا۔ کاگ مشہور پرند ہے۔
غرائب ع جمع ہی غریبہ کی۔ عجیب اشیا۔
غرامت ع تاوان۔ تاوان زدہ ہونا پشیمانی۔ عذاب۔
غرب ع نیچے بیٹھنا۔ چھپ جانا۔ ڈول پانی نکلنے کا۔

غربا ع جمع غریب کی ہے۔
غربت ع مسافرت۔
غربال ع چھلنی۔ آٹا چھاننے کی چھلنی۔
غربی ع غرب کا۔ غرب کا رہنے والا منسوب بغرب۔
غرض ع نشانہ۔ مجازاً مطلب مقصود۔ اور حاجت۔
غرغرہ ع کُلی۔ پانی منہ مین لیکر تھوک دینا۔
غرفہ ع کھڑکی۔
غرق ع ڈوب جانا۔
غرقی ف پانی کی دہرتی جو زمین پانی مین ڈوب جاوے۔
غرقاب ع جو چیز پانی مین ڈوب جاوی۔
غرندہ ع آواز کرنے والا مثل کتے یا شیر وغیرہ درندہ جانور کے۔
غروب ع چھپنا آفتاب کا شام کے وقت
غرور ع گھمنڈ۔
غرّہ ع سپیدی پیشانی اسپ کی جو ایک درم سے زیادہ ہو۔ سردار۔

بہتر ہر چیز سے۔ اوّل روز کا چاند۔
غریب ع مسافر۔ بیکس۔ وبی مال۔
غریدن ف غُرّانا۔ گھُرّانا۔
غریزی ع اصلی۔ طبعی۔ خلقی۔
غریق ع ڈوبا ہوا۔
غریو ف شور۔ فریاد۔ آواز۔ غوغا۔
غزا ع جہاد۔ لڑائی۔ کفار سے۔
غزال ع ہرن کا بچہ۔ ہرنوٹا۔ آفتاب
غزل ع باتین عشق عورتون کی اور صحبت اور جوانی کی کرنا۔ کاتنا۔ رسی بٹنا۔ ریسمان۔
غزلیات ع جمع ہے غزل کی۔
غزو ع جہاد لڑنا مسلمانون کا کفار سے واسطے مذہب کے۔
غسل ع نہانا۔ تمام بدن کا دہونا۔ اور غسل دہونا
غش ع بیہوش ہوجانا۔ ناطاقت ہوکر بیہوش ہوجانا۔
غشاوہ ع جھلی۔ پردہ۔
غِش ع کھوٹاپن۔ عیب
غشی ع بیہوش ہونا۔ اور بیہوش کرنا

اور خیانت کرنا۔

غشیان ع جماع کرنا۔ اور غشیان۔ بیہوش ہونا

غصب ع بظلم چھین لینا۔ کسیکا حق جبر سے رکھ لینا۔

غصص ع جمع ہی غصہ کی۔

غصہ ع وہ رنج جس سے گلا گھٹ جاوے مجازًا خفگی۔

غضائف ع جمع ہے غضروف کی۔

غضب ع غصہ۔ خفگی۔ رنج۔

غضبان ع وہ شخص جو غصہ مین ہو۔ خفا آدمی۔

غضروف ع چپنی ہڈی۔ نرم ہڈی جیسے کان کی ہوتی ہے۔

غضنفر ع شیر درندہ۔ شیر ببر

غفار ع بہت بخشنے والا۔ صفت خدا کی ہے۔

غفران ع بخشش گناہ کا معاف کرنا۔

غفلت ع بھول چوک۔ چوک جانا۔

غفور ع بخشنے والا گناہوں کا صفت خدا کی ہے

غفیر ع بہت۔ اتنی بڑی جماعت۔ یا انبوہ۔

کہ اونسے زیادہ دیکھ سکے۔

غُل ع طوق لوہے کا۔ بند۔ تشنگی

غِل ع کینہ۔ خیانت۔ کدورت۔ کھوٹاپن۔

غَلّات ع جمع ہے غلہ کی۔ اناج۔

غُلات ع جمع ہے غالی کی وہ شخص جو حد سے گذر گئے ہون تشدد کرنے مین۔

غلاف ع اوپر کا پردہ۔ خول۔

غلام ع لڑکا۔ مجازًا۔ نوکر۔ بندہ۔

غلبہ ع جمع ہی غالب کی۔

غلبا ع ایسا موضع کہ وہانکے درخت باہم پیوستہ اور انبوہ دار ہون۔ گھنا۔

غلط ع جو صحیح نہو۔

غلطان ف لڑہکتا ہوا۔

غلطیدن ف لوٹنا۔ لیٹنا۔

غلغلہ ع شور۔ اور غل۔

غلک ف غلہ ایک برتن جیسی گھڑا وغیرہ کا قسم اوسے چمڑے سے مڑھ کر ایک سوراخ اوسمین کر کے پیسے اور روپے محصول والے ڈالتے رہتے ہین اوسکو غلک فارسی مین کہتے ہین

غلمان ع جمع ہے غلام کی یعنے امرد لڑکے۔
غلولہ ع گولی۔
غلیظ ع موٹا۔ دلدار۔ مجازاً ناپاک۔
غلّہ ع اناج۔
غلیواز ف چیل مشہور پرند ہے۔
غم ع رنج۔ دکھ۔
غمّاز ع اشارہ کرنے والا۔ سخن چین طعنہ کرنے والا۔
غمخوار ف دوست جو اپنا غم کھاوے۔ دوست یار۔
غمخوردن ف غم کھانا۔
غمزہ ع آنکھ سے اشارہ کرنا۔
غمزدگی ف غمزدہ ہونا۔
غمکدہ ف غم کا گھر۔ مصیبت کا گھر۔
غمگسار ف دکھ دور کرنے والا۔ یار غم کا دور کرنے والا۔
غموم ع جمع ہی غم کی۔
غنا ع گانا۔ نغمہ۔ سرود۔

غِنا ع تونگری۔ دولتمند ہے۔
غنائم ع جمع ہی غنیمت کی لوٹ کی مال۔
غنج ف کرشمہ۔ ناز آنکھ جھپکنا۔ جھانولی۔
غنچہ ف کلی۔ بدون کھلا ہوا پھول
غنم ع بکری۔
غنودن ف اونگھنا۔
غنی ع بے پرواہ۔ دولتمند
غنیم ع لوٹنے والا۔ لٹیرا۔ دشمن
غنیمت ع مال لوٹ کا۔ لوٹ۔
غوّاص ع غوطہ مارنیوالا۔ ڈبکیا
غوائت ع جمع ہے غایت کی انتہائیں۔ غوائت گمراہی۔
غوث ع فریادرس۔ فریاد۔
غوچ ت مینڈھا۔ میش نرشاخدار
غوچہ ت مرغکی کلغی۔
غور ع گہراؤ۔ عمق۔ زمین پست نیچی جانا۔
غورہ ف انگور خام ترش۔
غوطہ ع ڈبکی۔
غوغہ ع شور و غل۔

غوک ۔ مینڈک

غول ۔ دیو ۔ جن ۔ بھوت

غوی ۔ کجرو ۔ گمراہ جسکی سمجھ ٹیڑھی ہو ۔

غیاث ۔ فریادرسی ۔ فریادرس

غیب ۔ پوشیدگی ۔ ناپدیدگی ۔

غیبت ۔ پوشیدگی ۔ پوشیدہ ہونا ۔

غیث ۔ باران ۔ مینھ

غیر ۔ اور سوائے جو وہی نہو ۔ علحدہ شئے

غیرت ۔ شرم ۔ اجنبیت ۔

غیر متناہی جسکی انتہا نہو ۔

غیر واقع ۔ جھوٹ ۔ خلاف ۔ دستور ۔ ناشائستہ

غیوب ۔ جمع غیب کی ۔

غیہب ۔ اندھیرا ۔ بیوقوف ۔ گدہا

باب الفاء

فاتح ۔ شروع کرنیوالا ۔ کھولنے والا ۔

فاتحہ ۔ دیباچہ ۔ شروع ۔ نام اول سورۂ قرآن کا

فاتر ۔ آب نیم گرم ۔ نیم گرم پانی ۔ سست ۔

فاتک ۔ دلیر ۔ شجاع ۔ قاتل

فاتن ۔ مفتون کرنیوالا ۔ فریفتہ کرنیوالا ۔

فاجر ۔ گنہگار ۔ زانی ۔

فاحش ۔ بدی مین حد سے گذرنے والا ۔ بد ۔ برا ۔

فاحشہ ۔ بد عورت ۔ زن بدکار ۔

فاختہ ۔ قمری ۔ فاختہ

فاخر ۔ فخر کرنیوالا ۔ تحفہ ۔ معزز

فار ۔ چوہا ۔ موش

فارس ۔ سوار ۔ نام ملک پارس کا ۔

فارہ ۔ چوہیا ۔

فارغ ۔ خالی ۔ بیکام ۔

فارغ البال فارغ دل جسکو کچھہ کام نہو ۔ بے اندیشہ ۔ اور بے فکر آدمی ۔

فارخطی ۔ لادعوی ۔ آزادی نامہ

فارق ۔ فرق کرنے والا ۔ فاصل ۔

فاسد ۔ تبہ ۔ بگڑا ہوا ۔

فاسق ۔ گنہگار ۔ بدکار ۔

فاش ف ظاہر - آشکار -
فاصل ع جدا کرنے والا -
فاصلہ ع دوری - فرق - عرصہ - میدان -
فاضل ع خوب - صاحب فضل -
فاطر ع پیدا کرنے والا - خالق -
فاعل ع فعل کرنیوالا - کام کرنے والا -
فاق ع صیغہ ماضی کا ہی - یعنے فوقیت
لے گیا - فائق ہوگیا -
فاقہ ع بھوکھا رہنا - افلاس -
فاکہ ع میوہ -
فال ع شگون - غیب کی بات -
فالج ع ڈھیلا پڑجانا - آدھی بدن کا -
سستے نیمہ بدن کی -
فالق ع چیر کر نکالنے والا -
فالودہ ف پیچ چاولون کی جمی ہوئی -
فام ف رنگ -
فانوس چراغدان جس پر باریک
کپڑا لگا ہوا ہوتا ہے -
فانی ع مرنیوالا - فنا ہونیوالا -

فانیذ ف مصری - کھانڈ -
فائدہ ع نفع -
فائز ع پہنچنے والا -
فائض ع فیض دینے والا -
فائق ع بلند ہونیوالا - فوقیت رکھنی والا -
فبہا ع لغوی معنے - پس ساتھ اوسکے
مجازاً - بہتر - بہت خوب -
فتادن ف گرنا - پڑنا -
فتح ع کھولنا - مجازاً جیتنا ملک کا -
فتحہ ع زبر - جیسے حَد کی ح پر ہے
فتراک ع تسمہ جو پیش وپس زین کے
لٹکاتے ہین - شکار بند -
فترت ع ضعف - سستی - وہ زمانہ جو
درمیان دو پیغمبرون کے واقع ہو -
فتق ع کشادگی - اور چیرنا - نام اوس
بیماری کا ہے کہ جس سے خصیہ کلان ہوجاتا ہے
فتن ع جمع فتنہ کی -
فتوی ع حکم شرع کا - فیصلہ -
فتوت ع جوانمردی - مروت

فتوح ؏ کشایشین جمع ہے فتح کی اور مصدر بھی ہے بمعنے کشایش کے۔
فتوحات جمع فتوح کی۔
فتوحی ن ایک قسم کی کرتی یا جاکٹ ہے۔
فتور ؏ سستی اور سست ہونا۔ مجازاً خرابی
فتیلہ ؏ بتی۔ بٹی ہوئی چیز۔
فتی ؏ جوان۔ گبھرو
فج ؏ خام۔ کچا۔ راہ کشادہ درمیان دو کوہ کے
فجر ؏ صبح۔ تڑکا۔
فجل ؏ مولی۔ مشہور ترکاری ہے۔
فجور ؏ گنہگاری۔ گنہ کرنا۔
فحاوی ؏ جمع ہی فحوای کی سخنہا اور مضامین۔
فحش ؏ حد سے گذرنا بدی کا۔
فحوای ؏ مضمون۔ مطلب۔
فخذ ؏ ران۔ جانگھہ
فخر ؏ گھمنڈ۔ غرور۔ بزرگی۔
فدا ؏ کسیکے عوض جان دینا جو چیز فدا کی جاوے۔ سر خرید۔

فدوی ؏ قربان ہونے والا۔ کسی کے عوض جان دینے والا۔ سر بہا ہونیوالا۔
فدیہ ؏ وہ مال جو عوض کسی قیدی کے دیکر اوسکو سرکار سے خرید لین۔ سر بہا۔ صدقہ۔
فر ن شان شوکت۔ دبدبہ۔ ٹیپ ٹاپ۔
فرا ن آگے۔ پہلے۔ نزدیک۔ دور۔ بلند
فرات ؏ آب شیرین نام ایک ندی عرب کا جو نزدیک کوفہ کے جاری ہے۔
فراخ ن وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا۔
فراختن ن بلند کرنا۔ اونچا لیجانا۔
فراخوری ن شایستگی لیاقت سزاواری۔
فراخور ن شایستہ۔ لائق سزاواری۔
فراخی ن کشادگی وسعت۔
فرادا ؏ ایک ایک۔ الگ الگ۔
فرار ؏ بھاگنا۔ بھاگ جانا۔
فراسیدن ن پہنچنا۔ آگے پہنچنا۔
فرارفتن ن جانا۔ آگے بڑھنا۔

فراری ف بھاگا ہوا۔ بھگوڑا

فراز ف پھیلا ہوا۔ بنتا ہوا۔ کشادہ۔ نزدیک آگے۔ حضور۔ جمع۔ اکٹھا ہوا بعد اسکے۔ بعد۔ پھر۔ بلند۔ نشیب۔ بلندی۔ سرکش۔ وصل۔ آلت تناسل۔ زیادہ۔ آنا۔ آگے جانا۔ خون۔

فرازی ف بلندی۔ اونچائی۔

فرازدن ف ظاہر کرنا معلوم کرنا ایک بات کا۔

فرازندہ ف بلند کرنے والا۔

فرازیدن ف کھڑا کرنا۔

فراست ف دانائی عقلمندی تیزی فہم کی قیافہ

فراستوک ف ابابیل۔ دیوالئی۔

فراش ع فرش۔ بچھونا۔

فراش ع فرش بچھانے والا۔ مکان صاف کرنے والا نوکر۔

فراغبال ف فرصت۔ بیکاری۔

فراغت ع خالی ہونا۔ فرصت

فراق ع جدائی۔

فراموش ف بھول۔ چوک۔

فراموشیدن ف بھولنا۔ بھول جانا۔

فرامن ف **فرامین** ف جمع ہی فرمان کی بادشاہی پروانے

فرامودن ف ظاہر کرنا۔ دکھلانا۔

فراوان ف بہت۔ کثیر۔ زیادہ۔

فراہم ف اکٹھا۔

فرائد ع جمع ہے فریدہ کی۔ مفرد۔ تنہا۔ یگانہ۔

فرائض ع جمع فریضہ کی وہ کام جسکا کرنا ضرور ہو۔ فرمودہ خدا کا۔ اور نام علم میراث کا ہے۔

فربہ ف موٹا۔

فربہی ف موٹاپن۔ موٹاپہ۔

فرتوت ف بوڑھا۔ بہت بڑی عمر کا۔

فرخ ع کشائش۔ آسائش۔

فرج ع کھولنا۔ چیرنا۔ کشادگی۔ دو چیزوں میں۔ عورت کا جسم نہانی۔

فرجت ع شگاف۔ ٹیسر۔ رنج۔

فرجام ف انجام ۔ انتہا ۔ آخر ۔
فرح ع خوشی ۔
فرخ ف
فرخندہ ف مبارک ۔ سبھ ۔ زیبارو
فرد ع طاق ۔ تنہا ۔ یگانہ ۔
فردا ف کل کا دن جو آگے آویگا ۔
فردوس ع بہشت ۔
فرزان ف علم ۔ حکمت ۔ دانش ۔ استواری ۔
فرزانگی ف دانائی ۔ عقلمندے
فرزانہ ف حکیم ۔ دانا ۔ عقلمند ۔
فرزند ف بیٹا ۔ پسر ۔ پوت ۔
فرزی ف نام مہرہ شطرنج کا ہی ۔ وزیر ۔
فرس ع گھوڑا ۔
فرستادن ف بھیجنا ۔
فرسنگ ف تین میل کی مقدار اور ہر میل چار ہزار گز کا ہوتا ہے ۔
فرسودن ف گھسنا ۔
فرش ع بچھونا ۔ بچھانے کی چیز
فرشتہ ف بھیجا ہوا خدا کا ۔ مشہور معنے خدا کا قاصد نورانی ۔
فرص ع جمع ہی فرصت کی ۔
فرصت ع آرام پانا ۔ مہلت دینا ۔
فرض ع معین کرنا ۔ کسی چیز کا وقت مشخص کرنا ۔ بخشش کرنا ۔ اندازہ کرنا حکم خدا کا ۔
فرط ع زیادتی ۔ بہتایت ۔ غلبہ ۔
فرع ع شاخ ۔ ٹہنی ۔
فرعون ع لقب ہی ایک بادشاہ مصر کا ۔ جو حضرت موسی علیہ السلام کے وقت مین تھا مجازاً ۔ سرکش ۔ مغرور ۔
فرعی ع جو اصلی نہو ۔ شاخ کا ۔ منسوب فرع سے ۔
فرغل مع معرب ہی فرگل لفظ فارسی کا روئی بھرا ہوا البادہ ۔
فرفر ف جلد ۔ شتاب ۔ اور جلدے
فرقان ع فرق کرنے والا ۔ درمیان حق و باطل کی نام قرآن شریف کا ۔
فرقت ع جدائی ۔

فرقدان۔فرقدین نام اون دو ستارونکا ہے جو قطب کے پاس ہین اور شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہین چھپتے نہین ہین۔

فرقہ ۱ قوم۔ گروہ۔ ٹولی۔

فرکندن ف زمین کا خراب ہونا۔ رَو سے سیلاب سے بگڑنا زمین کا۔

فرکند ف وہ زمین جس مین بسبب پانی سیل یا رو کے گڑہے پڑ گئے ہون اور جا بجا پانی بھرا ہوا ہو۔

فرمان ف حکم بادشاہی۔ حکم۔

فرمایش ف بطور حکم سفارش کرنا۔ بطور حکم کچہ کام کروانا۔ یا مانگنا۔

فرمودن ف فرمانا۔ حکم دینا۔

فرنگ ف یورپ۔ نصاریٰ کا ملک۔ نصاریٰ۔

فرو ف کم۔ نیچے۔ کم رتبہ۔

فروتر ف بہت کم۔ بہت نیچا۔

فروترین ف بہت ہی نیچا

فروتن ف عاجز تواضع کرنے والا۔

فروتنی ف تواضع کرنا۔ کم رتبہ سمجھنا اپنے تئین۔

فروخت ف بیچنا۔ بیچا۔

فروختن ف بیچنا۔

فرود ف زیر۔ پائین۔ نیچے۔ فریفتہ فریبندہ۔ فریب دینے والا۔ زبون۔ بد۔ مغرور۔

فرودست ف زیر حکم۔ کم رتبہ۔ ناطاقت یا تحت۔ چند شخص جو ملکر گاتے ہین۔

فرودگاہ ف جگہ اوترنے کی۔ جہان پر سفر مین قیام کیا جاوے۔

فروردین ف پہلا فارسی مہینا۔ انگریزی ماہ مارچ۔

فروز ف تابش۔ روشنی۔ چمک آفتاب کی۔

فروش ف بیچنا۔ بیچنے والا۔

فروشندہ ف بیچنے والا۔

فروغ ف روشنی۔ شعاع۔ تابش آفتاب اور آگ کی۔

فروگذاشت ف چھوڑنا۔ معاف کرنا۔ بھول جانا۔

فروگذاشتن ف چھوڑ دینا۔ بھول جانا۔ قصور معاف کرنا۔

فروکوفتن ف ٹھوکنا۔ دبی مارنا۔

فروماندگی ف عاجزی۔ لاچاری

فروماندن ف لاچار ہونا۔ عاجز ہونا۔

فرومایگان ف کمینے لوگ۔ نالائق۔

فرومایہ ف کمینہ۔ نالائق۔ بد اصل۔ بی ہنر

فرہنگ ف عقل۔ علم۔ لغت کی کتاب نام ہے اور کیکاؤس کا۔

فرہاد ف نام ہی ایک سنگ تراش مشہور عاشق فارسی کا جو شیرین پر عاشق ہوا تھا اوسکا قصہ مشہور ہے۔

فریاد ف غل واسطے مدد مانگنے کے۔

فریادی ف دہائی دینے والا۔

فریب ف مکر۔ عشوہ۔ ناز۔ دغا۔

فرید ع بیمثل۔ بی مانند۔ یگانہ۔

فریدون ف نام ہے ایک بادشاہ فارس کا جسنے ضحاک پر فتح پائی تھی۔

فریسہ ع وہ جانور جسکو شکار کریں۔

فریضہ ع حکم خدا کا جیسے روزہ رکھنا نماز پڑھنا۔

فریفتن ف فریب کھانا۔ فریب دینا۔

فریق ع جدا کرنیوالا۔ ٹولی۔ فرقہ۔

فزا ف افزائش۔ زیادہ کر۔ انگڑائی۔

فزع ع خوف۔ گھبراہٹ

فزودن ف زیادہ کرنا۔ زیادہ ہونا۔

فزون ف زیادہ۔ بڑھا ہوا۔

فزونی ف زیادتی۔ بڑھوتری

فساد ع بگاڑ۔ بگڑنا۔ اول صورت کا چھوڑ دینا

فسان ف ایک پتھر ہے جسپر چاقو اور چھری تیز کرتے ہیں۔

فسانہ ف کہانی۔ قصہ۔

فستق ب معرب ہے پستہ کا پستہ میوہ مشہور ہے

فسحت ع فراخی۔ جگہ کی کشادگی۔ جگہ کی

فسخ ع قصد کا پھیر دینا۔ رائے توڑنا۔ دینا۔

فسر ع بیان کرنا۔ مطلب کھولنا۔

فسردگی ف جم جانا۔ منجمد ہونا۔

فسردن ف ٹھرنا۔ منجمد ہوجانا

فسق ع خدا کا حکم ترک کرنا۔ بدکام کرنا۔ گنہ کرنا۔

فسقہ ع جمع فاسق کی گنہگار لوگ۔

فسون ف منتر۔ جادو۔

فسیح ع وسیع۔ فراخ مکان۔

فشان ف جھاڑتا ہوا۔

فشاندن ف جھاڑنا

فشردن ف نچوڑنا۔

فص ع نگینہ جو انگوٹھی وغیرہ پر جڑتے ہیں۔

فصاحت ع خوش گوئی خالے ہونا کلام کا۔ الفاظ ثقیل اور ترکیب غیر مانوس اور تعقید سے۔

فصاد ع فصد کھولنے والا۔

فصد ع خون نکالنا رگ سے

فصل ع جدا کرنا۔ جو نوع کو تمیز دے اوسکے مشارکات جنسی سے۔ موسم۔

فصول ع جمع ہی فصل کی۔

فصیح ع خوشگو۔ صحیح کلام کرنے والا۔

فصیل ع شہرپناہ۔ چاردیواری شہر کی بچہ اونٹ کا جسکا دودھ پینا چھوڑا دیا جاوے یعنے اوسکے ماں سے جدا کردیا گیا ہو۔

فضا ع فراخی زمین کی۔ کشادگی صحن خانہ۔ اور میدان۔ کھلا میدان۔

فضاحت رسوائی۔

فضایح ع جمع فضیحت کی۔ رسوائیاں۔

فضائل ع زیادتیاں۔ اور ہنر درجات بلند جمع فضیلت کی۔

فضل ع افزونی۔ بخشش۔

فضلا ع جمع فاضل کی۔

فضلات ع جمع فضلہ کی ہی۔

فضلہ ع وہ بھوک ہے جو بعد غذا کے بدن سے براہ معدہ یا مثانہ یا دماغ وغیرہ سے خارج ہوتا ہے۔

فضول ع فزونی۔ زیادتی۔ بزرگی۔

بزرگ ہونا۔

فضولی ع بیہودہ آدمی۔ زیادہ گو۔

فضہ ع چاندی۔ نقرہ۔

فضیحت ع رسوائی۔ بدنامی۔

فضیلت ع بزرگی۔ بڑائی۔

فَطر ع چیرنا۔ پیدا کرنا۔

فِطر ع روزہ۔ کھولنا۔

فطرات ع پیدائش۔ دانائی۔

فطنت ع زیرکی۔ دانائی۔

فِطن ع زیرک۔ دانا۔

فِطیر ع تازہ گندہا ہوا آٹا خمیر کی ضد فطیر ہے۔

فظیع ع بد۔ قبیح۔

فعّال ع بہت کام کرنے والا۔

فغان ف نالہ۔ فریاد۔

فغم ع خوشبو کا سونگھنا۔

فقد ع گم کرنا۔ کم ہونا۔

فقدان ع گم ہونا۔ کھویا جانا۔

فقر ع افلاس۔ فقیری۔

فقرا ع جمع ہی فقیر کی۔

فِقرہ ع جملہ۔ استخوان پیٹھ کی۔ منکا کمر کا۔

فقط ع بس۔

فقہ ع دریافت کرنا۔ جاننا۔ علم شرع۔ احکام شریعت کا

فُقہا ع جمع ہی فقیہ کی۔

فقیر ع مفلس۔ درویش۔

فقیہ ع عالم دانا۔ علم فقہ جاننے والا۔

فک اعلیٰ ع اوپر کا جبڑا۔

فک اسفل ع نیچے کا جبڑا۔

فکاک ع جدا کرنا۔ خلاص کرنا۔

فکر ع سوچ۔ اندیشہ۔

فگندن ف ڈالنا۔

فکیف ع پس کیونکر۔ استفہام کیواسطے بھی بولتے ہین۔

فگار ف زخمی۔ زخم۔ اسیواسطے عاشق کو دل فگار کہتے ہین جو لوگ دل فگار کے معنے معشوق تصور کرتے ہین بڑی غلطی کرتے ہین۔ غ۔ ت۔

فلاح ع رستگاری۔ فیروزی۔ نیکی۔

فلاحت ؏ نیکی ـ بھلائی ـ کھیتی کرنا ـ زراعت ـ

فلاخن ت گوپھیا جسمیں ڈھیلا رکھکر اور گھماکر زمیندار کھیت مین جانورونکو مارتے ہین ـ

فلاسفہ ؏ جمع فلسفی کی حکماء ـ دانشمند لوگ ـ

فلاکت ؏ مفلسی ـ ناداری ـ گردش زندگی زمانہ کے

فلان ؏ شخص فرضی ـ

فلز ؏ وہ جوہر کانی جو آگ مین پگھل سکے یہ معنی شامل ہین چاندی سونے تانبے وغیرہ سب معدنیات کو ـ

فلزی ؏ معدنی ـ کانی ـ

فلس ؏ پیسہ ـ

فلس ؏ مچھلی کا کھپرا ـ

فلسفہ ؏ علم موجودات کا ـ

فلفل ؏ سیاہ مرچ ـ

فلک ؏ آسمان ـ

فلکی ؏ آسمانی ـ

فلوس ؏ جمع ہے فلس کی ـ

فلہ ت پیوسی جو بعد بچہ پیدا ہونے کے حیوان کا دودھ دو تین دن نکلتا ہے اوسکو پیوسی کہتے ہین

فلہذا ؏ پس اسیواسطے ـ

فم ؏ مُنہ

فم معدہ ؏ معدہ کا مُنہ = کوڑی ـ

فن ؏ شاخ درخت کی ـ علم کی شاخ ـ

فنا ؏ مرنا ـ ہلاک ہونا ـ

فندق ؏ ایک میوہ مشہور ولایت کا ہے سرخ رنگ بیر کے برابر ہوتا ہے اور شابہ ہوتا ہے سر انگشتان سے اور کبھی اوس سے کنایہ معشوق سے ہوتا ہے اور کبھی سر انگشت خضاب بستہ سے تشبیہ دیتے ہین ـ

فنون ؏ جمع ہی فن کی ـ

فو ؏ مُنہ

فوات ؏ گذرنا ـ کھویا جانا مرجانا ـ

فواحش ؏ جمع ہی فاحشہ کے بدکار عورتین اور بدیان

فوّارہ ع چشمہ - جھرنا پانی کا بہت جوش مارنیوالا-

فواضل ع بخششین بڑی- عطیات نیکو- جمع ہے فاضلہ کی-

فواق ع ہچکی- وہ ہوا جو سینے سے نکلتی ہے-

فواکہ ع جمع ہی فاکہ کی- میوجات-

فوائح ع جمع ہے فائحہ کی خوشبو دینے والی چیزین- خوشبوئین-

فوائد ع جمع ہی فائدہ کی-

فوت ع مرنا- گم ہونا- گذرنا-

فوج ف لشکر- سپاہ - جنگی- گروہ

فور ع جوش مارنا- جلدی-

فوز ع مطلب کو پہنچنا-

فوطہ ع کمربند- جامۂ نادوختہ- لنگی- نہانی کی - خصیہ - تھیلی - محصول-

فوفل ع سپیاری-

فوق ع اوپر-

فوقانی ع اوپر کا- اوپر والا-

فولاد ع لوہا جوہردار جسکی تلوار چھرے وغیرہ بنواتے ہین-

فہام ع بہت سمجھنے والا-

فہد ع چیتیا- پلنگ درندہ جانور قسم شیر کی مشہور ہے-

فہرست ف تفصیل اشیا کی اوسکو عربی مین فہرس کہتی ہین-

فہم ع سمجھ- عقل- دانائی-

فہمانیدن ف سمجھانا-

فہمیدن ف سمجھنا-

فہوم ع جمع ہی فہم کی-

فہیم ع سمجھنے والا-

فی ع بیچ- درمیان-

فیاض ع فیض پہچانے والا- بڑا فیض کرنے والا-

فی الجملہ ع حاصل کلام- مختصر کلام-

فی الحال ع فوراً- ابھی-

فی المثل ع کہاوت مین-

فی الواقع ع حقیقت مین-

فیروز

فیروز ف فتح ۔ جیت ۔ کامیاب ۔
فیروزہ ف نام ایک پتھر مشہور کا ہے ۔
فیصل ع انفصال جھگڑا چکانا ۔ نباؤ کرنا ۔
فیروزی ف فتحمندی سے
فیصلہ ع جھگڑا ۔ چکانا ۔ نباؤ کرنا
فیض ع ڈالنا ۔ مجازاً ۔ فائدہ بخشش
فیل ع ہاتھی مشہور حیوان ہی ۔
فیلبان ف ہاتھی کا ہانکنے والا ۔
فیلسوف ع عقلمند ۔ حکیم ۔
دوستدار علم کا ۔
فیلمرغ ف نام ایک پرند مشہور کا ہے ۔
فیمابین ع درمیان ۔ بیچمین
فی نفسہ ع اپنی اصل مین لپنے ذات
مین خود ۔
فیوض ع جمع ہی فیض کی ۔
فیوضات ع فیوض
کی جمع فیوضات ۔ جمع الجوامع
ہے ۔
فیہج ع شراب ۔

باب القاف

قاآن ت بادشاہ جو بہت عادل اور
سخی اور عاقل ہو چنگیز خان کے پسر کا
نام بھی ہی اب لقب بادشاہ ترکستان کا ہی مجازاً
ہر ایک بادشاہ جلیل القدر کو کہتے ہین ۔
قاب ت طباق ۔ بڑا برتن ۔
بطور رکابی کے ۔ تھال ۔
قابض ع قبض کرنے والا ۔
قابل ع لائق ۔ یوگ ۔
قابلہ ع دائی ۔
قابلیت ع قابل ہونا ۔ لائق
ہونا ۔ لیاقت ۔
قابو ف بوتا ۔ موقع ۔ داؤ ۔
قابوس ع معرب ہے کاؤس کا
نام بادشاہ کا ہے ۔
قاتل ع قتل کرنے والا ۔ خونی ۔
قادر ع قدرت رکھنی والا استطاعت رکھنی والا

قادس ع بڑا جہاز۔
قارورہ ع شیشی۔ مجازًا۔ پیشاب کی شیشی۔
قاری ع پڑھنے والا۔ خوانندہ۔
قارون ع ایک شخص دولتمند رشتہ دار حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تبلاتے ہین۔
قارو ع راج ہنس۔ پرند مشہور ہے۔
قاسر ع جبر کرنیوالا۔ زبردستی سے۔ کسی کام پر رکنے والا۔
قاسم ع بانٹنے والا۔ تقسیم کرنے والا۔
قاش ت ابرو۔ پارہ۔ پھانک۔
قاشر ع چھلکا اوتارنے والا۔
قاصد ع قصد کرنیوالا۔ ارادہ کرنیوالا۔
قاصر ع کوتاہی کرنے والا۔
قاصب تیز۔ برندہ۔ کاٹنے والا۔
قاضی ع جھگڑا چکانیوالا۔ منصب
قاطع کاٹنیوالا۔ قطع کرنے والا۔
قاطع الطریق راہ بر۔ رہزن۔ راہ پر لوٹنے والا۔ چور۔

قاطن ع ساکن۔ رہنے والا۔
قاعد ع بیٹھنے والا۔
قاعدہ ع بنیاد۔ تلی۔ نیچے کے مقدار۔ قانون۔ دستور۔
قاف ع نام ایک پہاڑ کا ہے۔
قافلہ ع میدنی۔ گروہ مسافرون کا۔
قافیہ ع الفاظ بیت کے اخیر کے۔
قاق ت خشک گوشت مجازًا لاغر دبلا۔
قاقلہ ع بڑی۔ الائچی۔
قاقم ع نام ایک جانور کا ہے اوسکا پوست بہت سپید ہوتا ہے اور ملائم۔ اوسکے پوستین بناتے ہین۔
قال ع گفتگو۔ مباحثہ۔
قالب ع سانچہ۔ بدن۔
قالی ع بچھونا۔ غالیچہ
قالیچہ ت چھوٹا بچھونا مشہور ہے
قامت ع قد۔
قامعہ ع توڑنیوالے۔ خوار کرنے والے

ھکوس

قاموس ع دریائے عمیق نام کتاب لغت ہی کا
قانت ع دعا پڑھنے والا۔ حکم ماننے والا خدا کا۔
قانع ع سنتوک کرنے والا۔ تھوڑے پر صبر کرنے والا۔
قانون ع سطر کتاب کا۔ اصل ہر شئے کا شروع۔ دستور۔ قاعدہ۔ اندازہ۔
قاہر ع قہر کرنے والا۔ زور آور۔
قائد ع کھینچنے والا۔ حاکم۔
قایف ع علم قیافہ والا۔ شگونیا۔
قائل ع کہنے والا۔
قائم ع کھڑا ہونیوالا۔ کھڑا ہوا۔
قائمہ ع نوّے درجہ کا زاویہ۔
قبا ع پوشاک مشہور ہے۔
قباب ع جمع ہے قبہ کی کنگورے کلس۔ برج۔
قباچہ ت چھوٹی قبا۔
قباحت ع برائی۔ زشتی۔ زبونی۔

قبالہ ع سند مکان کی۔ کاغذ مکان کا۔
قبائح ع جمع قبیحہ کی۔ برائیاں۔
قبائل ع جمع قبیلہ کی گروہ آدمیوں کی۔ اقوام۔
قبیح ع بدزبون۔ برا۔
قبح ع برائی۔ بدی۔
قبر ع گور۔
قبرستان ف وہ جگہ جہاں پر قبریں ہوں۔
قبس ع چنگاری۔ آگ کا ٹکڑا۔
قبس ع جلانا تبے وغیرہ کا۔
قبض ع پکڑنا۔ گرفتگی۔
قبضہ ع مٹھی۔ گرفت کی جگہ۔ تلوار وغیرہ کی۔ دستہ۔ قابو۔
قِبل ع آگے۔ سامنے۔
قبل ع اندام نہانی عورت کا۔
قبلہ ع جسکی طرف منہ کریں۔
قُبلہ ع بوسہ چوما۔
قبور ع جمع ہے قبر کی۔
قبیل ع گروہ۔

قبول ع مانا۔ قبول کرنا۔
قبولیت ع
قبہ ع گنبد وغیرہ عمارت گول۔
قبیلہ ع گروہ۔ وہ جماعت جو ایک باپ کی اولاد سے ہوں۔
قتال ع لڑائی۔ جنگ۔
قتّال ع بہت قتل کرنے والا۔
قتل ع مارڈالنا۔ تلوار وغیرہ ہتیار سے مارنا۔
قتیل ع مقتول۔ کشتہ۔ خواہ عورت ہو یا مرد۔
قحبہ ع بدکار۔ فاحشہ۔ لغوی معنی گنہگار کر بلانے والی۔
قحط ع کال۔ جھاڑا مہنگا ہو جانا غلہ کا بسبب نہ برسنے بارش کے۔
قحف ع استخوان۔ سر۔ کھوپڑی۔
قد ع لمبائی بدن کی۔
قدام ع ہمیشگی۔ کہنہ پن۔
قِدام ع آگے۔ سامنے۔
قدامت ع دیرینہ ہونا۔ کہنہ ہونا۔ ہمیشگی۔

قدح ع پیالہ۔ عیب کرنا۔ طعنہ دینا ضد مدح کی۔
قدر ع عزت۔ بزرگی۔ اندازہ کرنا کسی چیز کا۔
قِدر ع ہانڈی۔ دیگ۔
قدرت ع طاقت۔ قوت۔
قدردان ع ف قدر جاننے والا۔
قدری ع تھوڑا۔ قلیل۔ کم۔
قدس ع پاکیزگی۔ پاک۔ نام ایک پہاڑ کا عرب میں۔
قدغن ت تاکید۔ تعید۔
قدم ع پیر۔ پای۔ پانوں۔
قدما ع جمع ہی قدیم کی۔ اگلی لوگ پرانے وقت کے آدمی۔
قِدم ع دیرینگے۔ کہنگی۔ پرانا پن۔ ہمیشگی۔
قدوس ع بہت پاک۔ نام خدا تعالیٰ کا۔
قدوم ع کسی جگہ سے آنا۔ سفر سے آنا۔
قدوہ ع پیشوا۔ برگزیدہ

قدید ع سوکھا ہوا گوشت - گوشت خشک
قدیر ع صاحب قدر - طاقت ور
قادر - پختہ -
قدیم ع ہمیشہ - جو ہمیشہ سی ہو - پرانا -
قری ع جمع ہے قریہ کی - دیہات -
قرأت ع پڑہنا -
قرابت ع رشتہ داری قریب ہونا -
قراد ع چچڑی مشہور جانذار جانور ہے جو کتے کے بدن پر ہوتی ہے -
قرابہ ع بڑا شیشہ عرق رکھنے کا -
قرار ع سکون آرام - اقرار مجازاً
قرارداد ف اقرار - جو بات بعد مباحثہ کے مقرر ہو جاوے -
قراقر ع جمع قرقرہ کی وہ آواز جو پیٹ کے اندر ہوا کرتی ہے گڑگڑاہٹ پیٹ کی -
قراضہ ع پارۂ زر - ٹکڑا سونے کا - ریزہ چاندی کا یا سونے کا -
قِران ع اجتماع دو ستاروں کا ایک برج میں سوائے شمس کے -

قرآن ع کلام اللہ - یہ لفظ مصدر ہے بمعنے خواندن کے مگر بمعنے مفعول کے مستعمل ہو کر نام کتاب خدا کا ہو گیا ہے -
قراول ت وہ سپاہی لوگ جو واسطے تعین مکان جنگ کے مقرر ہوں اور شکاری آدمی - بہیلیا - جو شخص شکار کر دے -
قرب ع نزدیکی -
قربا ع جمع قریب کی
قربان ع ذبح کرنا - صدقہ -
قربت ع نزدیکی - پاس ہونا -
قربہ ع مشک پانی کی -
قرۃ ع خنکی - سردی
قرح ع زخم کرنا - گھاؤ کرنا -
قرحہ ع زخم جس میں پیپ پیدا ہو گئی ہو -
قرد ع بوزنہ - بندر - مشہور حیوان ہے،
قرص ع ٹکیا -
قرض ع وام اودھار روپیہ دینا -
قرطاس ف کاغذ -
قرع ع کدو نبات مشہور ہے -

قرعہ ع پانسہ تانبے یا پتیل یا جست وغیرہ کا جسکو ڈال کر رمال غیب کی بات بتاتے ہیں۔

قرق ت نگہبانی۔ منع کرنا۔ روکنا۔

قرمز ع لال۔ سرخ رنگ۔

قرمزی ع سرخ رنگ۔

قرن ع شاخ حیوان کی۔ سینگ حیوان کا سو برس یا تیس برس۔

قرنفل ع لونگ

قروح ع جمع ہی قرح کی زخمہا۔ گھاؤ۔

قریات ع جمع ہی قریہ کی دیہات گانون۔

قریب ع نزدیک

قریش ع نام ہی ایک قبیلہ کا درمیان عرب کے پیغمبر خدا۔ اوسی قبیلہ کی اولاد سے ہین۔

قرین ع پاس والا۔ ملا ہوا۔ ہم صحبت یار۔ دوست وغیرہ۔

قرینہ ع مناسبت ظاہری درمیان دو چیز کے پیوستہ ہونا۔ ایک چیز کا دوسری چیز سے۔

قریہ ع گانون۔ پنڈ۔ دہ۔

قز ع ریشم۔ کچا ریشم۔ کیڑا ریشم کا

قزاق ت راہزن۔ لوٹیرا

قزح ع رنگا رنگ جیسے لکیرین وغیرہ ہون

قزلباش ت قزل کے معنے سرخ اور باش کے معنی سر یعنے سرخ سر والا مراد لشکری چونکہ سرخ پگڑی اسمٰعیل صفوی نے لشکریون کے واسطے ایجاد کی تھی اسواسطے یہ خطاب لشکر کے سپاہی کو دیا گیا ہے۔

قساوت ع سخت دلی۔ اور سیاہ دل ہونا۔

قسط ع عدل۔ انصاف حصہ۔ آفتابہ پانی کا۔

قسط ع ظلم بے انصافی۔ حق سے پھر جانا۔

قسطبندی ف زمیندار لوگ جو روپیہ سرکاری کے حصہ کرکے دیتے ہین اوسکو قسطبندی کہتے ہین۔

قسم ع حصہ۔ ہر ایک بہانت یا طرح
قسم ع سوگند۔ قسم مشہور لفظ ہے۔
قسمت ع حصہ۔ بنا ہوا۔
قسر ع زبردستی سے کسیکو ایک کام پر رکہنا۔ بزور کوئی کام کروانا۔
قِشر ع چہلکا۔ پوست درخت یا میوہ کا اور پوست۔
قشقہ ف تلک۔ ٹیکا۔ جو ہندو لوگ ملتھے پر لگاتے ہین۔
قصّ ع کترنا۔ کاٹنا۔ استخوان سینہ
قصاب کاٹنے والا۔ مراد قصائی۔ بوچپڑ۔
قصّار ع گاذر۔ دہوبی۔
قصاص ع عوض لینا۔ زخم کا زخم سے یا قتل کا قتل سے۔
قصائد ع جمع ہی قصیدہ کی۔
قصائی ع یہ لفظ نقص سے بنا ہے
قصب ع نی۔ نیسزہ قلم کا۔ کپڑا کتان کا۔ اور ابریشم کا اور قصب بمعنی کاٹنے کے ہین اِسے سے قصاب کا لفظ بنا ہے جو قصائی کو کہتے ہین۔
قصبات ع جمع ہے قصبہ کی۔ چہوٹے شہر۔ نئے۔ بانسلی۔ یعنی بانسری
قصبہ ع چہوٹا شہر۔ بنئے۔ اور جو مانند نئے کے ہو جیسے قلم کا نیسزہ۔
قصد ع ارادہ۔
قصر ع کوتاہی۔ کپڑا دہونا۔ مکان محل۔
قصص ع جمع قصہ کی کہانیان۔
قصوی ع انتہا۔ نہایت۔ یہ صیغہ مؤنث کا ہے۔
قصور ع کوتاہی عاجز ہونا۔ قاصر رہنا۔ اور جمع قصر کی معنے محلہا۔
قصّہ ع کہانی۔ بیان کسی شخص کا۔
قصیدہ ع مغز موٹا اور اصطلاح مین وہ اشعار ہین جو شامل مدح یا ذم کے ہون اور بارہ سے زیادہ ہون۔

قصیر ۶ کوتاہ۔ کوتاہی کرنے والا۔ نام ایک غلام کا ہے جو مشہور باوفا تھا۔

قضا ۴ حکم کرنا۔ ادا کرنا۔ پیدا کرنا۔ تمام کرنا۔ اور حکم خدا کا مخلوقات کے حق مین جو دفعتہً واقع ہو جاتا ہے۔

قضات ۱ جمع قاضی کی ہے

قضا و قدر ۱ تقدیر۔ قسمت۔

قضایا ۶ جمع ہے قضیہ کی جملے رعیات کے فقرے اور جھگڑے۔

قضبان ۱ شاخین درخت کی۔ جمع ہے قضیب کی۔

قضیب ۱ شاخ درخت کی مجازاً ذکر۔ آلہ تناسل۔ مرد کا۔

قضیہ ۶ جملہ۔ فقرہ۔ جھگڑا

قط ۶ کاٹنا درمیان عرض کے اسی سے مشتق ہے جو قط کرنا قلم کا بولتے ہین۔

قطار ۶ اونٹو کی جماعت جو برابر ہو صف پرہ

قطب ۶ کیلی جسپر چکی پھرتی ہے۔ سردار قوم کا۔ افضل ہر شے کا۔ اصطلاح مین وہ نقطہ زمین کا جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے۔

قطر ۶ کنارہ۔ طرف۔ اصطلاح مین وہ خط مستقیم جو مرگز پر دائرہ کے گذر کر اوسکے دو ٹکڑے کرے۔

قطرات ۱ جمع ہے قطرہ کی بوندین۔

قطران ۱ ایک روغن بدبودار ہوتا ہے جو درخت عرعر سے نکلتا ہے اور اونٹون خارشتیون پر ملا جاتا ہے۔ چیڑ کا تیل۔

قطرہ ۶ بوند پانی کی۔

قطع ۶ کاٹنا۔

قطعہ ۶ ٹکڑا۔ ابیات جو دو شعر یا اونسے زیادہ ہون اور مطلع انمین نہو۔

قطن ۱ روئی۔ پنبہ اور قطن وہ ہڈی جو درمیان دو نون سرین کے ہے یعنے ریڑہ کی ہڈی۔

قعب ۱ بات کی تہ۔ تک سخن۔ گہرا پن بات کا پیالہ بڑا جس سے ایک آدمی سیر ہو سکے

قعر ، تہ کوی کی عمق گہراؤ۔ چاہ یا دریا کا۔
قفا ، گدی۔ گردن کی پشت
مجازاً پیچھے۔ پس۔ پشت۔
قفس ،
قفص ، پنجرہ پرند وکا سین و صاد دونوں سی صحیح ہے
قفل ، تالا۔
قفیز ، ایک پیمانہ ہی بارہ صاع کا اور ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے اور ایک رطل آدہ سیر کو کہتے ہیں اور زمین کی پیمایش ہیں قفیز ایکسو چوالیس گز شرعی کو کہتے ہیں۔
ققنس ، یہ لفظ یونانی ہی یہ نام ایک پرند کا ہی اوسکی آواز سے علم موسیقی حکمانی نکالا ہی کہتے ہین کہ عمر اوسکی ہزار سال کی ہوتی ہے اور جوڑا اوسکا یعنی مادہ اوسکی نہین ہوتی اور توالد اوسکا اس طور پر بیان کرتی ہین کہ جب وہ بوڑھا ہوجاتا ہے تو لکڑیان جمع کرکے اوسکے اندر بیٹھتا ہے اور اوسکی منقار مین جو بہت سوراخ مین اونسے آواز کرنا شروع کرتا ہے ہر سوراخ سی ایک ایک راگ علیحدہ نکلتا ہے چنانچہ دیپک راگ بہی جب نکلتا ہے تو اون تنکون مین آگ لگ جاتی ہے وہ جانور جلکر خاک ہوجاتا ہی پہر جب قدرت آلہی سے مینہ برستا ہے تو اوس خاک سے ایک انڈا پیدا ہوتا ہے اوسمین سے اوسی نوع کا جانور ایک اور پیدا ہوجاتا ہے اوس جانور کو فارسے مین اسی واسطے آتش زن بہی کہتے ہین۔
قل ، کہو۔ بولو۔
قلّاب ، قلابہ۔ حلقہ۔
قلاع ، جمع ہے قلعہ کی
قلب ، دل۔ اولٹا ہوا۔ واژگون اور دل کو بہی اسیواسطے کہتے ہین کہ سینہ مین اولٹا ہوا ہے۔
قلبہ ، ہل زمین جوتنے کا۔
قلبہ ران ، زمیندار۔ یا ہل جوتنے والا
قلبی ، بدلا ہوا۔ اولٹا کیا ہوا۔ دلی۔
قلت ، گڑہا۔ مغاک۔ پہاڑ کا جسمین پانی جمع ہو قِلّت باشس۔

قلتبان ت دیوث۔ جسکی عورت بدکار ہو اور وہ شخص جان بوجھ کر کچھ اوسکو روک ٹوک نکرے۔

قلزم ع نام ایک شہر کا ہے درمیان مصر اور مکہ کے نزدیک کوہ طور کے اوس شہر سے منسوب کرکے اوس دریا کو جسکے کنارہ پروہ واقع ہے بحر قلزم کہتے ہین۔

قلاش ت مفلس بے ننگ و نام لچا۔ بدمعاش۔

قلع ع اوکھیڑنا۔ اور نام ہی ایک کہان کا

قلعہ ع سنگین مکان محفوظ جسمین بادشاہ وغیرہ رہتے ہین۔

قلعی ع منسوب قلعی سی جو نام ہے ایک کہان کا اوسمین سے خالص ارزیز نکلتا ہے اسیواسطے ارزیز کو قلعی کہتے ہین۔

قلق ع بیقراری۔ بی آرامی۔

قلم ع کاٹنا۔ تراشنا۔ ناخن کاٹنا۔

قلم ع لکھنے کا قلم۔ کلمنی۔

قلمرو ف سلطنت۔ راج دہانی۔ ملک

قلمزن ف کاتب۔ لکھنے والا۔ مصور

قلمکار ف رنگ بہرنیوالا۔ نقاش۔ ایک قسم کا بافتہ جسپر طرح طرح کے نقش ہون۔

قلم موی ف بال کا قلم۔

قلندر مب معرب کلندر کا ایک قسم ہی فقیرونکی مست لاپرواہ اور لغوی معنے کندۂ ناتراشیدہ

قلوب ع جمع ہی قلب کی۔

قلہ ع چوٹی پہاڑکی۔ سرکوہ۔ چوٹی

قلی ع تو سے پر کسی چیز کا بریان کرنا اور قلی سجی کو کہتے ہین۔

قلیان ع نیچہ حقہ کا۔ مجازاً حقہ۔

قلیل ع تہوڑا۔ کم۔

قلیہ ع گوشت بہنا ہوا مجازاً ہنڈیا کا پکا ہوا گوشت مع شوربہ۔

قمار ع جوا۔ بازی جسمین ندی کی شرط کی ہو۔

قمارباختن ف جوا کہیلنا۔

قمارباز ف جواری۔

قماش ع اسباب۔ جامہ ابریشمی متاع خانہ۔ جوہر۔ صفت۔
قمر ع چاند۔ اصطلاح کیمیا مین چاندی۔
قمری ع ایک پرند مشہور ہی فاختہ کی قسم۔
قمری ع منسوب قمر سے۔ چاند کا۔
قمع ع شکست کرنا۔ خوار کرنا۔
قمل ع جون۔ سپش۔
قمیص ع کرتا۔ پیراہن۔
قنات ع پردہ چہار طرف خیمہ کے۔ استخوان مہرہ پشت کی۔
قنادیل ع جمع ہی قندیل کی۔
قناعت ع راضی ہونا۔ تھوڑی پر۔ سنتوک کرنا۔ کم پر۔
قنب ع بھنگ۔
قنبر ع نام ہی حضرت علیؓ کے غلام کا۔
قند ع سب شکر۔ کھانڈ۔ یہ لفظ معرب ہے کھنڈ کا۔
قندیل ع فانوس ہی جسمین چراغ جلاتے ہین۔

قنوط ع ناامیدی اور ناامید ہونا۔
قواعد ع جمع ہی قاعدہ کی۔
قوال ع گویا۔ ڈوم۔ کلاونت۔ بہت بولنے والا۔
قوام ع نظام۔ اصل کسی چیز کا۔ کھڑا ہونا باقی رہنا۔ بندش۔
قوام ع راستی۔ عدل۔
قوانین ع جمع ہے قانون کی۔
قوائم ع جمع قائمہ کی۔ ہاتھ پیر۔
قوت ع طاقت۔ زور۔
قوت ع خوراک۔ کھانا۔
قور ت سلاح۔ ہتھیار
قورمہ ت بھونا ہوا۔ بریان۔ گوشت بُھنا ہوا۔
قورخانہ ت سلاح خانہ۔ میگزین۔ ہتھیار۔ جہان پر رہتے ہین۔
قورچی ت ہتھیار بند سپاہی۔ سلاحدار سلوہا۔
قوس ا کمان۔ ٹکڑا دائرہ کا۔

قوس قزح ، دھنک ۔ شیطان کی ۔ کمان جو بعد بارش کہلنے کی آسمان پر نمودار ہوتی ہے

قول ، گفتگو ۔ کہنا ۔ بات

قولنامہ ، اقرار نامہ ۔ وہ کاغذ جسمین قول واقرار لکھا جاوے ۔

قولنج ، وہ درد جو قولون انتڑی مین پیدا ہوتا ہے ۔

قوم ، گروہ آدمیون کا ۔

قوی ، مضبوط ۔ قوت والا ۔

قویم ، سیدھا ۔ درست ۔ استوار ۔ خوش قد ۔

قہر ، زبردستی کرنا ۔ زور کرنا ۔

قہار ، بڑا قہر کرنے والا صفت خدا تعالی کی ہے ۔

قہقہ ، کھلکھلا کر ہنسنا ۔ خندہ بسیار ۔ نام ایک قلعہ کا ہے ایران مین ۔

قہوہ ، ایک پہل ہے جسکو ہندی مین بن کہتے ہین ۔

قی ، اوبکائی ۔ کھایا ہوا اوگل دینا ۔

قیاس ، اندازہ ۔ اور اندازہ کرنا ۔ دو چیز کا فکر مین ۔ برابر کرنا ۔ اصطلاح منطق مین ایک قول ہے مرکب دو جملون سے جو مستلزم ہو نتیجہ کو ۔

قیاسی ، جو موافق قاعدے کے ہو منسوب قیاس سے ۔

قیافہ ، شگون ۔ علامات ہاتھ و چہرے سے نحس اور سعد دریافت کرنیکا علم ۔

قیام ، کھڑا ہونا ۔ استادہ ہونا ۔

قیراط ، چار جَو کی مقدار ۔

قیامت ، مصدر ہے بمعنے قائم ہونے کے وہ دن جب مُردے زندہ ہوکر کھڑے ہوجاوین گے ۔

قیدی ، بندی ۔ بندہوا ۔

قیر ، ایک قسم کا روغن سیاہ ہے جو اونٹون خارشیون پر ملتے ہین ۔ اور سیاہ چیز ہی جو کشتیون کی درزون مین لگاتے ہین تاکہ پانی اوسمین نہ بھر آوے ۔

قیس ، عرب مین نام ہی ایک قبیلہ کا جو قیس کی اولاد سے ہے ۔ اور لقب مجنون کا

قیصر ع رومی زبان مین قیصر اوس بچہ کو کہتے ہین جو اپنی مان کے پیٹ مین ہو اور اوسکی مان قبل اوسکے ولادت کی مرجاوے پھر اوس عورت کا پیٹ چیرکر اوس بچہ کو نکالین چنانچہ اغسطوس بادشاہ روم اسی طرح پیدا ہوا تھا اسیواسطی یہ خطاب اوسکو دیا گیا تھا۔

قیطون ت جو کہ نخ ابریشم سے تار چاندی یا سونیکے لگا کر بنتے ہین۔

قیفال ع نام ایک رگ کا ہے۔

قیل ع نام ایک شخص کا ہے۔ وہ شخص جو دوپہر کو سوتا ہے۔ وہ اونٹنی جسکا دودہ وقت دوپہر کے نکالین۔

قیلولہ ع بوقت دوپہر دن چڑھیکے سونا۔

قیم ع جمع ہے قائم کی۔

قیمت ع مول۔ قدر۔

قیم ع جمع ہی قیمت کی اور قیم برپا کرنیوالا بحکم رکھنے والا۔

قیمتی ع جونسی قیمت والی

قیماق ت دودہ کی ملائی۔ بالائی دودہ کی۔

قیود ع جمع ہے قید کی۔ قیدین۔

قیوم ع بے مانند۔ بے ہمتا۔ نام ہے خدائتعالی کا۔ بہت قائم ہونے والا۔

بابُ الکاف

کابوس ع ایک بیماری ہی جسمین آدمی کو حالت خواب مین یہ معلوم ہوتا ہی کہ کسی نے اوسکو دبا لیا ہے اور وہ ڈر کر آواز کرتا ہے۔

کابین ف مہر وہ روپیہ جو خاوند بوقت نکاح عورت کو دینا منظور کرتا ہے۔

کاتب ع لکھنے والا۔ محرر

کاچہ ف ٹھوڑی۔ زنخ۔ خوشی۔

کاخ ف عمارت۔ بلند۔ محل۔

کاذب ع جھوٹا۔

کار ف کام۔

کارد ف چاکو۔ چھری۔

کاردار ف وزیر بادشاہ کی آگی کام کرنے والا۔

کارزار ف لڑائی۔ جنگ۔

کارشناس ف کام کو پہچاننے والا

کارفرما ف کام بتلانے والا۔ حکم کرنے والا۔ حاکم۔

کارگذار ف نوکر۔ کاری۔ کام کرنے والا۔

کارکن ف کام کرنے والا۔

کاردان ف کام جاننے والا۔ وزیر۔

کاروانسرائی ف سرای جہان پر قافلہ اوترے۔

کاریدن ف بیج کا بونا۔ تخم ریزی کرنا۔

کاریز ف نالی پانی دینے کی کھیت مین کول پنجابی زبان مین کہتے ہین۔ ایک نالی جو ندی سے کھود کر کھیت مین لیجاتے ہین تاکہ کھیت مین پانی دیا جاوے اوسکو کاریز کہتے ہین۔

کاریگر ف کام کرنے والا۔ ہنرور۔

کاسب ع کسب کرنیوالا۔ کمانی والا۔

کاستن ف گہٹانا۔ گھٹنا۔

کاسد ع کھوٹا جسمین کچھ کھوٹ ملا ہوا ہو۔

کاسر ع توڑنے والا۔

کاسف ع گہنے والا۔ یعنے جسکو گہن لگا ہو جیسے چاند یا سورج کو گہن لگا کرتا ہے۔

کاسہ ف پیالہ۔ کانسہ۔

کاش کاشکے ف خدا کرے۔ امیدیون ہے یہ کلمہ تمنا اور آرزو کا ہے۔

کاشانہ ف جھونپڑا۔ گھر۔ یہ کلمہ تحقیر کا ہے یہ چھوٹا سا گھر۔ گھونسلا پرندکا۔

کاشتن ف بونا۔ بیج بونا۔

کاشف ع کھولنے والا۔ دور کرنیوالا۔

کاظم ع غصہ مارنیوالا۔ غصہ پیجانے والا

کاغذ ع مشہور ہے

کافتن ف کھودنا۔

کافر ع منکر خدا کا۔ جو خدا کو نہ مانے۔

کافل ع ضامن۔

کافور ع کپور۔ مشہور دوا ہے۔

کافہ

کافہ ع گروہ آدمیونکا۔ جماعت۔
کافہ انام ع سب لوگ۔ جماعت آدمیون کی۔ قافلہ
کافی ع کفایت کرنے والا۔
کاک ف روٹی ایک قسم کی ہی ٹکیہ کی طرح پر ہوتے ہے۔
کاکل ف بال سر کے لٹکے ہوئے سامنے کو۔ زلف۔
کالا ف اسباب متاع۔ پونجی۔
کالبد ف قالب۔ تن۔ بدن۔
کالوج ف چھوٹی اونگلی ہاتھہ کی۔
کام ف مطلب۔ مقصود۔ تالو۔ منہ۔
کامران ف جسکا مطلب ہوگیا ہو۔
کامل ع پورا۔
کامن ع چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔
کامیاب ف کام پانے والا۔ کامران مطلب جسکا ہوگیا ہو۔
کان ف کہان۔ معدن۔
کانون ف آتشدان۔ بھٹی۔
کانون الآخر جنوری مہینا۔

کانون الاول دسمبر کا مہینا۔
کانی ف کہانکی چیز۔ معدنی۔
کاو ف امر ہی کاویدن سے یعنے کہود۔
کاوکاو ف تلاش۔ تجسس
کاوش ف بمعنی کہوج نکالنا۔ تلاش کرنا تفحص کرنا۔
کاوس نام ہے ایک پادشاہ کیانی کا۔ بعضے لوگ غرور کہتے ہین کوئی شخص فرعون کا نام بتاتے ہین
کاہ ف گہانس۔ بہوس۔
کاہش ف کم ہونا۔ نقصان قبول کرنا۔
کاہکشان ف وہ لمبی سڑک یا راہ جو آسمان مین رات کو نظر آتی ہے۔
کاہل ع سست۔ کندہ
کاہلی ع سستی۔
کاہن ع فال گو۔ جادوگر۔ شگون لینے والا جانورون سے۔
کاہو ع نام ایک دوا کا ہے۔
کاہیدن ف گہٹنا۔ گہٹانا۔

کاین ع ہونے والا۔ موجود۔

کائنات ع دنیا۔ موجودات۔

کب ف اندر کی طرف کارخ یعنے گرداگرد مُنہ اندر کی جانب کا۔

کباب ف گوشت کو ٹکڑ گول کرکے اوسکو بھون کر پکاتے ہین۔

کُباد ع درد جگر۔

کُبار ع بزرگان۔ جمع ہی کبیر کی۔

کبد ع جگر۔ اسکی جمع اکباد آتی ہے۔

کبث ع سڑجانا گوشت کا۔ بدبو ہوجانا گوشت کا۔

کبر ع بزرگی۔ بڑائی۔

کبریا ع بزرگین۔ بزرگی۔ عظمت۔

کبریت ع گندہک۔ گوگرد۔

کبک ف چکور۔

کبوتر ف پرند مشہور ہے۔

کبود ف نیلگون۔ نیلا۔

کبیر ع بزرگ۔ بڑا۔

کبیسہ ع کوا۔ یا ندی مٹی سے بھرے ہوئی۔ لونڈ کے دن یعنے ۱۱ (۱/۴) دن بحساب سال شمسی سے کے مقابلہ مین حساب قمری کے جو زائد آتے ہین اونکو تین برس کی بعد جمع کرکے ایک مہینا لوندکا جو ہندو بڑہاتے ہین اوسکو کبیسہ کہتے ہین۔

کتاب ع نامہ۔ لکہت۔ اندازہ۔ فرض کیا ہوا۔ ازاد کرنا غلام یا لونڈی کا بعوض روپیہ کے۔

کتابت ع لکہنا۔

کتارہ ف یہ وہ حربہ ہے جسکو اہل ہند کٹار کہتے ہین یعنے خنجر۔

کتان ع السی۔

کُتب ع جمع ہے کتاب کی۔

کتخدا ف اسکے اصل ہے کدخدا یعنے صاحب خانہ۔ دولہا۔ گھروالا۔

کتف ع شانہ۔ کندہا

کتخدائی ف شادی۔ بیاہ۔

کتم ع چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ پوشیدگی پردہ۔

کتوال ت پولس کا محافظ۔ پولس دار اصل مین یہ لفظ ہندی ہی۔

کثافت ع بھدّا ہونا۔ بی لطف ہونا۔ موٹائی۔

کثرت ع زیادتی۔ بہتایت۔ مجازًا انبوہ آدمیونکا۔

کثیر ع بہت زیادہ۔

کثف ع بہیڑ آدمیونکی۔ گروہ۔

کثیف ع جو لطیف نہو۔ غلیظ۔ موٹا۔

کج ت ٹیڑھاپن۔ کُب۔

کجا ت کہان۔ کسجگہ

کجاوہ ت اونٹ پر ایک کاٹھی ایسی طرحپر باندہتے ہین جسپر دو شخص مقابل ایکدوسرے کے بیٹھتے ہین اوسکو کجاوہ کہتی ہین۔

کجمج ت جسکی گفتگو فصیح نہو۔ مہمل الفاظ بولنے والا۔

کجک ت آنکس ہاتھی ہانکنے کا جو فیلبانون کے ہاتھہ مین ہوتا ہے۔

کجکول ت کاسہ فقیرون کا۔ بہیک کا پیالہ۔

کجی ت ٹیڑھاپن۔ کبڑاپن۔

کحال ع سُتہیا۔ وہ حکیم جو صرف آنکھون مین دوا ڈالے۔

کحل ع سرمہ

کد ت خانہ۔ گھر۔

کدہ ع خانہ۔ گھر۔ دہ۔ گانون

کدام ت کون شخص۔ کون چیز۔

کدبانو ت مالک گھرکی۔ بیوی گھرکی۔ بیگم گھرکی

کدخدا ت صاحب خانہ۔ مالک گھرکا۔ دولہا۔

کدر ع تیرہ۔ گدلا۔ مُکدّر

کدو ت کہیا۔ نام ایک ترکاری کا ہی۔

کدوخ ت حمام۔ گرم خانہ۔ جام۔

کدود ت کوا۔ چاہ۔

کدورت ع تاریکی۔ گدلاپن۔

کدیورت مالی۔ باغبان۔ کسان۔ رئیس سفید داڑہی والا۔ گانون۔ صاحب خانہ۔ مجازًا۔ دنیا۔ زمانہ۔

کذا ع ایسا۔
کذاب ع بہت جھوٹا۔
کذب ع دروغ۔ جھوٹ
کذوب ع جھوٹا۔ دروغگو۔
کر ف بہرا۔ جسکو کم سنائی دے۔
کرا ف کسکے تئین۔ کسکو۔
کُراث ع گندنا۔ ایک قسم کا ساگ ہے۔
کراز ع بوتل۔ یا شیشی۔ وہ کوزہ جسکا سر تنگ ہے۔
کرام ع جمع ہی کریم کی سخی لوگ۔
کرامت ع بزرگی۔
کران ف کنارہ۔ انتہا۔
کراہت۔ کراہیت ع ناپسندی۔ ناخوشی۔
کرایہ ف پہاڑا۔
کرب ع غم۔ رنج۔ دکھ۔ درد۔
کربت ع دکھ۔ رنج۔ مصیبت۔
کرّت ع نوبت۔ باری۔ دفعہ
کرخت ف سخت۔

کردار ف طرز۔ روش۔ کار و عمل و فعل۔
کردگار ف خدا تعالی۔ کنندہ طرز۔
کردن ف کرنا۔
کرسی ع تخت۔ چوکی یہ لفظ عربی ہے۔
کرشمہ ف ناز و غمزہ۔ آنکھ کی جھپکی۔ چھانولی۔
کرفش ف چھپکلی۔ چلپاسہ
کرگدن ف ایک جانور ہی اسکو ہندی مین گینڈا کہتے ہین
کرگ ف
کرگس ف پرند ہے مردار خوار۔ لمڈھینگ مشہور پرند ہے۔
کرم ع جوانمردی۔ مردی۔ عزیزی مجازاً مہربانی۔
کرم ع انگور۔ رز۔
کِرم ع کیڑا۔
کِرم پیلہ ریشم کا کیڑا۔
کرمان ف کیڑے جمع ہے کرم کی اور نام ایک شہر کا فارس مین۔
کرم کلہ ف گوبھی۔ ایک قسم کا ساگ ہے۔

کرنا

کرنا ن ترہی۔ نفیری۔ سرنائی۔
کرنب ع کرم۔ کلہ
کروہ ن کوس اوسکی تعداد چارہزار گز کی ہے
کروبی ن فرشتہ۔ مقرب۔
کُرہ ع گیند۔ گولا۔
کرہ ن گھوڑیکا بچہ۔ گدہی کا بچہ۔
کریم ع سخی۔ بزرگ۔
کریما ع ای کریم۔ ای سخی۔ ای خدا
کریوہ ن ٹیلہ۔
کریہ ع مکروہ۔ بھونڈا۔ بدشکل۔
کژ ن کج۔ ریشم کم قیمت کا اوسکا قز بہی
کَس ن آدمی۔ شخص۔
کُس ن فرج۔ عورت کی۔ جسم نہانی۔
کسا ع چادر۔ گلیم
کساد ع ناروا جی متاع کی۔ نہ خریداری اشیا کی
کسالت ع سستی۔ سست ہونا۔
کسب ع حاصل کرنا۔ پیدا کرنا۔ مجازاً۔ ہنر پیشہ۔
کسبی ع پیشہ ور۔ ہنروالا۔ مجازاً زن فاحشہ بازاری۔
کسرہ ع زیر جیسے دن کی دال پر۔
کسر ع ٹکڑا۔ حصہ۔ ٹوٹا ہوا
کسل ع کاہلی۔ سستی
کسوت ع جامہ۔ پوشیدنی۔ لباس
کسور ع جمع ہے کسر کی۔
کسوف ع گہن۔ گہن لگنا۔
کسی ن کوئی شخص۔ کوئی آدمی۔
کشادگی ن وسعت۔ کشادہ ہونا۔
کشادہ ن کھلا ہوا۔
کشادن ن کھلنا۔ اور کھولنا۔
کشاف ع کھولنے والا۔ پردہ اوٹھانیوالا۔
کشاکش ن چھینا۔ جھپٹی۔
کشائش ن کشادگی۔ فراخی۔
کِشت ن کھیتی۔
کُشت ن مارا۔ قتل کیا۔
کشت زار ن کھیتی۔ کھیت۔
کشتکار ن کھیتی کرنے والا۔
کِشتن ن بونا۔

كشتى ن ناؤ - بيڑى -

كشتيبان ن ملاح

گشتى ن لڑنا - كهيلنا -

كشتن ن مارڈالنا - قتل كرنا -

كشش ن كهينچنا - جذب كرنا -

كشف ع كهولنا - برہنہ كرنا - پردہ اٹهانا

كشكول ع بڑا پيالہ - بهيک كا پيالہ - جو فقيرون كے پاس ہوتا ہے -

كشمش ن سوكهے - انگور - واكهہ

كشنيز ن دهنيا -

كشودن ن كهلنا - اور كهولنا -

كشور ن ملک - ولايت -

كشيدن ن كهينچنا -

كعب ع ٹخنہ اور اصطلاح حساب مين تيسرا درجہ عدد كا -

كعبہ ع مكہ - قبلہ -

كعک ب روٹى معرب كاک كا ہے -

كف ع ہتيلى - ہاتہ - ہتيلى -

كفار ع جمع ہى كافر - كى

كفارت ع پوشيدگى - گناہونكا عوض

كفارہ ع خطا يا گناہ كا -

كفاف ع اندازہ - اور بقدر معاش كہ كفايت كرے - روزمرہ كا خرچ -

كفالت ع ضامن ہونا - متعہد ہونا - ذمہ وار ہونا -

كفايت ع

كفايہ ع كافى ہونا -

كف پا ن ہتيلى پاؤن كى -

كفچہ ن ڈوئى - كفگير -

كفدست ن ہاتہ كى ہتيلى

كفر ع ناشكرى - نہ ماننا خدا كا -

كفران ع ناشكرى نعمت كى -

كفش ن جوتى -

كفشدوز ن موچى

كفگير ن ڈوئى - بڑا چمچہ

كفل ع سُرين - چوتڑ آدمى يا حيوان كا

كفن ع مردہ كى چادرين جسمين لپيٹ كر گاڑتے ہين -

بزم

کفنی ع وہ کپڑا جو مردہ کے گلے میں ڈالتے ہیں اور فقیر بھی ویسا ہی پہنتے ہیں۔

کفو ع ہم قوم ہمذات ہم خاندان۔

کُفِیتَ ع بچا گیا تو۔ کفایت کیا گیا تو۔

کفیل ع ضامن۔ ذمہ دار۔

کھیدن ف پیٹنا۔

کُل ع تمام۔ پورا۔

کَل ع تھکنا۔

کلاء ع گھانس ترو تازہ۔

کَلَال ع سستی اعضا کی۔ تکان۔

کُلَال ف وہ شخص جو مٹی سے برتن بناتا ہے۔ کمہار۔

کلاغ ف جنگلی کوّا۔ کاگ۔

کلالہ ف گھونگریالی بال۔ زلف پیچدار۔

کلام ع عبارت۔ جو مرکب ہو کلموں سے

کلان ف بڑا۔ لمبا۔

کلانی ف بڑائی۔ لمبائی۔

کلاوہ ف گڑی سوت کی۔ کچا سوت جو تکلی پر لگا ہوا ہو۔

کلاہ ف ٹوپی۔

کلب ع کتا۔ سگ

کَلبتان ع سنڈاسی۔ لوہا گرم پکڑنے کا ہتھیار۔ زنبور۔

کلبتان ف دیوث آدمی۔ بی شرم بھیا بھڑوا

کُلبہ ف چھوٹا سا گھر۔ تنگ و تاریک۔ حجرہ۔ دوکان۔

کَلَف ع جھائیاں یعنی جو بشرہ پر داغ پڑجاتے ہیں۔ عشق۔

کلفت ع تکلیف۔ رنج و سختی۔

کِلک ف ہر ایک نے جو اندر سے خالی ہو۔ مجازاً قلم کا نیسنہ۔

کَلِمَات ع جمع ہے کلمہ کی۔

کَلِمہ ع لفظ مفرد جو با معنی ہو۔

کلند ف کستی۔ پھاوڑا۔

کلنگ ف نام ایک پرند مشہور کا ہے جسکو کونج کہتے ہیں اور نام ایک آلہ کا ہی جس سے زمین یا دیوار کھودتے ہیں

کُلوخ ف ڈھیلا۔ مٹی کا۔
کُلَہ ف۔ ٹوپی مخفف کلاہ کا۔ تاج بادشاہی
کلی ع جسکے مفہوم مین بہت افراد شامل ہون۔ جیسا انسان حیوان۔
کلیات ع جمع ہی کلی کی۔
کلید ف کنجی۔ تالی۔
کلیسا ع معبد ترسایان۔ گرجا۔ مندر۔
کلیم ع سخنگو۔ کلام کرنیوالا۔ زخمی۔ لقب حضرت موسیٰ علیہ السلام کا۔
کلیہ ع گردہ ایک عضو اندرونی ہی۔
کم ع چند۔ کتنا۔ بہت۔
کم ف تھوڑا
کماحقہ ع جیسا چاہیے جیسا۔ اوسکا حق ہی بہت ٹھیک۔
کِماد ع ٹکور لگانا۔ کسی عضو کو گرم کرنا کسی چیز سے جسکو آگ پر سینک لیا ہو۔
کمال ع تمام۔ اور تمام ہونا۔
کمالات ع جمع ہی کمال کی۔
کمان ع دہنک مشہور ہتیار ہی تیر پھینکنی کا۔

کماندار ف کمان رکھنے والا۔
کماینبغی ع جیسا چاہیئے۔
کمبخت ف کم نصیب۔
کمتر ف کم زیادہ۔
کمترین ف بہت سے کم
کمخاب ف ایک قسم کا کپڑا ہے زرین تارسی بنا ہوا۔
کمر ف پیٹھ۔ میان۔
کمربند ف ٹیکہ۔ کمر باندہنے کی چیز۔
کمک ف مدد
کمند ف اصل مین خمند تہا معنی مشہور ہین پہندا۔
کمہ ع مادرزاد اندہا۔
کمی ع سپاہی۔ دلاور۔ دلیر۔ ہتیار بند۔
کمیاب ف جو کم دستیاب ہو۔
کمیت ع چندگی۔ مقدار۔
کمیز ف پیشاب۔ بول۔
کمیزوان ف پہکنی موت کی۔ پیشاب کا پہکنا۔

کمین ع گھات میں بیٹھنا۔ کسی جگہ دشمن یا شکار کے مارنے کو بیٹھنا۔

کمینہ ف کم۔ تبہ۔ ہیچ۔

کُن ع ہو جا ہو۔

کَن ف کھود۔

کُناد ف کریو۔

کِنار ف کنارہ۔ گوشہ۔ طرف بغل اور کنار بیر کو کہتے ہیں۔

کِنارہ ف کونا۔ طرف۔

کناس ع خاکروب۔ حلال خور۔ چوہڑا۔

کنایہ ع
کنایت ع
سخن پوشیدہ

کنایس ع جمع ہی کنیسہ کی معابد۔ مساجد۔ مندر۔

کنج ف کونا۔ گوشہ

کنجد ف تل ایک قسم کا غلہ ہے۔

کنز ع خزانہ۔

کنجشک ع چڑیا۔

کند ف شکر۔ قند۔

کندن ف کھودنا۔

کندیدن ف کھودنا۔

کنف ع جانب۔ کنارہ۔ پناہ۔

کنگاش ف مشورہ۔ باہم صلاح کرنا۔

کنگرہ ف وہ جو عمارت کے اوپر بناتی ہیں چاروں طرف۔

کنوز ع جمع ہے کنز کی خزانہ

کنون ف اب۔ اسوقت۔

کُنہ ع حقیقت۔ ماہیت۔

کنیز
کنیزک ف
باندی۔

کنیسہ ع معبد۔ مندر۔

کو ف گلی۔ کوچہ

کواکب ع جمع ہی کوکب کی ستارے روشن

کُوب ع کوزہ۔ بدون دستہ کی جمع اسکی اکواب آتی ہے۔

کوبہ ع موگری۔

کوبیدن ف کوٹنا۔

کوتاہ ف چھوٹا

کوتہ ف

کوتاہی ف چھوٹائی

کوتل ت یہ لفظ ترکی ہی معنی اسکے ہین گھوڑا سواری خاص کا۔

کوتوال اس لفظ مین اختلاف سے ہے بعضے کہتے ہین کہ اصل مین کوٹ وال ہے یعنے محافظ قلعہ کا اور بعضے کہتے ہین کوتہ وال یعنے مالک کوتہ کا کوتہ اون بند وقون کو کہتے ہین جو اکٹھی کرکے کوتوال مین سپاہی کو دیتے ہین بہر تقدیر یہ لفظ ہندی ہی۔

کوثر ا نام ہے ایک حوض کا جو درمیان جنت کے ہے۔

کوچ ف کوچ کرنا۔ روانہ کرنا۔

کوچک ف چھوٹا۔

کوچہ ف گلی۔

کودک ف لڑکا۔ بچہ۔

کودن ف احمق۔

کور ف اندھا۔

کورنش ف جھک کر سلام کرنا۔

کورنشات ف جمع ہی کورنش کی۔

کورہ ف بھٹی۔ آتشدان۔

کوری ف اندھاپن

کورپشت ف کبڑا۔ جسکی پیٹھ جھک گئی ہو۔

کوز ع کوزہ۔ برتن دستہ دار۔

کوزہ ا برتن جسکے دستہ لگا ہوا ہو۔

کوژ ف خمیدہ۔ دوتا شدہ۔

کوس ف نقارۂ کلان۔ صدمہ صف لشکر۔ قطار فوج کی۔

کوشش ف سعی۔

کوشک ف محل۔ بلند مکان۔

کوشیدن ف کوشش کرنا۔

کوفتن ف کوٹنا۔

کوفت ف کوٹا۔

کواکب ا ستارہ روشن۔

کوکبہ ا ستارہ۔ جماعت۔ انبوہ۔ مجازاً۔ شکوہ وحشمت۔ بزرگی۔

کوکلتاش ت برادر رضاعی۔ دو بچون نے جو ایک دایہ کا دودھ پیا ہو ایک دوسریکا کوکلتاش کہلاتا ہے۔

کُون ت مقعد۔

کَون ع ہوجانا۔ ہونا۔ ہستی۔ دنیا

کون و فساد موجود ہونا۔ اور تباہ ہوجانا۔ ہوکر بگڑ جانا۔

کونین ع دُنیا اور دین۔ یہ جہان اور وہ دوسرا جہان۔

کونیہ ع منسوب بہ کون۔

کوہ ف پہاڑ۔

کوہہ ف برآمدگی ہر چیز کی۔ اوبہار کا اور اونٹ کا اوبھرا ہوا کندہا۔ مجازًا کندہا انسان کا۔ تجلہ۔

کوہان ف کندہا۔ اوبھرا ہوا۔

کوہچہ ف ٹیلا۔ ابھری ہوئی زمین۔

کوہستان ف پہاڑ۔

کوی ف گلی۔ کوچہ۔

کہ ف جو۔ وہ۔ سینے

کہانت ع غیب کی بات تبلانا۔ فال گوئی۔

کہتر ف چھوٹا۔

کہربا ف گہاس اوٹھانے والا۔ غیرہ ایک قسم کا گوند زرد رنگ کا ہوتا ہے اوسکی خاصیت یہ ہے کہ اگر اوسکو گھسکر گہاس کے تنکے کے سامنے رکہین تو اوسکو کھینچ لیتا ہے۔

کہف ع پناہ۔ گڑہا۔

کہکشان ف ایک لمبی سفیدی ہے آسمان مین۔

کہل ع مرد میانہ سال یعنی نہ جوان نہ بوڑہا۔ اوہیڑ۔

کُہن ف

کہنہ ف پرانا۔

کی ف کب۔

کیان ف بادشاہان عظیم الشان وہ چار بادشاہ تھے۔

کیاست ع دانائی۔ زیرکی۔

کید ع مکر۔ فریب۔
کیخسرو ف نام بادشاہ کا۔
کیر ف آلت مرد کے پیشاب کرنیکا عضو
کیّس ع زیرک۔ دانا۔ عقلمند۔
کیسہ ع تھیلی۔
کیست ف کون ہے۔
کیش ف خو۔ عادت۔ ترکش۔ دین مذہب
کیف ع چگونہ۔ کیونکر۔ اصطلاح مین وہ عرض جو بذاتہ تقسیم قبول نکرسکے جیسے سیاہی سفیدی۔ نشہ۔ مستی۔
کیفیت ع چگونگی۔ حالت اور وہ وصف جو کسی چیز مین حاصل ہوگیا ہو۔
کیک ف پشو۔ ایک کیڑا مشہور ہے۔
کیل ع پیمانہ۔ تولنا۔ آنکنا۔ اناج وغیرہ کا کسی پیمانہ سے۔
کیموس ع نام ہے اوس صورت غذا کا جو دوسرے طبخ مین درمیان جگر کے پختہ ہوتی ہے۔
کیمیا ع مکر و حیلہ اصطلاح مین سبب روح اور نفس اجساد ناقصہ کے اونکو مرتبہ کمال پر پہنچانا یعنے رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنانا اور چونکہ یہ عمل خالی مکر اور فریب سے نہین ہے اسے واسطے اسکو کیمیا کہتے ہین۔ فارسی مین نظر پیر و مرشد کامل کی اور عشق کو کیمیا اور عشقبازی کو کیمیا گر کہتے ہین اور ارزیز خالص کو بھی کیمیا کہتے ہین۔
کیمیا گر ف فریب کرنے والا۔ کیمیا بنانے والا۔
کینہ ف بغض۔ دشمنی۔ عداوت۔
کینہ کش ف جو شخص دشمنی رکھتا ہو۔
کیوان ف نام ہے ستارہ زحل کا جو فلک ہفتم پر ہے اور مجازاً افلاک ہفتم کو بھی کہتے ہین۔
کیہان ف جہان۔ زمانہ۔ دنیا۔

باب الگاف

گار ف بمعنے کرنیوالا کے آتا ہی جیسے ستمگار۔ گنہگار۔ خدمتگار اور لائق کی معنی مین بہی آتا ہی جیسی سگار یعنی لائق رستن اور بمعنے سبب کے جیسی رنگار و یادگار یعنی بسبب رنگ اور بسبب یاد کے آونیکا

گاز ف بمعنی مقراض۔ گلگیر۔ گہانس۔

گاذر ف دہوبی۔

گام ف قدم۔ پیر۔

گاو ف گای۔

گاودم ف کرنائی۔ بگل۔ نفیری۔

گاوزورطلبی کشتی کرنیکی قوت بزور کشتی کرنیکی خواہش کرنا۔

گاہ ف وقت۔ جگہہ۔

گاہ گاہ ف کبہی کبہی۔

گائیدن ف جماع کرنا عورت سی۔ جفت ہونا۔

گبر ف آتش پرست۔ آگ کا پوجاری۔

گچ ف چونہ۔

گدا ف فقیر

گداختن ف پگہلنا۔ پگہلانا

گدازش ف پگلاہٹ۔ گلنا۔

گدازندہ ف پگلنے والا۔

گدائی ف بہیک مانگنا۔

گذار ف راہ ادا کرنا۔ ادا۔

گذاردن ف ادا کرنا۔ پیش کش کرنا۔

گذارش ف ادا کرنا۔

گذاشتن ف چہوڑنا۔

گذاف ف بیہودہ گفتگو

گذر ف راہ۔ رستہ۔ گذرتو۔

گذرنامہ ف راہداری کا پروانہ۔

گذران ف گذرتی ہوئی۔ خرچ کرتی ہوئے

گذرانیدن ف گذرانا۔

گذربان ف راہ دار۔ محافظ راہ کا۔

گذرگاہ ف جگہ گذرنیکی۔ گہاٹی۔

گذشتن ف گذرنا۔

گر ن	اگر۔ جو۔	گردشہر	شہر کا گردا
گرامی ن	بزرگ	گردگان ن	اخروٹ
گران ن	بھاری	گردکردن ن	گول کرنا۔
گرانی ن	بھار۔ بوجھ۔	گردن ن	ناڑگردن
گرای ن	میلان ڈھلنا۔	گرُد ن	پہلوان۔ دلاور۔
گرائیدن ن	خواہش کرنا۔	گردن فراز	گردن بلند
گربال ن	چھلنی آٹا چھاننے کی۔	مغرور	نافرمان بردار۔
گربہ ن	بلی	گردون ن	آسمان
گربہ آبی ن	دریائی بلی	گُردہ ن	گردہ مشہور عضو ہی۔
گرچہ ن	اگرچہ	گِردہ ن	ٹکیا۔ روٹی کی قسم۔
گرد ن	دھول	گردیدن ن	پھرنا۔ ہونا۔
گرد ن	گول۔ چارطرف۔	گرز ن	گاجر
گرداب ن	بھنور	گرسنگی ن	بھوک۔
گِرداگرد ن	چاروںطرف۔ سب طرف	گرسنہ	بھوکھا
گردانیدن ن	لوٹانا پسیٹنا۔	گرفتار ن	پھنسا ہوا۔ پکڑا ہوا۔
گردان ن	لوٹنا۔ لپیٹ	گرفتاری ن	گرفت کرنا۔ پکڑنا۔
گردآوری ن	حکومت	گرفتن ن	پکڑنا۔ لینا۔
گردباد ن	بگولا	گرگ ن	بھیڑیا۔
گردش ن	دورہ	گرم ن	تتا۔ گرم۔

گرمابہ ف حمام - غسل خانہ -
گرم خیز ف چالاک -
گرمسیر ف گرم ولایت - آب وہوا گرم
گرمی ف تتا پن -
گرنہ ف اگرنہ - اگرنہین - نہین تو -
گِرو ف رہن - دہرور - مجازاً معتقد
گروہ ف جہنڈ - غول -
گرویدن ف رغبت کرنا -
گرہ ف گانٹھ
گریان ف روتے ہوئے - رونیوالا -
گریانیدن ف رولانا -
گریبان ف گنہٹی -
گریختن ف بہاگنا -
گریز ف بہاگنا - اصطلاح ایک مضمون سے دوسری مضمون پر آنا -
گریزانیدن ف بھگا دینا -
گریستن ف رونا -
گریہ ف رونا -
گز ف آلہ پیمایش کرنی کپڑی زمین وغیرہ کا

گزاف ف جہوٹ - فریب - بیہودہ - بی حساب - بی حد -
گزان ف کاٹتا ہوا -
گزانیدن ف کٹوانا -
گزاردن ف ادا کرنا -
گزند ف صدمہ - دُکھہ - تکلیف آسیب - آفت - رنج - نظر بد -
گزنی ف تر وخشک - گل تر وخشک -
گزیدن ف کاٹ کہانا - دانتون سے کاٹنا -
گزیدن ف چن لینا - پسند کرنا - اختیار کرنا -
گزیدہ ف پسندیدہ - اختیار کیا ہوا -
گزیدہ ف کاٹا ہوا -
گریز ف چارہ - علاج -
گسیاردن ف چہوڑنا - کہانا -
گستاخ ف شوخ - چالاک - بی ادب
گستاخی ف بی ادبی -
گستر ف بچھاؤ -
گستراندن ف بچھوانا -

گستردن ن بچھانا۔
گسیختن ن ٹوٹنا۔
گسستن ن ٹوٹنا۔ توڑنا۔
گشت ن ہوا۔ ہوگیا۔
گشتن ن ہونا۔ پھرنا۔
گشتہ ن ہوا۔
گفتہ ن کہا ہوا۔
گفتار ن بات چیت۔ گفتگو۔
گفتن ن کہنا۔
گفتگو ن بات چیت۔
گل ن پھول مجازاً نتیجہ۔ بستہ۔
گِل ن مٹی خاک پانی مین ملی ہوئی خاک منجمد اور خشک۔
گلاب ن پھول کا پانی۔ نام ایک قسم کے پھول کا۔
گُلبن ن درخت گل سرخ۔
گلخن ن آتش کا بھاڑ جسمین غلہ بھونتے ہین۔
گلدستہ ن پھولونکا دستہ۔

بندھا ہوا۔
گلرخ ن وہ شخص جسکے رخسار گلاب کے رنگ ہون۔
گلستان ن پھول جگہ۔ باغ۔
گلشن ن باغ یہ لفظ مرکب ہے گل بمعنے پھول اور شن سی جو کلمہ نسبت کا ہی۔
گلفام ن پھول کے رنگ۔
گلقند ن مشہور دوا ہے اور مجازاً لب معشوق۔
گلگیر ن شمع کترنیکی معتراض۔
گلزار ن باغ۔
گلو ن گلا۔
گلوبند ن وہ رومال جو گلی پر باندھتے ہین۔
گلولہ ن گولی۔ گولا۔
گلہ ن شکوہ۔ بڑبڑاہٹ۔
گلہ ن ریوڑ جانورونکا غول۔
گلہ بان ن ریوڑ والا۔ گڈریا۔
گلہ بانی ن نگہبانی کرنا گلہ کی۔
گِلی ن مٹی کا۔

گلیم ف کملی۔ اون کا کپڑا۔
گم ف کھویا جانا۔
گماشتن ف مقرر کرنا۔ متعین کرنا۔
گماشتہ ف وہ شخص جو کسیکی طرف سے کسی کے واسطے مقرر ہو۔
گمان ف وہم۔ شک۔
گمراہ ف راہ بھولا ہوا۔
گمراہی ف راہ بھولنا۔
گناہ ف دوس۔ خطا۔
گناہگار ف خطاکار جسنے گناہ کیا ہو۔
گنجایش ف سمائی۔
گنجیدن ف سمانا۔
گنجفہ ف چند ورق گول ایک کھیل کے ہوتے ہین۔
گنجور ف خزانہ رکھنے والا۔ خزانچی مالک خزانہ کا۔
گنجینہ ف خزانہ۔
گندم ف گیہون۔
گندم گون ف گیہون کے رنگ

گندنا ف ایک قسم کی ترکاری ہے۔
گُندہ ف مقابل ہی باریک کی غفص
گَندہ ف ناپاک۔
گنگ ف گونگا۔
گنگ ف نام دریائے گنگا کا۔
گنہ ف مخفف ہے گناہ کا۔ گناہ۔
گنہگار ف گنہ کرنے والا۔
گوار ف موافق مزاج کی پسند۔ خوشمزہ زود ہضم۔
گواریدن ف ہضم ہونا۔ پسند ہونا۔
گوارش ف گوارا ہونا۔ خوش مزہ ہونا۔
گواہ ف گواہی دینے والا۔
گواہی ف شاہدی۔
گور ف گورخر سے معنی مجازی ہین اصل مین گور جنگل کو کہتے ہین۔ اور قبر۔
گورخر ف خرصحرائی۔ جنگلی گدہا۔
گورستان ف قبرونکی جگہ۔
گوز ف مخفف ہی گوزن کا۔
گوز ف وہ ہوجو بیجانیکی راہ سی آواز نکلے

گوزن ف بارہ سینگا مشہور جانور ہے
گوسالہ ف بچھڑا گائے کا بچہ۔
گوسپند ف بکری۔
گوش ف کان
گوشت ف ماس۔
گوشمال ف سزا۔ کان ملنا۔
گوشوارہ ف نام ایک زیور کا ہے جو کان میں لٹکاتے ہیں۔ اختصار کسی کاغذ کا۔
گوشہ ف گوشہ۔
گوگرد ف گندھک۔
گول ف احمق۔ نادان۔ فریب۔ مکر۔
گولہ ف توپ کا گولہ۔
گون ف رنگ۔
گوناگون ف رنگ برنگ طرح بطرح۔
گونہ ف رنگ۔ قسم۔ ڈھنگ۔
گوہر ف جوہر۔ موتی۔
گوہری ف جوہری موتی والا۔
گویائی ف گفتگو کی طاقت۔
گوینده ف کہنے والا۔

گہ ف کبھی۔
گہر ف مخفف ہی گوہر کا موتی۔
گہوارہ ف ایک قسم کی چارپائی ہوتی ہے جو بچون کے جھولانے کے واسطے ہوا مین لٹکاتے ہین اور اوسکو ہلاتے رہتے ہین۔
گیاہ ف گھاس۔
گیتی ف دنیا۔ عالم
گیر ف پکڑ
گیرا ف پکڑنے والا۔
گیسو ف زلف۔
گین ف صاحب۔ خداوند۔ مالک۔ بھرا ہوا۔

باب اللام

لا ع نہین یہ کلمہ نفی کا ہے۔
لا ف پردہ۔ تہ لابرلا بمعنی تہ بر تہ معترض۔

لابد ؏ ضروری جسکا چارہ نہو۔
لابدی ؏ ضروری۔
لاُابالی ؏ پروا نہین رکھتا ہون یہ لغوی معنے ہین۔ مجازاً بے پروا۔ بیخوف۔
لابن ؏ دودہ والا۔ بہت دودہ کا مالک۔
لابہ ف نہایت عاجزی سی اپنی محبت کا ظاہر کرنا۔ چرب زبانی۔ چاپلوسی۔ عاجزی۔ فریب کرنا۔ بازی دینا۔
لاتعد ؏ بیشمار
لاثانی ؏ بیمثل یگانہ۔ جسکا دوسرا نہو۔
لاجرم ؏ لاچار۔ بالضرور۔ لاعلاج۔
لاجواب ؏ بے جواب۔ جسکا جواب نہو سکے۔
لاجورد ؏ ایک پتھری کبود رنگ جسکی نگینے بناتی ہین اور پیسکر کتاب وغیرہ پر رنگ اوسکا کرتی ہین
لاچار ف جسکا چارہ نہو۔ ضرور
لاحق ؏ جو پیچھے سے آکر ملے۔ جو کسی چیز کے پیچھے آ لگے۔

لاحل ؏ جو حل نہو سکے۔
لاحول ؏ نہین ہے قوت۔ کلمہ نفرت کا ہے۔
لاخ ؏ جگہہ اور مقام جیسا کہ اسنگلاخ یعنے وہ جگہ جہان پتھر ہون۔
لاخراج ؏ جسپر محصول سرکاری نہو۔
لادعوی ؏ بی دعوی۔
لادوا ؏ جسکی دوا نہو۔
لاریب ؏ بیشک۔
لازال ؏ ہمیشہ
لازوال ؏ جسکو زوال نہو۔ قدیم جو ہمیشہ رہے۔
لازم ؏ چمٹا ہوا۔ لگا ہوا
لازمی ؏ منسوب لازم سے وہ فعل جسکے معنی ہین مفعول کی حاجت نہ ثابت ہو۔
لازمہ ؏ اسباب ضرورت
لاش ت تن مردہ کا۔
لاشک ؏ بیشک۔ بے شبہہ۔
لاشہ ف تن مردہ کا۔ زبون۔ لاغر ضعیف

خواہ انسان ہو خواہ حیوان اور اکثر صفت گھوڑے اور گدہے کی واقع ہوتا ہے اور گدہے کے معنے بھی آیا ہے۔
لاصق ع لگا ہوا۔ ملا ہوا۔
لاطائل ع بیفائدہ۔
لاعب ع کھیلنے والا۔
لاغر ف دُبلا۔ مارا۔
لاف ف شیخی۔
لافیدن ف فضول کہنا۔
لاکلام ع جنگ۔ بی گفتگو۔ جس بات میں کچھ گفتگو کی جگہ نہ ہو۔
لال ف گونگا۔ گنگ۔ سرخ رنگ۔
لالہ ف ایک قسم کا پھول مشہور ہے۔
لآلی ع جمع ہی لولو کی۔
لام ف کالبد۔ قالب۔ بدن
لامس ع ڈھونی والا۔ چھونے والا۔
لامسہ ع وہ قوت جسکے سبب انسان چھو سکتا ہے۔
لامع ع چمکنے والا۔ روشن۔ درخشان۔

لاولد ع جسکے اولاد نہو۔
لاہوت ع عالم ذات الٰہی کا جسمیں سالک کو مقام فنافی اللہ کا حاصل ہوتا ہے۔
لائح ع ظاہر۔ چمکنے والا۔
لایعنی ع بیفائدہ۔ بیہودہ۔
لائق ع سزاوار۔
لائم ع ملامت کرنے والا۔
لائیدن ف شور کرنا۔ بیہودہ بکنا۔
لایموت ع جسکو موت نہو۔
لاینبغی ع جو نہ چاہیے۔ نامناسب
لب ف ہونٹھ۔
لب ع خلاصہ۔ عقل۔ مغز بادام
لباب ع مغز۔ خالص ہر چیز کا۔
لبادہ ف جامہ بارانی۔
لباس ع پوشاک
لبالب ف کنارہ تک بھرا ہوا۔
لبریز ف اتنا بھرا ہوا کہ کنارے سے گرتا جاوے۔
لبس ع لباس پہنا

لبلاب ، عشق پیچاں کا درخت ایک قسم گھاس کی مشہور ہے۔

لبن ، دودھ۔ شیر۔

لبنان ، نام ایک پہاڑ کا ہے ملک شام میں۔

لبوس ، جامہ۔ پوشش۔ زرہ۔

لبیب ، عقلمند۔

لبیک ، حاضر ہوں آپکی خدمت میں۔

لثق ، تری۔ اور تر ہونا۔ بہت نمناک ہونا۔ ہوا کا ٹھہر جانا۔

لثم ، دہان بند رکھنا منہ پر دہان بند کا باندھنا۔ توڑنا۔ خون آلودہ کرنا۔

لثہ ، مسوڑہ دانت کا۔

لجام مب معرب ہے، لگام کا۔

لجاج ، ستیزہ۔ لڑائی۔

لجہ ، دریا۔ بہت پانی دریا کا آئینہ۔ چاندی۔

لحاظ ، کسی چیز کا آنکھ میں خیال رکھنا۔ اور دیکھنا۔

لحاف ، روئی دار کپڑا رات کی اوڑھنی کا

لحام ، ٹانکا چاندی یا سونی کا۔ وہ چیز جسکا ٹانکا چاندی۔ یا سونے مین لگاوین۔

لحظہ ، تھوڑی دیر نظر کرنا ایکدفعہ کن انکھیوں دیکھنا

لحم ، گوشت۔ ماس۔

لحن ، آواز۔ اور خوش آواز موزون آواز۔

لحوق ، لگنا۔ ملنا۔ شامل ہونا۔

لحیہ ، داڑھی۔

لخت مذ ٹکڑا۔ پارہ۔

لختی ث تھوڑا۔ کچھ ایک۔

لدغ ، کاٹنا سانپ یا بچھو کا۔ ڈنک مارنا

لذع ، سوزش۔ جلن۔ جلانا۔

لذت ، مزہ۔ ذائقہ۔

لذیذ ، مزہ دار۔ خوش ذائقہ۔

لرزہ ث کپکپی۔ کانپنا۔

لرزیدن ، کانپنا

لزج ، چیپ دار شے جیسے سریش وغیرہ ہوتا ہی

لزوجت ، چپسیدگی۔ چیپ

لزوم ، لازم ہونا۔

لَسَّانِیَتُ زبان درازی۔

لِسَان ؁ زبان۔

لَسَع ؁ ڈنک مارنا۔

لشکر ؁ فوج۔

لصوق ؁ چسپاں ہونا۔

لطافت پاکیزگی۔ باریکی۔

لطائف جمع ہی لطیفہ کے۔

لطح ؁ لتھڑانا۔

لطف ؁ خوبی۔ نرمی۔ تازگی

لطیف ؁ باریک۔ پتلا۔

لطیفہ ؁ نکوئی۔ خوبی۔ چیز نیک اور نازک۔ چٹکلا۔

لعاب ؁ آب دہن۔ تھوک۔ اور ہر ایک شئے کا رس یا پانی جس میں چپچپیدگی اور غلظت ہو۔

لعب ؁ بازی۔ کھیل۔

لعبت ؁ کھلونا۔ کھیلنے کی چیز۔

لعَل ؁ حرف امید کا ہی یعنی امید کرنا ایسی شئے کا جو ممکن ہو۔ شاید۔

لَعنَت ؁ پھٹکار۔

لَعِین ؁ ملعون۔ مردود۔

لغات ؁ جمع ہی لغت کی۔

لُغَت ؁ زبان کسی قوم کی۔ لفظ۔

لُغز ؁ سوراخ موش دشتی کا اور چیستان۔ پہیلی۔

لغزش ؂ پھسلنا پیر کا۔ غلطی

لغزان ؂ پھسلتا ہوا۔

لغزیدن ؂ پھسلنا۔

لغو ؁ بیہودہ۔

لغوی ؁ منسوب لغت ہی۔ یعنی لغت کا۔

لف ؁ لپٹیا۔ لپیٹنا۔

لفافہ ؁ اوپر کا خول جامہ بیرونی مجوزہ وغیرہ پر سے لپیٹتے ہیں۔ لفائف اسکی جمع آتی ہے۔

لفظ ؁ جو منہ سے نکلے۔

لفق ؁ دو کپڑوں کو اکٹھا کر کے دوخت درزوں کو ملا کر سینا۔

لفیف ؁ ہر چیز پیچیدہ اور درہم

برہم

اور وہ کلمہ کہ جسمین دو حرف علت کی ہون

لقا ع دیدار۔ ملاقات

لقب ع وہ نام جسمین کچھہ مدح یا ذم نکلے

لقلق ع ایک جانور آبی ہی اوسکو لگلگ ہندی مین کہتے ہین۔ سانپ اور مچھلی کا وہ شکار کرتا ہے۔

لقمان بن باعور یہ حکیم ایوب کی بہن کا بیٹا ہے یا اونکا خالہ زادہ بھائی ہے اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت داؤد کا شاگرد تھا بعضے کہتے ہین کہ نبی اسرائیل قاضی تھا اور دونون باتین جمع ہوسکتی ہین بعضے کہتے ہین کہ وہ غلام تھا ملک نوبہ کا رہنے والا۔ مگر آزاد تھا پر اوسکی نبوت مین اختلاف ہی۔

لقمہ ع نوالہ۔

لقوہ ع بیماری ہی جسمین مُنہ ٹیڑھا ہوجاتا ہی

لک ع واسطے تیرے۔

لک ف بے وقوف۔ نادان۔ اور لاکھہ یعنے سو ہزار۔

لگام ف گھوڑیکے مُنہ مین جو دیتے ہین

لگد ف لات

لگدکوب ف لات مارنا۔

لکنت ع تتلاپن۔

لِلّٰہِ الحمد ع شکر خدا۔ سپاس خدا کو۔

لِمَ ع علت۔ سبب۔ کسواسطے۔

لَم ع یہ حرف نفی کا ہی معنی اسکی۔ نہین

لمحہ ع قدر چشم زدن۔ آنکھہ جھپکنے کی دیر تا نیہ۔

لمس ع چھونا۔ حاجت۔ جماع۔

لمع ع روشنی۔

لمعہ ع چمکارہ۔ روشنی۔

لمعان ع چمکنا بجلی کا۔ روشن ہونا۔

لنج ف مٹک چال۔ ناز ونخرہ سے چلنا۔

لنج ف ہونٹھہ۔ لب۔ اندر کی جانب رخسارہ کے شل آدمی یعنے جسکے ہاتھہ اور پیر حرکت نہ کرسکین۔

لنگ ف لنگڑا

لنگر ف وہ لوہا ہوتا ہے بہت وزنی جسکے سبب کشتی کو چلنے سے روک دیتے ہین

اور وہ جگہ جہان پر غریبون مسافرون کو کھانا ملتا ہے اوسکو بہی لنگر بولتے ہین۔

لنگیدن ت لنگ کرنا۔

لوا ع نیزہ۔ جھنڈا۔

لواحق ع جمع ہی لاحق کی۔

لوامعہ ع جمع ہی لامعہ کی۔

لوائم ع جمع ہی لائمہ کی۔

لوبیا ع ایکقسم کی پہلی ہوتی ہی اوسکی ترکاری پکاتی ہین

لوث ع آمیزش۔ آلودگی۔ لتھڑنا۔

لوچ ف ننگا۔ بھینگا۔

لوح ع تختی۔ تختہ۔

لوز ع بادام۔

لوزینہ ع بادام کا بنا ہوا خواہ کھانا وغیرہ

لوس ع تملق۔ چاپلوسی۔

لوطی ع مغلم۔ اغلام کرنے والا۔

لولو ع موتی۔

لون ع رنگ۔

لوند ع پہاکڑ۔ یارند

لوازم۔ لوازمہ ع جمع ہی لازم کی۔

لہاب ع } لپیٹ آگ۔ شعلہ۔
لہب ع }

لہجہ ع اُچارن۔ اواز الفاظ کی۔ زبان۔ محاورہ۔ آواز خوش۔

لہذا ع اسیواسطے۔

لہولعب ع کھیل کود۔

لیاقت ع استعداد۔ حوصلہ۔

لیکن ع مگر۔ پر۔

لیالی ع جمع ہی لیل کی۔ راتین

لئام ع جمع ہی لئیم کی۔ نالائق آدمی۔

لیت ولعل ڈھیل کرنا کسی کام مین۔

لیت ع کاشکے۔ امید ہی۔

لیزم ت گیاہ۔ کمان نرم اور سست جسپر مشق کمان کھینچنے کی کرتے ہین۔

لیسیدن ت چاٹنا۔

لیک ف مخفف ہی لیکن کا یعنی مگر

لیقہ ف صوف جو دوات مین ڈال کر سیاہی مین اوسکو تر کرتے ہین۔

لیل ع رات۔

لیمون ع نیبو۔
لینت ع نرمائی۔ نرمی۔
لینہ ع
لئیم ع ناکس۔ بخیل۔ کنجوس۔
لئیمان ف جمع فارسی لئیم کی ہے کنجوس لوگ۔

باب المیم

ما ع نہین۔ کیا چیز۔ جو کہ۔
ماء ع پانی۔
ما ف ہم۔
ماءمعین ع آب روان جو پاک اور صاف ہو معین اسم مفعول ہے عین سے جیسا مبیع بیع سے۔
ماءالجبن ع پانی دودہ کا جو اوسکو پہاڑ نکالتے ہین۔
ماءالحیات ع آب حیات۔

ماءالورد ع عرق۔ گلاب کا۔
مآب ع جای بازگشت وہ جگہہ جہان آدمی لوٹ کر جاوے۔
ماابقی ع جو باقی رہا ہو۔ بچا ہوا۔ چھوٹا کہانا جو باقی رہجاوے۔
مابون ع بولیسیا۔ یعنی وہ شخص جسکو اغلام کرانیکی بیماری ہو۔
مابین ع درمیان۔
مات ع مرگیا۔ ہارگیا اصل مین صیغہ ضی کا ہی اب بجای اسم کی مستعمل ہوگیا ہے۔
ماتح ع پانی کہینچنے والا۔ کوئی سی آب کشندہ از چاہ۔
ماتقدم ع اول کا۔ جو پہلے گذرے مذکورہ بالا۔
ماتم ع رونا۔ پیٹنا۔
مآثم ع گناہان جمع ہی ماثم کی مصدر میمی ہے
ماثم ع بڑا گناہ کا۔
مآثر ع نشان۔ کہوج۔ نشان نیک کار پسندیدہ۔

ماثل ، نشان مکان کا جسکے آثار باقی ہون۔

ماثور ، منقول نقل شدہ اور فارسی مین بمعنی اثر پذیر شدہ کے بہی آتا ہی۔

ماثورہ ، منقولہ۔

ماثوم ، گناہگار

ماج ف ماہ۔ چاند۔

ماجد ، مرد بزرگوار۔

ماجدہ ، زن بزرگوار۔

ماجرا ، واردات

ماجو ف ایک دوا کا نام ہے۔

ماجوج ، یافث ابن نوح کی اولاد تاتاری لوگ

ماچ ف
موچ ف بوسہ دینا۔ چوم لینا۔

ماجور ، اجر دیا گیا۔ نیک بدلا دیا گیا۔

ماچین ت ایک ملک ہی جنوب مین چین کے اور شرق مین ہندوستان کے واقع ہے۔

ماغ اسفیدی جو مرغی کی انڈی مین ہوتی ہے

ماحصل ، محصول۔ حاصل شدہ۔

ماحضر ، جو حاضر ہو۔ جو شے موجود کہانے وغیرہ کی۔ خاص کر کہانے پر استعمال اسکا فارسی مین آتا ہے۔

ماحی ، محو کرنیوالا۔ نیست و نابود کرنیوالا۔

ماخذ ، مصدر۔ جگہ اخذ کی۔ لینی کی جگہ

ماخوذ ، گرفتار کیا گیا۔ پکڑا گیا۔ لیا گیا۔

مادام ، ہمیشہ۔

مادح ، تعریف کرنے والا۔

مادخ ، بزرگ ارجمند۔

مادر ف ماں۔ والدہ۔

مادرزاد ف وہ بچہ جو اپنی ماں کا جنا ہوا ہو۔

مادرِ مادر ف نانی۔

مادر بخطا ف یہ ایک گالی ہی یعنی تیری ماں حرام کار تہی

مادری ف ماں کا۔

مادندر ف سوتیلی ماں۔ باپ کی جورو جسکے پیٹ کا وہ شخص نہو۔

مادہ ف استری۔ عورت۔ جو مقابل نر کے ہے۔

مادہ ع ہیولا استعداد۔ وہ شئی جس سے کوئی چیز بنائی جاوی۔ وہ شئی جو محسوس ہو سکے

مادی ع منسوب مادہ سے۔

مادون ع سوا۔ علاوہ۔

مادیان مادہ۔ استری یہ لفظ مفرد ہے

ماذون ع اذن دیا گیا۔ حکم کردہ شدہ اجازت دیا گیا۔

مار ف سانپ۔

مارا ف ہمارے تئین۔

مارب ع مطلب۔ مقصد۔ اسکی جمع آرب آتی ہے۔

ماریچ ف پرچم۔ پریسیم جھنڈی کا جو لشکر مین ہوتا ہے اور کئی سانپون کے مانند باہم پیچیدہ تصویر۔

ماروت ع نام ایک فرشتہ کا ہے۔

مارق ع خارج دین سے گمراہ۔

مارن ع ناک کی پھنگ سرینی جو نرم ہوتا ہے

مازو ف نام ایک دوا کا ہے۔

مازندران ف ملک طبرستان جو تابع فارس کے ہے

ماس ف مخفف ہے آماس کا ورم۔ سوجن۔

ماسخ ع جیزہ۔ پھیکا۔

ماسبق ع گذشتہ۔ پہلے جو گذر چکا۔

ماست ف دہی۔ جغرات۔

ماست بند ف پنیر بنانیوالا آدمی۔

ماسِک ع مرکز بیضوی شکل کا۔

ماسَلَف ع گذشتہ۔

ماسوا ع علاوہ۔ سوا۔ اصطلاح مین سوائے ذات خدائیتعالے کے تمام موجودات اور مخلوقات

ماش ف مونگ۔ اُرد۔

ماشہ ف ۸ رتی کا وزن۔

ماشطہ ع وہ عورت جو کنگھی عورتون کے سر مین کرتی ہی اور دلہن کو آرایش دیتی ہے اوسکو مشاطہ بولتے ہین۔

ماشی ع چلنی والا۔ پیرون چلنے والا۔

ماشورہ ف غربال۔ چھلنی۔

ماص ع چوسنے والا۔

ماصدق ع وہ چیز جو صادق ہو معنے مضمون۔

ماضی ، گذشتہ۔ گذرا ہوا زمانہ۔
ماضغہ ، احمق۔ توت چبانیکی۔
ماطر ، برسنے والا۔
ماعز ، بکری۔
ماعون ، زکوٰۃ مال کی۔ اور وہ چیز جس سے مدد طلب کریں اسباب گھر کا جیسی ہانڈی توا کڑاہی انیدہن وغیرہ
مافات ، جو گذر گیا۔ جو فوت ہوا۔
مافوق ، اوپر
ماقبل ، پہلے۔
ماق ، آنکھ کا کونا جو ناک کیطرف ہوتا ہے گوشہ چشم بطرف بینے۔
ماکول ، کھایا گیا۔ خوردہ شدہ۔ خوردنی۔
ماکل ، کھانا۔ خوردن۔ مجازاً شیٔ کہانیکی۔
ماکیان ؔ مرغی۔
مال ، دولت۔ روپیہ۔ دہن۔
مآل ، انجام کار۔ جگہ لوٹنے کی جای رجوع۔
مالاکلام ، جسمین کچھ کلام باقی نہو۔
مالامال ، اکثیر۔ اور بہت مجازاً بھرا ہوا پر

مالاانحل ، جوکہ قابل حل ہونے کے نہو کٹھن۔ بہت۔
مالایعنی ، بیہودہ۔ وہ چیز جس سے کسیکی کچھہ مراد نہو۔ بیفائدہ۔
مالح ، شور۔ نمکین۔
مالخ ، خلل دماغ۔ سودا۔
مالیخولیا ، سودا۔ خیال خام۔ ایک قسم کا جنون ہی۔
مالدار ت دولتمند۔
مالش ت مالیدگی۔ ملنا۔ طبیعت کا فی کرنے پر مستعد ہونا۔
مالضامنؔ شخص جو اسطرح پر ضامن ہو کہ اگر یہ شخص چلا جائیگا تو اسقدر مال سرکار مین حاضر کرونگا۔
مالضامنیؔ ضمانت مال کی دینا یعنے اتنا مال بہرونگا۔
مالک ، صاحب۔ خداوند۔ ملک والا۔ اور نام اوس سوداگر کا ہی جسنی حضرت یوسف کو اونکی بھائیون سے خرید کیا تھا۔ اور نام اوس

فرشتہ کا ہے جو موکل دوزخ کا ہے
دربان۔ دوزخ۔

مالکانہ ف مالک ہونیکا حق۔

مالگذاری ہ سرکار کا محصول زمین کا دینا۔

مالکیت ع مالک ہونا۔ مالک پن۔

مال و متاع اسباب۔ و روپیہ۔

مالوف ع الفت کیا گیا۔ خوگرفتہ شدہ۔ دوستی کیا گیا۔

مالی ع پر کرنے والا۔ اور پر ہونے والا۔

مالیت ع مال۔ پن۔ دھن۔

مالیدن ہ ملنا۔

مالیدہ ف ملا ہوا۔

ماما ف بڑھیا۔ بوڑھی عورت۔

مامک ف ماں۔ والدہ۔ پیار کا لفظ ہے

مامن ع جائے امن۔ جگہ آرام کی۔

ماضی ع وہ جو گذر گیا۔ زمانہ گذشتہ

مامن رضا ع یعنی جای امن رضا کی
یہ اشارہ مشہد مقدس کا ہے کیونکہ وہاں
مزار امام علی موسیٰ رضا کا ہی یہ مزار بعض لوگون
کے نزدیک بجائے کعبہ کے ہے وہ کہتے ہین
کہ جو گنہگار وہان پر جاتا ہے پھر اوس سے
باز خواست گناہ کی جاتی رہتی ہے گویا اوسنے
امن پایا۔ عذاب و عقاب سے۔

مامور ع حکم کیا گیا۔ امر کیا گیا۔

مامول ع امید کیا گیا۔

مامون ع امن کیا گیا۔ محفوظ بخوف۔ اور نام خلیفہ بغداد کا جو ہارون رشید کا بیٹا

مانا ف مشابہ۔ مانند۔ شاید تحقیق۔

مان ف خانہ۔ اسباب۔ متاع۔
اور ہم۔ اور ہمکو۔ ٹھہرو شبیہ۔ مانند۔

مانح ع سخی۔ بخشنے والا۔ داتا۔

ماندگی ف ایک قسم کا جنون ہو۔

ماندن ف رہنا۔

مانند ف حرف۔ تشبیہ کا ہی یعنی جیسا۔

ماندہ ف رہا ہوا۔ تھکا ہوا۔

مانستن ف مشابہ ہونا۔

مانع ع منع کرنے والا۔ روکنے والا۔

مانوس ع جس چیز سے انس ہو گیا ہو۔ مرغوب

ماوای ع جای بازگشت گھر جای پناہ۔
ماورای ع سوائے علاوہ
ماہچہ ف مانند چاند کے ایک شکل چاندی یا سونے کی بنا کر علم پر یا فوجکی جھنڈی پر جو لگاتے ہین اوسکو ماہچہ بولتے ہین۔
ماہانہ ف ماہواری۔
ماہ جلالی ف مراد ماہ شمسی جو منسوب ہے جلال الدین ملک قباد سلجوقی کے تاریخ سے۔
ماہتاب ف چاند۔ اور چاندنی چاندکی۔
ماہ نخشب ف وہ چاند ہی جسکو حکیم بن عطا نے جو نام ابن مقنع کے مشہور ہے چند اجزا اسباب وغیرہ سے ملاکر بنایا تھا۔ یہ چاند دو مہینے تک ہر رات کو کنوئین سے نکلتا تھا۔ اور چار فرسنگ تک اوسکا نور پونہچتا تھا۔
ماہر ف استادکار۔ کام مین بڑا دستاد
ماہرو ف معشوق چاند کے مانند چہرہ۔
ماہوار ف ہر مہینے۔ مہینے۔ مہینے۔
ماہی ف مچھلی
ماہیانہ ف مہینے کا۔ ماہواری۔
ماہیت ع حقیقت اسکی ماہی ہے لفظی معنی یہ ہین (کیا ہے یہ) اور سپر (تا) بڑھا کر مصدر بنا لیا۔
ماؤف ع آفت رسیدہ۔ دکھ پونہچا ہوا۔
مائی ع آبی۔ پانیکا۔
مؤجل ع مہلت دیا گیا۔
مأول ع تاویل کیا گیا۔
مؤتمن ع معتمد۔ امین۔
مایت ع مرنے والا۔ میسرندہ۔
مائدہ ع دسترخوان۔ وخوان پر از طعام
مائع ع رقیق شی جیسے پانی۔ شہد وغیرہ
مالحتاج ع وہ شی جسکے طرف انسان کو حاجت پڑتی ہے۔
مالقرا ع ایسا لکھا ہوا جسکو آدمی پڑہ سکے
مائل ع متوجہ۔ میل رکھنی والا خمیدہ۔ شائق۔
مایوس ع ناامید۔ بی آس۔
مایہ ف پونجی۔ اصل مادہ۔ مقدار

ماتہ ع ایک شتو
ماتین ع دو شتو
مِئین ع یہ جمع ہی ماتہ کی یعنی صدہا سیکڑاون۔
مائن ع دروغگو۔ جھوٹا۔
مباح ع جائز رکھا گیا۔ حلال و اشتہ شدہ
مباحثہ ع باہم بحث کرنا۔
مباد ف نہ ہو جیو۔ کلمہ دعا کا ہے۔
مبادا ف خدا نکری کہ یون ہو۔
مبادر ع جلدی کرنیوالا۔ پیشی کرنیوالا۔
مبادرت ع شتابی کرنا۔ پیشی لیجانا۔
مبادلہ ع بدلا کرنا۔ باہم بدن۔
مبادی ع جمع ہی مبدی کی ابتدا کی باتین جو شروع مین سکھلائی جاوین۔
مبارز ع لڑائی کو نکلنے والا۔ سپاہی جنگ کنندہ۔
مبارک ع برکت کردہ شدہ۔ خجستہ۔ بزرگ کردہ شدہ
مباشر ع آپ کرنیوالا کسی کام کا جماع کرنے والا۔
مُباشرت آپ کسی کام مین گھسنا۔ جماع کرنا۔
مباعدت دوری۔ مفارقت۔ جدائی۔
مباقل ع ترکاری کے کھیت جہان پر لہسن پیاز ساگ پات بوئے لیتے ہین مفرد اسکا مبقل ہے۔
مبال ع پیشاب گاہ۔ مراد فرج عورت کی۔ اور ذکر مرد کا۔
مُبالات پرواہ رکھنا۔ خوف رکھنا۔
مبالغہ ع کسی کام مین سخت کوشش کرنا بہت تعریف یا ہجو کرنا جو محال معلوم ہو۔
مَبانی ع جمع ہی مبنی کی بنیادین۔
مباہات فخر کرنا۔
مُباہجہ ع باہم فخر کرنا نیکوئی اور حسن مین۔ باہم خوش ہونا۔
مباہلہ ع ایک دوسرے کو نفرین کرنا یعنے دعای بد ایک دوسری کی حق مین کرنا
مباہی ع نازکنندہ۔ فخر کنندہ
مبایعت ع بیعت کرنا۔ تابع ہونا۔

مُبَایَنَت، باہم جدا ہونا۔ ایکدوسرے سے علیحدہ ہو جانا۔
مبدا، جای شروع۔ جگہ ظاہر ہونیکی۔
مبتدا، شروع۔ اوّل جزء جملۂ اسمیہ کا۔
مبتدع، بدعت کرنیوالا۔ بدعتی۔
مبتدی، شروع کرنے والا۔
مبتلا، گرفتار۔ بلا میں پھنسا ہوا بلا میں
مبتہج، شادان۔ خوش۔
مبحث، جای بحث۔ مقام بحث۔
مبداٗفیاض مراد خدای تعالٰے آغاز کرنے والا۔ بہت فیض رسان۔
مُبدِع، آپ کسی چیز کا پیدا کرنے والا۔ بے مادہ بنانے والا۔
مُبَدَّل، بدلا ہوا۔ بدلا گیا۔
مبذر، اسراف کرنے والا۔ بیہودہ خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ۔
مبذول، خرچ کیا گیا۔
مُبَرّا، بیزار شدہ۔ دور شدہ پاک کردہ شدہ
مُبَرِّد، سردی دینی والا۔ سرد کنندہ

مَبرز، مقعد۔ پخانہ نکلنے کی راہ۔
مبرہن، بدلیل ثابت کیا ہوا۔
مبرور، نکوئی کردہ شدہ۔ نیکی کیا گیا۔ پاک۔
مبسوط، پھیلا ہوا۔ فراخ۔
مبشر، خوشخبری پہنچانے والا۔ بشارت دینے والا۔
مبصر، بینائی والا۔
مبضع، نشتر فصد کھولنی والیکا۔ نشتر فصاد
مبطل، باطل کنندہ باطل کرنے والا۔
مبعوث، اوٹھا گیا۔ برانگیختہ کیا گیا۔
مَبلَغ، جای رسیدن۔ مقام مقدور نہایت۔ مقدار۔ اندک۔
مبنی، جگہ بنا کی۔ بنیاد۔ جائے مضمون وغیرہ
مبہج، خوش اور شاد کرنے والا۔
مُبہم، دربستہ۔ اور کار بستہ۔ مشتبہ اور کلام مبہم۔ وہ جو کسی طرح دریافت نہو سکے کہ کیا مطلب ہے۔

مَبہُوت ، حیران - بہو چکا -
بیت ،
مبات ، رات گذارنا - جگہ شب گذرانی کی -
مبیع ، شئی خرید کی ہوئی - اسباب بکا ہوا
مُبین ، ظاہر - آشکارا -
مُبَیِّن ، بیان کرنے والا -
متٰی ، کب - کس وقت - جس وقت
متاب ، لوٹ جانا - جای رجوع -
متابعت تابعداری -
مُتَأثّر ، اثر پذیر سا اثر قبول کرنے والا -
مُتَأخّر ، پیچھے آنے والا - جو آخر میں گیا ہو، جو پیچھے رہ گیا ہو -
متاخرین ، پچھلے لوگ - حال کے زمانہ کے لوگ -
متاذی ، بچانے والا -
مُتَأذّی ، تکلیف پانے والا -
متاسف افسوس کرنے والا -
متاع ، پونجی - اسباب - سوداگری رخت -

متاعب ، رنجہا - ماندگیہا - جمع تعب کی ہے -
مُتَألّف ، تالیف کیا گیا - مرکب کیا گیا -
مُتَألّم ، رنج کشیدہ - رنجیدہ - دردناک - دردمند -
مُتَأمّل ، تامل کرنیوالا - غور کرنیوالا -
متانت ، استواری - محکمی -
مُتَأهّل ، جورو کرنے والا - کنبہ دار اہل کرنے والا -
متبادر ، جلد ذہن میں آنے والا -
متبائن ، باہم جدا - دو مخالف ایسی کہ ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں -
متبدل ، بدلا گیا - تبدیل کیا گیا -
متبحر ، وہ آدمی جسکو بہت علم ہو - بڑا عالم -
متبخر ، بخارات بنایا گیا
متبرک ، برکت یافتہ - برکت دار
متبلد ، کند ذہن - احمق -

متبنّٰی ؛ فرزند کیا ہوا۔ فرزندی مین لیا ہوا۔

متبوع ؛ سردار۔ جسکا کوئی تابع ہو پیروی کردہ شدہ۔

متجاوز ؛ تجاوز کرنیوالا۔ گذرنیوالا۔

متجاہل جان بوجھ کر جاہل ہونیوالا۔ انجان اپنے تئین بنانے والا۔

متجسس تلاش کرنیوالا ڈہونڈنے والا۔

متجلی ؛ روشن۔ وآشکار۔

متحتم ؛ واجب۔ واجب ہونیوالا۔ یقینی۔

متحد ؛ اتحاد کیا گیا۔ ایک کیا گیا۔ ملا ہوا۔

متحرک ؛ حرکت کرنیوالا۔

متحصن ؛ قلعہ نشین جسنی قلعہ مین پناہ لی ہو۔

متحقق ؛ تحقیق کیا گیا۔ درست۔

متحلی ؛ زیور پوشیدہ۔ آراستہ زیور سے

متحمل ؛ برداشت کرنیوالا سہنے والا۔

متحیر ؛ حیران۔ بہوچک۔

متخاصم ؛ خصومت کرنیوالا۔ جہگڑالو۔

متخاصمین ؛ مدعی۔ اور مدعا علیہ۔ طرفین جو جہگڑا کین۔

متخلخل ؛ پولا۔ جو ٹھوس نہو۔

متخیل ؛ خیال کیا گیا۔

متخیلہ ؛ خیال کیا گیا۔ اور مکان خیال یعنے دماغ اور قوت خیال۔

متداولہ ؛ دست بدست جو چیز پہری ہو۔ نوبت بنوبت گرفتہ شدہ مروج۔

متدین ؛ دیندار۔

مترادف ؛ ہم معنی۔ دو لفظ ایسے جنکے معنے ایک ہون وہ ایک دوسرے کا مترادف کہلاتا ہے۔

مترجم ؛ ترجمہ کرنیوالا۔ اور مترجم وہ کتاب جسکا ترجمہ کیا گیا ہو۔

متردد ؛ متفکر۔ اور آنی جانے والا۔

مترشح ؛ ٹپکنے والا۔ تراوندہ۔

مُتَرَصِّد، امیدوار۔ امید رکھنے والا

مُتَرَقَّب، انتظار کیا گیا۔

مُتَرَنَّم، گایا گیا۔

مَتروک، چھوڑا گیا۔

مُتزائد، بڑھنے والا۔ زائد ہونیوالا۔

مُتزلزل، ڈگمگانیوالا۔ لرزندہ۔

مُتساوی، باہم۔ برابر۔ ایکدوسرے کا مساوی۔

مُتسلط، غالب ہونے والا۔ غلبہ کرنے والا۔

مُتشابہ، ہمشکل اور جسکے معنے مین کچھ شبہ ہو۔ مخفے المعنی

مُتشاعر، جو شخص شاعر نہو۔ اور اپنے تئین شاعر جتلاوے۔

مُتشکل، شکل اختیار کرنے والا۔

مُتشکی، شک کرنیوالا۔

مُتصاعد، چڑھنی والا۔ اوپر ہونے والا

مُتصدِّع، دردسر کرنے والا۔ تصدیع دینے والا۔

مُتصدّی، پیش آنیوالا۔

مُتصرِّف، قابض تصرف کرنے والا۔

مُتّصف، موصوف۔ جسکے ساتھہ کوئی وصف لگا ہو۔

مُتّصل، پاس قریب لگا ہو۔ اتصال رکھنے والا۔

مُتصوّر، تصور کیا گیا۔

مُتضمّن، درضمن گیرندہ۔ بیٹ مین لینے والا۔ شامل۔

مُتضاد، باہم۔ مخالفت کنندہ۔

مُتضرّر، ضرر اختیار کرنے والا۔

مُتضرّر، ضرریافتہ۔ جسکو ضرر پہنچا ہو۔

مُتعارف، معروف۔ آپسمین تعارف کیا گیا۔

مُتعاقب، پیچھے سے آنیوالا۔ پس دوندہ۔

مُتعال، بلند۔ عالی۔

مُتعبّد، عبادت کرنیوالا۔ پوجاری۔ بتکلیف عبادت کرنے والا۔

متعدد، چند۔ شمار کردہ شدہ۔
متعذب، خوشگوار۔ عذب سے مشتق ہی
متعدی، تجاوز کرنے والا۔ گرامر میں وہ فعل جو مفعول کو بھی چاہیے۔
متعذر، دشوار۔ مشکل
متعرض، پیش آنیوالا۔
متعسر، دشوار۔ مشکل
متعصب، دین کی پچ کرنیوالا۔ تعصب کرنیوالا
متعطش، تشنہ پیاسا۔
متعلق، لگاؤ رکھنے والا۔ تعلق رکھنی والا
متعلم، سیکھنے والا۔ طالب العلم۔
متعنت، عیب گیرندہ۔ سہو و خطا پکڑنیوالا
متعددان، جمع ہی متعدد کی
متعند، عناد رکھنی والا
دشمنی رکھنے والا۔
بدخواہ۔
متعوب، رنجیدہ۔ رنج کشیدہ۔
متعود، خوگر۔ عادت کرنے والا
متعہد، ذمہ دار۔ کام میں مشغول۔

متعین، مقرر کیا ہوا۔ تعین کیا گیا۔
متغیر، تغیر کیا گیا۔ بدلا گیا۔
متفاوت، فرق کیا گیا۔ تفاوت کیا گیا۔
متفحص، ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔
متفتش، ڈھونڈنی والا۔ تفتیش کرنیوالا۔
متفرج، جای سیر و تماشا۔
متفرع، شاخ کیا گیا۔ مترتب
متفرق، فرق کیا گیا۔ علیحدہ
متفق، ملا ہوا۔ اتفاق کرنے والا۔
متفکر، فکرمند۔ جسکو فکر ہو۔
متقاضی، تقاضا کرنے والا۔
متقاعد، پست شوندہ۔ تقاعد قبول کرنے والا۔ سستی کرنے والا۔
متقدم، پیش ہونیوالا۔ آگی بڑھنی والا
متکا، تکیہ گاہ۔ تکیہ لگانیکی جگہ۔
متکبر، مغرور۔ تکبر والا
متکسر، شکستہ ہونیوالا۔ ٹوٹنے والا

متکفل ؛ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار

متکلف ؛ تکلیف کرنیوالا۔

متکلم ؛ بولنے والا۔

متلاطم ؛ امواج زن۔ موجبزن

متلطخ ؛ لتھڑنیوالا۔ آلودہ۔

متلبس ؛ پوشیدہ۔ بجامہ پوشیدن۔ پنہاں ہونیوالا۔ لباس پہننے والا۔

متلذذ ؛ لذت اوٹھانیوالا۔

متلقی ؛ ملاقات کرنیوالا۔ متلقی ملاقات کردہ شدہ۔

متلون ؛ رنگ اختیار کرنے والا۔

متمادی ؛ دراز۔ لمبا۔

متمتع ؛ برخوردار۔ فائدہ۔ اوٹھانیوالا۔

متمرد ؛ سرکش۔ نافرمان۔

متمم ؛ تمام کرنیوالا۔ کامل کرنیوالا۔

متمنی ؛ تمنا کرنیوالا۔ آرزو رکھنے والا

متمنے ؛ آرزو کیا گیا۔

متموج ؛ تموج کرنے والا۔ موجزن لہریں مارنے والا۔

متن ؛ پشت۔ پیٹھہ۔ استوار۔ جای بلند اور سخت۔ اصل کتاب جسکی شرح کیجاسے۔

متناہی ؛ انتہا کو پوہنچنے والا۔

متنبہ ؛ واقف۔ مطلع۔ خبردار۔ آگاہ

متنعم ؛ ناز و نعمت مین رہنے والا۔

متنفر ؛ نفرت کرنیوالا۔ وحشت کرکی بھلگنے والا۔

متنوع ؛ نوع بنوع شوندہ۔ گوناگون۔ شوندہ۔ اقسام اقسام کا ہونیوالا۔

متواتر ؛ پے در پے آنے والا۔

متواری ؛ پوشیدہ ہونیوالا چھپنے والا۔

متواضع ؛ فروتن۔ عاجزی کرنیوالا۔ ذلت اختیار کرنے والا۔

متوافر ؛ وافر ہونیوالا۔ زیادتی اختیار کرنے والا۔

متوالی ؛ پے در پے آنے والا۔

متوج ؛ تاج دیا گیا۔ جسکے سر تاج

رکھا گیا ہو۔
متوجہ ؏ توجہ کرنیوالا۔ دہیان دینے والا۔
متوحش ؏ وحشت اختیار کرنے والا۔
متورع ؏ پارسا۔ پاسائی۔ اختیار کرنے والا۔
متوسل ؏ وسیلہ ڈہونڈنے والا۔
متوصل ؏ وصل اختیار کرنے والا۔ توصل پسند۔
متوطن ؏ رہنے والا۔ باشندہ۔
متوفی ؏ وفات یافتہ شدہ۔ مرا ہوا۔
متوقع ؏ امید رکھنیوالا۔ توقع رکھنیوالا
متوقف ؏ دیر کرنے والا۔ توقف کرنے والا۔
متوکل ؏ بہروسا کرنیوالا۔ توکل کرنیوالا۔
متولد ؏ پیدا ہونے والا۔
متولی ؏ کام پر رہنے والا۔ دوستی رکھنی والا۔
متوہم ؏ وہم کرنیوالا متوہم وہم کیا گیا۔

متہاون ؏ سستی کرنے والا۔
متہم ؏ وہ شخص جسپر تہمت لگائی جاوے۔
متین ؏ استوار۔ مضبوط۔
مشابہ ؏ مانند۔ مشابہ۔
مثال ؏ شبیہ۔ نظیر۔ تصویر۔ حکمنامہ قاضی مانند۔ فرمان بادشاہی۔ پروانہ حکم
مثانہ ؏ پھکنا۔ وہ کیسہ کہ جسکے اندر پیشاب رہتا ہے۔
مثانی ؏ سورۂ فاتحہ اور سبع ہے ثنی کی بمعنے دو دو۔
مثبت ؏ جو نفی نہو۔ اثبات کردہ شدہ
مثقال ؏ ۴½ ماشہ۔ ساڑھے چار ماشہ کی وزن کو مثقال کہتے ہیں۔
مثل ؏ مثال کہاوت۔ مانند وصف حال۔ داستان۔
مثل ؏ مانند۔ ساوی۔ سب صفتوں میں۔

بزمیم

مثلث ؛ جو سطح مین خطوط مستقیم سے محاط ہو جیسے یہ۔ △

مثمر ؛ پھل دینی والا۔ انجام دینی والا نتیجہ دہندہ۔ میوہ آورندہ۔

مثمن ؛ ہشت پہلو۔

مثنی ؛ تثنیہ۔ دوپارہ کردہ شدہ دوم کردہ شدہ۔

مثنوی ؛ وہی اشعار ہوتے ہین جنہین ہر ایک شعر کی دو مصرعونکی قافیہ ملتی جاوین۔

مثوب ؛ ثواب دیا گیا۔ بدلا نیکی کا کیا گیا۔

مثوبات ؛ عوض نیکیون کے۔ بدلی بھلائیون کے جمع مثوبت کی ہے۔

مثوی ؛ جای آرام۔ قرارگاہ۔

مجادِل ؛ لڑنے والا۔

مجادلہ ؛ جنگ کردن۔

مجاذب ؛ جمع ہی مجذوب کے۔ کشیدہ شدہ لوگ خدا کی محبت مین کھینچے ہوئے۔

مجاری ؛ جمع ہے مجری کے۔

مجاز ؛ جو حقیقت نہو۔

مجازات ؛ بدلا دینا۔ اور جزا دینی نیکی اور بدی مین۔

مجال ؛ میدان۔ جولانگاہ مجازاً موقع۔ حوصلہ۔ طاقت۔

مجالس ؛ مصاحب۔ جلیس باہم بیٹھنے والا۔

مَجالس ؛ جمع مجلس کی ہی۔

مُجامع ؛ صحبت کرنیوالا۔ جماع کرنے والا۔

مجامعت ؛ صحبت کرنا۔ جماع کرنا۔

مُجانبت ؛ کسی کام سے یکسو ہونا۔ دور رہونا۔

مجانست ؛ ہمجنسی۔ ہم قومی۔

مُجاور ؛ ہمسایہ۔ پڑوسی

مجاورت ؛ ہمسایہ پن پڑوس

مجاوز ؛ تجاوز کرنے والا۔ درگذر کرنے والا۔

مجاہد ؛ کافرون سی لڑنے والا۔

کوشش کرنے والا۔

مجبور ؛ لاچار۔ جبر کیا گیا۔ نقصان۔ بھر اگیا۔

مجتبی ؛ برگزیدہ۔ پسندیدہ

مجتث ؛ جڑسے اوکھیڑا ملا ہوا۔ اور نام ایک بحر کا ہے۔

مجتمع ؛ جمع کیا گیا۔ اور جگہ جمع ہونے کی۔

مجتنب ؛ دوری کرنے والا۔ پرہیز کرنے والا۔

مجتہد ؛ کوشش کرنیوالا۔ راہ صواب پیدا کرنے والا۔

مجد ؛ بزرگی۔ بزرگوار ہونا۔

مُجِد ؛ کوشش کرنیوالا کسی کام مین۔

مجدد ؛ از سر نو کنندہ کار یعنی نیا کرنیوالا کسی کام کا۔

مجذوب کھینچا گیا۔ اور خدا کی محبت مین کھینچا ہوا۔

مجدود ؛ بنا۔ کیا گیا۔

مجرب ؛ تجربہ کیا گیا۔ آزمایا ہوا۔

مجرد ؛ تنہا۔ اور تارک دنیا۔ مرد بی زن۔ اور وہ شئی جو مادے سے پاک ہو۔

مجردات ؛ عقول۔ عشرہ۔ ملائک ارواح۔

مجرم ؛ جرم کرنیوالا۔ گناہگار۔

مجروح ؛ زخمی۔ گھائل۔ جسکو زخم لگا ہو۔

مجری ؛ جای۔ جاری ہونے کی۔

مُجَزّا ؛ جزو۔ جزو علیحدہ کیا ہوا۔

مجسم ؛ جسم دار۔ جسمین طول اور عرض اور عمق ہو۔

مجعّد ؛ گھونگریالی بال۔ پیچ دار بال۔

مُجَلّی ؛ صاف۔ روشن۔

مجلّد ؛ جلدبنی کیا ہوا۔

مجلس ؛ جگہ بیٹھنے کی۔ مجازاً وہ مقام جہان پر گروہ آدمیون کا جمع ہو۔

مچلکا ت یہ ترکی لفظ ہے معنے اسکے ہین۔ عہدنامہ۔

مجمر ، عود دان - وہ انگیٹھی جسمین عود جلاوین -
مجمع ، مجلس - او رجگہ جسمع ہونی کی -
مجمل ، جو محتاج - تفصیل کا ہو -
مجملات ، وہ آیات قرآنی جو محتاج تفصیل کی ہین -
مجموع ، تمام جمع کیا گیا - سب -
مجنون ، پاگل - دیوانہ -
مجنح ، صاحب بازو - صاحب جناح -
مجوس ، قوم آتش پرست جو تابع ہین زردشت کے -
مجوسی ، وہ شخص جو آتش پرست ہو - یا آفتاب اور ماہ کی پوجا کرے واحد ہے جمع اسکی مجوس آتی ہے -
مجوف ، جوف کیا گیا - کھوکھلا - جو اندر سے خالی ہو -
مجہول ، نامعلوم - ناداشتہ شدہ اور وہ فعل جسکا فاعل معلوم نہو -
مجیب ، جواب دینی والا - قبول کرنیوالا -
مجید ، بزرگوار - گرامی - بزرگ -
مح ، زردی جو مرغ کے انڈی کے اندر ہوتی ہے -
محابا ، اصل مین محابات تہا فارسی لوگ تا کو حذف کرکے استعمال اسکا کرتے ہین بمعنے فرو گذاشتن - مروت - اعانت - صلح - نگہداشت لحاظ -
محاذی ، مقابل آمنی سامنے والا - روبرو ہونے والا -
محاذات ، مقابلہ اور روبرو ہونا برابر ہونا ایک جز کا دوسرے جز سے -
محارب ، لڑنی والا - جنگ کنندہ -
محاربہ ، لڑائی - جنگ -
محاربات ، لڑائیان - جگھڑا -
محاریب ، جمع ہے محراب کے یعنے محرابین -
محاسب ، حساب کرنیوالا - حساب دان -
محاسبہ ، حساب -

محاسن ، جمع ہی حسن کی۔ خوبیاں۔ بھلائیاں۔
مُحاصِر ، گھیرنیوالا۔ محاصرہ کرنیوالا۔
محاط ، احاطہ کیا گیا۔
محافظ ، نگاہبان۔
محافظت ، نگاہبانی۔
محافل ، جمع ہی محفل کی مجلسیں۔
محافہ ، ڈولی جو کہار اوٹھاتے ہیں اور عورتیں اوسمیں سوار ہوتی ہیں۔
محاکات باہم حکایت کرنا۔ کوئی کہانی آپسمیں کہنی۔
مُحاکمہ ، حاکم کی پاس واسطی دفع جھگڑی کی جانا۔ اور منصف ہوکر دفع خصومت کا کرنا۔
مُحال ، ان ہوت۔ جسکا ہونا ممکن نہو۔
مَحال ، جمع ہی محل کی۔ مقامات جگہہ۔ ضلع۔
محالات ناممکنات۔ غیر ممکن باتیں۔ یا چیزیں۔
مَحامِد ، جمع ہی محمدت کی تعریفیں۔

نیک خصلتیں۔
محاورہ ، گفتگو۔ بات چیت جواب دینا۔
مُحِبّ ، دوستی کرنے والا۔ پیار رکھنے والا۔
محبت ، دوستی۔
محبوب پیارا۔ دوست۔
محبوس متقید۔ قید کیا گیا۔
محتاج ، لاچار۔ حاجتمند۔ غریب۔ مفلس۔
محتاط ، اختیاط کردہ شدہ وہ شخص جو بہت احتیاط رکھی۔
محتجب ، پردہ نشین۔ چھپا ہوا۔ پردہ میں ہونیوالا۔
محترفہ ، پیشہ ور لوگ۔ صنعت گران کاریگر لوگ یہ لفظ ہمیشہ صفت لفظ فرقہ یا جماعت کی پڑھتا ہے۔
محترم ، عزت کیا گیا۔ حرمت کیا گیا۔

محتشم ؛ صاحب خدم اور حشم کا جسکے پاس نوکر اور دولت ہو۔

محتسب ؛ مجسٹریٹ۔ شمار کرنے والا وہ حاکم جو خلاف شرع باتونکی ممانعت کرے

محتمل ؛ احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔

محتوی ؛ شامل۔ گھیرنے والا۔

محجوب ؛ پوشیدہ۔

محجور ؛ منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔

محدب ؛ کُب کیا گیا۔ جو موافق قبہ کے ہو۔

محدِّث ؛ حدیث بیان کرنے والا۔ راوی۔

محدود ؛ حد کیا گیا۔ انتہا کیا گیا۔

محذوف ؛ حذف کیا گیا۔ گرایا کیا گیا۔

محراب ؛ لغوی معنی ہین۔ اوزار لڑنے کا اصطلاح مین اوس قوس یا کمان کو کہتے ہین جو مسجد مین طرف کعبہ کے بناتے ہین چونکہ وہ ایک آلہ ہے شیطان کی لڑائی کا اسواسطے اسکا نام محراب رکھا ہے۔

مُحدِث ؛ احداث کرنے والا نئی بات نکالنے والا۔

محرر ؛ لکھنے والا۔ تحریر کنندہ

محرق ؛ جلانے والا۔

محرک ؛ تحریک کرنے والا۔ حرکت دینے والا۔

مُحرِم ؛ وہ شخص جو حرم کعبہ مین آوے احرام باندھنے والا۔

محرَم ؛ وہ شخص جسکے ہمراہ نکاح کرنا درست نہو۔ رشتہ دار قریب۔

محرمان ؛ جمع فارسی ہی محرم کی۔

محرم راز ؛ واقف بھید کا۔ بھید جاننے والا۔

محرور ؛ گرم۔ حرارت۔ کیا گیا۔

محروس ؛ نگاہبانی کیا گیا۔ حراست کیا گیا۔

محروم ؛ روکا گیا۔ باز رکھا گیا۔

محرمات ؛ حرام چیزین۔ وہ باتین جنکا توڑنا روا نہو۔

محزونؑ غمگین۔
محسناتؑ نیکیاں جمع ہے محسنہ کی۔
مُحسِنؑ نیکی کرنیوالا۔ احسان کرنیوالا۔
محسنینؑ جمع ہے محسن کی۔
محسوبؑ حساب کیا گیا۔ شمار کردہ شدہ
محسودؑ حسد کیا گیا۔ رشک کردہ شدہ
محسوس وہ شی جو حس میں آتی ہو۔ جو معلوم ہو سکے حس سے۔
محشرؑ جگہ اکٹھا ہونی لوگوں کی روز قیامت کو۔
مُحَصَّلؑ حاصل کردہ شدہ۔
مُحَصِّلؑ حاصل کرنے والا۔
محصودؑ کھیتی کٹے ہوئی۔
محصورؑ حصر کیا گیا۔ گھیرا گیا۔
محصولؑ حاصل کرہ شدہ۔
محضؑ صرف۔ خالص۔
محضرؑ نامہ قاضی کا۔ حاضر ہونیکی وقت حاضر ہونے کا۔ نیک محضر وہ شخص ہوتا ہے جو غائب کرنیکے سے یاد کرے

محظورؑ منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔
محظوظؑ بہرہ مند۔ بخت ور۔ نصیب ور
محفوظؑ حفاظت کیا گیا۔
محفلؑ جگہ جمع ہونے آدمیوں کی۔
محقرؑ ذلیل۔ حقیر۔
مُحَقَّقؑ تحقیق کیا گیا۔
مُحَقِّقؑ تحقیق کرنے والا۔
محکؑ کسوٹی نام ہے ایک سیاہ پتھر کا جسپر سونی یا چاندی کی آزمائش کیجاتی ہے۔
محکمؑ مضبوط۔ مستعد۔
محکمہؑ کچہری۔ جگہ انصاف کرنے کی
محکومؑ حکم کیا گیا۔
محلؑ جگہ۔ مکان۔ منزل مکان بادشاہ یا امیر کا۔
مَحَلَّاتؑ جمع محلہ کی۔
مَحَلَّہؑ جگہ اوترنیکی۔ منزل۔ مقام آدمیوں کا۔ مجازاً کوچہ شہر کا
مُحَلّٰیؑ آراستہ شدہ۔ زیور پہنایا گیا۔

مُحَمَّد ، بسیار ستودہ۔ تعریف کیا گیا۔ نام مبارک حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا۔

مُحَمَّدَت ، ستایش۔ تعریف۔

مُحَمَّدِی ، وہ شخص جو امت محمدؐ سے ہے۔

مَحمِل ، کجاوہ۔ ہودہ اونٹ کا۔

محمول ، لادا ہوا۔ گمان کیا گیا منطق میں خبر جو مقابل مبتدا کی واقع ہوتی ہے۔

مِحَن ، جمع ہے محنت کی۔

مِحنت ، تکلیف۔ دکھ۔ رنج۔

محو ، زائل کرنا۔ پاک کرنا حروف یا نقوش کو کاغذ یا لوح سے چھیل ڈالنا اصطلاح تصوف میں گم اور نابود ہونا۔

مِحوَر ، دُھری جس پر پہیہ گردش کرتا ہی۔

مُحَیَّا ، چہرہ۔ منہ۔

مُحْیِی ، زندہ کرنے والا۔

محیط ، احاطہ کرنے والا۔ گھیرا۔ گول خط دائرہ کا۔

مُخَادَعَت ، مکر۔ فریب۔

مخادعات ، مکرہا۔ و فریب ہا۔

جمع ہے مخادعت کی۔

مخارج ، جمع مخرج کی جگہ خارج ہونے کی۔

مخازن ، جمع مخزن کی خزانے۔

مخاصمت باہم خصومت کرنا جنگ کرنا۔

مخاط ، آب بینی۔ سینک۔

مخاطِب ، سامنے سے بولنے والا خطاب کرنے والا۔

مخاطَب ، خطاب کیا گیا۔ اور جس سے روبرو گفتگو کیجاوے۔

مخاطرہ ، خطرہ اندیشہ۔ وہ بات جو ذہن میں آجاوے۔

مخافت ، خوف۔ ڈر۔ ڈرنا۔ خوف کرنا۔

مخافات ، جمع ہے مخافت کی۔

مُخَالَطَت ملجانا۔ باہمی درآمیختن دوستی۔

مُخَالِف ، وہ شخص جو خلاف پر ہو دشمن

مخالفت دشمنی - خلاف کرنا -
مخاوف جایہاے خوف خوف کے جگہ جمع ہے مخوف کی
مخبر خبر دینے والا - مجازاً چہرہ انسان کا -
مخبط درہم آمیختہ - ملا جلا - فاسد - تباہ -
مختار اختیار کیا گیا -
مخترع اختراع کیا گیا -
مخترع نئی بات نکالنے والا -
مختص خاص کیا گیا -
مختصر جو طویل نہو - جو دراز نہو -
مختلف جو یکسان نہو -
مختوم مہر لگایا ہوا - مقفل اور بند کیا ہوا
مختون ختنہ کیا گیا -
مخدر سن کرنیوالی چیز بے حس کر دینے والی چیز
مخدرہ پردہ نشین عورت - پردہ نشین -
مخدوم خدمت کیا گیا -
مخذول ذلیل خوار - ذلیل کیا گیا -

مخرج جگہ نکلنے کی -
مخروط خراط کیا گیا - تراشا گیا - چھیلا گیا -
مخزن خزانہ کی جگہ - جاے جمع کرنے کی -
مخصوص خاص کیا گیا -
مخطط لکیرون والا وہ شئے جسپر لکیرین پڑی ہوئی ہون -
مخطور اندیشہ جو دلمین خیال گذرے ہلاکت کے قریب -
مخفف ہلکا کیا گیا -
مخفی پوشیدہ -
مخل خلل ڈالنے والا - خلل انداز -
مخلص اخلاص کرنے والا -
مخلوط گڈمڈ - ملا جلا - آمیختہ شدہ -
مخلوقات جمع ہی مخلوق کے دنیا اور جو چیز دنیا مین ہے

مخلوق ؑ پیدا کیا ہوا۔
مخلی ؑ خالی کیا گیا۔ رہا کیا گیا۔ چھوڑا گیا
مخمس ؑ پانچ گوشہ۔ پانچ کونیا۔ جسکے پانچ مصرعہ ہوں یا پانچ ضلع ہوں یا پانچ چیزیں جو کسی شئے میں شامل ہوں۔
مخمل ؑ نام ایک قسم کے نرم کپڑے کا مشہور ہے۔
مخمور ؑ متوالا۔ شراب۔ نوشیدہ۔
مخنث ؑ ہیجڑا۔ جسکو نامرد بنا دیا ہو خصئے بنایا ہوا۔
مخوف ؑ ڈرا ہوا۔ خوفناک۔
مخوف ؑ خوف دینے والا۔ ڈرانی والا۔
مخیر ؑ نیکی کرنے والا۔
مخیل ؑ خیال کیا گیا۔
مخیم ؑ جگہ خیمہ لگانیکی۔ جگہ خیمہ کھڑے کرنے کی۔
مد ؑ کشش کھینچنا۔ جوار۔ جودریا میں آتا ہے۔ خط دراز۔ افزونی درازی۔ نظر کرنا کسی چیز پر۔

مداح ؑ تعریف کرنے والا مدح کرنے والا۔
مداخل ؑ دخل دینے والا۔ کسی کام میں داخل ہونے والا۔
مداخلت ؑ دخل دینا۔
مداد ؑ سیاہی۔
مدار ؑ جائے دورہ کرنے ستارہ کی جسپر کوئی بات ٹھری ہو مجازاً۔
مدارا صلح آوری آشتی کرنا۔ اصل کی مدارات ہی۔ خاطر تواضع کرنا۔
مدارات ؑ رعایت کرنا۔ صلح اور آشتی کرنا۔
مدارات ؑ ستاروں کی حرکت کے دائرے جمع مدار کی۔
مدارج ؑ جمع ہے مدرج کی۔
مدارس ؑ جمع ہی مدرسہ کی۔
مدارست باہم درس کرنا۔ باہم پڑھنا۔ اور پڑھانا۔
مدارالمہام ؑ وہ شخص

جس سے سب کار و بار سلطنت کی متعلق ہون۔ وزیر یا فوج کا حاکم۔

مدافع ، دفع کرنے والا۔

مدافعت ، ایکدوسرے کو دفع کرنا۔ دور کرنا۔

مُدام ، ہمیشہ رکھا گیا۔ شراب ہمیشہ۔

مداومت ، ہمیشگی کرنا ہمیشگی۔

مداوات ، دوا کرنا۔ علاج کرنا۔ درمان کرنا۔

مداوا ، مخفف ہی مداوات کا۔ دارو درمن کرنا۔

مداہن ، سستی کرنے والا۔

مدایح ، جمع ہی مدیح کے تعریفین۔

مدائن ، جمع ہی مدینہ کی۔ شہرہا۔

مُدبِّر ، تدبیر کرنیوالا۔ صاحب تدبیر

مدبر ، پشت دیا گیا۔ یعنی وہ شخص جسکو اوسکے نصیب نے پشت دی ہو۔

برگشتہ بخت۔

مُدّت ، عرصہ۔ دیر۔

مدح ، ستائش۔ تعریف۔

مدخل ، جای داخل ہونیکے۔

مدخول ، داخل کیا گیا۔

مدخولہ ، وہ عورت جس سے صحبت کیگئی ہو۔ زن جمع کردہ شدہ۔

مدد ، کمک۔

مددگار ، مدد کرنے والا۔

مدوجزر ، جوار بھاٹا۔ جو سمندر مین ہوتا ہے۔

مدر ، ڈھیلا مٹی کا۔

مدرّس ، پڑھانے والا۔ درس دینے والا۔

مدرسہ ، جگہ درس دینی کی۔

مُدرک ، سمجھا گیا۔ دریافت کیا گیا۔

مدرکہ ، وہ قوت جس سے انسان اشیا کی حقیقت دریافت کرسکے عقل ذہن۔

مدعیٰ علیہ جسپر دعویٰ کیا گیا ہو۔
مدعی ، دعویٰ کرنے والا۔
مدغم ، دو حرف ایک جنس سے ایک دوسرے میں ادغام کیا ہو۔
مدیون ، قرضدار۔
مدفون ، دفن کیا ہوا۔ گاڑا ہوا۔
مُدَلّل ، جسپر دلیل قائم کی گئی ہو بدلیل ثابت شدہ۔
مدلول ، معنی۔ تبلایا ہوا۔
مدمن ، ہمیشہ کرنیوالا کسے کام کا۔
مدوّر ، گول۔
مُدُن ، جمع ہی مدینہ کی شہرہا بہت سے شہر۔
مدہوش ، متحیر۔ گشتہ۔ حیران۔ مجازاً مست۔ بیہوش
مدید ، دراز۔ لمبا۔
مُدیرہ ، گول۔ حرکت دینے والا۔
مدینہ ، شہر۔

مذاب ، گداختہ شدہ۔ گلا ہوا پگلا ہوا۔
مذاق ، چکھنا۔ چکھنے کی جگہ محل ذائقہ۔
مذاکرہ ، باہم ذکر کرنا۔
مذاہب ، جمع مذہب کی۔
مذبح ، جگہ ذبح کرنے کی۔
مُذَبذَب ، دہکر پکڑ کرنے والا جسکا ارادہ مصمم نہ ہو۔
مذبوح ، ذبح کیا ہوا۔ جانور جسکو ذبح کر دیا ہو۔
مذکر ، مرد۔ نر۔
مذکور ، ذکر کیا گیا۔ ذکر کردہ شدہ۔
مذلت ، خوار ہونا۔ رسوا ہونا۔ رسوائی۔
مذمت ، ہجو۔ برائی۔ بدی۔
مذموم ، بد۔ برا۔ زشت۔
مذنب ، گنہگار۔
مذہب ، راہ۔ رستہ۔ دین۔

مُر ؏ تلخ۔

مَر ؏ خاص۔

مرابطات جمع ہے مرابط کی وہ چیزین جو باہم رابطہ پیدا کرین۔

مُرأت ؏ عورت زن۔

مِرآت ؏ آئینہ مونہہ دیکھنے کا شیشہ۔

مَراتب ؏ جمع ہی مرتبہ کے درجے رتبے۔

مراجعت ؏ لوٹنا۔ رجوع کرنا۔ اولٹا پھرنا۔

مَراحل ؏ منازل۔ منزلین۔ جمع ہی مَرحلہ کی۔

مَراحم ؏ جمع ہی مرحمت کی مہربانیان۔

مراد ؏ ارادہ کیا گیا۔ مطلب۔ مقصد۔

مرادفت ؏ باہم ردیف ہونا ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔ مرادف بنا۔ ایک معنے ہونا۔

مَرارَہ ؏ تلخی۔ کڑواپن۔

مُراسِل ؏ اوس عورت کو کہتے ہین جسکے دو نوپنڈلیون پر بال بہت اور دراز ہون۔ اور وہ عورت جو بیاہ کی خواہش کرنے والون مردون سے خط و کتابت یا پیغام جاری رکھے یا وہ عورت جسکو اوس کی خاوند سے جدائی ہوگئی ہو یا کلان سال عورت۔

مراسلات ؏ جمع ہی مراسلہ کی۔

مُراسلت ؏ باہم نامہ و پیغام کرنا۔

مَراسِم ؏ رسمین۔ رسومات جمع ہی رسم کی نشانہا۔

مُراضعت ؏ دودھ پلانا بچہ کو دایہ کا۔

مُراعات ؏ رعایت ۱ باہم ملکر جانورون کا چرنا۔ نگاہ رکھنا۔ کن آنکھیون دیکھنا۔ مجازاً اسلوک اور رعایت۔

مُرافعت، حاکم کے سامنے اپنا دعوی پیش کرنا۔

مُراقبت، امید رکھنا۔ نگہبانی۔ حفاظت۔

مَرام، مطلب۔ مقصد۔

مراہم، جمع ہے مرہم کی۔

مربی، تربیت کیا گیا۔ پرورده شده اور میوه کی قسم قند یا شکر مین ملا ہوا۔

مُربّع، چوگوشہ۔ اور وہ سطح جس کے چارون ضلع برابر ہون اور چارون زاویہ قائمی ہون۔

مربوط، بندھا ہوا۔ ربط کیا گیا لگایا گیا۔

مُربّی، پرورش کرنے والا۔ تربیت کرنے والا۔

مَرّة، ایکدفعہ۔

مرتاض، ریاضت کرنے والا۔ اصطلاح تصوف مین تابعدار کرنے والا نفس سرکش کا اور رنج اوٹھانے والا علم و ہنر یا عبادت مین۔

مرتب، ترتیب کیا گیا۔ انتظام کیا گیا۔

مُرتَبِط، ارتباط کیا گیا۔ لگایا گیا۔

مرتبہ، درجہ۔ رتبہ

مُرتد، کافر وہ شخص جو مذہب اسلام سے پھر گیا ہوا۔

مرتفع، اوٹھایا گیا۔ رفع کیا گیا دور کیا گیا۔

مرتفی، بلند کیا گیا۔

مرتکب، اختیار کرنے والا۔ ایک بات کا پسند کرنے والا۔

مرتھن، رہن لینے والا۔ گرو رکھنے والا زیور یا کسی چیز کا۔

مرثیہ، اوصاف مردہ کے اسطرح بیان کرنے کہ سننے والون کو رحم آوی۔

مرجان، مونگا۔ مشہور ہے۔ جسکو دریا مین کیڑے بناتے ہین۔

مرجع، جای رجوع۔

مُرجح ع غلبہ دینے والا۔ ترجیح دینے والا۔

مرجو ع امید کیا گیا۔

مرجوع ع رجوع کیا گیا۔ لوٹایا گیا۔

مَرحَبا ع شاباش۔ یہ لفظ عرب مین واسطے تعظیم مہمان کہتے ہین۔

مَرحَلہ ع منزل کی جگہ۔ کوچ کی جگہ۔ منزل۔ جای رخت اور اسباب کی۔

مَرحَمت ع مہربانی۔ رحم۔

مَرحوم ع رحمت کردہ شدہ۔ مجازاً جو مرگیا ہو۔

مُرخّص ع رخصت کرنے والا۔

مُرخَّص ع رخصت کردہ شدہ۔

مرد ف شخص۔ آدمی۔ نر۔

مُرد ع جمع ہی امرد کی یعنے وہ لوگ جنکی ابھی ڈارہی نہ نکلے ہو۔

مُرداد ف پانچوان مہینا شمسی یعنی جولائی کا مہینا۔

مُردار ف مردہ کی لوتھ۔ ناپاک۔

مردان ف جمع ہی مرد کی۔

مردانگی ف مردپن۔ مردانیت۔

مردک ف چھوٹا مرد۔ یہ حقارت کا لفظ بطور گالی کے بولتے ہین۔

مُردگان ف مردے۔ مری ہوے لوگ۔

مردم ف آدمی۔ پتلی۔

مردم آزار تکلیف دینے والا آدمیون کا۔

مردمان ف جمع ہی مردم کی۔

مردمک چشم آنکھ کی پتلی۔

مردمی ف مردانگی۔

مردن ف مرنا۔

مردود ع رد کیا گیا۔ نکالا گیا۔ کسی جگہ سے۔ بیغیرت۔

مردہ ف مرا ہوا۔ موا ہوا۔

مردی ف مردانیت۔

مَرز ف زمین۔

مِرز ف اسکی اصل ہی میرزا یعنی سردارزادہ

مرزبان

مرزبان ف حاکم۔ میر سرحد۔ صاحب طرف۔ مالک زمین۔ زمیندار۔ نگہبان۔ سردار۔ بزرگ۔ آتش پرستون کا۔ عالم آتش پرست جمع اسکے مرازبہ آتی ہے۔

مرزبوم ف جای پیدایش۔ جنم۔ بھون

مرزغان ف دوزخ۔ گورستان قبرستان۔

مُرسِل ع بھیجنے والا۔

مُرسَل ع رسول۔ نبی۔ پیغمبر

مرسلین ع بہت۔ رسول۔ پیغمبر

مُرشد ع ہدایت کرنے والا۔ راہ نیک تبلانے والا۔

مرصع ع جڑاؤ کیا گیا۔ جڑا گیا۔

مرصوص ع رانگ ڈھالکر ریخون مین ڈالکر مستحکم کی ہوئی شئی۔ استوار کیا ہوا۔

مرض ع بیماری۔

مَرضیٰ ع جمع ہی مریض کی۔ بیمار لوگ۔

مَرضِی ع پسندیدہ۔ پسند کیا ہوا

مرطوب ع تر۔ بھیگا ہوا۔ رطوبت دار

مرعیٰ ع چراگاہ۔ جای چرنی جانورون کی

مرعوب ع رعب کیا گیا۔ خوف کیا گیا۔

مرعی ع رعایت کیا گیا۔ لحاظ کیا گیا۔

مَرغ ف ایک قسم کی گھاس ہے جسکو جانور بڑی خوشی سے چرتے ہین ہندی مین اوسکو دوب کہتے ہین۔

مرغ ف پرند اوڑنیوالا۔ جانور۔

مرغاب ف نام ایک ندی خراسان کا ہے جو شہر مروشاہجہان کے نیچے بہتی ہے۔

مرغابی ف مشہور پرند ہے جو دریا مین تیرتا رہتا ہے۔

مرغزار ف سبزہ زار اور وہ زمین جہان پر مرغ نبت اوگا ہوا ہو۔ یعنی دوب بہت ہو۔

مرغوب ع رغبت کیا گیا۔

مرغول ف پیچتاب زلفون کو جو موڑتے ہین اوسکے صفت مین یہ لفظ آتا ہی یعنے پیچیدار اور گھونگریالی بال۔

اور عیش و نشاط کے معنے مین آتا ہے -

مِرفق ، کہنی - آرنج -

مرفوع ، اوٹھایا گیا - مرافعہ - نالش حاکم کے سامنے پیش کی ہوئی -

مُرفّہ ، آسودہ - خوش معاش -

مرقد ، خوابگاہ - قبر مجازاً -

مُرقّع ، کتاب تصویرون کی - گدڑی فقیرون کی جسمین رقعہ رقعہ یعنی پیوند جڑے ہوئے ہون -

مرقوم ، لکھا ہوا -

مرگ ، موت -

مرکب ، ترکیب دیا گیا - جو کئی چیز سے ملکر بنا ہو -

مرکز ، وہ نقطہ بیچون بیچ دائرہ کا جس سے جتنے خطوط مستقیم محیط تک نکالین سب برابر ہون -

مَرکوز ، گرا ہوا - محکم کیا ہوا یہ لفظ مشتق ہے رکز سے اوسکے معنے ہین ہین مین نیزہ گاڑنا - مجازاً - منظور -

مَرمّت ، کسی چیز کا خلل درست کرنا - صلاح دینا - ٹوٹی پھوٹی بگڑی کو سنوارنا -

مَرمَر ، نام ایک قسم کے پتھر کا ہی سفید ہوتا ہی - اوسکو سنگ مرمر کہتے ہین -

مروارید ، موتی -

مروت ، مردانگی -

مُروّج ، رائج کیا گیا - ترویج دیا گیا -

مِروحہ ، بادکش - پنکھا - ہوا کرنیکا -

مُرور ، گزرنا - چلا جانا -

مرہم ، وہ دوا جو زخم کے چنگا ہونے کو لگاتے ہین -

مرہون ، رہن کیا گیا -

مُری ، مینی نلی - استخوان نرم -

مریخ ، منگل ستارہ -

مُرید ، ارادہ کرنے والا - شاگرد دینی -

مَرید ، سرکش - غیر مطیع - راندہ ملعون -

مریض ، بیمار - روگی -

مِزاج ع خاصیت۔ خو۔ عادت سبھاؤ۔ وہ کیفیت جو اربعہ عناصر کے ملنے سے پیدا ہو۔

مُزاحِم ع روکنے والا۔ سدّ کا روکنے والا۔

مزاحمت ع مدمہ کے برعکس تنگی کرنا کسی پر۔

مزاح ع خوش طبعی کرنا۔ اور ہنسی کرنا۔ خوش طبعی۔

مزاد ع توشہ دان وہ چیز جسمین زادِراہ رکھین۔

مزار ع جگہ زیارت کرنے کی۔

مزارع ع کھیتی کرنیوالا۔ کسان۔

مزامیر ع راگ۔ گیت۔ دعا جو راگ مین گیاتی ہے۔ وجہ اسکا مزمور ہے مزامیر داؤد کتاب زبور حضرت داؤد کی۔ مجازاً اسباب ساز مطربون کے

مزاولت ع ہمیشگی کسی کام پہ کرنا۔ کوشش کرنا کسی چیز پر۔

مزبلہ ع کوڑی۔ وغلاظت جمع ہونی کی جگہ۔

مزبور ع لکھا ہوا۔

مزج ع ملانا۔ ملنا۔

مزجات ع تھوڑا۔ اندک۔ بے اعتبار۔

مزخرف ع جھوٹی بات جو مانند سچے بات کے آراستہ کی ہوئی ہو۔ زراندودہ۔

مزد ف مزدوری۔ اجرت خواہ دنیا کی ہو خواہ دین کی۔

مزدور ف اُجرت کرنے والا۔ مزدوری کرنے والا۔

مزدوری ف اُجرت۔

مژدہ ف خوشخبری۔

مزرع ع کھیتی۔ کھیت

مزعفر ع زعفران۔ زردرنگ اور ایک قسم شیرین پلاؤ کی ہے جسمین زعفران پڑی ہوئی ہو۔

مزکی ع پاک کرنیوالا۔ زکوٰۃ دینے والا۔

مژگان ف پلکیں آنکھوں کی۔
مزلت ع لغزش کرنا۔ جگہ پھسلنے کی۔
مزلات ع جمع ہی مزلت کی۔ جگہ پھسلنے کی۔
مزلقہ ع لغزش دہندہ۔
مزمار ع نی۔ باجہ۔ بجانے کا۔
مزوِر ع جھوٹا۔
مزہ ف چسکا۔ لذت۔
مزیت ع افزونی۔ زیادتی۔ فضیلت اسکے جمع مزایا آتی ہے۔
مزید ع زیادتی۔ افزونی۔ افزون کردہ شدہ۔ زیادہ کیا گیا۔
مزین ع زینت دیا گیا۔
مَس ع چھونا۔ ہاتھ ملنا۔ جماع کرنا۔
مِس ف تانبا۔
مسا ع شام۔ وقت شام کا۔
مسابقت باہم سبقت لیجانا۔
مساجد جمع ہے مسجد کی۔
مساح ع پیمائش کرنے والا۔

مساحت ع پیمائش۔ اور پیمائش کرنا۔
مسارعت ع باہم سرعت کرنا۔ جلدی کرنا۔
مسارقت ع باہم سرقت کرنا۔ چوری کرنا۔
مساس ع ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ جماع کرنا۔
مساعد ع مددگار۔ یاری دہندہ۔
مساعدت ع یاری کرنا۔ مدد کرنا۔
مسافات ع جمع مسافت کی۔ دوریاں بیابانوں کی۔
مسافت ع دوری بیابان کی۔ فاصلہ منازل کا۔
مسافر ع سفر کرنے والا۔
مسافرت ع سفر کرنا۔
مساکن ع جمع ہی مسکن کی۔ مکانات۔
مساکین ع جمع ہے مسکین کی۔ غریب

محتاج، مفلس۔
مسالک جمع ہی مسلک کی
راہیں۔ رستے۔
مسالہ، درخواست۔ سوال۔ پوچھنا۔
مسامات بدن کے سوراخ چھوٹے چھوٹے
جن سی پسینہ نکلا کرتا ہے۔
مسامحت چشم پوشی کرنا۔ جوانمردی
کرنا۔ کسیکا عیب ظاہر نکرنا۔
مسامع، جمع ہی مسمع کی کان۔
مساوات برابری۔ یکسانی۔
مساوی برابر۔
مساہلت سہل انگاری۔ کرنا۔
تساہل کرنا۔ سستی کرنا۔
مساہم، شریک حصہ دار۔
مساہمت شرکت۔ ساجھا۔
مسائل، جمع ہے مسلہ کی پوچھے ہوئی
باتیں۔
مَست ن متوالا۔
مُست ن غم۔ اندوہ۔ رنج۔

مستاجر، ٹھیکہ دار۔ اجارہ سے لینے والا۔
مُستاصِل جڑسے اوکھیڑنیوالا۔
برباد کرنے والا۔
مُستاصَل برباد۔ تباہ۔
جڑسے اوکھڑا ہوا۔
مستانہ ف مست کے مانند
متوالی کے موافق۔
مستبشر، خوشخبری چاہنے والا۔
خوش ہونے والا۔
مستبصر، طلب بینائی کی کرنے والا۔
بینا دل ہونے والا۔
مستبعد، بعید جاننے والا۔
دوری خواہندہ۔ دورشمرندہ۔
مُستبعَد، دوری۔ جستہ شدہ۔
دورگنا گیا۔ بعید۔ دشوار۔
مستتر، پوشیدہ۔ پردہ کیا گیا۔
مستثنیٰ استثنا کیا گیا۔
الگ کیا گیا۔
مستجاب قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔

مستجیب دعا قبول کرنیوالا - قبول کرنی والا
مستجر کھینچا گیا - دور لیجایا گیا -
مستحسن نیک گنا گیا -
پسند کیا گیا -
مستحق حقدار - جسکا حق
اس بات کا ہو -
مستحکم مضبوط - استوار -
مستخرج ایک مطلب نکلا ہوا -
باہر نکالا ہوا -
مستخلص چھڑایا گیا -
خلاص کیا گیا -
مستدعی خواہشمند - چاہنی والا -
کسی بات کا - درخواست کنندہ -
مستدل دلیل مانگنے والا -
طلب دلیل کی کرنے والا -
مستدیر گول - مدور -
مسترد روکیا گیا -
مستراح جای آسایش جاے
راحت اور مجازا پیخانہ کی جگہ
جای ضرور -
مسترشد طلب ہدایت کی کرنیوالا -
سیدھی راہ کا خواہان - مرید -
مستسعد طلب نیکی کی کرنے والا -
سعادت جوئندہ - یاری خواہندہ -
مستسقی طلب سیرابی کی کرنے والا -
پیاسا - استسقا کی بیماری والا -
مستشعر شعار پہنے ہوئے
خوف دل مین رکھنے والا - وہ بچہ جو
اپنی ما ن کے شکم ہی مین بالدار ہو گیا ہو
طلب شعور کی کرنے والا -
مستطاب خوش - بامزہ -
مستظہر طلب ظہور کی کرنیوالا -
طلب پشت پناہ کی کرنے والا -
مستعار مانگا ہوا -
مستعان مدد طلب کیا گیا -
مستعجل شتابی چاہنے والا -
مستعد مہیا - طیار -
مستعذب شیرین - شیرین کیا گیا -

لستقبل

مستعمل ع عمل میں لایا ہوا۔ کام میں لایا ہوا۔
مستغرق ع ڈوبا ہوا۔ غرق شدہ
مستغفر ع طلب بخشش گناہوں کی کرنے والا۔
مستغنی ع بی پرواہ۔ دولتمند
مستغیث ع فریادی۔ جو شخص دادخواہ۔
مستفاد ع حاصل فائدہ گرفتہ شدہ جو بطور فائدہ کے حاصل ہو گیا ہو۔
مُستفید ع طلب فائدہ کے کرنے والا۔
مستفیض ع طلب فیض کی کرنیوالا۔
مستقبح ع زبون۔ بد معلوم کیا گیا۔ بد
مستقبل ع سامنے آنی والا زمانہ آئیندہ۔
مستقر ع جای قرار۔ جگہ ٹھہرنیکے۔
مستکبر ع گردن کش۔ مغرور۔ متکبر۔
مستقل ع مضبوط۔ مستحکم۔ کسی کام پر تنہا جو قائم ہو۔

مستلزم ع طلب بخشش کی کرنے والا۔
مستکرہ ع مکروہ جاننے والا۔ بُرا جاننے والا۔
مستلذات ع لذتها۔ مرغوب چیزیں جنسے لذت حاصل ہو۔
مستلزم ع لازم پکڑنے والا۔
مستمال ع مائل۔ رجوع کیا گیا۔
مستمر ع استوار۔ روان۔ پیوستہ دائم۔
مستمسک ع چنگل مارنے والا۔ تمسک کرنے والا۔
مستملح ع نمکین۔
مستمند ف غمگین۔ مجازاً۔ حاجتمند یہ لفظ مرکب ہے مُست بمعنے غم اور مند بمعنے صاحب ہے۔
مستنبط ع بیرون آوردہ شدہ باہر نکالا گیا۔
مستوجب ع واجب کرنے والا۔

مستوحش وحشت ڈھونڈنے والا۔
مستور ع چھپا ہوا۔
مستورہ ع پوشیدہ شدہ۔
مستورقد ع بھڑکانے والا آگ کا۔
مستوفی ع پورا لینے والا۔
مستوفا ع تمام لیا ہوا۔ پورا کیا گیا۔
مستولی ع غالب۔ زور آور۔
مستوہب ع طلب ہبہ کی کرنی والا۔ بخشش چاہنے والا۔
مستوی ع برابر۔ ہموار۔
مستہام ع گشتہ۔ حیران۔
مستہان ع ذلیل۔ خوار۔ لوگوں کی نظر میں سبک۔
مستہزی ع ٹھٹھہ کرنے والا۔ ہنسی ٹھٹھہ کرنیوالا۔
مستہل ع نیا چاند دیکھنے والا۔ مینہ زور شور سے برسنے والا۔
مستہلک ع تباہ ہونے والا۔ ہلاک ہونے والا۔

مستی ن نشہ۔ جوش شہوت کا۔
مستیقظ ع بیدار۔ نگاہبانی کرنے والا۔
مسجد ع جای سجدہ۔ سر جھکانے کی جگہ۔
مسجع ع مقفی۔ قافیہ بندی کیا ہوا۔
مسجل ع نامہ مہر کیا ہوا۔ قاضی کا۔
مسجون ع قیدی۔
مسح ع ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ جماع کرنا۔
مسحوق ع گھسا ہوا۔ رگڑا ہوا۔ پسا ہوا
مسخ ع ایک صورت سے دوسری صورت پر بدلنا۔ مگر دوسری بدصورت ہو اول سے۔
مسخر ع تابع کیا گیا۔ تسخیر کیا گیا
مسخرگی ن ٹھٹھہ بازی۔ مسخریہ۔
مسخرہ ع وہ شخص جس پر ٹھٹھہ کیا جاوے۔
مسخنات گرم کرنے والیان۔ وہ اشیاء جن سے گرمی حاصل ہو۔
مسخوط ع غصہ کیا گیا خفا کیا گیا۔

مَسْدُوْد۔ بند کیا گیا۔
مَسَرّات، خوشیاں۔ سرور ہا۔
مَسَرّت، خوشی۔
مُسَرَّج، وہ گھوڑا جس پر کاٹھی ڈالی ہوئی ہو۔
مُسْرِع، شتابی کرنے والا۔
مُسْرِف، بیہودہ خرچ کرنے والا۔
مَسْرُور، خوش کیا گیا۔
مَسْرُوق، چرایا گیا۔ چوری کیا گیا۔
مُسَطَّح، پھیلا ہوا۔ بچھا ہوا۔ سطح کیا گیا چھت دار۔
مَسْطُور، لکھا گیا۔ سطر بندی کیا گیا۔
مَسْعُود، سعادت کیا گیا۔ نیکبخت۔
مِسْگَر، ٹھٹھیرا۔ تانبے کے برتن بنانے والا۔
مُسْکِر، نشہ پیدا کرنے والی چیز مستی لانے والی۔
مُسْکِرات، وہ چیزیں جیسے نشہ اور مستی پیدا ہو جیسے شراب بھنگ وغیرہ۔
مَسْکَن، جگہ رہنے کی۔ گھر۔

مَسْکَہ، جھاگ گھی کا۔ مکھن۔
مِسْکِین، غریب۔ فقیر۔ ناتوان۔
مَسْئَلَہ، سوال کوئی بات پوچھی ہوئی۔
مُسَلَّح، ہتھیار بند۔
مُسَلْسَل، سلسلہ بندی کیا گیا۔ زنجیرہ بندہ۔
مُسَلِّط، مقرر کرنے والا۔ کسے آدمی کا دوسری پر تسلط کرنیوالا غالب۔ زور آور۔
مَسْلَک، راہ۔ رستہ۔
مُسَلَّم، تسلیم کیا گیا۔ مانا گیا۔
مُسَلِّم، ماننے والا۔ تسلیم کرنے والا۔
مُسْلِم، مسلمان۔
مُسَلْمان، جو شخص مذہب اسلام میں ہو۔
مُسْلِمِین، جمع ہی مُسْلِم کی۔
مَسْلُوک، جاری کیا گیا۔ آمدورفت کیا گیا۔ راہ سلوک کیا گیا۔
مَسْلُول، برہنہ۔ تلوار۔ برہنہ

مسمّٰی، نام کیا گیا۔
مِسمار، میخ۔ کھونٹی۔ کیل۔
مَسمُوع، سنا گیا۔
مَسمُوم، زہر دیا گیا۔
مسند، تکیہ گاہ۔ تکیہ
مسند آرا، گدی نشین۔
مِسواک، دتون۔ وہ لکڑی جس سے دانت صاف کرتے ہین۔
مسودہ، لکھا ہوا۔ نوشتہ۔
مُسہِل، دست آور۔ جلاب۔
مَسیح، مسح کیا گیا۔ ملا گیا۔ چونکہ فرشتون نے اونکے سر پر تیل ملا تھا اسواسطے اونکو مسیح کہتے ہین۔
مَسِیر، جانا۔ سیر کرنا۔ جگہ سیر کی جای رفتار۔
مشابہ، مانند۔ مثل۔ نظیر
مشاتمت، باہم ایکدوسری کو گالیان دینا۔
مشار، اشارہ کیا گیا۔

مشارالیہ، جسکی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔
مشارب، جمع ہی مشرب کی پانی پینے کی بہت سے جگہ۔
مشاربت، باہم ملکر پینا۔
مشارع، جمع ہی مشروع کی راہہا۔ رستے۔
مشارک، شریک ہونے والا۔
مشاطہ، کنگھی کرنے والی عورت جسکا پیشہ کنگھی کرنے کا ہوتا ہے۔
مشاع، جسکی تقسیم نہوئی ہو۔ مشترک فاش کیا گیا۔ اکثر استعمال اوسکا زمین پر آتا ہے۔
مشاعر، جمع ہی مشعر کی۔
مشاعرہ، باہم جمع ہو کر شعر خوانی کرنا۔
مشاعل، جمع ہی مشعل کی۔
مشاغل، جمع ہی مشغل کی۔ کامہا۔ شغلہا۔
مشافہہ، روبرو سخن کہنا۔ بات کہنی۔

مُشاکل ع ہمشکل ہونے والا۔ اورنام ایک بحر کا ہی عروض سے۔
مُشَاکلت ع ہمشکل ہونا۔ مانند ہونا۔
مشام ع محل قوت شامہ کا۔ دماغ۔
مشاورت ع مشورت کرنا۔ آپسمین ملکر مشورت کرنا۔
مشاہد ع دیکھنے والا۔
مشاہدہ ع دیکھنا۔ اورکسیکی ہمراہ کہین حاضر ہونا۔
مشاہرہ ع ماہیانہ۔ ماہ بماہ دینا تنخواہ۔
مشاہیر ع جمع ہی مشہور کی۔ بزرگان وناموران۔
مشائین ع جمع ہی مشائی کی یعنے وہ گروہ حکمار کا جو حقائق اشیا کا ادراک بدون دلیل کے نہین کرسکتے مشی سکے معنے چلنے کے ہین مراد اس جگہ دلیل چلانا۔ غیاث اللغات۔
مشایخ ع جمع شیخ کی عالمان

صوفیان۔ عالم دین۔
مشَایعت ع پیروی کرنا۔ تھوڑی دور کسیکو رخصت کرنیکے واسطے جانا۔
مشبک ع جالیدار۔ وہ شی جسمین سوراخ سوراخ ہون۔
مشت ف مکا۔ مٹھی۔
مشتت ع پراگندہ۔ پریشان۔
مشتاق ع جسکو اشتیاق ہو۔
مشتبہ ع مشکوک۔ جسمین شبہ ہو۔
مشترک ع شریک دومین۔ اوروہ لفظ جو دو معنے کے واسطے بنایا گیا ہو یعنے ہرایک کے واسطے علحدہ علحدہ موضوع ہو۔
مشتری ع خریدار۔ مول لینے والا۔ کسی چیز کا۔ اورنام ایک ستارہ کا ہی
مشتعل ع سوزان۔ شعلہ مارنیوالا۔ بھڑکنے والا۔
مشتغل ع مشغول ہونے والا۔
مشتق ع ایک لفظ ہی جو کسی دوسرے

لفظ سے بنایا گیا ہو۔

مشتمل أ شامل ہونی والا۔ محیط ہونے والا۔

مشتہر أ شہرت دیا گیا۔

مشتہے أ مرغوب۔ خواہش کیا گیا۔

مشتہی أ خواہش کنندہ۔ رغبت کرنے والا۔

مشتہیات أ اشیای مرغوب۔ اور اشتہا داشتہ شدہ۔

مُشجّر أ وہ کپڑا جس پر صورت درختوں کی بنی ہوئی ہو۔

مشحون أ بھرا ہوا۔ پُر۔

مشخص أ تشخیص کیا گیا۔ چلوتا کیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔

مشدد أ باندھا گیا۔ تشدید پڑا گیا۔

مُشرب أ جای پانی پینے کی۔ چشمہ۔ مجازاً۔ مذہب۔ دین۔ پنتہ۔

طور۔ طریق۔

مشرط أ نشتر۔

مشرع أ راہ۔ رستہ۔

مشرف أ بلند۔ بلند ہونے والا

خبردار۔ صدر محتزر۔ میر محتور۔

قریب ہونا کسی امر کے خاصہ ہونیکا خواہ بد۔ خواہ نیک۔

مَشرِق أ جای طلوع ہونے سورج کی۔ پورب۔

مشرک أ شریک کرنے والا۔ وہ شخص جو ایک خدا کا قائل نہو بلکہ کسی اور کو بھی خدا کے ساتھ شریک کرے۔

مشروب أ پیا گیا۔

مشروح أ شرح کیا گیا۔ کھول کر بیان کیا گیا۔

مشروط أ شرط کیا گیا۔

مشروع أ جائز۔ جو موافق شرع شریف کے ہو۔

مشط أ کنگھا۔ کنگھی۔ شانہ

مشعر ع خبر دہندہ۔
مشعر ع وہ جگہ جہان پر درمیان حج کے قربانی کرتے ہین مکہ مین۔ اور سر کی بال منڈوانی کی جگہ حاجیون کی جای عبادت۔
مشعل ع شمع۔
مشعلچی ت مشعل والا۔ شمع رکھنے والا۔
مشعوف ع شیفتہ۔ عاشق۔ محب۔
مشغلہ ع کام۔ شغل۔
مشغول ع کام مین لگا ہوا۔
مشغوف ع جسکے دل کے پردہ مین کچھ پونہچگیا ہو۔
مشفق ع ڈرنیوالا۔ مہربانی کرنیوالا۔
مشق ع روز روز کرنا۔ کسی کام کو ہر روز کرنا۔
مشقت ع محنت۔ تکلیف۔
مشک ف کستوری۔ مشہور خوشبو ہی۔
مشکبوت ف مُشک کی خوشبو۔
مشکل ع کٹھن۔ دشوار۔
مشکوات ع صحیح طور اسکے لکھنے کا یہ ہے مشکوٰۃ۔ چراغدان اور وہ طاق جسمین چراغ جلایا جاوے۔
مشکور ع پسندیدہ۔ ستودہ۔
مشکوک ع شک کیا گیا۔
مشکوی ف بتخانہ۔ مجازاً حرم سرای امرا یا ملوک کا۔
مشلول ع جسکے ہاتھ پیر بیحس ہوگئی ہون۔
مشمش ع زرد آلو جسکو خوبانی بہی کہتے ہین ایک میوہ شیرین مشہور ہے۔
مشمول ع سب طرف سی احاطہ کیا گیا۔ گھیرا گیا۔ شامل کیا گیا۔
مشموم ع سونگھی ہوئی شے معطر شے۔
مشمومات ع عطریات خوشبو کی چیزین جمع ہی مشمومۃ کی۔
مشوش ع پریشان کرنے والا۔

اور مشوش پریشان کیا گیا۔

مشوقؑ عاشق۔ شوق دیا گیا۔

مشوبؑ آمیختہ شدہ۔ ملا ہوا۔ مخلوط۔

مشہدؑ حاضر ہونا۔ شہادت گاہ قبرستان۔ شہیدون کا۔ نام ایک شہر ایران کا ہے زمانہ قدیم میں اوسکو طوس کہتے ہین۔

مشہودؑ حاضر کیا گیا۔ موجود۔

مشہورؑ شہرت کیا گیا۔

مَشیؑ پیرون سے چلنا۔

مَشِیَّتؑ خواہش۔ مرضی خدا تعالی کے۔

مشیدؑ گچ کردہ شدہ۔ محکم۔ استوار کیا گیا۔

مُشَیِّدؑ محکم کرنے والا۔ استوار کیا گیا۔

مُشیرؑ اشارہ کرنے والا۔ مشورت دینے والا۔

مشیمہؑ بچہ دان عورت کا۔

مُصَلّاؑ جای نماز۔ عیدگاہ خصوصًا عیدگاہ شیراز۔

مُصابؑ مصیبت زدہ۔ رنج رسیدہ۔

مُصابرتؑ باہم صبر کرنا۔ صبر کرنا۔

مُصاحبتؑ باہم صحبت کرنا۔

مَصاحِفؑ جمع ہی مصحف کی۔

مَصادِرؑ جمع ہی مصدر کی۔

مَصافؑ میدان صف باندہنی لشکر کا۔ جنگ گاہ۔ جنگ۔

مُصادقتؑ دلی۔ دوستی۔ محبت قلبی۔

مُصارعتؑ کشتی کرنا۔ ایک دوسرے کو پچھاڑنا۔

مصارفؑ جمع ہی مصرف کی۔ خرچہا۔ و جای خرچہا۔

مَصاعِبؑ دشواریان۔ جاہہاے دشوار۔

مُصَاعِدُ جاہای بلند جمع ہے مصعد کی۔

مُصَافَاتُ دوستی۔ اخلاص۔

مصابیح ، جمع ہے مصباح کی۔ چراغہا۔

مَصَالِح ، جمع ہے مصلحت کی۔ بھلائیاں۔

مُصَاہرت خسر کرنا۔ داماد کرنا۔ یہ لفظ دونون معنون مین مشترک ہی۔

مصائب جمع ہے مصیبت کی۔

مِصبَاح ، چراغ۔

مصبغ ، رنگا ہوا۔ رنگ کردہ شدہ۔

مُصَحِح ، صحیح کرنے والا۔

مُصحف وہ کتاب جسمین رسالے اور صحیفے جمع ہون اس واسطے قرآن شریف کو کہتے ہین کہ اوس مین سورتین جمع ہین۔

مصحوب ساتھ کیا گیا۔

مصدر ، جای نکلنے کی جای صدور اور وہ کلمہ جس سے افعال اور صفات بنا کے جاوین۔

مُصَدِّع ، دردسر پیدا کرنے والا۔

مِصْدَاق آواز صادق آنے معنی کا یعنے وہ شئے جسپر کوئی معنے بولی جا سکین مثلاً انسان کے معنے زید بکر عمرو وغیرہ پر بولے جا سکتے ہین تو انسان کے معنی کا زید مصداق ہی۔ عمرو مصداق ہی علی ہذا القیاس

مصدور صادر کیا گیا۔

مصدوق صادق کیا گیا۔

مصر ، شہر اور نام شہر خاص کا ہے۔

مُصِر ، اصرار کرنے والا۔ ایک کام پر استادگی کرنے والا۔

مِصراع اور **مِصرع** ، کواڑ۔ ایک حصہ شعر کا

مَصرَع ، جگہ پچھڑنے کی۔

مصرف جگہ خرچ کرنیکی اور خرچ۔

مصروع ؑ پچھاڑا ہوا۔

مصروف صرف کیا گیا۔ باز گردانیدہ شدہ۔

مَصعَد ؑ جگہ اونچی چڑھنے کی

مصطفےٰ ؑ برگزیدہ۔ صاف کیا گیا بدخصلتوں سے۔

مصقول ؑ زنگ دور کیا گیا۔ صاف کیا گیا۔

مُصلِح ؑ اصلاح کرنے والا۔ درست کرنے والا۔

مصطبہ ؑ میخانہ۔ شرابخانہ۔

مَصلَحَت ؑ نیک صلاح۔ نیک تجویز۔ صلاح۔

مصلوب ؑ سولی دیا گیا۔ پھانسی دیا گیا۔

مصلّٰی ؑ جگہ نماز کی۔ جای نماز عیدگاہ۔

مُصنَّع ؑ بنایا ہوا۔ کاریگری کیا گیا۔

مُصنِّف ؑ کتاب تصنیف کرنیوالا۔ بنانے والا کتاب کا۔

مُصنَّف ؑ کتاب۔ رسالہ۔ وغیرہ

مصنّفات ؑ کتابیں۔ تصنیفات۔

مَصنُوع ؑ وہ شئے جو کاریگر سے بنی ہو بنائی ہوئی چیز۔

مصوّر ؑ تصویر کھینچنی والا۔

مصیب ؑ درست پہونچنے والا۔ نیک رسندہ۔ صواب یابندہ۔

مصیبت ؑ دُکھ۔ تکلیف۔ حادثہ۔

مصیر ؑ جای بازگشت اور مائل ہونا۔

مَضاجِع ؑ خوابگاہیں۔ جمع ہی مضجع کی۔ خوابگاہ

مضارب ؑ جمع ہی مضرب کی۔ جای زدن۔

مضارع ؑ مشابہ۔ اور وہ فعل جسمیں معنے حال و استقبال دونوں مفہوم ہوں۔

مضاعف دوچند۔ اور وہ کلمہ کہ جسکے آخر میں دو حرف ایک جنس کے آویں۔

مضاف منسوب۔ متعلق۔

مضافات منسوبات۔ متعلقات۔ وہ دیہات جو ایک شہر کے متعلق ہوں۔

مضاف الیہ وہ اسم ہے جسکے طرف کسی شئے کو لگاویں جیسے زید کا گھوڑا گھوڑا مضاف زید مضاف الیہ کا حرف اضافت۔

مضامین ع جمع ہے مضمون کی معنے۔ مطالب۔

مضائق ع جمع ہے مضیق کی۔ یعنے تنگ جگہ۔ جاای تنگ۔

مضائقہ ع تنگی۔ ایکدوسری کو تنگ کرنا۔ پروا۔

مضبوط ع ضبط کیا گیا۔ مستحکم۔

مضجع ع خوابگاہ۔ جگہ سونے کی۔

مضحک جگہ ہنسی کے۔

مُضحِک ع ہنسی دلانے والا۔ ہنسانے والا۔

مُضحِکات وہ لطیفے کہ جن سے ہنسی پیدا ہو۔ ہنسانیوالی چیزیں۔

مُضِر ع ضرر پہونچانے والا۔

مُضَر ع نام ایک شخص کا ہے جو ایک قبیلۂ عرب کا بزرگ تھا۔

مِضراب ع وہ آلہ جس سے ماریں ستار بجانیکا اوزار۔

مُضِرّات ع ضرر دینی والی چیزیں۔

مَضرِب ع جای ضرب جگہ مارنے کی۔

مضرور ع وہ شخص جسکو ضرر پونہچا ہو۔ ضرر رسیدہ۔

مُضطر ع ضرر رسیدہ۔ مجازاً بے اختیار۔ بیچارہ۔

مضطرب بیقرار۔ اضطراب والا

مضغ ع چبانا۔ خائیدن۔

مضغہ ع گوشت پارہ۔ لقمہ۔ اتنی مقدار جو ایک دفعہ چبائی جاوی۔

مُضِل، گمراہ کرنے والا۔

مضمار، میدان۔ آلہ دُبلا کرنے کا۔ مراد میدان۔

مضمحل، محو ہونے والا پاپیہ ناچیز سُست۔

مضموم، پیش کیا گیا سبب جیسے دال وُم کی۔

مضمون، ضمن میں لیا ہوا معنی۔ مطلب۔

مضیق، جای تنگ

مَطا، پشت۔ پیٹھ۔

مطابق، موافق۔ برابر۔

مطابقت، موافقت۔ برابری۔

مطارح، جمع مطرح کی جا ہای انداخت۔ جگہ ڈلنے کی کیسہا تھیلا۔ شکاریون کا جسمین شکار ڈالتے جاتے ہین۔

مطارحہ، کسی سے بات کہنا۔ مجازاً مشورہ کرنا۔ اور کبھی خوشامد کے معنے مین بھی آتا ہے۔

مُطاع، اطاعت کیا گیا۔ سردار۔ مخدوم۔

مطاعم، جمع ہی مطعم کی خوردنیشین خوراکین۔ کھانے۔

مطاعن، جمع ہی طعن کی۔ عیب اور طعنے۔

مطاف، جگہ گرداگرد پھرنے کی۔ جگہ طواف کی۔

مطالب، جمع ہی مطلب کے۔ مرادین۔

مطالبہ، طلب کرنا۔ بازجستن۔

مطالعہ، دیکھنا کسے چیز کو اور سے واقفیت پیدا کرنیکے واسطے۔

مطاوی، جمع ہی مطوی کی۔ پیچیدگیان۔ شکن ہا۔ نوردہا۔

مطائبات، جمع ہی مطائبہ کی۔ خوش طبعیان ٹھٹھے۔ ہنسیان۔

مطایا، وہ چارپایہ جنکی پشت پر سوار ہوتی ہین۔ جیسے گھوڑا۔ اونٹ۔ ہاتھی گدھا خچر وغیرہ

مَطبَخ ؛ باورچی خانہ۔ جگہ کہانا پکانے کی۔
مطبوخ ؛ پکی ہوئی چیز۔ پکائی گئی۔ جوشاندہ۔
مطبوع ؛ طبع کی گئی۔ چھاپی گئی۔ پسند کی گئی۔
مَطَر ؛ بارش۔ باران۔
مَطَر ؛ تازگی۔
مطرات ؛ جمع ہی مطر کی۔ بارانہا مینہین۔
مُطرِب ؛ گویا۔ گانے والا۔ ڈوم
مَطرَح ؛ جای انداخت۔
مُطَّرِد ؛ ایک وتیرہ پر ہونے والا۔ پے درپے ایکدوسرے کے ہونے والا۔
مَطرُود ؛ نکالا گیا۔ راندہ شدہ۔ مردود۔
مطعون ؛ نیزہ مارا گیا۔ بہالا مارا گیا۔ مجازاً عیب کیا گیا۔ معیوب۔
مطفی ؛ بجہانے والا۔
مُطَلّا ؛ طلا کیا گیا۔ زراندودہ۔

مطلب ؛ جگہ طلب کی۔ مراد معنے۔
مُطَّلِع ؛ خبردہندہ۔ اطلاع کرنیوالا۔
مُطَّلَع ؛ خبر دیا گیا۔ اطلاع دیا گیا
مَطلَع ؛ جای طلوع ہونے کی
مُطلَق ؛ آزاد بی قید۔ روان کیا گیا۔
مطلوب ؛ طلب کیا گیا۔
مَطمَح ؛ جگہ بلند نظر رکہنے کی۔ جگہ نظر پڑنے کی۔
مطموع ؛ لالچ دیا گیا۔ طمع دیا گیا۔
مطمئن ؛ آرمیدہ۔ سکون گیرندہ۔ اطمینان رکہنے والا۔
مَطوِی ؛ لپٹا ہوا۔ لپیٹا گیا۔ پیچیدہ شدہ۔
مُطَہِّر ؛ پاک کرنے والا۔
مطیب ؛ خوشبو دینے والا۔ پاک شوندہ۔
مُطَیَّب ؛ خوشبو کیا گیا۔ پاک کیا گیا۔

مطیع ؛ فرمانبردار۔ اطاعت کرنیوالا۔
مطیر ؛ برسنے والا۔ بارش کرنیوالا۔ مشتق مطر سے ہے۔
مظالم جمع ہی مظلمہ کی بے انصافیان ستم۔ اور وہ جگہ جہان پر ظالمون کو سزا ملتی ہے۔ عدالتین۔
مظاہر پشتی نی والا۔ مدد دینی والا۔
مظفر ؛ فتحمند۔ فتح پایا ہوا۔
مظلم ؛ تاریک۔ اندھیارا۔
مَظلمہ ؛ ظلم۔ ستم۔ بی انصافی داد خواہی کرنا۔
مظلوم ظلم رسیدہ۔ جسپر بی انصافی ہوئی ہو۔
مظنون گمان کیا گیا۔
مظنہ ؛ جگہ گمان لیجانیکی جای گمان بردن۔
مظہر ؛ جای ظہور۔
مَعَ ؛ ساتھ۔ ہمراہ۔
مَعَا ؛ انتڑی۔ رودہ۔
معًا ؛ فورًا۔ اسیوقت۔ ساتھ۔
معابد ؛ جمع ہی معبد کی۔ پوجا کی جگہ۔ پرستشگاہ۔
معابر ؛ جمع ہی معبر کی۔ جگہ عبور کرنے دریا کی۔ رہگذر۔
مُعاتِب ؛ عتاب کرنے والا۔ خفگی کرنے والا۔
مُعاتَب ؛ عتاب کیا گیا۔ خفا کیا گیا۔
معاد ؛ جای بازگشت۔ جگہ لوٹ کر جانیکی جاگزا۔ آخرت۔ قیامت۔
معادل برابر۔ مساوی۔
مُعَادَلت ؛ برابری مساوات۔ انصاف کرنا۔
معادن ؛ جمع ہے معدن کی کھانین۔
معاذ ؛ جای پناہ۔ اور پناہ دینا۔
مَعاذِیر ؛ جمع معذرت کی عذر۔ بہانی۔

معارج، جمع ہی معراج کی سیڑہیان نردبانہا

معارض جہگڑا کرنیوالا۔ متعرض

معارضہ جہگڑا۔ مناقشہ

معارف جمع ہی معرفہ کی۔ شناسائی۔ جاہای شناختن و آشنا لوگ۔ اہل علم اور فضل۔ نامور لوگ۔

معارک جمع ہی معرکہ کی۔ لڑائیون کی جگہ۔ لڑائی کے میدان۔

معارکہ لڑائی۔ جنگ

مَعاش زندگانی کرنا۔ اور وہ شئے جس سے زندگانی کی جاوے۔ جای زندگانی۔ دنیا۔

معاشرت آپسمین مل جُل کر زندگانی کرنا۔ کسیکے ہمراہ عیش کرنا۔

معاصر ہمصر۔ اپنی زمانہ کا۔ ہم زمانہ۔

معاضد مددگار۔ یاری دینے والا۔

معاضدت یاری دینا۔ بازو ایکدوسرے کی ہونا۔

معاطفت مہربانی کرنا۔

معاف بخشا گیا۔ عفو کیا گیا۔

معافی اسم مفعول عفو سے مشتق باب مفاعلہ کا ہی۔ بخشا گیا۔ عفو کیا گیا

معافی صیغہ اسم فاعل کا بمعنی معاف کرنے والا

معاقب عذاب کرنے والا۔ عقوبت کرنے والا۔

معاقبت عذاب کرنا۔ مارنا باندہنا۔

مَعاقِد جمع ہی مقعد کی۔ جاہای گرہ بستن اور جگہ عہد کرنے کی۔

مُعاقِد عقد کرنیوالا۔ عہد باندہنے والا نکاح کرنے والا۔

معاقدت باہم ایک بات پر عہد کرنا۔ نکاح کرنا۔ ضمان کرنا۔

معالج علاج کرنے والا۔ حکیم۔

معالجہ علاج کرنا۔ دارو درمن کرنا۔

مَعَالِم ، جمع ہے معلم کی جو آلہ کا
صیغہ ہے اوسکے معنے ہین علامت کے
چونکہ یہ جہان دلالت اور علامت صانع
حقیقی کا ہے اسلیئے معالم کے معنے عالم
اور دنیا۔ اور جہان کے ہین۔
معاملہ ، باہم ملکر کوئی کام کرنا۔
معالی ، جمع ہی معلی کی جو مصدر میمی بمعنی
بلندی کی ہی معالی کے معنے بلندیان۔
معان ، جگہ یاری دینی کی۔ جگہ مدد کی۔
معاند ، عناد کرنے والا۔ دشمن۔
معاندت دشمنی۔ عناد کرنا۔
معانق ، گلے سے
لگنے والا۔ گلے ملنے والا۔
معانی ، جمع ہی معنی کی۔
مطالب۔ مرادین۔
معاود ، عود کرنے والا۔
بازگشت کرنے والا۔ پھر کر آنے والا۔
معاودت لوٹ آنا۔
پھر کر آنا۔

مَعَاوَضَت عوض کرنا۔
بدلا کرنا۔
مُعَاوِن مددگار۔ مدد دینے والا۔
مُعَاوَنَت مدد کرنا۔ یاری کرنا۔
معاہد ، عہد کرنے والا۔
مُعَاہَدَہ ، باہم عہد کرنا۔
معایب ، جمع ہی معیب مصدر
میمی کی۔ عیبہا۔ عیب۔
معایش ، اسباب زندگانی کا
جمع معیشت کی ہے۔
معاینہ ، سامنے دیکھنا۔
آنکھ سے
باہم دیکھنا۔
معبد ، جای پرستش۔
جگہ عبادت کی۔
معبر ، جگہ عبور دریا کی۔
رہگذر۔
مِعبر ، وہ شئے کہ جسکے
سبب دریا سے پار اوترین۔

معبودؔ عبادت کیا گیا۔ پوجا گیا گیا

مُعتادؔ عادت کیا گیا۔ مقدار ہر روز کی جتنی عادت ہو

معتبرؔ اعتبار کیا گیا۔

معتدلؔ ساوی مزاج مین جسمین افراط اور تفریط نہو۔

معتذرؔ عذر کرنے والا۔

مُعتِسرؔ مفلس غریب۔ محتاج۔

معترضؔ اعتراض کرنیوالا۔

معترفؔ اقرار کرنے والا۔

معتزلؔ گوشہ نشین یکسو ہوکر بیٹھنے والا۔

معتصمؔ چنگل مارنے والا۔ کسی چیز مین واسطے طلب مدد کے پناہ لینے والا۔

معتقدؔ اعتقاد رکھنے والا۔ دل کا۔ بھروسا رکھنے والا۔

معتکفؔ مسجد مین عبادت کیواسطے

جو شخص بیٹھ رہے اور باہر نہ نکلے۔

معتمدؔ اعتماد رکھنے والا۔

معجبؔ تعجب مین ڈالنے والا۔

مِعجرؔ اوڑھنی عورت کی۔ اور اوڑھنی کا ڈوپٹہ۔

معجزؔ عاجز کرنے والا۔

معجزاتؔ جمع ہی معجزہ کی۔ وہ بات جسکے کرنے پر انسان قادر نہو۔

مُعجلؔ جلدی کرنے والا۔

معجمہؔ وہ حرف کہ جسپر نقطہ ہو۔

معجونؔ گوندھا ہوا۔ کئی چیزین ملاکر اور ملاکر مثل آٹے کے جو گوندھی ہوئی ہون اوس کو معجون کہتے ہین۔ اور عموماً او دیہ مرکبہ مقوم کو بھی کہتے ہین۔

معدلتؔ عدل۔ اور انصاف۔

معدومؔ نیست کرنے والا۔

معدنؔ کھان۔ کان چاندی سونے وغیرہ کی۔

معدودؔ شمار کیا گیا۔ گنا ہوا۔

معدوم عدم کیا گیا۔ نیست کیا گیا۔
معدہ ع اوجھ جس میں کھانا ہضم ہوتا ہے۔
معذر ع عذر کرنیوالا۔ حیلہ کرنے والا۔
معذرت عذر۔ حیلہ۔ بہانہ۔
معذل وہ شخص جسکی سخاوت و داد و دہش پر ملامت کی گئی ہو۔
معذور ع عذر کیا گیا۔ بہانہ کیا گیا۔
معراج ع ڈنڈا سیڑھی کا۔ سیڑھی۔
معرب وہ لفظ جسکو عربی بنا لیا ہو اور اصل میں کسی اور زبان کا ہو۔
معرض روگردانی کرنے والا۔ منہ پھیرنے والا۔
معرف تعریف۔ حد تبلا نیوالا۔
معرفت شناخت۔ پہچان۔ لغوی معنے ایال گھوڑے کے۔
معرق ع وہ چیز جس سے پسینہ آجاوے۔ پسینہ

وسنے والی شے۔
معرکہ ع میدان جنگ۔ مباحثہ کی جگہ۔
معروض عرض کیا گیا پیش کیا گیا۔
معروف مشہور۔ جو معلوم ہو۔
معز ع بکری۔ بکرا۔
معز ع عزت کیا گیا۔
معزز ع عزت کردہ شدہ عزت دار۔
معذول ملامت کیا گیا۔
معسکر ع جگہ لشکر اور رہنے کی چھاونی۔
معشر ع اقارب۔ رشتہ دار لوگ۔
معشر ع جس کی وش گو شے ہرن۔ وش کو سنے کی شے۔
معشوق عشق کیا گیا۔ یعنی وہ شخص جسپر کوئی دوسرا شخص عاشق ہو۔

معشوقہ عورت جس پر کوئی مرد عاشق ہو۔

مِعصَر آواز نچوڑنی کی۔

معصرۃ جای کشید شراب کی۔ اور جگہ نچوڑنے کی۔

معصوم بے گناہ۔ بچایا گیا گناہ سے۔

معصیت گناہ۔ نافرمانی۔

معطر خوشبودار

معطش پیاس لگانیوالی شئے۔

معطل بیکار۔ خالی کام سے۔

معطوف لپٹا ہوا۔ پلیٹا ہوا۔

معظم بزرگ۔ بزرگی دیا گیا۔

معقد جگہ باندھنی کی۔ جای گرہ۔

معقود گرہ لگایا گیا۔ باندھا گیا۔

معقول عقل مین لایا گیا۔ مناسب۔ اچھا۔ پسندیدہ

سندھا ہوا۔ پناہ بردہ شدہ۔

معک ساختہ تیرے۔

معکوس اولٹا۔ اوندھا۔

معلی بلند کیا گیا۔

معلف جگہ گھاس کھانے جانورون کی۔ کھرلی۔

معلق لٹکا ہوا۔

معلقات لٹکی ہوئی چیزین۔

معلقن کلا کرنے والا۔ بازی کرنے والا۔ ناچنے والا۔

معلم علم سکھانے والا۔

معلم اول ارسطو۔

معلم ثانی ابونصر فارابی۔

معلم ثالث بوعلی سینا۔

معلم الملکوت شیطان کا پہلا نام

معلول علت کیا گیا وہ شے کہ جسکا کوئی سبب اور باعث ہو۔

معلوم علم کیا گیا۔ جانا گیا۔

مُعَمّا چیستان۔ پہیلی

معمار راج۔ مستری۔ عمارت بنانیوالا۔

معمور آباد۔ بھرا ہوا۔ پُر۔

معمورہ ع — بستی۔ شہر۔
معموری ع — آبادی۔
معمول ع — عمل کیا گیا۔ روزمرہ کی بات جو کیا جاوے۔
معنبر ع — عنبر کیا گیا۔ جس میں عنبر ملا یا ہو۔
معنوی ع — منسوب ہے معنی سے باطنی۔
معنی ع — مطلب۔ مراد۔ مضمون۔
مَعُوضت ع — وہ شے جو بدلے کسی شئے کے دیجاوے۔
معول ع — اعتماد کیا گیا۔ صیغہ اسم مفعول کا ہے تعویل سے۔
معول ع — صیغہ اسم مفعول کا ہے عول سے۔
معہذا ع — ساتھ اس بات کے باوجود اسکے۔
معہود ع — عہد کیا گیا۔
معیت ع — ہمراہی پن۔ ساتھ پن۔
معیشت ع — زندگی۔ عیش کرنا۔

معیل ع — عیالدار آدمی۔
معین ع — مدد کرنے والا۔
معین ع — مقرر کیا گیا۔
معیوب ع — عیب دار۔ عیب کیا گیا۔
مَغ ف — گہراؤ۔ عمق
مُغ ف — آتش پرست۔
مغارہ ع — وہ غار جو پہاڑ میں ہو کھدا اور جگہ غارت کرنے کی۔
مغاک ف — گڑھا۔ مغ کی معنی گہراؤ اک کلمہ نسبت کا ہے۔
مغالطہ ع — غلطی میں ڈالنا۔
مُغان ف — جمع ہے مغ کی آتش پرست لوگ۔ اور نام ایک ملک کا ہے آذربائیجان میں ہے۔
مغائرہ ع — باہم غیر ہونا۔ مخالفت۔
مغبون ع — جسکو زیان پہنچا ہو۔
مغرب ع — جگہ چھپنے سورج کے و پچھم۔

مغرق ع جگمگا۔ چمکول۔
مغرور ع گھمنڈی۔ وہ شخص جسکو غرور ہو۔
مغروق ع ڈوبا ہوا۔ غرق کیا گیا۔
مغز ف گودا۔ دماغ۔
مغسول ع دہویا ہوا۔ غسل دیا گیا۔ نہلایا گیا۔
مغشوش ع کھوٹ ملایا ہوا۔ خیانت کیا گیا۔ غیر خالص۔
مغشی ع جسپر غشی آگئی ہو۔ بیہوش۔
مغص ع مروڑا پیچش شکم کی۔ انتڑی اور پیٹ کا درد۔
مغضب ع غصہ والا۔ غصہ دلانے والا۔
مغضوب ع جو شخص غصہ مین ہو۔ خفگی مین ہو
مِغْفَر ع خود آہنی۔
مغفرت ع بخشش۔ گناہ بخشنا۔

مغفور ع بخشا گیا۔ مغفرت کیا گیا۔
مُغُل ت نام ایک فرقہ کا ہے جو اعلیٰ قوم ترکستان کے ہے معنے اس لفظ کے سادہ دل اور عمدہ کے ہین۔
مغلاق ع قفل۔ زنجیر۔
مغلوب ع عاجز۔ غلبہ کیا گیا۔
مغلوق ع دروازہ بند کیا ہوا
مغلول ع طوق گردن مین ڈالا ہوا عذاب کا طوق ڈالا گیا۔
مغموم ع غمگین۔ رنجیدہ۔
مُغَنّی ع گانے والا۔ گویا۔ ڈوم
مغنیہ ع گانیوالی۔ ڈومنی کسبی جو گانیوالی ہو۔
مغنی ع بی پرواہ کرنے والا۔
مغیر ع غارت کرنے والا۔ لوٹنے والا شتابی کرنے والا۔
مغیلان ع ببول کا درخت۔ لیکن یہ لفظ معتبر وہی اسکی اصل اُم غیلان تھی یعنی مادر دیوان الف حذف کرکے مغیلان کہنے لگے۔

مفاتیح ؑ جمع ہی مفتاح کی کنجیان۔
مفاجات اچانک ہونا۔ اچانچک۔ ہوجانا۔ ناگاہ ہونا۔
مفاخرہ فخر کرنے والی
مُفَارِق فرق کرنے والا۔
مَفَارِق جمع مفرق کی تارک سر۔ تٹری سر کی۔ مانگ بالون سر کی
مفارہ ؑ چوہیا کے رہنے کی جگہ۔
مفازہ ؑ جنگل۔ بیابان۔ جگہ رہائی پانیکے۔ جای کامیابی۔
مفاسدؑ جمع فساد کی۔ بُرائیان خرابیان۔
مفاصل ؑ جمع مفصل کی۔ جوڑبند ہاتہ پاؤن کے۔
مُفَاصَلہ فرق۔ باہم
مفتاح ؑ کنجی۔ کلید۔
مفتح ؑ جگہ کہولنے کی۔ جگہ فتح کی۔

مفتخر ؑ فخر کرنے والا۔ شیخی کرنے والا۔
مفترع ؑ شاخ کیا گیا۔
مفترق ؑ علحدہ فرق کرنے والا۔
مفتری ؑ بہتان لگانے والا۔ جہوٹ بات بنانے والا۔
مفتش ؑ ڈہونڈنے والا۔ تفتیش کرنے والا۔
مفتقر ؑ محتاج۔ فقیر۔
مفتل ؑ بہانوان بٹاہوا۔ ڈورا۔ بٹاہوا خواہ رسی ہو خواہ ڈورا۔
مفتوح ؑ فتح کیا گیا۔ کہولا گیا۔
مفتول ؑ بٹاہوا پیچیدہ۔ تار خواہ ریشم کا ہو۔ خواہ سوت کا۔
مفتون ؑ فتنہ مین ڈالا ہوا۔ فریفتہ۔ مبتلا۔ عاشق۔
مفتی ؑ فتوی دینے والا۔
مفخر ؑ بہت بزرگ۔ فخر کیا گیا۔
مفر ؑ جگہ بہاگ جانے کی۔

مفخم، بہت عزت دیا گیا۔ بہت بزرگ۔

مفرح، جای خوشی۔

مفرد، وہ جو مرکب نہو۔

مفرط، حد سے زیادہ گذرنیوالا زیادتی ین۔ مجازاً کثیر۔ بسیار زیادہ۔

مفروش بچھونا۔ بچھایا گیا۔

مفروق فرق کیا گیا

مفسد، فساد کرنے والا۔

مفسدہ فساد۔ دنگا۔ بگاڑ

مُفسِّر، معنے بیان کرنیوالا۔ تفسیر کرنے والا۔

مفسوخ، فسخ کیا گیا۔ اگلی صورت بگاڑی گئی۔ یا عہد توڑا گیا۔

مَفشُوش سست عقل۔ بیہودہ جھوٹا۔

مفصد، جای فصد کرنے کی۔ خون نکالنے کی جگہ۔

مَفصَّل جُوڑا عضا کا۔ بدن کا جوڑ

مفضول زیادتی کیا گیا۔ فضیلت دیا گیا۔

مفطر، روزکھولنے والا۔ اسکے جمع مفاطیر آئی ہے۔

مُفطِن سمجھانے والا۔ فہمائش کنندہ۔

مفعول فعل کیا گیا۔ کردہ شدہ۔

مُفقِر، محتاج کرنے والا فقیر کرنے والا۔

مفقود، گم شدہ کھویا گیا۔

مفکوک جدا کیا گیا۔ چھوڑایا گیا۔

مفلاک خالی ہاتھ۔ پریشان۔ فقیر۔ مفلس۔

مُفلِس جسکے پاس پیسہ نہو۔ محتاج۔

مفلوج فالج زدہ۔ جسکو فالج کی بیماری ہو۔

مَفلُوک فلک زدہ۔ مفلس

تباہ حال یہ صیغہ جعلی ہے۔
مُفَوَّض سپرد کیا ہوا۔ سپردہ شدہ
مفہوم سمجھا گیا۔
مفید فائدہ دینے والا۔
مفیض فیض پہونچانے والا۔
مفیق ہوشیار۔ ہوش میں لانے والا۔
مقابر جمع ہی مقبرہ کی جگہ قبر مردہ کی۔
مقابل سامنے۔
مقابلہ آمنا۔ سامنا۔
مقابح برائیاں۔ قباحتیں۔
مقاتل باہم لڑکر قتل کرنے والا۔
مقاتلہ باہم قتل کرنا۔
مقادیر جمع ہی مقدار کی۔ اندازے۔
مُقَارَبَت نزدیکی۔ قرب۔
مقارنت قرین ہونا۔ نزدیک ہونا۔

مقاسات رنج کھینچنا۔ دکھ اوٹھانا۔
مقاسمہ باہم تقسیم کرنا۔ آپس میں بانٹ لینا۔
مقاصد جمع ہی مقصد کی مطالب۔ مقصد۔
مقاطر ٹپکانیوالا۔ پانی وغیرہ کا۔
مقاطیع جمع ہی مقطع کی۔ جگہ قطع کرنے کی۔
مقاعد جمع ہی مقعد کی۔ جای بیٹھنے کی۔ اور پخانہ کی راہ۔
مقال گفتگو۔ بات چیت۔
مقالہ بات کہی ہوئی۔
مقالید جمع ہی مقلد کی۔ بمعنی کنجیاں۔ تالیاں۔ کلیدیں۔ یہ لفظ معرب ہی کلید کا۔
مقام جگہ ٹھہرنے کی۔ ٹھہرنا۔
مقامر قمار باز۔ جوئے باز۔
مقامرہ جوئے بازی۔ قمار بازی۔

مقیم

مقاوم، برابری کرنے والا۔
مقبرہ، گور مردہ کی۔ جای قبر کی
مُقبَل، منہ چڑھا۔ عزت دار۔ جسکے بات حاکم مانے۔
مُقبِل، قبول کرنیوالا۔ فرمان حق کا۔ سامنے ہونے والا۔ روبرو ہونے والا۔
مقبوض، قبض کیا گیا۔ پکڑا گیا۔
مقبول، قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔ منظور۔
مُقتَبِس، روشنی لینے والا آتش گیرندہ۔
مقتدا، وہ شخص جسکی پیروی اور لوگ کریں۔
مُقتَدِر، قدرت رکھنی والا۔ طاقت ور۔
مقتدی، پیروی کرنے والا پیرو۔
مقتصر، تھوڑی پر صبر کرنے والا۔ مختصر کرنے والا۔
مقتضا، چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا۔ مجازاً مراد۔ مطلب۔
مقتضی، خواہش کرنے والا چاہنے والا۔ تقاضا کنندہ۔
مقتفی، پیچھے سے آنے والا۔ پیرو۔
مَقتَل، جگہ قتل کرنے کی۔
مقتول، قتل کیا گیا۔
مقدار، اندازہ۔
مِقدام، بہادر۔ شجاع۔ دلاور جو میدان جنگ مین آگے بڑھ کر لڑے۔
مقدس، پاک مرد۔ پاک چیز
مقدسہ، پاک عورت۔
مَقدِم، سفر سے یا کسی جگہ سے پھر کر آنا۔ اور جگہ قدم رکھنے کی۔
مُقدِم، آگے جانے والا۔ دلیر اور کونا آنکھ کا جو طرف ناک کے ہے۔
مُقدِّم، پیش کرنے والا۔ اور مقدم پیش کیا گیا۔ چودھری۔

مقدمۃ الجیش ؛ پیش خیمہ۔ یعنے وہ تھوڑا سا لشکر جو فوج سے آگے جاوے تاکہ جگہ اترنے کی تلاش کر کی تجویز کرے۔

مقدمہ ؛ کچہ عبارت جو مضمون کتاب کے شروع کرنے سے پہلے لکھے جاوے۔ مجازاً واردات کسی حال کی۔

مقدور ؛ طاقت۔ قوت قدرت کیا گیا۔

مقراض ؛ قینچی۔ کترنیکا اوزار۔

مقر ؛ جگہ قرار کی۔ جای ٹہرنے کی

مُقرّب ؛ نزدیک کیا گیا۔ بزرگی دیا گیا۔ مجازاً خاص دوست۔

مقرر ؛ قرار دیا گیا۔ ٹہرا گیا۔

مقرض ؛ کاٹا ہوا۔ کترا ہوا۔

مقروض ؛ قرضدار وہ شخص جسپر قرض ہو۔ قرض دیا ہوا۔

مقرون ؛ نزدیک کیا گیا۔

مقری ؛ پڑہانیوالا۔ کورمقری اوس اندہے کو کہتے ہین جو لڑکون کو قرآن پڑہایا کرتا ہے۔ حافظ نابینا۔

مقسوم ؛ بانٹا ہوا۔ تقسیم کیا گیا۔

مقشر ؛ چھلکا اوتارا ہوا۔ چھیلا ہوا۔

مقصد ؛ جگہ قصد کرنیکے۔ مطلب مراد۔

مقصر ؛ قصور کرنیوالا۔ کم رتبے والا۔

مقصود ؛ قصد کیا گیا ارادہ کیا گیا۔

مقصور ؛ کم کیا گیا۔ قصر کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا۔

مقطر ؛ ٹپکایا گیا۔ قطرہ قطرہ کرکے ڈالا گیا۔

مُقطّع ؛ کاٹا ہوا۔ بریدہ شدہ۔ زائد اطراف کاٹی ہوئی اور چھوٹے قد کا آدمی۔

مقطوع ؏ قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا۔ اور وہ شخص جو کسی سبب سے قافلہ کے ہمراہ چلنے سے راہ میں رہ جاوے۔ کپڑا قطع کیا گیا۔

مقعد ؏ جای نشستگاہ۔ ڈیوڑھی دُبر۔ کون۔

مُقَعَّر ؏ ڈونگھا۔ گہرا۔ کھودا ہوا گڑھا۔

مُقَفّٰی ؏ قافیہ کیا گیا۔

مُقَلِّد ؏ عمل کرنے والا۔ کسی قول پر بدون دلیل کے۔ پیرو۔

مقلوب ؏ اولٹا کیا گیا۔ پلٹا گیا۔

مقناطیس چمک۔ چقماق سنگ آہن ربا۔

مقنب ؏ بھنگ ملا ہوا۔ کھانا۔ یا کوئی شے۔

مِقنَب ؏ شیر کی چنگال۔ توشہ دان شکاری کا جسمیں شکار رکھا جاتا ہے۔

اور گلہ گھوڑون کا۔ (۳۰) سے (۴۰) تک یا تین سو گھوڑے کی مقدار۔

مقنن قانون بنانے والا۔

مقود ؏ دہاگا۔ ریسمان۔ رسی۔ یا لہنگ۔

مِقوس ؏ گھوڑونکی رسی۔

مُقَوَّس وہ شے جو خمدار ہو۔ مانند کمان کے۔ قوس وار۔

مِقوَل ؏ زبان۔ جیب۔

مُقَوِّم ؏ قیمت کرنے والا۔ راست دار نزہ۔ سیدہا رستہ کہنے والا۔

مُقَوِّی ؏ قوت دینے والا۔ طاقت دینے والا۔

مقہور ؏ قہر کیا گیا جسپر غصہ بادشاہ یا خدا کا پڑے۔

مقیاس ؏ اندازہ۔ اور وہ شی جس سے اندازہ کریں۔

مُقَیَّد ؏ قید کیا گیا۔

مقیم ؏ اقامت کرنے والا۔ رہنے والا:

مقئی ء قے لانیوالی چیز۔

مُکَابِر ء وہ شخص جو اپنی بزرگی جتلانی کے واسطے بحث کرے۔ غلبہ کرنی والا جنگ کرنے والا۔

مُکَاتَبَت باہم خط وکتابت کرنا۔

مَکَّار ء مکر کرنے والا۔مرد۔فریبی مرد۔

مکارم ء جمع ہے مکرمت کی۔ بزرگیاں۔ نوازشین۔

مَکَّارہ ء مکر کرنے والی عورت فریب کرنے والی۔

مَکَارہ ء مکروہات۔ رنج۔ سختیاں۔

مُکَارِی ء کرایہ کو دینے والا۔ کسی چیز کا۔

مَکَاسِب جمع ہے کسب کی پیشے۔ حرفے

مُکَاشَفہ ء دشمنی ظاہر کرنا۔ جنگ برملا کرنا۔ اسرار کا ظاہر ہونا۔ امورِ غیبی کا معلوم ہوجانا۔ ولی اللہ کو

مکافات ء بدلا۔ عوض۔ باہم برابر ہونا۔

مکامن ء جمع ہی مکمن کی۔ وہ جگہ جہان پر پوشیدہ ہوسکین۔ گھاتین۔

مکان ء جگہ۔ گھر۔

مکاید ء جمع ہی مکیدہ کی۔ یعنے فریب بعیندا۔ بداندیشی۔

مُکَاہَنَت ء غیب کی خبر بتانا۔

مُکَایَلہ ء باہم ملکر پیمانہ سے ناپنا۔

مَکتَب ء جگہ لکھنے کی مجازًا۔ مدرسہ۔ اسکول۔

مُکتَرِی ء کرایہ لینے والا کسی شے کا

مُکتَسِب کسب کرنے والا۔ حاصل کرنے والا۔

مکتفی ء کافی کرنے والا۔ بس کرنے والا۔

مکتنف ء پناہ ڈھونڈھنے والا۔ یکسو ہونے والا۔

مکتوب لکھا ہوا۔ لکھا گیا۔

مکتوم ع پوشیدہ کیا گیا۔ چھپایا گیا۔

مُکث ع دیر کرنا۔ انتظار کرنا۔

مُکث بالضم و بالکسر۔ دیر۔ درنگ۔

مُکدَّر ع کدورت آمیز۔ گدلا۔

مکدِّر ع کدورت میں ڈالنے والا۔

مکر ع فریب۔ دغا۔

مگر ف پر۔ سوا اسکے۔

مکرر ع دوبارہ۔

مکرم ع عزت دیا گیا۔ بزرگی کیا گیا۔

مکرمت ع بزرگی۔ نوازش۔

مکروہ ع کراہیت کیا گیا۔ بھونڈا

مگس ف مکھی۔

مکسور ع زیر کیا گیا حرف۔

مکشوف کھولا گیا۔ ظاہر کیا گیا۔

مکلف تکلیف دیا گیا۔ ٹیپ ٹاپ کیا گیا۔

مکلل ع تاج سر پر رکھا گیا۔ درخشان

ملمع کیا گیا۔

مکمل ع پورا کیا گیا۔ کامل کردہ شدہ۔

مکمن ع گھات کی جگہ۔ پوشیدہ ہو کر۔ داؤ لگانے کی جگہ۔

مکمون ع پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔

مکنت ع قدرت۔ تونگری۔

مکنون ع پوشیدہ کیا ہوا۔

مکیال ع پیمانہ۔ ٹوپہ۔ اناج ناپنے کا برتن۔

مکیدن ف چوسنا۔

مکین ع مکاندار۔ مکان میں رہنے والا۔

مکبول ع بند کیا گیا۔ قیدی۔ محبوس

مُل ف شراب انگوری۔ امرود مشہور پھل ہے۔

ملا ع مجلس۔ مجمع۔ دشت۔ بیابان۔

مُلّا ع بہت پڑھا ہوا۔ عالم۔ بہت املا کرنے والا۔

ملابس ع جمع ہی ملبس کی

بمعنی۔ پوشش۔ لباس۔

مَلّاح ۱ کشتی بان۔ کشتی چلانے والا۔

مَلاحت ۱ نمکینی۔ خوبصورتی۔ نمکدار۔

مَلاحِد ۱ جمع ہی ملحد کی۔ ملاحدہ بھی درست ہی۔

ملاحظہ ۱ کن انکھیون دیکھنا۔ گوشہ چشم سے دیکھنا۔ مجازًا۔ دیکھنا۔

ملاذ ۱ جای پناہ۔

ملازمت ۱ ہمیشہ ہونا کسی جگہ یا نزدیک کسیکے ہمیشہ رہنا۔

ملازم ۱ ہمیوستہ رہنی والا۔ مجازًا نوکر۔

مُلاصق ۱ لگا ہوا۔ چسپیدہ۔

مُلاطف ۱ مہربانی کرنے والا۔

ملاطفہ ۱ کسیکے ساتھ نیکی کرنے۔ مجازًا۔ خط۔ نامہ۔ مراسلہ۔

ملاعب ۱ جمع ہی لعب کی بازیان۔

ملاعبت ۱ بازی کرنا۔ لعب کرنا۔

ملاعنہ ۱ جمع ملعون کی لعنت کیے گئے لوگ۔

ملاعین ۱ جمع ہی ملعون کی۔ مردود۔

مُلاقات ۱ باہم ملنا۔ ایکدوسرےسے ملنا۔

مُلاقی ۱ ملنے والا۔

ملال ۱ رنجیدگی۔ طبیعت کا اوکتا جانا

ملالت ۱ اوداسی۔ اوداس ہونا۔

مَلام ۱ ملامت کرنا۔ جگہ ملامت کی سرزنش کرنا۔

مَلامَت ۱ برا بھلا کہنا۔ جھڑکنا برا کہنا ڈانٹنا۔

ملاہی ۱ جمع ہو لہو کی کھیل کود۔ لہو۔ بازیان

ملائک ۱

ملائکہ ۱ جمع ہی ملک کی فرشتے۔

ملائم ۱ مناسب مجازًا نرم۔ فراہم

ہونے والا۔
ملائمت ع سازواری۔ مناسب۔
دوچیز کو باہم جمع کرنا۔ مجازاً۔ نرمی۔
مَلبُس ع لباس پہنایا گیا۔
کپڑے پہنے ہوئے۔
ملبوسات جمع ہی ملبوس کی جامہاے
پوشیدنی۔ پہننے کے کپڑے۔
ملت ع دین۔ مذہب۔ گروہ شریعت۔
ملتجی ع پناہ ڈھونڈنے والا۔
التجا کرنے والا۔
ملتحم ع زخم انگور لایا ہوا۔ بھرا ہوا زخم
سخت ہو گیا ہو۔ جو خشک ہونے والا قریب ہو۔
ملتحی ع ڈاڑھی جسکی نکل آئی ہو۔
ملتزم ع التزام کرنے والا۔
اپنے پر لازم کرنے والا۔ نام ایک مقام کا
ہے نزدیک رکن یمانی کے سامنے کعبہ کے
جہان دعا حاجتمندون کی قبول ہوتی ہے۔
ملتصق ملا ہوا۔ لگا ہوا۔
ملتفت التفات کرنے والا۔

توبہ کرنے والا۔
ملتقط ع چگنے والا۔ کسی شے کا چگنے والا۔
ملتقم ع لقمہ کھانے والا۔
ملتقی ع جگہ ملاقات کی۔ ملنے کی جگہ۔
ملتمس ع التماس کرنے والا۔
عرض کرنے والا۔
ملتوی ع دیر کرنیوالا۔ پلٹنے والا۔
ملتہب آگ بھڑکی ہوئی
شعلہ بھڑکا ہو۔
ملجا ع جای پناہ۔ جہان پر آدمی اپنی
جان بچانے کو جا کر قرار پکڑے۔
ملچج ت غلولہ جسکو گوپن مین
رکھکر کھیت مین پھینکا کرتے ہین اوسکو
غلہ بھی کہتے ہین۔
مِلح ع نمک
ملخ ع دونون بازؤون سے
اوڑنا پرند کا اسے سے لفظ ملاح بنا ہے
جو کشتی بان کو کہتے ہین۔
ملحِد ع راہ حق سے پھرنے والا۔ فاسق

بیدین۔

ملحق ع لگا ہوا۔ ملا ہوا

ملحوظ ع لحاظ کیا گیا۔ دیکھا گیا۔

ملخ ف ٹڈی۔

ملزم ع کسی ذمہ کوئی کام کرنیوالا لازم اور واجب کرنے والا۔

ملزوم ع لازم کیا گیا۔

ملصق ع لگایا گیا۔ پیوستہ کیا گیا۔ قریب۔

ملعون ع لعنت کیا گیا۔ مردود۔

ملفوف ع لپیٹا ہوا۔ لفافہ کیا گیا۔

مُلقّب ع لقب دیا گیا۔ نام یا معنے وصفی دیا گیا۔

ملک ع بادشاہی۔ ایک دیس جو ایک بادشاہ کے ماتحت ہو۔

مَلَک ع فرشتہ۔ جم دوت

مَلِک ع بادشاہ۔

مِلک ع جاگیر۔ اسباب مال۔

ملک الموت ع وہ فرشتہ جو جان نکالتا ہے۔

ملکوت ع بادشاہی۔ پروردگاری۔ تصرف۔ عالم فرشتوں کا۔ صوفیوں کے نزدیک عالم ارواح کو کہتے ہیں۔

ملکہ ع مہارت۔ اور قوت جو علم یا ہنر کی انسان میں حاصل ہو جاتی ہے۔

ملکی ع منسوب ملک سے فرشتہ والی۔ فرشتہ جیسی

مُلکی ع ملک کا۔ ملک والا۔

مِلَل ع جمع ہے ملت کی مذاہب ادیان۔

ملمع ع روشن کیا گیا۔ درخشان۔ جیسے کول اور وہ قسم اشعار کی جنمیں ایک مصرعہ یا ایک بیت عربی اور ایک فارسی کی ہو۔

ملوث ع لتھڑا ہوا۔ آلودہ۔

مُلوک ع جمع ہے ملک کی۔ بادشاہ لوگ۔
مَلُول ع رنجیدہ۔ اوداس۔
مَلُوم ع ملامت کیا ہوا۔
مُلہِم ع الہام کرنے والا۔ دلپر کوئی بات ڈالنی والا۔ یعنے خدا۔
مُلہَم ع الہام کیا گیا۔ القا کیا گیا۔ دلپر کوئی بات خدا کیطرف سے پڑی ہوئی۔
مَلہوب ع شعلہ زن کی ہوئی آگ آگ بھڑکی ہوئی
مَلِی ع بھرا ہوا۔ پُر۔
مَلِیح ع نمکین۔ نمک آلودہ
مُلَیِّن ع نرمی کرنے والا۔ تلین کرنیوالا۔ قبض دور کرنیوالی دوا۔
مِمّا ع اوس چیز سے۔
مَمات ع موت۔ مرنا۔
مَلہوف ع غمگین۔ مظلوم
مُماثِل ع ہم شکل۔ اوس جیسا۔
مُمارست ع تجربہ کرنا کوشش کرنا۔

کسی کام مین مشق کرنا۔
مَمالِک ع جمع ہے ملک کی۔
مَمالِیک ع جمع ہے مملوک کی۔ غلام۔ بندہ۔
مُمتاز ع امتیاز دیا گیا۔ عزت دیا گیا۔
مُمتَثِل ع ہم شکل کیا گیا۔
مُمتَد ع دراز کیا گیا۔ دراز
مُمتَلی ع بھرا ہوا۔ پُر۔
مُمتَنِع ع روکا گیا۔ باز رکھا گیا۔
مُمَجَّد ع بزرگی دیا گیا۔ بزرگ۔
مُمَدِّد ع نام ایک درد کا ہے جس سے پٹھے بدن کے کھنچ جاتے ہین۔
مَمدُوح ع مدح کیا گیا۔ تعریف کیا گیا۔
مُمِد ع مدد کرنے والا۔
مَمدُود ع دراز کیا گیا۔ پھیلایا گیا۔
مَمَرّ ع جگہ گذرنیکی۔ راہ گذرنیکی۔ راہ۔ سبب مجازاً۔
مَمزُوج ع ملا ہوا۔ آمیختہ شدہ۔

اور شراب جس مین پانی یا کچہ عرق ملا کر پیوین-

ممسک چنگل مارنے والا- بخیل- خرچ نہ کرنے والا-

ممسوح مسح کیا گیا- سر یا کسی عضو پر ہاتہ ملا گیا-

ممشوط کنگھی کیا گیا-

ممکن جو بات ہو سکے- جو انہونت نہو

مملکت بادشاہت- سلطنت- ملک

مملو بھرا ہوا- پُر-

مملوک ملک - غلام بندہ-

ممنوع منع کیا گیا- روکا گیا-

ممنون احسان کیا گیا-

ممہ عورت کی چھاتیان- پستان- چوچی-

ممہد تمہید کیا گیا- پہلے مطلب سے وہ بات لکھی گئی جس پر مطلب کا سمجھنا موقوف ہو- سمجھایا گیا-

ممیز تمیز کرنے والا- برے کو بھلے سے اور نیک کو بد سے-

مَن وہ شخص- کون شخص-

مِن مین-

مَن وزن ہم سیر کا-

مِن سے-

مِن اَجل واسطے- سبب-

مناب جگہ کھڑے ہونے کی قائم مقام ہونا-

منابر جمع ہی منبر کی- وہ لکڑی کی سیڑہی لگی ہوئی- ایک جگہ بیٹھنے کی درمیان مسجدون کے ہوتی ہے-

منات نام ایک بت کا ہی جسکو قبیلہ ہزیل اور خزاعہ عرب مین پوجا کیا کرتے تھے-

مناجات سرگوشی کرنا-

کان مین بات کہنا مجازاً دعا کرنی خدا کی جناب مین اسطور پر کہ او سکو حاضر جانکر جسطرح باتین کیا کرتے ہین۔

مناخ ع جگہ بٹھلانے اونٹ کی اور جگہ خواب کی۔ جای آسودہ گی۔

مناخر ع جمع ہے منخر کی۔ نتھنے ناک کی۔ ناک کے سوراخ۔

منادیٰ ع ندا کیا گیا۔ پکارا گیا۔

مُنَادَمَتْ باہم ندیم ہونا۔ ہم صحبت ہونا۔ ہمنشینی۔

مُنَادِی ع ندا کرنے والا۔ پکارنے والا۔ ڈھنڈوریا۔

منادیل ع جمع ہے مندیل کی۔ رومال۔

منارہ۔منار چراغدان جای نور۔ اونچا ستون خواہ اینٹ کا ہو۔ یا لکڑی کا۔

منازع ع جھگڑالو۔ جھگڑنیوالا

منازعت باہم جھگڑا کرنا۔

منازل ع جمع ہے منزل کی جگہ اوترنیکے۔ مکان۔

مناسب ع نسبت رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔

مناسبت باہم لگاؤ رکھنا آپسمین نسبت رکھنا۔

مناشیر ع جمع ہے منشور کی۔ فرمان بادشاہی۔

مناص ع گریزگاہ۔ بھاگن بازپس ہونا۔

مناصب ع جمع ہی منصب کی۔ جاے برپا ہونے کی۔ مجازاً۔ رتبہ عہدہ جلیل۔

مناصفہ ع باہم آدھون آدھ کرلینا۔

مناظرہ ع باہم بحث کرنا۔ باہم نظر کرنا۔ نیک مطلب نکالنے کے واسطے

مناع ع روک دی۔ امر کا صیغہ ہے۔ اور ایک پہاڑ قبیلہ طی کا ہے استوار۔ اور محکم۔ اور بلند

مناع ، بازدارندہ ۔ بہت روکنے والا اور نام ایک شخص کا ہی ۔

مناعت نام شہر کا جو قبیلہ ہذیل کا عرب میں ہے اور نام ایک پہاڑ کا ہے استوار ہونا جگہ کا ۔ محکمی ۔ استواری ۔

مناعم ، جمع ہے نعمت کی

مناعمت استوار کرنا ۔ ناز و نعمت میں پالنا ۔

مناف ، نفی کرنے والا ۔ ضد ۔

منافات ایکدوسریکو نفی کرنا باہم ایک دوسرے کو نیست کرنا ۔ ضد ۔

منافذ جمع ہے منفذ کی ۔ جگہ نفوذ کی ۔ جگہ جاری ہونیکی راہ ۔

منافر ، نفرت کرنے والا ۔

منافرت باہم نفرت کرنا ۔ اور حاکم کے پاس ہمراہ کسی شخص کے واسطے ثابت کرنے حسب اور نسب کے جانا ۔

منافع ، فائدہ دینے والا ۔

منافق ، نفاق رکھنے والا ۔ وہ شخص جسکے دل میں کچھ اور ہو اور ظاہر اوسکے خلاف کرے ۔

مناقب اوصاف حمیدہ ۔ جمع منقبت کی ۔

مناقشہ ، جھگڑا ۔ جھگڑا کرنا ۔

مناقض توڑنے والا ۔ مخالف ۔

مناقضہ نقض کرنا ۔ اعتراض باہم ایکدوسرے کی بات کو توڑنا ۔ جھگڑا ۔

مناکحہ ، باہم نکاح ہونا ۔ عورت و مرد کا نکاح ۔

مناکیر ، ناشائستگیان ۔ بد ۔ اور قبیح بامین جمع ہے منکر کی ۔

مناکب ، جمع ہی منکب کی مونڈھی ۔ دوش

منال ع جای یافت۔ جگہہ حاصل ہونے کسی شے کی جیسا کہ اراضے۔ ملک۔ جاگیر۔ باغ۔ کھیتی۔ دوکان یہ سب جگہہ پیدا کی ہین انکو منال کہتے ہین۔

منام ع خوابگاہ۔ جای خفتن سونیکے جگہہ۔ خواب۔ نیند۔

منامات جمع منام کی۔ خوابہا۔

منّان ع بہت احسان کرنے والا نیکوئی کرنے والا۔ مراد خدا۔

مناہج ع جمع ہے منہج کی راہ راست راہ کشادہ۔

مناہدت ع ایکدوسرے کی طرف درمیان لڑائی کے قصد کرنا۔ انگلیونپر فال لینا۔ پانسہ کیسکے ہمراہ ڈالنا فال کیواسطے۔

مناہل ع جمع ہے منہل کی چشمے۔

مناہی ع جمع ہے منہی کی منع کی ہوئی چیز۔ غیر شرع۔ ناجائز باتین

منایا ع جمع ہے منیہ کی۔ موتین۔ مرگہا۔

منّت ع احسان۔ نیکوئی۔

منبر ع ایک سیڑہی بنی ہوئی مسجدون مین ہوتی ہے جسپر عالم لوگ بیٹھکر نصیحت کرتے ہین۔

منبت ع جای روئیدگی جگہہ اوگنے کی۔

منبع ع چشمہ۔ جگہہ نکلنے پانی کے۔ سوت۔

مُنبعِث ع برانگیختہ کیا گیا۔

من بعد اسکے بعد۔

منبسط ع پھیلایا گیا۔ بچھایا گیا۔ مجازاً مسرور۔ خوشحال۔

متنبّہ ع خبردار کیا گیا۔ مُنَبِّہ خبردار کرنے والا۔

منتہج ع راہ اختیار کرنے والا۔

منتج ع نتیجہ دینے والا۔

منتجع ع جاگاہ۔ آب وگیاہ

منتخب ؛ انتخاب کیا گیا۔ خلاصہ کیا گیا۔

منتزع ؛ کسی چیز میں سے کھینچکر نکال لینے والا۔

منتسب ؛ نسبت رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔

منتسج ؛ بافتہ شدہ۔ بنا ہوا۔

منتسخ ؛ نسخہ گیرندہ اور نسخہ خوانندہ۔

منتشر ؛ بکھرنے والا۔ پھیلنے والا۔ پراگندہ۔

منتظم ؛ انتظام کرنے والا۔ درست و درست ہونے والا۔

منتصب ؛ عہدہ پانے والا۔ قائم ہونے والا کسی کام پر۔

منتضد ؛ اقامت کرنے والا۔ کسی مکان پر ایکدوسرے پر چنا ہوا۔

منضم ؛ پیوستہ ہونے والا۔ آمیختہ ہونے والا۔

منتفع ؛ فائدہ مند۔

منتفی ؛ نیست ہونے والا۔

منتقع ؛ بھیگا ہوا۔ ترشدہ

منتقل ؛ انتقال کرنے والا۔ ایک مکان سے دوسرے مکان میں چلے جانے والا۔

منتقم ؛ بدلا لینے والا۔ کینہ برکشندہ از کسی

منتقی ؛ برگزیدہ۔

منتن ؛ بدبودار شے۔ گندہ بدبو۔

منتہی ؛ انتہا کو پہونچنے والا۔

منثور ؛ دُرنا سفتہ۔ پراگندہ نثر۔ برخلاف نظم کے۔

منجر ؛ کشیدہ شوندہ۔ کھینچا گیا۔

منجس ؛ ناپاک کرنے والا۔

منجلاب ؛ جای انداخت پانی۔ خراب کی۔ چہ بچہ۔

منجلی ؛ ظاہر۔ آشکارا۔ روشن

منجم ؏ نجومی۔ جوتشی۔
منجل ؏ درانتی گھاس کاٹنے کی۔
منجمد ؏ ٹھٹھرا ہوا۔ سے دیر سے جما ہوا۔ بسبب سردی کے۔
منجنیق ؏ ڈھینکلی۔ ایک آلہ ہے جس میں بڑے بڑے پتھر رکھ کر قلعہ کی دیوار پر مارتے ہیں تاکہ دیوار ٹوٹ جاوے یہ لفظ معرب ہے، من چہ نیک کا چونکہ قلعہ گیری میں مفید ہے اسواسطے یہ نام ہوا۔
منحوت ؏ تراشیدہ شدہ۔ تراشا گیا۔ چھیلا گیا۔
منحدر ؏ اوپر سے نیچے اوترنے والا۔
منحات نزندہ کرنے والا۔ اوزار۔ بڑھئی کا رندہ۔
منحرف ؏ پھرا ہوا۔ خم کھایا ہوا۔ برگشتہ۔
منخر ؏ سوراخ ناک کا۔ سوراخ بینی۔
منخرین ؏ دو سوراخ بینی۔ ناک کے دونوں سوراخ
منخرق ؏ پھٹنے والا۔ درندہ شوندہ۔
منخرم ؏ ناک کٹا ہوا۔ گوش سوراخ کردہ۔
منخل ؏ چھلنی۔ آٹا۔ چھاننے کی
مند ف صاحب۔ والا۔
مندرج ؏ درج کیا گیا۔ داخل کیا گیا۔
مندرس ؏ کہنہ۔ گھسا ہوا
مندفع ؏ دفع ہونے والا۔
مندمج ؏ ٹھسا ہوا۔ داخل شوندہ۔
مندمل ؏ گھاؤ بھرنے والا۔ زخم جو انگور کر لاوے۔
مندوب ؏ رویا گیا۔ نوحہ کیا گیا ماتم کیا گیا۔ مجازاً مردہ۔
مندیل ؏ رومال۔ دستار۔ پٹکا جو کمر میں باندھتے ہیں۔
منزل ؏ مکان۔ گھر۔ جگہ اوترنے کی
منزلت ؏ رتبہ۔ درجہ

مُنتَزَع ؑ کھینچا گیا۔
مُنزَوِی ؑ گوشہ اختیار کرنیوالا۔ گوشہ نشین۔
مُنَزَّہ ؑ پاک ۔ صاف۔
منسج ؑ بننے والا ۔ جولاہہ۔
منسد ؑ انسداد کیا گیا۔ روکا گیا ۔ بند باندھا گیا۔
منسوب ؑ نسبت کیا گیا۔
منسک ؑ عبادت گاہ ۔ جای قربانی حاجیان۔
منسلک لڑی مین پرویا ہوا۔
منسوج ؑ بنا ہوا۔ بافتہ شدہ۔
منسوخ ؑ رد کیا گیا۔ نیست کیا گیا۔
مَنسی ؑ بھولنے والا۔ منسی بھولا گیا۔ فراموش کردہ شدہ۔
منشأ ؑ جگہ پیدا ہونیکی۔ جای ہونی کی۔ مجازاً ۔ سبب۔
منش ؑ خرد۔ طبیعت مزاج۔

منشآت ؑ مفعلات کے وزن پر جمع ہے منشئے کی صیغہ اسم مفعول کا ہے انشا رسے مراد مسوّدات۔ عبارت۔ تصنیفات سے ہے۔
منشار ؑ ارہ جس سے تختے لکڑی کی چیرتی ہین
منشرح ؑ کھلا ہوا۔ انشراح شدہ
منشط ؑ خوشی مین لانے والا۔
مُتَشَعِّب ؑ شاخ در شاخ ہونے والا۔ پراگندہ۔ پھیلا ہوا۔
منشق ؑ شگافتہ شوندہ۔ پارہ پارہ کیا گیا۔
منشور ؑ پراگندہ شدہ۔ فرمان شاہی۔
منشی ؑ آغاز کرنے والا۔ پیدا کرنیوالا۔ ایک بات کا اپنے دل سے۔
مَنصَب ؑ جگہ قائم ہونیکی۔ مجازاً رتبہ۔ عہدہ جلیل القدر جو امراکو ہوتا ہے۔
مُنصَرِف ؑ ایک حال سے دوسرے پر لوٹ جانیوالا۔

منعو

منصف ؏ انصاف کرنیوالا۔

منصوبہ ؏ کوئی شے برپا کی ہوئی۔ تدبیر کسی کام کی۔ بازی شطرنج۔ نام ساتوین بازی نردکا۔

منصوب ؏ کھڑا کیا گیا۔ نصب کیا گیا۔

منصور ؏ یاری دیا گیا۔ مدد دیا گیا۔ نام ایک فقیر کامل کا ہے۔

منصوص ؏ کمال تحقیق کو پہنچا ہوا۔ تحقیق کیا گیا۔

مَنَصَّہ ؏ جای ظاہر ہونیکی کسی چیز کی تخت یا چوکی جسپر دلہن کو بٹھلا کر جلوہ کرواتے ہین۔

منضج ؏ پکانے والا۔ پختہ کرنے والا میوہ یا نان وغیرہ کا۔

مُنضَد ؏ توبرتو۔ ایکدوسرے پر چنا ہوا تہ بہ تہ رکھا ہوا۔

منضم ؏ ملایا گیا۔

منطبع ؏ منقوش ہونے والا۔ چھاپا گیا۔

منطبق ؏ برابر۔ موافق۔ مطابقت کیا گیا۔

منطفی ؏ بجھنے والا۔ بجھا ہوا۔

منطق ؏ گفتگو۔ سخن کرنا۔ اور نام ایک علم کا۔

منطمس ؏ محو ہونیوالا۔ نیست ہونیوالا۔

منطقہ ؏ پٹکا۔ کمربند۔

منطقۃ البروج وہ دائرہ کلان ہے جسپر بارہ برج آسمانی واقع ہین۔

منطوق ؏ سخن۔ کلام۔ مضمون۔

منطوی ؏ لپٹا ہوا۔

منطیق ؏ فصیح۔ خوش کلام۔ خوشگو۔

منظر ؏ جای نظر۔ چشم۔ چہرہ کھڑکی۔ دریچہ۔

منظوم ؏ پرویا گیا۔ نظم کیا گیا۔ نظم۔

منظومہ ؏ نظم کیا ہوا۔ رسالہ۔

منع ؛ بازکرنا۔ روکنا۔
منعدم ؛ نیست ہونا۔ معدوم ہو جانا۔
منعام ؛ بہت بخشش کرنے والا۔
بہت نعمت دینے والا۔
منعدم ؛ نیست ہونے والا۔
نابود ہونے والا۔
منعطف ؛ مڑنے والا۔ لوٹنے والا
پرگردندہ۔
منعقد ؛ بستہ شوندہ۔ انعقاد پانے والا۔
منعکس ؛ عکس قبول کرنے والا۔
شعاع جو اولٹ کر آئی ہو۔
منعم ؛ مالدار اور نعمت دینے والا۔
منعوت ؛ نعت کیا گیا۔
منغمس ؛ ڈوبا ہوا۔ غریق۔
منغص ؛ مکدر۔ تیرہ
منغمص ؛ ڈوبا ہوا۔ پانی
مین نیچے بیٹھا ہوا۔
منفق ؛ نفقہ دیا گیا۔ خرچ دیا گیا۔
منفق ؛ خرچ کرنے والا۔

منفاق ؛ بہت خرچ کرنے والا۔
منفتح ؛ کھلا ہوا۔ کشادہ۔ فتح۔
کیا گیا۔ جیت لیا گیا۔
منفلق ؛ چرا ہوا۔ شگافت۔
منفجر ؛ پھٹا ہوا۔ شگافتہ۔ چشمہ۔
چرا ہوا۔
منفخ ؛ دہوکنی۔ لہارون کی جس سے
آگ کو دہوکتے ہین۔
منفذ ؛ راہ جگہ گذرنیکی۔ اور جائے
گہس جانیکی۔
منفرج ؛ کشادہ۔
منفرح ؛ خوش۔ شاد۔
منفرد ؛ تنہا۔ اکیلا۔
منفصل ؛ جدا۔ علیحدہ
انفصال یافتہ۔
منقصم ؛ ٹوٹا ہوا۔ ختم کیا ہوا۔
منفطر ؛ شگافتہ شدہ۔ چرا ہوا
منفعت ؛ سود مندی۔
فائدہ۔

منفعل ۔ اثر قبول کرنے والا۔ شرمندہ۔

منفق ۔ خرچ کرنے والا۔

منفک ۔ جدا کیا گیا۔

منفی ۔ نیست کیا گیا۔ نفی کیا گیا

منقاد ۔ مطیع۔ فرمان بردار عاجزی کرنے والا۔

منقّی ۔ پاک کیا گیا۔ صاف کیا گیا۔

منقّی ۔ پاک کرنے والا۔ صاف کرنے والا۔

منقار ۔ چونچ پرند کی۔

منقاش ۔ موچنہ جس سے بال بدن سے اوکھیڑ نیوالا۔

منقبت ۔ ہنر۔ ستودگی اصطلاح مین تعریف۔ ثنا۔

منقبض ۔ بھچا ہوا۔ گرفتہ شدہ تنگ کر کے باندھا ہوا۔ سمٹا ہوا۔

منقح ۔ پاک کیا گیا۔ جھوٹ سے وہ شئے جسمین دروغ نہو۔

منقرض ۔ بریدہ شدہ۔ کترا ہوا۔ گذرا ہوا۔

منقسم ۔ تقسیم کیا گیا۔ بانٹا ہوا۔

منقش ۔ نقش و نگار کیا گیا۔ چترکاری کیا گیا۔

منقشر ۔ چھیلا ہوا۔ چھلکا اوتارا ہوا۔

منقضی ۔ گذشتہ۔ گذرا ہوا۔

منقطع ۔ قطع کیا گیا۔ انقطاع یافتہ

منقلب ۔ گردش کھانے والا۔ اولٹنے والا۔ برگردندہ۔ واژگون شوندہ۔

منقلع ۔ اوکھڑنیوالا۔ برکندہ شوندہ۔

منقوب ۔ سوراخ کیا گیا۔ چھیدا کیا گیا

منقوش ۔ نقش کیا گیا۔ کھدا ہوا۔

منقصت ۔ نقصان۔ عیب۔

منقوص ۔ ناقص۔ کم۔

منقول ۔ نقل کیا گیا۔ ذکر کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔

منکبین ۔ تثنیہ ہے منکب کا۔

یعنے دونون مونڈھے۔

منکب ع مونڈھا۔ دوش۔

منکدر ع تیرہ۔ دھوندلا۔ گدلا۔

منکر ع بد۔ قبیح۔ ناشایستہ۔

منکسر ع ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔

منکشف ع کھلنے والا۔ کشادہ برہنہ۔ کھلا ہوا۔

منکوب ع خراب۔ بدحال۔ سختی رسیدہ۔

منکوحہ ع بیوی۔ جورو۔ نکاح کی ہوئی عورت۔

منکوس ع اوندھا۔ سرنگون نگونسار۔

منگیدن ف آہستہ زیر لب بات کہنا۔ بڑبڑانا۔

منتم ع سخن چینی کرنے والا۔

منن ع جمع ہے منت کی۔ احسانہا۔

منوب ع نیابت کیا گیا۔ وہ شخص جسکا کوئی نائب ہو۔

منوال ع وہ لکڑی جولاہہ کی جسپر کپڑا بنا ہوا لپٹتا ہے۔ مجازاً۔ طور دستور۔

منور ع روشن۔ روشنی دیا گیا۔

منوچہر ف مخفف ہے مینوچہر کا۔ یعنے بہشت رو کہ ایرج کا نواسہ تھا اور ایرج فریدون کا بیٹا ہے۔

منوط ع لٹکایا گیا۔ درآویختہ شدہ بچیزے۔

منون ع زمانہ۔ موت۔

منوی ع نیت کیا گیا۔ مراد جو ارادہ مین ہو۔

منہج ع راہ راست۔ راہ کشادہ۔

منہاج ع ایضاً۔

منہدم ع ویران ہونے والا۔ عمارت افتادہ۔

منہزم ع لڑائی سے بھاگنے والا۔ لشکر شکست خوردہ۔

منہضم ع ہضم کیا گیا۔ پچا ہوا۔

منہل ع وہ چشمہ جو چراگاہ مین ہو
جسمین چوپائے آدمی وغیرہ پانی پیوین
منہمک ع ایک کام مین بہت کوشش
کرنے والا
منہی ع خبر دینے والا - اسکی جمع
فارسی مین منہیان آتی ہے
منہی ع وہ فعل بد جسکا کرنا شرع مین
منع کیا گیا ہے -
منیٰ ع نام ہے ایک پہاڑی کا مکہ
مین جو محل قربانی ہے
منیہ ع آرزو - مطلب - مقصد
منیر ع روشنی دینے والا - روشن
منیع ع باز دارندہ - مجازاً محکم
استوار
من یزید ع اوس بیع کو کہتے ہین
جو بڑہے سولے جیسے نیلام - ہراج
منیف ع پاک - بزرگ - بلند -
مو ف بال
موبینہ ف فارسی مین بالون کا کپڑا -

یا پوست حیوان کا لباس جسمین بال ہون
موات ع بیجان - زمین خشک جسمین
پیداوار نہو - بیمالک - موت
مواثیق ع وثیقے - عہد وپیمان جمع
ہے میثاق کے -
مواجب ع جمع ہے موجب کی
یعنے لازم کیا گیا - مقرر کیا گیا -
مجازاً تنخواہ یہہ لفظ جمع ہے
مگر مفرد کی جگہہ اوسکا استعمال
بھی درست ہے -
مواجہہ ع باہم روبرو
ہونا
مواخات ع باہم برادری
رکھنا - بھائی - چارہ
آپسمین کرنا
مواخذ ع گرفت کرنے والا
مواخذہ کنندہ
مواخذہ ع گرفت کرنا کسی سے
کسی بات مین جواب لینا -

مواد ع جمع ہے مادہ کی اصل ہر چیز کی

موادعت ع رخصت کرنا۔ وداع کرنا۔ ایک دوسرے کو باہم وداع کرنا

موارد ع جمع ہے مَورد کی چشمے جگہہ وارد ہونے کی

موازات ع مقابلہ۔ برابری

موازنہ ع ہموزن ہونا۔ دو چیزونکا ہموزن ہونا۔

موازی ع برابر۔ مقابل

موازین ع جمع ہے میزان کی۔ ترازوین

موسیٰ ع اُسترہ بال مونڈنے کا اور نام ایک پیغمبر کا یہ لفظ عبرانی ہے اسکے معنے یہہ ہین مو بمعنے تابوت سا بمعنے آب چونکہ موسے کو اون کی والدہ نے پانی مین بہا دیا تھا اسلئے یہہ نام رکھا گیا۔

مواساع مدد کرنا۔ یاری کرنا رعایت۔ صلح۔ غمخواری کرنا

مواسات ع یاری کرنا۔ مال اور تن سے کسی کے ہمراہ غمخواری کرنا

مواشی ع جمع ہے ماشیہ کی راہوار۔ گائے۔ بیل۔ گھوڑا۔ وغیرہ

مواصلت ع ملنا۔ ملاقات کرنا۔ ملجانا

مواطات ع موافقت کرنا

مواطن ع جمع ہے موطن کی۔ وطنہا

مواظبت ع ایک کام پر ہمیشگی کرنا

مواعدت ع باہم وعدہ کرنا آپس مین وعدہ کرنا۔

مواعظ ع نصایح۔ نصیحتین جمع ہے موعظت کی۔

موافق ع مطابق۔ موافقت کرنے

والا
موافقت ع۔ ساتھ۔ دوستی۔ برابری۔ مطابقت۔
مواقع ع۔ جا بیجا۔ محلہا۔ جمع ہے موقع کی۔
مواقف ع۔ جمع ہے موقف کی جگہہ ٹھرنے کی
مواکب ع۔ جمع موکبہ کی گروہ سوار و نکے سپاہ اور لشکر سوار و نکا رسالے سوارون کے
موالات ع۔ پے در پے ایک کام کرنا۔ دوستی
موالفت ع۔ کسی کے ساتھ الفت کرنا۔ خوگر ہونا۔ باہم الفت کرنا
موالی ع۔ جمع ہے مولی۔ غلامان
موالیدہ ع۔ جمع ہی مولود کی۔ بچے
موالید ثلثہ ع۔ حیوانات۔ نباتات۔ جمادات۔
موانست ع۔ باہم انس کرنا۔ دوستی کرنا
موانع ع۔ جمع ہے مانع کی منع کرنے والی۔ روکنے والی چیزین
مواہب ع۔ جمع ہے موہبۃ کی۔ بخششین
مواہبت بخشش۔ عطا۔
مواہنت ع۔ سستی۔ باہم سستی کرنا۔
موائد ع۔ جمع ہی مائدہ کی خوانہائے پر طعام
مؤبد ع۔ ہمیشگی کیا گیا۔ ابد کیا گیا
موبد ف۔ حکیم۔ دانشمند آتش پرستان پیر میفروش
موبموف سب بالون میں
موت ع۔ مرجانا
موتی ع۔ مردگان۔ مرے ہوی مردے جمع ہے میت کی
موتراش ف۔ استرہ بال مونڈنے کا
مؤتلف ع۔ خوگرفتہ۔ الفت کیا گیا
مؤتمر ع۔ فرمانبردار۔ مشورت کنندہ

مؤتمن ع امانت دار۔ جو شخص کسیکے مال مین خیانت نہ کرے

مؤثر ع اثر کرنے والا۔ تاثیر کرنیوالا

موثر ع اختیار کرنے والا۔

موثق ع استوار۔ مضبوط

موج ع لہر۔ پانی کی لہر

موجب ع واجب کرنے والا۔ لازم کرنے والا

موجد ع پیدا کرنے والا۔ کچھہ نئی چیز ایجاد کرنے والا۔

موجز ع کوتاہ۔ مختصر

موجزن ف لہراتا ہوا۔ موج مارنے والا

مؤجل ع مہلت دیا گیا۔ وقت مقرر کیا گیا

موجود ع وجود کیا گیا۔ پیدا ہوا۔ حاضر

موجودات ع جمع ہے موجود کی

موجہ ع پسندیدہ۔ خوب۔ جسکی طرف موںہہ کیا جاوے

موچنیہ ف موچنا بالونکی اوکھیڑنے کا

موحش ع وحشت مین ڈالنے والا۔ اندوہگین کرنے والا

موخر ع آخر کیا گیا۔ پچھلا

موخر ع گوشہ چشم۔ جانب کان کے

مودب ع ادب دینے والا مودب۔ ادب دیا گیا۔

مودت ع دوستی کرنا۔ دوستی

مودیٰ ع ادا کیا گیا پہونچایا گیا

مودی ع ادا کرنے والا پہونچانے والا

مودع ع رخصت کرنے والا

مودع ع رخصت کیا گیا

مودعہ ع سپرد کی ہوئی شے

مودی ع ادا کیا گیا۔ پہونچایا گیا۔
موذن ع اذان دینے والا
آگاہ کرنے والا۔ بانگ دہندہ
موذی ع دکھ دینے والا
مورف چیونٹی۔ کیڑی
مورث ع وارث کرنے والا۔ وہ
مرنے والا جسکا مال ہوا ور
وارث ہون
مورچال ف اوس گڑھے کو کہتے
ہین جو قلعہ کے لینے کے واسطے
چارون طرف کھودتے ہین
مورچہ ف ایک قسم کی چیونٹی جو بہت
چھوٹی ہوتی ہے۔ زنگ جو لوہے کو
لگتا ہے
مورخ ع تاریخ لکھنے والا
مورد ع چشمہ پانی پینے آدمیونکا
اور بہائم کا۔ جگہہ وارد ہونے کی
مُوَرَّدْ ع گلگون۔ سرخ رنگ
مانند گلاب کے کیا گیا

مورد ف درخت آس کو کہتے ہین
موروث ع ارث دیا گیا۔
وراثت کیا گیا۔
موروثی ع باپ دادے کا۔
وہ شے جو ارثی ہو
موزف کیلہ کا درخت
موزع ع پراگندہ کرنے والا۔
تقسیم کرنے والا۔
موزون ع تلا ہوا۔ وزن کیا ہوا
موسر ع تونگر جو مفلس نہو
موسس ع استوار کنندہ
بنیاد ڈالنے والا
موسم ع ہنگام۔ وقت۔ سمان
موسوم ع نام کیا گیا۔ نام رکھا گیا
نشان کیا گیا۔ داغدار۔
موسیقی ع نام ہے علم راگ کا
مُوش ف چوہا
موشح ع زیور سے آراستہ کیا گیا
مزین۔ بدہی پہنایا گیا

موشش جوزف چیل - گدھ
موش خرمات گلہری مشہور جانور ہے
موش دشتی ف جنگلی چوہا
موش کور ف چچھوندر
موصٰی بہ ع وہ شے جسکے دینے کی وصیت کی ہو۔
مُوصِی ع وصیت کرنے والا
موصی ع وہ شخص جسکو وصیت کی ہو
موصیٰ الیہ ع وہ شخص جسکو کہا ہو کہ بعد میرے مرنے کے یہہ کام کرنا
موصل ع جگہہ وصل کی - ملنے کی جگہہ - نام شہر کا عرب مین
موصوف ع وقف کیا گیا - تعریف کیا گیا
موصول ع ملا ہوا - وصل کیا گیا
موضع ع جگہ - مکان - گانو جای رکھنے کی
موضوع ع رکھا گیا - کیا گیا - وہ شے جسکا ذکر اوس علم مین ہو
موطن ع جای وطن - اپنا دیس
مُوَطَّن ع وطن کیا گیا - وہ شہر جسکے اندر کوئی جا بسے
موظف ع وظیفہ کیا گیا - وظیفہ دیا گیا -
موظف ع وظیفہ دینے والا - ہمیشہ ایک کام کا کرنے والا
موعد ع وقت وعدہ کرنے کا - جای وعدہ کرنے کی
موعدت ع وعدہ - عہد - پیمان
موعظت ع نصیحت کرنا - اپنا نصیحت پسند -
موعود ع وعدہ کیا گیا - وعدہ کردہ شدہ -
موفِر ع زیادہ کرنے والا

موفِرع

موفق ع توفیق دیا گیا۔ نیک کام کرنے کا اسباب مہیّا کیا گیا کوئی شخص
موفور ع وافر کیا گیا۔ زیادتی کیا گیا
موفی ع تمام کردہ شدہ۔ وفا کیا گیا۔ مجازاً کامل۔ تمام
موقت ع کسی وقت پر ٹھرایا ہوا۔ وقت کیا گیا
موقع ع جای وقوع ہونے کی جگہہ کرنے کی
موقف ع جگہہ کھڑے ہونے کی۔ نام ایک مقام کا ہے جو سات کوس مکہ مشرفہ سے دور ہے
موقوف ع ٹھرایا گیا۔ مجازاً برخاست کیا گیا
موقن ع یقین کرنے والا
موق ع گوشہ چشم بطرف بینی۔ آنکھہ کا کونا
موکب ع گروہ سواروں کا جو امیر کی سواری کے آگے چلے۔ سپاہ و لشکر سواران
موکد ع تاکید کرنے والا
موکد ع تاکید کیا گیا
موکل ع وہ شخص جسکو کچھہ کام سپرد ہو۔
مُوَل ف معشوق عورت۔ حرامزادہ لونبہ۔ ٹھہرو
مولا ع غلام۔ آزاد۔ یاری دہندہ
